تبارک الذی جعل فی السماء بروجا و جعل فیها سراجا و قمرا منیرا

زنجانی جنتری 2026

آئینہ قسمت

شرفِ مُشتری کا سال

جنگ برائے اَمن



WAR AND PEACE

UNO?

پاکستان کی خُوشحالی تعمیر و ترقی کا 36 سالہ دور





چیف ایڈیٹر روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت
از افادیات
شہزادہ سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی

79 GOLDEN YEARS

www.zanjani.pk

Subscribe Now

720K

ASTROLOGY FOR ALL



آفاقی معلومات کا علمبردار





















بیاد حضرت میراں حسین زنجانی پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری لاہور

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت | بانی ادارہ نجم اعظم [illegible]



آئینہ قسمت 2026
زنجانی جنتری

جلد نمبر 78 | جنوری 2026 | شمارہ نمبر 10

چیف ایڈیٹر
شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی

ایڈیٹر
شہزادہ سید مصور علی زنجانی

سب ایڈیٹر
شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

گروپ ایڈیٹر
شہزادہ سید محمد علی زنجانی

قیمت فی شمارہ 500 روپے
سالانہ چندہ 2500 روپے
لائف ممبر شپ 25000 روپے
بیرونی ممالک
لائف ممبر شپ 1000 ڈالر
For 12 Years

بیرون ممالک سالانہ چندہ

مڈل ایسٹ، ایشیا، کویت، سری لنکا
18000 روپے
یورپ، فار ایسٹ
20000 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا
25000 روپے

بیرون ملک نمائندگان

فیض احمد (نیویارک)
ارشد محمود ناز (لندن)
فیصل عرفان (دبئی)

ہیڈ آفس

کاشانہ زنجانی D-125 حضرت میراں حسین زنجانی روڈ گلبرگ III لاہور
فون: 042-35752277, 35872277 موبائل شاہ زنجانی 0300-9456949
www.zanjani.pk
Email: [illegible] موبائل مصور زنجانی 0300-9483758

کاشانہ زنجانی آرام باغ روڈ کراچی 74200 فون: 021-32217544

کاشانہ زنجانی A-19، [illegible]
Cell # 0300-4135822

[illegible] حسین زنجانی [illegible] / پرنٹر نے [illegible] پریس [illegible] 125-D گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

حمد

نوازش علی شیخ

جسم اور رُوح سبھی ترے اشارے پر ہے
ڈوبا جو عشق کے ساگر میں کنارے پر ہے
ہاتھ پاؤں تو بہت دنیا میں مارے ہم نے
ہنس کے کہتی ہے مگر زیست خسارے پر ہے
جس طرف دیکھتا ہوں جلوہ نما ہے تُو ہی
نور کا دریا، میری ناؤ کنارے پر ہے
لاکھوں رنگوں میں نمایاں ہے مگر تیرا ہی رنگ
شان تیری ہے ترا ذکر سپارے پر ہے
چاندنی پھیلی ہے ہر سو تو درخشاں ہے چاند
چال دنیا کی مگر پھر بھی ستارے پر ہے
رازِ درپردہ کو جانے لا شریک لہٗ
کائنات عاصی اِسی ایک سہارے پر ہے

نعت

نوازش علی شیخ

عشق صادق ہو تو پھر دل میں سفر جاگتے ہیں
تائبِ خواب ہیں، تا وقتِ سحر جاگتے ہیں
جذب اور شوق کا روشن ہے الاؤ دل میں
ذہن میں لا اِلٰہ کے تازہ ہنر جاگتے ہیں
شہروں میں گلیوں میں اور کوچہ و بازاروں میں
ذکرِ لاہوت سے، دیوار اور در جاگتے ہیں
جس کسی کو بھی عطا چاہیے۔ تا زیست مدام
اُسکے اعضائے بدن شام و سحر جاگتے ہیں
دِل میں ہو سوخت، نظر میں ہو تجلّی کا سماں
ان اداؤں سے فقط اہلِ نظر جاگتے ہیں
کج اداؤں سے حذر، واعظ و مُلّا سے حذر
عاصی درحالِ سفر عذرِ خطر جاگتے ہیں



تشنہ دہان کی فغاں عہد پیام تک گئی
بادِ سموم کربلا، کوفہ و شام تک گئی
خطبہ تھا اک اسیر کا، نوکِ سناں پر جو دیا
اُسکی صدائے بازگشت ہر خاص و عام تک گئی
نازشِ مُصطفیٰ سلام تیرے سفر کی شان پر
صبح و مسا کی ہر گھڑی سجدہ، قیام تک گئی

جیسے ہوا کٹا سفر، جیسے کٹی صعوبتیں
بندِ رسن کی داستاں میرے امام تک گئی
چُن چُن کے مارے تھے شقی ضربِ ذوالفقار نے
ہر اک عدو کی دشمنی حدِ حرام تک گئی
ہر اک شہید نے امام کے لئے سر کٹا دیا
زوجِ بتول و مرتضیٰ اُنکے سلام تک گئی



پاکستان کی خوشحالی تعمیر و ترقی کا 36 سالہ دور

جنگ برائے عالمی امن 2026ء

آسمانی کونسل پر یورانس ♅ نیپچون ♆ پلوٹو ♀ کے فلکیاتی اثرات

عالم اسلام پاکستان اور تیسری عالمگیر جنگ

2026ء مفرد نمبر **1** ستارہ شمس عالمی اعلیٰ شخصیت بادشاہوں، صدور، وزراء اعظموں سے منسوب اسلامی ممالک ایران کے بعد قطر پر اسرائیلی حملوں نے مسلم اُمہ کو اپنی بقاء کی خاطر اکٹھے ہونے پر مجبور کر دیا۔ امریکہ، بھارت اور اسرائیل کا شیطانی اتحاد ثلاثہ نے غزہ (فلسطین) اور کشمیر میں قیامت صغریٰ کربلا بپا کر رکھی ہے۔ نیتن یاہو کے جنگی جرائم دہشت گردی اسکا عملی نمونہ **دوحہ** پر صیہونی جارحیت نے مسلم نیٹو کی بنیاد ڈال دی **15** ستمبر **2025**ء اسلام تعاون تنظیم کے **57** رکن ممالک کا اجلاس **15** ستمبر **دوحہ** میں ہوا۔ اسلامی تعاون تنظیم کے **57** رکن ممالک کا مشترکہ بیانیہ اگرچہ کمزور مگر تمام اسلامی ممالک کو احساس ہو چکا ہے کہ وہ پوری دُنیا میں صیہونیت کی شر انگیزی سے محفوظ نہیں **17 ستمبر 2025ء کو سعودی عرب اور پاکستان نے ایک اسٹریٹیجک دفاعی معاہدے پر دستخط کیے ہیں**۔ اس معاہدے کے تحت اگر کسی ایک ملک پر جارحیت ہوتی ہے تو اسے دونوں ممالک پر جارحیت تصور کیا جائے گا جس سے دونوں ممالک کے دفاعی تعلقات اور بھی مضبوط ہوں گے۔ **اس معاہدے نے ہماری اہم پیش گوئی کو بھی درست ثابت** کیا جو ہم پاکستان کیلئے گزشتہ کئی سالوں سے کرتے چلے آ رہے تھے۔ **19** سالہ دور اکبر زحل (مہادشا) **11** دسمبر **2024**ء تا **11** دسمبر **2043**ء تک رہیگی۔ **اس دور میں وطن عزیز پاکستان 2025ء سے ایک نئے روشن سفر کا آغاز کرے گا۔ ہم سب بحیثیت پاکستانی اسے پھلتا پھولتا دیکھیں گے۔ (زنجانی جنتری 2025ء صفحہ نمبر 41)** بحیثیت روحانی منجم ہم عالمی تناظر میں وطن عزیز پاکستان کا زائچہ دیکھتے رہتے ہیں۔ **آج ہم عجز و انکساری سے ایک بار پھر پاکستان کے لئے ایک نئی پیش گوئی** کر رہے ہیں۔ جیسے ہی دور اکبر زحل ختم ہوگا۔ **17** سالہ **دور عطارد (مہادشا) 12 دسمبر 2043ء سے شروع ہو کر 11 دسمبر 2060ء تک رہیگی 2025ء سے شروع ہونے والا پاکستان کا اچھا دور 2060ء تک رہیگا**۔ گنہگار شاہ زنجانی کی زندگی وفا کرے یا نہ کرے **2025**ء سے شروع ہونے والے اس دور کو بھی پاکستانی دیکھیں گے۔ **گزشتہ سال یہ پیش گوئی کسی مجذوب کی بڑلگتی تھی** مگر اب حقیقت حال ہم سب کے سامنے ہے۔ پاک سعودیہ عالمی معاہدے ممالک کے مابین ہوئے ہیں کوئی بھی حکومت آئے جائے یہ ترقی کا سلسلہ جاری رہیگا۔ نیا زائچہ پاکستان طالع ثور ایک درجہ **48** دقیقہ ہے۔ **2026**ء میں ستارہ یورانس طالع (پوری قوم) پلوٹو نویں (عدلیہ، قانون، خارجہ امور) اور نیپچون گیارہویں (پارلیمنٹ، تجارتی ترقی آمدن میں اضافہ ملک کی تعمیر و ترقی مستقبل میں منصوبہ جات خوشحالی کے گھر ہیں) یورانس کی لائی ہوئی تبدیلیاں ملکی معیشت میں تقویت ضافہ ہو نیپچون نیوکلیئر انرجی اور ایٹمی ہتھیاروں کو خفیہ دشمنوں سے محفوظ بنانا ہوگا۔ پلوٹو متشددانہ واقعات انقلاب برپا کر سکتا ہے۔ خاص طور سے نحس بارہویں گھر کا حاکم ستارہ مریخ **18** ستمبر تا **12** نومبر **2026**ء جب اپنے ہبوطی تیسرے برج سرطان میں ہوگا حکمرانوں دانشوروں کو **2026**ء ملکی معیشت کا بہتر استعمال اپنے نیوکلیئر اثاثوں کی حفاظت حکمران طبقہ کو اپنے پروٹوکول کو بہتر بنانے کے ساتھ ملک میں عدل و انصاف اور ترقیاتی کاموں کو یقینی بنانا ہوگا قدرت کا نظام ظلم کے خاتمہ سے عدل کی طرف بڑھ رہا ہے۔

ہماری دُعا ہے کہ امام زمانہ امام مہدی علیہ السلام حجت القائم جلد ظہور فرمائیں اور دُنیا کے نظام ظلم کو عدل سے بھر دیں۔ روحانی منجم شاہ زنجانی

جو شخص دریا کی موج پر گھر بناتا ہے (وہ موج دنیا ہے) اس کو اس میں آرام نہیں ملے گا۔ (حضرت عیسیٰؑ)

صدقہ: ادارہ شیعہ مجلس علمائے پاکستان

شجرہ طیبہ معصومین علیہم السلام

صدقہ: آقائے ملت مولانا سید نجم الحسن صاحب قبلہ کراروی، پشاور

اسمائے معصومین	مشہور لقب	کنیت	اُمہات	تعداد اولاد	تاریخ و سن ولادت	جائے ولادت	تاریخ شہادت	مدت حیات	بادشاہ وقت	سبب شہادت	جائے مدفن
پیغمبر اسلام حضرت محمدؐ	مصطفیٰؐ	ابو القاسمؐ	حضرت آمنہ بنت وہب	قاسم طاہر عبداللہ و ابراہیم	۱۷ ربیع الاول سنہ ۱ عام الفیل	شعب ابی طالب (مکہ معظمہ)	۲۸ صفر ۱۱ھ	۶۳ سال	و۔ نوشیرواں عادل ش۔ ہرقل بادشاہ روم	زہر۔ یہودیہ بمقام خیبر	مدینہ طیبہ
ام الائمہ جناب فاطمہؑ	زہراءؑ	ام الحسنین سیدۃ النساء	حضرت خدیجۃ الکبریٰ	حسن حسین محسن زینب ام کلثوم	۲۰ جمادی الثانی ۴۵ عام الفیل	مکہ معظمہ	۳ جمادی الثانی ۱۱ھ	۱۸ سال ۹ ماہ ۱۵ یوم	[illegible]	[illegible] پہلو شکستہ	جنت البقیع (مدینہ)
ابو الائمہ حضرت علیؑ	امیر المومنینؑ	ابو الحسن ابو تراب	حضرت فاطمہ بنت اسد	۱۱ پسر ۱۶ دختران	۱۳ رجب ۳۰ عام الفیل بروز جمعہ	درمیان خانہ کعبہ	۲۱ رمضان ۴۰ھ	۶۳ سال	و۔ شہریار ش۔ معاویہ	ضربت عبدالرحمن ابن ملجم [illegible] بمقام مسجد کوفہ	نجف اشرف (عراق)
حضرت امام حسنؑ	مجتبیٰؑ	ابو محمدؑ	حضرت فاطمہ زہراؑ	۸ پسر ۸ دختران	۱۵ رمضان ۳ھ	مدینہ منورہ	۲۸ صفر ۵۰ھ	۴۷ سال	و۔ یزدجرد ش۔ معاویہ	زہر دادہ [illegible]	جنت البقیع (مدینہ)
حضرت امام حسینؑ	سید الشہداءؑ	ابو عبداللہ	حضرت فاطمہ زہراؑ	۶ پسر ۳ دختران	۳ شعبان ۴ھ (عام [illegible])	مدینہ منورہ	۱۰ محرم ۶۱ھ	۵۷ سال	و۔ یزدجرد ش۔ یزید	[illegible] بمقام کربلا [illegible]	کربلائے معلیٰ (عراق)
حضرت امام علیؑ	زین العابدینؑ	ابو محمدؑ	حضرت شہربانو بنت یزدجرد بادشاہ ایران	۱۱ پسر ۴ دختران	۱۵ جمادی الاول ۳۸ھ	مدینہ منورہ	۲۵ محرم ۹۵ھ	۵۷ سال	[illegible]	زہر دادہ ولید بن عبدالملک	جنت البقیع (مدینہ)
حضرت امام محمدؑ	باقرؑ	ابو جعفر	فاطمہ بنت امام حسن	۵ پسر ۲ دختران	یکم رجب ۵۷ھ	مدینہ منورہ	۷ ذی الحجہ ۱۱۴ھ	۵۷ سال	و۔ معاویہ ش۔ ہشام	زہر دادہ ابراہیم بن ولید بن عبدالملک	جنت البقیع (مدینہ)
حضرت امام جعفرؑ	صادقؑ	ابو عبداللہ ابو اسمٰعیل	ام فروہ بنت قاسم بن محمد ابن ابی بکر	۷ پسر ۳ دختران	۱۷ ربیع الاول ۸۳ھ	مدینہ منورہ	۱۵ شوال ۱۴۸ھ	۶۵ سال	و۔ عبدالملک بن مروان ش۔ منصور	زہر منصور دوانقی	جنت البقیع (مدینہ)
حضرت امام موسیٰؑ	کاظمؑ	ابو الحسن [illegible]	حمیدہ خاتون	۱۹ پسر ۱۸ دختران	۷ صفر ۱۲۸ھ	ابواء (درمیان مکہ و مدینہ)	۲۵ رجب ۱۸۳ھ	۵۵ سال	و۔ [illegible] ش۔ ہارون رشید	زہر دادہ [illegible]	کاظمین (عراق)
حضرت امام علیؑ	رضاؑ	ابو الحسن	نجمہ خاتون	امام محمد تقیؑ فقط	۱۱ ذی قعدہ ۱۴۸ھ	مدینہ منورہ	۲۳ ذی قعدہ ۲۰۳ھ	۵۵ سال	و۔ منصور دوانقی ش۔ مامون رشید	زہر مامون رشید	مشہد مقدس (خراسان)
حضرت امام محمدؑ	تقیؑ	ابو جعفر	خیزران خاتون (ریحانہ)	۲ پسر ۲ دختران	۱۰ رجب ۱۹۵ھ	مدینہ منورہ	۲۹ ذی قعدہ ۲۲۰ھ	۲۵ سال ۳ ماہ ۱۲ یوم	و۔ [illegible] ش۔ معتصم [illegible]	زہر [illegible]	کاظمین (عراق)
حضرت امام علیؑ	نقیؑ	ابو الحسن	سمانہ خاتون	۵ فرزند	۵ رجب ۲۱۳ھ	حوالی مدینہ منورہ	۳ رجب ۲۵۴ھ	۴۰ سال	و۔ مامون رشید ش۔ معتمد باللہ	زہر معتمد باللہ	سر من رائے (عراق)
حضرت امام حسنؑ	عسکریؑ	ابو محمدؑ	حدیثہ خاتون	حضرت صاحب الامرؑ	۱۰ ربیع الثانی ۲۳۲ھ	مدینہ منورہ	۸ ربیع الاول ۲۶۰ھ	۲۸ سال ۳ ماہ	و۔ [illegible] ش۔ معتمد باللہ	زہر معتمد باللہ	سر من رائے (عراق)
حضرت امام محمدؑ	مہدیؑ صاحب العصر	ابو القاسم	نرجس خاتون	اعلم عند اللہ	۱۵ شعبان ۲۵۶ھ	سر من رائے عراق	بحکم خدا زندہ ہیں	ماشاء اللہ	و۔ معتمد باللہ	بحکم خدا زندہ ہیں	جائے غیبت سر من رائے

نوٹ: بادشاہ وقت کے خانہ میں "و" سے ولادت اور "ش" سے شہادت مراد ہے۔ (شاہ زنجانی)

حل المشکلات کی مجرب دُعائیں

یہ دُعا مشکلات کے وقت ایک ہفتہ تک روزانہ ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھنے سے مشکلات دُور ہو جاتی ہیں۔

دُعائے ہزارہ

حضرت رسول ﷺ سے روایت ہے جو شخص روزانہ یہ دُعا پڑھے گویا اس نے ہزار قرآن پڑھے، ہزار حج کئے، ہزار عمرے ادا کئے، ہزار بھوکوں کو کھانا کھلایا، ہزار شہیدوں پر نماز جنازہ پڑھی، ہزار غلاموں کو آزاد کیا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا رحم کرنے والا ہے۔

فَاكْفِنَا يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ يَا كَافِيَ الْمُهِمَّاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

ہمارے لئے کافی ہوجا اے حاجتوں کو پورا کرنے والے اے بڑے بڑے اہم کاموں میں مکمل مدد کرنے والے بیشک تو ہر چیز پر مکمل قدرت رکھتا ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا رحم کرنے والا ہے۔

اِلٰهِيْ بِحَقِّ الْخَمْسَةِ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِكَ وَ عَلِيٍّ وَ صِيِّ رَسُوْلِكَ وَ فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُوْلِكَ وَ الْحَسَنِ وَ

یا اللہ پنج تن پاک کے حق کا واسطہ محمدؐ تیرے رسول علیؑ تیرے رسولؐ کے وصی فاطمہؑ تیرے رسولؐ کی صاحبزادی اور حسن و

الْحُسَيْنِ سِبْطَيْ رَسُوْلِكَ وَ بِعِزَّةِ جَلَالِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ

حسین علیہما السلام تیرے رسولؐ کے نواسے اور تیری ذاتِ کریم کی جلالت و عزت کا صدقہ میری درخواست ہے کہ محمد ﷺ و آل

مُحَمَّدٍ وَ اَنْ تَجْعَلَ لِيْ مِمَّاۤ اَنَا فِيْهِ فَرَجًا وَّ مَخْرَجًا بِرَحْمَتِكَ الَّتِيْ لَا تَضِيْقُ مِنْ شَيْءٍ وَّ بِقُدْرَتِكَ

محمد پر رحمت فرما اور جس حالت میں گرفتار ہوں مجھے اس سے نکال کر نجات دے تجھے تیری اس رحمت کا واسطہ جو کسی چیز سے کم نہیں ہوتی

الَّتِيْ لَا يَتَلَكَّاُ مِنْ اِجَابَتِهَا شَيْءٌ فِي السَّمٰوٰتِ وَ لَا فِي الْاَرْضِ تین مرتبہ کہے تَضَاۤئَقِيْ يَنْفَرِجُ

اور تیری اس قدرت کا واسطہ جسے زمین و آسمان کی کوئی چیز روک نہیں سکتی ''میری پریشانی دُور ہو جائے گی''

نوٹ:۔ قارئین زنجانی جنتری 2026ء کو ان دُعاؤں کے پڑھنے کی عام اجازت ہے۔ خصوصی اجازت کیلئے عامل شاہ زنجانی رابطہ: 0300-9456949

"واحدیت کا سال" 2026ء (1) کے اسرار و رموز فیض و برکات کا سال

"یاعلی یامنتقم یاغفور"

110 630 1286

2026ء کے عظیم اسمِ اعظم

2026ء کی مناسبت سے قارئین کو آج ایک عجیب و غریب مگر پُرتاثیر خاندان زنجانیہ عالیہ کا مجرب المجرب اسمِ اعظم پیش کرنے کی سعادت حاصل کرونگا۔

روحانی دُنیا سب کے اندر یقین محکم پالینے کے بعد سے اپنی روحانی توانائیوں کو بیدار کرنا نہایت آسان ہوجاتا ہے۔ بشرط آپ شائق روحانیات ہوں، یوں تو ہر انسان کے ساتھ روح ہے اس کا روحانیت سے زندگی کے آخری لمحہ تک آفاقی روحانیات سے رابطہ رہتا ہے۔ بلا امتیاز مذہب وملت سبھی ایک خدا کو مانتے ہیں۔ یہ آسان سی بات آپ کی سمجھ میں آگئی تو آپ 2026ء کے عظیم اسمِ اعظم کو پالیں گے۔ خوشیاں آپکا مقدر مال و دولت سکھ و سکون کی دولت سے بھی مالا مال ہوسکتے ہیں اس ابدی خوشیوں کا تسلسل تبھی قائم رہ سکتا ہے کہ آپ اپنے روشن روحانی چراغ کی لَو سے سو چراغ روشن کریں اور یہ سلسلہ جاری رکھیں یقین جانیں آپ کے روحانی چراغ میں نہ تو لَو کم ہوگی اور نہ ہی آئل میں کمی آئیگی۔ علم لدنی تو انبیاء کا علم ہے اور الہامی علوم ہر اُس صاحب روحانیات کو عطا ہوسکتے ہیں جو بندگی بجالاتا ہو اور کثرت سے درود شریف و استغفار کا ورد اپنی زبان کے ساتھ ساتھ قلب سے بھی جاری کرنے کا ماہر ہوجائے۔ روحانیات اور ستاروں کا علم لازم و ملزوم ہیں۔ 2026ء کا مفرد نمبر 1 ستارہ شمس سے منسوب۔ اب ہم آپکی خدمت میں اس سال کے عظیم اسمِ اعظم کی 2026ء میں سعادت پانے کی سعی کرتے ہیں۔ اسمِ اعظم کی تلاش میں ایک زمانہ رہتا ہے۔ آصف بن برخیہ بھی "تورات" کا تھوڑا سا علم جانتا تھا۔ تبھی حکم حضرت سلیمان بن داؤدؑ سے اس نے ملکہ بلقیس کا تخت یمن سے فلسطین دربار حضرت سلیمانؑ حاضر کردیا۔

2026ء کے اسمِ اعظم اور اس سے فیض کیسے پائیں؟ اسمِ اعظم "یاعلی یامنتقم یاغفور" 2026ء یا 226 مرتبہ نماز فجر کے بعد اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھکر پڑھنا معمول بنالیں دن بدن نیکی پائیں گے۔ دُعاگو: عامل شاہ زنجانی

فضائل تسبیح فاطمۃ الزہرا علیہا السلام

☆ حضرت امام محمد باقر علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں کہ حضرت فاطمۃ الزہرا علیہا السّلام کی تسبیح سے بڑھ کر کوئی اور تسبیح نہیں اگر اس سے افضل کوئی اور عمل ہوتا تو حضور پاک ﷺ اپنی بیٹی حضرت فاطمۃ الزہرا علیہا السّلام کو وہی عطا فرماتے۔

☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام کا ارشاد ہے کہ حضرت فاطمۃ الزہرا علیہا السّلام کی تسبیح ہر نماز کے بعد بجالانا میرے نزدیک روزانہ ایک ہزار رکعت نماز نافلہ سے زیادہ محبوب ہے۔

☆ امام محمد باقر علیہ السّلام سے منقول ہے کہ آپ نے فرمایا کہ یہ تسبیح زبان کے ساتھ سو مرتبہ ہے لیکن میزانِ اعمال میں اس کا ثواب ہزار تسبیح کے برابر لکھا جاتا ہے (سفینۃ البحار جلد ۱)

☆ اس تسبیح سے اللہ خوش ہوتا ہے اور شیطان دور بھاگتا ہے۔

☆ روایات میں ہے کہ خاکِ شفا کی تسبیح کا عام تسبیح سے بہت زیادہ ثواب ہے۔

☆ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السّلام سے منقول ہے کہ جب کوئی مومن خاکِ شفا کی تسبیح پر اللہ کا ذکر کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُسے چار سو نیکیاں عطا کرتا ہے اور اس کے چار سو گناہ بخش دیتا ہے اور اس کی چار سو حاجتیں پوری کرتا ہے آسمانوں کے دروازے قبولیت نماز کے لئے کھول دیتا ہے

☆ اگر خالی تسبیح پھیرتا رہے تو بھی ہر دانہ پر نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔

☆ جس نے حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کی تسبیح پڑھی پھر اپنے گناہوں کی بخشش کی دُعا مانگی تو اس کے گناہ بخشے جائیں گے۔

☆ سید مرتضیٰ علم الہدیٰ علیہ الرحمہ سے منقول ہے کہ مشہور تسبیح جناب سیدہ فاطمۃ الزہراؑ میں

۳۴ مرتبہ اَللّٰهُ اَکْبَرُ ۳۳ مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۳۳ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ پڑھے۔

☆ جو شخص حضرت تسبیح فاطمۃ الزہراؑ کے بعد ایک مرتبہ **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ** کہے گا تو اس کلمے کا ثواب سب سے زیادہ ہے کہ جس کا کوئی شمار ہی نہیں تسبیح کے اوّل و آخر تین مرتبہ صلوات پڑھے

☆ امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ تسبیح فاطمۃ الزہراؑ کے آخر میں **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ** کا پڑھنا موجب مغفرت ہے

لوحِ مصطفائی ﷺ

یارب تری رحمت سے مایوس نہیں فطرتی
لیکن تری رحمت کی تاخیر کو کیا کہیے





مصائب اور
اضطرابِ غم اور خوشی انسان کے مقدر میں ہے
کسی کو زیادہ اور کسی کو کم۔ درحقیقت اس دنیا میں آسائش کے محل
بھی ہیں اور مصیبتوں کی جھونپڑیاں بھی۔ قہقہوں کی محفل بھی ہے اور آنسوؤں کا سرچشمہ
بھی۔ انسان کبھی آرام کے جھولے میں جھولتا ہے تو کبھی گردشِ ایام کے کچوکے سہتا ہے۔

سکون محال ہے قدرت کے کارخانے میں
ثبات ایک تغیر کو ہے زمانے میں

آفت و بلا، دہشت، عسرت اور دکھ بیماریوں سے نجات کے لیے اللہ تعالیٰ سبحانہ نے اس کے اشتہار کرنے کے لیے اپنے کلام پاک میں [illegible]
میں اوصاف پنہاں رکھے ہیں۔ مشکل سے مشکل مصائب بھی اس کلام پاک کے آگے دم نہیں مار سکتے۔ چنانچہ ہر طرح کی مشکلات و عاملِ عملیات و تعویذات قبلہ
منعم اعظم شاہ زنجانی صاحب نے 21 مارچ کی ساعت بابرکت میں کلام مجید سے لوحِ مصطفائی تیار کی ہے۔ آج سے پہلے صرف یہ فیض حلقۂ خاص تک تھا، اب
آپ نے اس فیض سے روحانی سے عوام کو بھی مستفیض فرمایا ہے۔ لوحِ مصطفائی پاس رکھ کر ہر ضرورت مند اپنے دلی مقصد میں کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔

[illegible] بے اولاد کے ہاں اولاد ہوگی ☆ دشمن مغلوب ہوں گے ☆ [illegible] مہربان ہوں گے ☆ ہر شخص آپ کا احترام کرے گا ☆ قرض ادا ہونے کے سامان غیب سے پیدا ہوں گے ☆ مقدمات میں کامیابی ہوگی ☆ حسبِ منشا روزگار ملے گا ☆ بحکم خدا قرضہ وصول ہو سکے گا ☆ کاروبار میں ترقی ہوگی ☆ امتحان میں کامیاب ہوں گے ☆ [illegible] بحکم اللہ ہوگی ☆ شادی خانہ آبادی میں رکاوٹ دور ہوگی ☆ مناسب رشتہ [illegible] ہو سکے گی ☆ محبوب آپ سے والہانہ محبت کرے گا۔ خوش نصیب لوحِ مصطفائی ﷺ پاس رکھنے سے آپ کی تمام شکایات دور ہوں گی۔

پس لوحِ مصطفائی کیا ہے؟ قرآن مجید کا زندہ جاوید معجزہ ہے جو آپ کے دلی جائز مقاصد ہوں تو تفصیل سے لکھیے اور ساتھ ہی والدہ کا نام [illegible] لوحِ مصطفائی آپ کی عمر بھر کام دے گی۔

[illegible]

ہدیہ 1600 روپے

خاندانِ زنجانیہ عالیہ کے بے مثال روحانی تحائف

نقش اسم اعظم	حصولِ خیر و برکت کے لیے پاس رکھنے کے لیے اس سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں	ہدیہ-/1100 روپے
نقش نادِ علی	نادِ علی کا وِرد دشمن کو زیر کرتا ہے اور اس کا نقش دشمن کے ہر وار کو بے اثر کر کے محفوظ حصار بن جاتا ہے، گویا یہ ایک خاص تحفہ ہے	ہدیہ-/1100 روپے
نقش تنظیمی	بازاری اور پیشہ ور محبوبہ کی ناپاک محبت سے آزاد کر کے انسان کو تباہی و بربادی سے بچا لیتا ہے	ہدیہ-/1100 روپے
نقش انقلاب عظیم	تبادلہ حسبِ منشا کرانے کے لیے اس سے بڑھ کر اور کوئی روحانی تحفہ نہیں ہے	ہدیہ-/1100 روپے
نقش یوسفؑ	گھر سے مفرور اور آوارہ لڑکوں کو واپس بلانے کے لیے شاہ زنجانی کا بے نظیر روحانی تحفہ	ہدیہ-/1100 روپے
نقش محافظ	یہ نقش پاس رکھنے سے حمل ضائع نہیں ہوتا اور بچہ صحیح سالم پیدا ہو کر زندہ رہتا ہے	ہدیہ-/1100 روپے
نقش ولادہ	دردِ ولادت میں کمی کر کے بچے کی پیدائش کو بے آسان بنا دیتا ہے	ہدیہ-/1100 روپے

کاشانۂ زنجانی، D-125، گلبرگ 2، (نزد مین مارکیٹ) لاہور

بیرون ملک کے لیے ہر نقش کا ہدیہ 10 پاؤنڈ ہے

فون لاہور: 042-35752277 - 35872277
فون کراچی: 0300 - 9483758


توشہ اصحاب کہف

کی پرنور ہستیوں کی فضیلت اس سے زیادہ اور کیا ہو سکتی ہے کہ اللہ تعالی نے کلام پاک میں سورۃ کہف کو نازل فرمایا۔ بزرگان دین نے توشہ اصحاب کو بڑا متبرک اور سریع الاثر مانا ہے۔ جو انسان معصیت میں ان کی نظر دیتا ہے اللہ تعالی بہت جلد اس کی معصیت کو ان ہستیوں کے صدقے دور فرما دیتا ہے۔ جناب شاہ زنجانی اپنے زیر نگرانی ہر ماہ باقاعدگی سے توشہ اصحاب کی نظر دیتے ہیں۔ ضرورت مند اور معتقد حضرات اس میں شریک ہو کر اپنی مصیبتوں کو دور فرما سکتے ہیں۔ لیکن ناجائز اور خلاف شرع مقصد نہ ہو ورنہ بجائے فائدہ کے نقصان پہنچ سکتا ہے۔ ہدیہ ایک مقصد کے لئے صرف ایک ہزار (1000) روپے ہے۔ آپ اپنے مقاصد کے اعتبار سے شریک ہو سکتے ہیں۔ ایک دو یا تین زیادہ نہیں۔ توشہ کی تاریخ ہر قمری ماہ کی نوچندی جمعرات مقرر ہے۔ مقررہ تاریخ کا خاص خیال رکھیں ورنہ آپ کا توشہ اگلے ماہ دیا جائے گا۔

روحانی مشاورت

خوشی و غمی سے مرقع اور روحانی و جسمانی مسائل سے بھرپور زندگی کا طویل راستہ ماہرانہ رائے کے بغیر دشوار تر ہوتا ہے۔ کسی بھی قسم کی ماہرانہ رائے کیلئے علم نجوم اور دیگر علوم مخفیہ سے رجوع کریں۔ جن کا تمام الہامی کتب میں بڑی اہمیت کے ساتھ ذکر آیا ہے۔ زمین سے فلکیاتی رابطے کے تحت کائناتی شعاعیں قوانین فطرت کے تحت شب و روز اپنے فرائض انجام دے رہی ہیں جن سے ہم ہر لمحہ متاثر ہوتے ہیں۔ مصروفیات زندگی مثلاً ذاتی مسائل، مال و اسباب، عزیز و اقارب، گھریلو مسائل، معاملات عشق و محبت، غیر متوقع آمدن، انعام وغیرہ، صحت و قرض کے مسائل، شادی اور شراکت، وراثت اور حادثات، سفر و روحانیت، ترقی و روزگار، خواہشات، خفیہ امور، مبارک نگینہ اور دیگر فی زمانہ مسائل غرض ہر طرح کی دنیاوی روحانی مشکلات کے حل کیلئے پیدائشی زائچہ و وقتی زائچہ سے نجم و عامل شاہ زنجانی کی وسیع تر خاندانی روحانی خدمات سے بالمشافہ یا بذریعہ خط فیض یاب ہو سکتے ہیں۔

عطر تسخیر محبوب



آپ عطر حنا یا خس کی ایک شیشی ماشہ دو ماشہ کی لے لیں۔ جس کی خوشبو نہایت تیز ہو اس شیشی کو اپنے سامنے رکھیں۔ طہارت جسم و لباس اور باوضو ہو کر اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر ایک ہزار مرتبہ یہ آیت پڑھ کر اس شیشی پر دم کر لیں۔ **واللّٰہ المستعان علی ما تصفون** یہ عمل چاند دیکھنے پر جو پہلا جمعہ آئے جمعہ کی نماز پڑھ کر شروع کریں اور ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر عصر کی نماز پڑھ لیں۔ پس عطر تسخیر محبوب تیار ہے۔ اسکے بعد عروج ماہ تک عمل تجیم کرنا بھی ضروری ہے۔ آپ جس مجلس اور جس شخص کے پاس یہ عطر لگا کر جائینگے اور اس عطر کی خوشبو آئے گی تو بے ساختہ اور والہانہ طور سے آپکی عزت و اخوت کریگا۔ اگر کوئی شخص یہ عطر خود تیار نہیں کر سکے تو ایک ماشہ عطر کی شیشی شعبہ روحانیات ادارہ آئینہ قسمت لاہور یا کراچی سے طلب کریں۔

اپنا نام مع والدہ ضرور لکھیں ہدیہ پندرہ سو (=/1500) روپے

لوح امساک


چاند و سورج گرہن کے اوقات کی تیار کردہ یہ لوح میرے خاندان عالیہ زنجانیہ میں کئی پشتوں سے مجرب چلی آرہی ہے۔ اس لوح کو بڑی محنت اور احتیاط سے تیار کیا جاتا ہے۔ چاند گرہن یا سورج گرہن کے وقت زیر ناف پانی میں کھڑے ہو کر سیسہ (جس سے بندوق کے چھرے بنتے ہیں) پر کندہ کریں۔ سیسہ کا مربع حسب ضرورت پہلے سے بنوا لیا جائے۔ اس تختی کو اپنی کمر (گردوں) پر باندھ لیں۔ اس سے ایسی قوت باہ پیدا ہوگی۔ جو مقوی سے مقوی ادویات سے بھی پیدا نہیں ہو سکتی۔ اگر کوئی یہ لوح خود تیار نہ کر سکے تو ہمارے شعبہ روحانیات سے حاصل کرے۔ ہدیہ لوح مبلغ ایک ہزار (1000) روپے ہے۔ گزشتہ سال جو الواح گرہنوں کے اوقات میں تیار کی گئی تھیں ان میں سے صرف چند الواح باقی رہ گئی

٣٦٣	٣٥٨	٣٦٦
٣٦٥	٣٦٣	٣٦٠
٣٥٩	٣٦٧	٣٦٢

طلسماتی دھاگہ



چھوٹے بچوں کو نظر بد سے محفوظ رکھنے کیلئے خاندان زنجانیہ عالیہ کا صدیوں سے مجرب چلا آرہا ہے۔ ایسے والدین جو اپنے بچوں کو نظر لگ جانے سے پریشان رہتے ہیں۔ ان کے لئے اکسیر نعمت ہے۔ اس دھاگے کو جو آئینہ قسمت کے دفتر سے مفت مل سکتا ہے بچوں (7 سال تک کی عمر) کے گلے میں ڈالنے سے بچے نظر بد سے محفوظ رہیں


720K +
Subscribers
SINCE 1947
GOLDEN YEARS
79
Knowledge for All
hyderone.com
زنجانی
TV
07NOV
KARACHI
Shop by Zodiac Sign
www.scentsofzodiac.com
ZODIAC
ZODIAC
ZODIAC
ZODIAC
SCENTS OF ZODIAC
ZANJANI ALWAH
ZANJANI GEMS
Zanjani Store
www.zanjani.pk
Call NOW
Call NOW
Zanjani Gems
Zanjani Alwah
ZANJANI Bracelets
Zanjani Taspeenat
Aina E Qismat Books
Contact us
www.aienaeqismat.com
PUBLICATIONS
ABOUT US
CONTACT US
PRIVACY POLICY



عرس منجم اعظم الحاج شاہ زنجانی رحمۃ اللہ علیہ

از تحریر: شہزادہ سید محسن علی زنجانی





سید ناظر حسین شاہ زنجانی رحمۃ اللہ علیہ کا 54 واں سالانہ عرس

سلسلہ روحانیت حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانیؒ کے روحانی فرزند




[illegible] 04 [illegible] 54 واں سالانہ عرس [illegible]

[illegible]

[illegible] شرکت کی۔

تحقیق نگینہ کا ہیرالعقول جفری فالنامہ

ہیرے اور شیشے کے علاوہ یاقوت، زمرد، فیروزہ، عقیق وغیرہ قیمتی پتھروں کی تاثیر معلوم کرنے کا اعجاز نما جعفری طریقہ




دائرہ تحقیق تاثیرات نگینہ

سب سے پہلے باوضو ہو کر دو رکعت نماز نوافل ادا کریں اور اس کا ثواب امام المشارق والمغارب سیدنا ومولانا حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی روح پرفتوح کی خدمتِ اقدس میں بطور نذر عقیدت پیش کریں۔ پھر نگینہ (جس کی تاثیر دریافت کرنا مطلوب ہو) کو انگشت شہادت اور انگوٹھے کے درمیان لے کر سورۃ یٰسین پڑھیں اور نگینے پر دم کریں بعد ازاں قبلہ رُخ ہو کر مصلے پر دوزانو ہو کر بیٹھیں اور یہ آیت مبارکہ مندرجہ ذیل کو سات بار پڑھ کر نگینہ پر دم کریں۔ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ پھر نگینے کو دائرے کے خانے اوّل ''استواری ایمان'' رکھ کر انگشت شہادت اس پر رکھ دیں اور پھر یہ آیۃ مبارکہ مندرجہ دائرہ کو بلا تعین اس قدر پڑھیں کہ نگینہ خود بخود حرکت میں آ جائے یہاں تک کہ نگینہ کسی ایک خانے میں جا کر خود بخود ٹھہرے جس خانے میں وہ ٹھہرے گا اس خانے میں لکھے ہوئے مطلب کے لئے وہ نگینہ پہننا نہایت مؤثر اور مفید ہوگا۔ اگر یہ نگینہ ایک سے زیادہ خانوں میں قرار پکڑے تو ان جملہ خانوں سے متعلقہ مطالب کے موافق نگینہ تاثیر کامل و مکمل رکھے گا۔ ایک نگینے کی تاثیر معلوم کرنے کے لئے کل بیس منٹ کا وقفہ درکار ہوگا اگر ان بیس منٹوں میں وہ نگینہ حرکت نہیں کرتا ہے تو سمجھ لیجئے کہ یہ نگینہ آپ کے لئے پہننا بیکار رہے۔ اگر آپ ایک سے زائد نگینوں کی تاثیرات معلوم کرنا چاہیں تو ایک ہی نشست میں معلوم کر سکتے ہیں ہر بار نوافل پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

نوروز عالم افروز سنہ 2026

عالمی کونسل پر 2026ء میں ستارہ زہرہ بادشاہ دُنیا کا حسن وجمال خوبصورتی اورامن اس ستارہ سے منسوب عالمی قیام امن، بحالیات شادیوں اور شرح اولاد بچوں کی پیدائش میں ریکارڈ اضافہ زائچہ نوروز میں سعد اکبر ستارہ مشتری کا بارہ سال بعد بیت العزت کے گھر میں شرف یافتہ ہونے سے نئے نظر ثانی شدہ نظام حکومت کے تحت صوبوں کی عوام الناس کی فلاح وبہبود، بہتری مہنگائی میں کمی مشیر سال قمر وطن عزیز پاکستان کی بین الاقوامی عزت وتوقیر میں اضافہ U.N.O کے تحت افواج پاکستان کو عالمی امن میں اپنا کردار نبھانے کیلئے دُنیا بھر کے امن مشن میں شمولیت کے مواقع رہیں۔



بتاریخ 20 مارچ 2026ء اسلام آباد بوقت 19 بجکر 47 منٹ

1: بادشاہ سال	**زھرہ**	2: وزیراعظم سال	**شمس**
3: سپہ سالار سال	**عطارد**	4: مشیر سال	**قمر**

بفضل تعالیٰ عزوجل بہ طفیل حضور پُرنور سیّد النور حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ بتصدیق امام المشارق والمغارب امیر المؤمنین حضرت علی علیہ السلام بن ابو طالب علیہ السلام نوروز عالم افروز 20 مارچ 2026ء بحساب یونانی نجوم بروز جمعہ بوقت 19 بجکر 47 منٹ اسلام آباد بعد غروب آفتاب پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم جبکہ لندن (انگلینڈ) 14 بجکر 47 منٹ اور نیو یارک واشنگٹن ڈی سی (امریکہ) 09 بجکر 47 منٹ نوروز عالم افروز مولائے کائنات امیر المؤمنین علی ابن ابوطالب علیہ السلام امام المشارق و المغارب ہوگا۔ آپکی شان اور آپکے القاب سے تو اللہ اور اسکے رسول ﷺ ہم سے زیادہ واقف ہیں۔ فرمان رسولؐ ہے کہ اللہ کو مجھ سے اور علیؑ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا اور مجھے علیؑ اور اللہ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا اور علی علیہ السلام کو مجھ سے اور اللہ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا تو پھر ہماری کیا مجال ہم تو وہی بیان کریں گے جو ہم نے سنا اور پڑھا۔ نظامِ شمسی نجانے کب سے گردش میں ہے۔ ستارے گردش میں اُلٹے سیدھے چلتے ہیں۔ ماسوائے بادشاہ فلک شمس اور مادرِ فلک قمر جو ہمیشہ سیدھے چلتے ہیں۔ شمس کی توانائی وروشنی ہر شے کو چدھیا دیتی ہے۔ کائنات میں یہ شان صرف اور صرف مولائے کائنات کی ہے کہ انہوں نے گردش کرتے سورج کو اپنی قضاء نماز کو واجب نماز کرنے کی ادائیگی کے لیے واپس بلایا، رسول ﷺ نے معجزہ شق القمر کر کے دکھایا۔ اسی سبب ہم مولا علی علیہ السلام کو امام المشارق والمغارب کے لقب سے بھی یاد کرتے ہیں۔

نوٹ: چونکہ نوروز کا وقت پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم تحویل آفتاب کے

مطابق ہے لہٰذا اس کا اطلاق ہر شہر اور قصبہ پر یکساں ہوگا۔ مقامی وقت کو جمع یا نفی کرنے کی ضرورت نہیں۔ مبارک و مستجاب وقت سے مومنین یکساں استفادہ فرمائیں۔ بیرونِ ملک رہنے والے بہن بھائی نوروز کا پاکستانی وقت **20** مارچ **2026**ء بوقت **19** بجکر **47** منٹ سے **5** گھنٹے نفی کر لیں تو **20** مارچ **2026**ء **14** بجکر **47** منٹ گرین وچ کا وقت نکل آئے گا۔ اس وقت گرین وچ سے اپنے ملک کا معیاری وقت جمع یا نفی کر لینے سے آپکو اپنے ہاں کا نوروز کا وقت مل جائے گا۔ (**جبکہ بحساب ویدک نجوم نوروز عالم افروز 14 اپریل 2026ء بروز منگل 09 بجکر 02 منٹ طلوع آفتاب کے بعد ہوگا**) ناسا کے مطابق جبکہ **22** مارچ **285**ء کو یونانی اور ویدک نجوم یکساں تھے۔

قدیم زمانہ سے منجمین میں رواج چلا آرہا ہے کہ جب شمس برج حمل میں صفر درجہ صفر دقیقہ پر داخل ہوتا ہے تو منجمین اس وقت کو نہایت متبرک اور معتبر جانتے تھے اور جانتے ہیں۔ کیونکہ شمسی سال کی ابتداء اس وقت ہوئی تھی اور مہینوں کے نام بھی ان ہی بارہ بروج سے متعلق و منسوب تھے۔ منجمین اس وقت خاص کے تحت زائچہ کشید کر کے دنیا میں یا خاص خاص ملکوں میں ایک سال کے اندر وقوع پذیر ہونے والے اچھے برے واقعات کا اظہار کرتے ہیں۔ زائچہ نوروز نہایت اہم ہوتا ہے۔ لہٰذا ہم اپنے ملک کا احوال بیان کریں گے۔ زائچہ سال نوروز اوتاد اول **حمل** سے شروع ہوگا۔ دوم اوتاد تحویل شمس در **سرطان**' سوم اوتاد تحویل شمس در **میزان**' چہارم اوتاد تحویل شمس در **جدی** جب یہ چاروں زائچے درست بن جاتے ہیں تو **3,3** ماہ کی سیاسی و موسموں کے احکامات صحیح ترین اخذ کئے جا سکتے ہیں۔ پھر یہ کہ زائچہ اول بادشاہ سال کے درجہ کے مساوی زائچہ دوم وزیر اعظم سال زائچہ سوم سپہ سالار جبکہ زائچہ چہارم مشیر سال کہلاتا ہے۔ یہ تو اصلی نوروز ہے۔ جو قدیم یونانیوں کے اصول کے تحت ہوتا ہے۔ اہل ہند نوروز کیم چیت کو کہتے ہیں۔ یہ قمری ہوتا ہے اور اس کے تحت نوروز کی سواری اور ان کے ادھیکار (وزیر سپہ سالار وغیرہ) مقرر کرتے ہیں۔ اب یونانی نوروز کو بھی ہندوستان کی تمام جنتریاں جگہ دے رہی ہیں۔ جو محض نئی اختراع ہے اس اختراع کو ابھی سو برس بھی نہیں ہوئے مگر یہ صرف ہندوؤں کے اصول کے تحت ہے۔ ورنہ دنیا کے کسی خطہ میں بھی عجیب و غریب سواری رنگ برنگ دیومالائی احوال کا وجود نہیں صرف سیدھے سادھے مسلمان اس کو فرد اعظم تصور کرنے لگے ہیں۔

نوروز مختلف ممالک میں

نوروز ایران، قفقاز، وسطی ایشیا اور دنیا میں مختلف فارسی ثقافت کے لوگ اس کو مناتے ہیں۔ ایران، عراق، جارجی، افغانستان، آذر بائیجان، تاجکستان، پاکستان (گلگت بلتستان) اور انڈیا میں عام تعطیل ہوتی ہے۔ **30** مارچ **2009** میں کینیڈین پارلیمنٹ نے باضابطہ بل منظور کیا جس میں نوروز کو سرکاری کیلنڈر میں شامل کیا گیا۔ البانیہ میں سلطان نوروز کو بیکتاشا فرقہ کی طرف سے صوفیانہ طور پر منایا جاتا ہے اور اس دن کو حضرت علیؑ کی ظاہری خلافت کا دن سمجھا جاتا ہے۔

کردش لوگ عراق اور ترکی میں اس دن کو مناتے ہیں۔ پاکستان میں بلتستان میں منایا جاتا ہے۔ انڈیا میں پارسی لوگ اس دن کو مناتے ہیں۔ جنوبی کیلی فورنیا کے لوگ سمندر کے ساحلوں پر اس دن کو مناتے ہیں۔ **15** مارچ **2010**ء کو **384** ووٹوں سے اس دن کو ثقافتی دن تسلیم کیا گیا۔

فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُومِ ۝ فَقَالَ إِنِّي سَقِيمٌ

ترجمہ: پھر ابراہیم نے ستاروں پر ایک بار نظر ڈالی۔ پھر کہا میں بیمار ہونے والا ہوں۔ (سورۃ الصّٰفّٰت ۸۸، ۸۹)

فضیلت عید نوروز

حضرت مُعلّٰی بن خنیسؓ جو حضرت امام جعفر صادقؑ کے خاص صحابی تھے۔ وہ کہتے ہیں میں نوروز کے دن حضرت کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا۔ حضرت نے فرمایا:

(1) یہ وہ دن ہے کہ خداوند عالم نے بندوں کی روحوں سے مقام الست پر اقرار لیا کہ وہ اُس کو وحدہ لاشریک اور کسی کو اس کی عبادت میں شریک کار نہ بنائے۔

(2) یہ پہلا وہ دن ہے جس میں سورج نے اپنی پہلی کرن زمین پر ڈالی۔

(3) اِسی دن حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی نے طوفان کے بعد کوہ جودی پر قرار پکڑا۔

(4) اِسی دن خداوند عالم نے اُن چند ہزار آدمیوں کو زندہ فرمایا جو طاعون کے خوف سے بھاگے تھے اور خدا نے اُن سب کو موت دے دی۔ ایک مدت کے بعد جب ان کی ہڈیاں رہ گئیں تو ایک رسول کا وہاں سے گزر ہوا۔ انہوں نے خداوند عالم سے سوال کیا۔ پالنے والے مجھے دکھا دے کہ تو کس طرح بوسیدہ ہڈیوں کو زندہ کرتا ہے، خدا کی طرف سے وحی نازل ہوئی کہ تم اِن ہڈیوں پر پانی چھڑکو، تو انہوں نے اُن پر پانی چھڑکا تو باقدرت خدا وہ سب زندہ ہو گئے۔ اِسی وجہ سے سنت ہے کہ مومنین ایک دوسرے پر پانی چھڑکیں یا خود اپنے اوپر پانی ڈالیں۔ جو لوگ زندہ ہوئے وہ 30 ہزار تھے اور وہ رسول حضرت حزقیلؑ تھے۔

(5) 51ء حضرت علی علیہ السلام نے دوشنبہ مبارک رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کندھے پر چڑھ کر خانہ کعبہ میں بت شکنی کی۔

(6) نوروز کا دن ہی عید غدیر کا دن تھا۔

(7) نوروز کے ہی دن حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام ابن ابو طالب علیہ السلام کو خلافت ملی۔

(8) نوروز کے ہی دن امیر المومنین علیہ السلام نے خارجیوں کے خلاف جنگ نہروان میں فتح حاصل کی۔

(9) انشاء اللہ اسی روز امام مہدی علیہ السلام حجت القائم کا ظہور ہوگا۔

(10) اسی روز باقی سارے امام علیہ السلام دنیا کی طرف رجعت کریں گے۔

(11) امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ نوروز کا دن ہمارے اور ہمارے چاہنے والوں کا دن ہے۔

فلکیاتی احکامات نوروز عالم افروز

زائچہ نوروز 2026ء آسمانی کونسل (Tropical) طالع برج میزان حاکم ستارہ زہرہ جو فطرتی طور سے عالمی امن کا پیغامبر بن کر طلوع ہوا۔ زائچہ نوروز پر پہلی نگاہ ڈالتے ہی زائچہ کی خوبصورتی وقت ستارہ مشتری کی طاقتور اور عزت کے گھر میں شرف یافتہ ہونا یوں معلوم ہوتا ہے کہ 2026ء ملک وقوم کی تقدیر بدلنے کا سال دکھائی دیتا ہے۔ بیت العزت کے گھر شرف مشتری کی سعادت زائچہ نوروز کے 6,4,2 اور دسویں سعد گھروں کو ناظر ہونے سے ملکی معیشت (G.D.P) میں ریکارڈ اضافہ ہوگا۔ ارض وطن میں زراعت باغبانی پھلوں فصلوں کی کاشت کاری سبھی کیلئے نفع بخش ثابت ہوگا۔ پانی کے ذخائر اور چھوٹے چھوٹے کئی ڈیم بننے سے اندرون ملک بنجر زمینوں کی کاشت کاری نئی رہائشی کالونیاں، سڑکوں، پلوں کی بہتر حالت زار، سی پیک گوادر منصوبے تکمیل اور سبھی صوبوں میں قیام امن کیلئے حکومت اسٹیبلشمنٹ کی کوششیں بارآور ثابت ہو کر اندرون ملک داخلی معاملات اور ملکی سرحدوں کے تحفظ کو بہتر بنایا جا سکے گا۔ وطن عزیز کی جغرافیائی اہمیت کے سبب سپر پاور سے آبرومندانہ تعلقات اور گرین پاسپورٹ کے وقار کی بحالی زائچہ کے ساتویں گھر پانچ اہم ستارے شمس، قمر، زہرہ، زحل، نیپچون کا اجتماع وزارت خارجہ کی ذمہ داریوں میں اضافہ دوست ممالک سے تعلقات میں مزید بہتری ملکی اور غیر ملکی جھگڑے خصوصاً پڑوسی ممالک سے تعلقات برابری کی سطح پر بہتر سے بہتر بنائے جا سکیں گے۔ حکومت وقت کی عوام سے کئے گئے وعدوں کی تکمیل کی طرف بھی توجہ مرکوز رہیگی۔

ملکی ٹریڈ وتجارت کیلئے 2026ء اہم سال جب پاکستانی برآمدات کا ایک نیا ریکارڈ بنے گا۔ حکومت وقت درآمدات میں کمی اور برآمدات بڑھانے اور تاجر برادری کو پہلے سے زیادہ سہولتیں اور آسانیاں فراہم کرے۔ ساتویں نویں کے حاکم عطارد مریخ کا چھٹے ہمراہ راہو مقابل کیتو ہونے سے وزارت صحت اندرون ملک دور دراز علاقوں میں طبی سہولتوں کی فراہمی نئے کلینک ہسپتال بنائے جائیں اور سبھی سرکاری ہسپتالوں میں سہولتوں کو اپ گریڈ کرنے کا سلسلہ جاری رہیگا۔ ملکی سرحدوں کے تمام ادارے بری، بحری، فضائی افواج ملکی دفاع سلامتی کے لئے چوکنا رہیں۔ بیوروکریسی پولیس ملکی امن وامان دہشت گردی کے خاتمہ کے لئے متحد طور سے کوشاں رہیں۔ 2026ء شرف مشتری کی سعادت کے سبب وطن

عزیز کی ترقی خوشحالی کے ایک نئے دور کا آغاز ممکن ہو سکے گا۔

اعمال نوروز: تحویل آفتاب کا وقت نہایت مبارک و مسعود ہوتا ہے۔ یہ اجابت دعا کا وقت ہے مومنین مقررہ وقت سے پہلے پاک و پاکیزہ صاف ستھرے ہو کر لباس مطہر زیب تن کریں اور ایک صاف کمرے میں فرش پر پاک و پاکیزہ کپڑا بچھائیں اور خوشبویات مثل لوبان، اگربتی، عنبر و صندل وغیرہ لگائیں۔ پھر ایک دسترخوان پر سبز، سفید و سرخ اور سیاہ رنگ کی مٹھائی رکھیں۔ اس پر نذر حضرت امیر المومنینؑ دیں بعد ازاں ایک کٹورے یا پیالے میں پانی بھر کر اس میں گلاب کا سرخ پھول چھوڑ دیں اور بوقت تحویل آفتاب اس پر نظر رکھیں۔ تحویل آفتاب کے وقت ساکن پھول میں خودبخود حرکت پیدا ہوگی۔ بس یہ وقت دعاؤں کے مستجاب ہونے کا ہے اس وقت یہ دعا کم از کم **46** مرتبہ پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ وَيَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَيَا مُقَلِّبَ
[illegible]
الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ وَيَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ وَيَا دَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ وَيَا مُفَرِّجَ
[illegible]
الْمَحْزُوْنِيْنَ اَغِثْنِيْ اَغِثْنِيْ تَوَكَّلْتُ عَلَيْكَ يَا رَبِّيْ وَفَوَّضْتُ اِلَيْكَ
[illegible]
اَمْرِيْ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا اَللّٰهُ يَا بَاسِطُ يَا رَزَّاقُ يَا فَتَّاحُ يَا كَرِيْمُ
[illegible]

اس دعا کے اول و آخر گیارہ گیارہ دفعہ درود شریف پڑھیں بعد ادائیگی دعا اپنے مقاصد و حاجات کے مطابق پڑھیں۔

اعمال دیگر: مومنین کو چاہئے کہ نوروز کے دن بعد نماز ظہرین **2,2** رکعت نماز نفل اس طرح ادا کریں۔ اوّل یہ نیت کریں کہ دو رکعت نماز پڑھتا ہوں **قربتہ الی اللہ، اللہ اکبر**۔ اوّل رکعت میں بعد سورۂ حمد دس مرتبہ سورہ انا انزلنا اور دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ **10** مرتبہ سورہ قل یا ایہا الکفرون اور بعد سلام ختم کرے اور پھر **2** رکعت کی نیت کر کے نماز شروع کریں۔ اوّل رکعت میں سورۂ فاتحہ **10** مرتبہ قل ھو اللہ احد اور دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ دس دس مرتبہ سورۂ قل اعوذ برب الناس اور قل اعوذ برب الفلق پڑھیں اور بعد سلام ختم کریں اور دعا کریں اور سجدے میں جائیں پانچ مرتبہ "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ" اور یہ دعا دونوں ہاتھ اٹھا کر یوں پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ الْاَوْصِيَاءِ الْمَرْضِيِّيْنَ وَ عَلٰى جَمِيْعِ اَنْبِيَائِكَ وَ رُسُلِكَ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِكَ وَ بَارِكْ عَلَيْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَكَاتِكَ وَ صَلِّ عَلٰى اَرْوَاحِهِمْ وَ اَجْسَادِهِمْ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ بَارِكْ لَنَا فِيْ يَوْمِنَا هٰذَا الَّذِيْ فَضَّلْتَهٗ وَ كَرَّمْتَهٗ وَ شَرَّفْتَهٗ وَ عَظَّمْتَ خَطَرَهٗ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْمَا اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَيَّ حَتّٰى لَا اَشْكُرَ اَحَدًا غَيْرَكَ وَ وَسِّعْ عَلَيَّ فِيْ رِزْقِيْ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَللّٰهُمَّ مَا غَابَ عَنِّيْ فَلَا يَغِيْبَنَّ عَنِّيْ عَوْنُكَ وَ حِفْظُكَ وَ مَا فَقَدْتُ مِنْ شَيْءٍ فَلَا تُفْقِدْنِيْ عَوْنَكَ عَلَيْهِ حَتّٰى لَا اَتَكَلَّفَ مَا لَا اَحْتَاجُ اِلَيْهِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ○

نوروز کی شرعی حیثیت: حضرات آئمہ معصومین علیہم السلام کے ارشادات اور اعمال و افعال سے ثابت ہے کہ اس دن کو آل محمد مصطفیٰؐ نے اپنا دن فرمایا ہے اور اس کے متعلق بیشمار حالات و کوائف کو واضح فرمایا ہے اور بتایا ہے کہ بدو کائنات سے صبح قیامت تک اور ازل سے ابد تک یہ دن عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ یہ دن ہماری نگاہ میں اس لئے بھی خصوصی اہمیت رکھتا ہے کہ اسی دن نوروز بھی تھا۔ از تحقیق **18** ذوالحجہ کو حسن اتفاق سے تاریخ عیسوی بھی **18** مارچ تھی۔ قمری و عیسوی دونوں تواریخ (**18**) تھیں، (دیگر ایک تحقیق کے مطابق **17** مارچ تھی)۔ نوروز عموماً **20** یا **21** مارچ کو آتا ہے۔ **10**ھ کی **18** ذوالحجہ تھی۔ یہ وہ تاریخ ہے کہ حضور خاتم النبیین سید الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بمقام غدیر خم بموقع حج آخر ایک لاکھ **24** ہزار صحابہ کرامؓ کے مجمع میں امام المتقین امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام ابن ابی طالب علیہ السلام کو بحکم پروردگار عالم مفاد یا ایہا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک اپنا جانشین مقرر فرمایا تھا۔

الحمد للہ علی احسانہ قد رجع الحق الی مکانہ

(روضۃ الاحباب) ان وجوہ کی بناء پر نوروز کے دن خوشی کا حکم دیا گیا ہے۔

نوروز نوبہار روز کا خاص طلسم

ا لا // 9||| 9||| // ||| یُحْطٰی

بوقت تحویل آفتاب نوروز عالم افروزیہ طلسم زعفران سے لکھ کر بازو پر یا پاس رکھیں۔

نوٹ: خصوصی تحفہ نوروز سب کیلئے مہر نبوتؐ بمعہ ذاتی طلسماتی نقش صفحہ **86-87** سے کاٹ لیں۔ ترکیب استعمال صفحہ **87** پر درج ہے۔

مومن کو بدبختی اور تکلیف اس کے گناہوں کی وجہ سے ہوتی ہے۔ (امام محمد باقرؑ)

فضائلِ روزِ عیدِ غدیر

☆ ماہ ذوالحجہ کی اٹھارویں تاریخ روز عید غدیر ہے۔

☆ حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ بروز 18 ذوالحجہ عید غدیر تمام عیدوں سے بڑی عید ہے۔

☆ اس روز رسول اکرمؐ نے غدیر خم کے مقام پر امیر المومنینؑ کو اپنا خلیفہ و جانشین مقرر فرمایا۔

☆ اس دن ایک درہم صدقہ دینا ایک لاکھ درہم صدقہ دینے کے برابر ہے۔

☆ اہل سنت والجماعت کی معتبر تفاسیر اور تراجم میں ان کے علماء نے اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ یہ آیت مجیدہ غدیر خم کے مقام پر حضرت علیؑ کے بارے میں نازل ہوئی جیسا کہ درج ذیل تحریر سے ثابت ہے

☆ ابن ابی حاتم نے ابوسعید خدریؓ سے روایت کی ہے کہ درج ذیل آیت غدیر خم میں جناب حضرت علیؑ کی ولایت کے اعلان کے بارے میں نازل ہوئی (حبیب السیر جلد ۳)

يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ ۖ وَإِن لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ (المائدہ ۶۷)

[illegible]

☆ جب اعلان ولایت ختم ہو چکا تو جبرائیلؑ یہ درج ذیل آیت لے کر نازل ہوئے (تفسیر در منثور جلد ۲ صفحہ ۲۵۹)

الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا (المائدہ ۳)

آج میں نے تمہارے دین کو کامل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمہارے لئے دین اسلام کو پسند کیا

☆ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں شاعر حسان بن ثابت نے امیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ کو اس شعر کے ساتھ مبارکباد دی اور آپ کی مدح سرائی کی۔ (تذکرۃ الخواص سبط ابن جوزی صفحہ ۲۰)

فَقَالَ لَهُ قُمْ يَا عَلِيُّ فَإِنَّنِي ۞ رَضِيتُكَ مِنْ بَعْدِي إِمَامًا وَهَادِيًا

پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے علی اٹھو میں نے تمہیں اپنے بعد امام اور ہادی پسند کیا ہے

برائے حصولِ رشتہ

☆ چاند کی تیرہ سے تیس تک کے درمیانی جمعہ کو بعد نماز عصر درج ذیل آیات زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے اور عورت پہنے تو اچھی شادی ہو جائے گی نیز یہ عمل فراوانی رزق کیلئے مجرب ہے

وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَىٰ مَا مَتَّعْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا

[illegible]

لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ ۚ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ ۞ وَأْمُرْ أَهْلَكَ بِالصَّلَاةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا

[illegible]

لَا نَسْأَلُكَ رِزْقًا ۖ نَّحْنُ نَرْزُقُكَ ۗ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوَىٰ ۞ (سورہ طٰہٰ ۱۳۱-۱۳۲)

[illegible]

عقد بندی کھولنا: کسی بھی وجہ سے عقد بندی ہو گئی ہو تو لڑکی درج ذیل آیت مع دعا لکھ کر بازو پر باندھے تو عقد بندی کے اثرات زائل ہو کر عقد کے مواقع پیدا ہوں گے۔

وَأَذِّن فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَأْتُوكَ رِجَالًا وَعَلَىٰ كُلِّ ضَامِرٍ يَأْتِينَ مِن كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ ۞ (الحج ۲۷)

[illegible]

[illegible] الْقُرْآنَ الْعَظِيمَ [illegible]

[illegible]

[illegible] عُقْدَةً [illegible]

☆ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی شادی کیلئے سورہ قصص کی یہ آیت تلاوت کی تھی کہ ان کی شادی ہو گئی لہٰذا مرد اپنے لئے اور عورت اپنے لئے پڑھ سکتی ہے۔

رَبِّ إِنِّي لِمَا أَنزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ ۞ پروردگار میں ہر اس بھلائی کا جو تو میری طرف نازل فرمائے محتاج ہوں

☆ سورہ الاحزاب (ہاتھ سے لکھی ہوئی) کو ایک ڈبیہ میں بند کر کے اپنے گھر میں بحفاظت رکھ دیں اور اس سورہ کو ہر روز ایک بار پڑھ کر دعا مانگیں تو ان کی بچی کے لئے مناسب رشتہ دستیاب ہوگا۔

تسبیح: لڑکی، والدین یا لڑکا ہر ماہ کی نوچندی جمعرات کو بعد از نماز عشاء اسم اعظم کو گیارہ ہزار مرتبہ ایک ہی نشست میں پڑھے تو اس کی شادی ہو جائے گی۔ یَا مُعْطِیُ

فضائل روز مباہلہ

☆ جب حضرت رسول اکرمؐ کے علمی و عقلی براہین کے بعد بھی نصاریٰ نجران اپنے غلط عقیدہ پر اڑے رہے تو اللہ کی طرف سے آپ کو ان کے ساتھ مباہلہ کا حکم اس آیت میں دیا گیا فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ أَبْنَاءَنَا وَأَبْنَاءَكُمْ وَنِسَاءَنَا وَنِسَاءَكُمْ وَأَنفُسَنَا وَأَنفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَل لَّعْنَتَ اللَّهِ عَلَى الْكَاذِبِينَ ۞

(تو کہو اچھا میدان میں آؤ ہم اپنے بیٹوں کو بلائیں تم اپنے بیٹوں کو اور ہم اپنی عورتوں کو اور تم اپنی عورتوں کو اور ہم اپنی جانوں کو اور تم اپنی جانوں کو اس کے بعد سب مل کر اللہ کی بارگاہ میں گڑگڑائیں اور جھوٹوں پر اللہ کی لعنت کریں (آل عمران ۶۱)

☆ جب آپؐ اپنے اہل بیتؑ کے ساتھ ۲۴ ذوالحجہ کو میدان میں پہنچے تو علمائے نصاریٰ (عیسائیوں) کا سردار عاقب ان کی طرف دیکھ کر کہنے لگا اللہ کی قسم میں ایسے نورانی چہرے دیکھ رہا ہوں کہ اگر یہ پہاڑ کو اپنی جگہ سے ہٹ جانے کو کہیں تو یقیناً ہٹ جائیگا اس میں خیریت ہے کہ مباہلہ سے ہاتھ اٹھاؤ ورنہ قیامت تک نسل نصاریٰ (عیسائیوں) سے ایک نہ بچے گا۔ (تفسیر جلالین بیضاوی جلد اول صفحہ ۱۱۸ مطبوعہ مصر)

مشترکہ اعمال عید غدیر و مباہلہ

☆ غسل کرنا، نیا لباس پہننا، خوشبو لگانا، خوشی کرنا، مومنین کو کھانا کھلانا، روزہ رکھنا، مصافحہ کرنا، روزہ دار کو افطار کرانا اور بکثرت صلوات پڑھنا سنت مؤکدہ اور باعث فضیلت ہے۔

☆ عید غدیر و عید مباہلہ کے روزے کا ثواب ساٹھ سالوں کے گناہوں کا کفارہ ہے۔

☆ ان دونوں دنوں کا روزہ دنیا کی زندگی کے برابر ہے اور سو حج اور سو عمروں کے ثواب کے برابر ہے۔

☆ ۱۸ / ۲۴ ذوالحجہ کو کسی مومن بھائی کو کھانا کھلانا اس طرح ہے کہ گویا اس نے تمام پیغمبروں اور صدیقین کو کھانا کھلایا ہو۔ اگر کوئی ان دنوں میں اپنے کسی مومن بھائی کا روزہ افطار کرائے تو گویا اس نے ایک لاکھ پیغمبر، صدیق اور شہیدوں کا روزہ افطار کرایا۔

☆ عید غدیر اور عید مباہلہ کے دن زوال آفتاب سے پہلے دو رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۃ توحید، دس مرتبہ سورۃ قدر اور دس مرتبہ آیت الکرسی پڑھے۔

☆ اس نماز کا ثواب و فضیلت اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایک لاکھ حج اور ایک لاکھ عمرہ کے برابر ہے

☆ نماز کے بعد جو بھی حاجات طلب کریں پوری ہوں گی۔ (انشاء اللہ)

برائے حفاظت سفر

سواری کی دعا: سواری پر سوار ہوتے وقت درج ذیل آیت پڑھیں گے تو حوادثات سے محفوظ رہیگا۔

سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ ۞ (الزخرف ۱۳)

پاک ہے وہ ذات جس نے اس کو ہمارے تابع کر دیا ورنہ ہم اس پر قابو پانے والے نہ تھے

☆ امام زین العابدینؑ نے فرمایا کہ گھر سے نکلتے وقت یہ کلمات پڑھے تو اس کا سفر بخیر ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَتَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ (اللہ کے نام سے، اللہ پر ایمان لایا اور اللہ پر توکل کیا)

طریقہ امام ضامن: سفر پر جانے والے کو امام ضامن کے طور پر حسب توفیق نقد رقم ایک کپڑے میں باندھ کر درج ذیل آیت جو حضرت جبرئیلؑ نے بوقت ہجرت حضور اکرمؐ کے لئے پڑھی تھی، اول و آخر صلوات کے ساتھ پڑھ کر مسافر کے دائیں بازو پر باندھ دیں۔

إِنَّ الَّذِي فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لَرَادُّكَ إِلَىٰ مَعَادٍ (القصص ۸۵)

بیشک وہ جس نے تم پر قرآن نازل کیا ضرور تمہیں ٹھکانے تک پہنچا دے گا

آیات حفاظت: سفر و حضر میں ہر قسم کے حوادثات و خطرات و آفات و حشرات کے علاوہ رہزنوں وغیرہ سے جان و مال کی حفاظت کے لئے درج ذیل آیات لکھ کر باندھے اور دوران سفر پڑھے تو اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہے گا۔ (نقش سلیمانی)

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۞ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً (الانعام ۶۱) وَحِفْظًا مِّن كُلِّ شَيْطَانٍ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اور وہ تم لوگوں پر نگہبان فرشتے بھیجتا ہے اور (ہم نے) ہر سرکش شیطان سے

مَّارِدٍ (الصافات ۷) إِن كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۞ (الطارق ۴) فَاللَّهُ خَيْرٌ حَافِظًا ۖ وَهُوَ

حفاظت کے واسطے کوئی شخص ایسا نہیں جس پر نگہبان مقرر نہیں تو اللہ ان سب سے بہتر حفاظت

أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ (یوسف ۶۴) إِنَّ رَبِّي عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ حَفِيظٌ ۞ (ہود ۵۷) وَحَفِظْنَاهَا مِن كُلِّ

کرنے والا ہے اور وہ تمام رحم کرنے والوں سے بہتر ہے [illegible] ہر چیز پر نگہبان ہے اور ہم نے ہر

شَيْطَانٍ رَّجِيمٍ ۞ (الحجر ۱۷) وَإِنَّ عَلَيْكُمْ لَحَافِظِينَ ۞ (الانفطار ۱۰)

شیطان سے محفوظ رکھا اور تم پر نگہبان مقرر ہیں

دعائے امام زمانہ علیہ السلام

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ مَنْ نَاجَاکَ وَبِحَقِّ مَنْ دَعَاکَ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے میرے معبود اس کا واسطہ جو تجھ سے راز کہتا ہے اور اس کا واسطہ جو تجھے صحرا اور دریا میں پکارتا ہے

تَفَضَّلْ عَلٰی فُقَرَآءِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِالْغِنَآءِ وَالثَّرْوَةِ وَعَلٰی مَرْضَی الْمُؤْمِنِیْنَ

کہ مفلس مومنین اور مومنات کو مال و ثروت عطا کر کے خوشحال و خورسند کر دے اور مومن مردوں

وَالْمُؤْمِنَاتِ بِالشِّفَآءِ وَالصِّحَّةِ وَعَلٰی اَحْیَآءِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِاللُّطْفِ

اور مومن عورتوں میں بیماروں کو صحت و تندرستی عطا فرما اور زندہ مومن مردوں اور مومن عورتوں پر اپنا لطف

وَالْکَرَامَةِ وَعَلٰی اَمْوَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِالْمَغْفِرَةِ وَالرَّحْمَةِ وَعَلٰی غُرَبَآءِ

و کرم ارزانی فرما اور مرحوم مومن مردوں اور مومن عورتوں پر بخشش اور رحمت فرما دے اور مسافر مومن

الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِالرَّدِّ اِلٰی اَوْطَانِهِمْ سَالِمِیْنَ غَانِمِیْنَ بِمُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الطَّاهِرِیْنَ

مردوں اور مومن عورتوں کو صحیح سلامت اور مال کے ساتھ اپنے گھروں میں پہنچا دے واسطہ ہے تجھے محمدؐ اور ان کی پاک آلؑ کا

دعائے سلامتی امام زمانہؑ — بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ کُنْ لِوَلِیِّکَ الْحُجَّةِ ابْنِ الْحَسَنِ صَلَوَاتُکَ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰبَآئِهٖ فِیْ هٰذِهِ السَّاعَةِ وَفِیْ

اے معبود! حفاظت کر اپنے ولی حجت ابن الحسنؑ کی تیری رحمت نازل ہو ان پر اور ان کے باپ دادا پر اس گھڑی میں اور ہر گھڑی

کُلِّ سَاعَةٍ وَّلِیًّا وَّحَافِظًا وَّقَآئِدًا وَّنَاصِرًا وَّدَلِیْلًا وَّعَیْنًا حَتّٰی تُسْکِنَهٗ اَرْضَکَ طَوْعًا وَّتُمَتِّعَهٗ

تو ان کا سرپرست، نگہبان، رہبر، مددگار، رہنما اور نگہبان رہ یہاں تک کہ تو لوگوں کی چاہت سے اپنی زمین کی حکومت دے

فِیْهَا طَوِیْلًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَجِّلْ فَرَجَهُمْ وَسَهِّلْ مَخْرَجَهُمْ

اور مدتوں اس پر برقرار رکھے اے اللہ رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ اور ان کی آلؑ پر اور ان کے ظہور میں تعجیل فرما اور ان کے ظہور میں آسانی فرما

دعا برائے مرحومین: اپنے مرحومین مومنین کو جہاں کہیں بھی ہوں اس دعا سے یاد رکھیں

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْیَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ

اے معبود بخش دے مومن مردوں اور مومنہ عورتوں اور مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو ان میں سے جو زندہ ہیں اور جو مر گئے ہیں

تَابِعْ بَیْنَنَا وَبَیْنَهُمْ بِالْخَیْرَاتِ اِنَّکَ مُجِیْبُ الدَّعَوَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

تو ہمیں اور انہیں نیکیوں میں باہم ملا دے بیشک تو دعائیں قبول کرنے والا ہے یقیناً تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے

نمازِ امام زمانہ علیہ السلام

☆ روایات کے مطابق یہ نماز "استغاثہ حضرت امام زمانہ علیہ السلام" کے نام سے معروف ہے
☆ اللہ تعالیٰ کے حضور بوسیلہ وارث قرآن حضرت امام مہدی آخر الزمان علیہ السلام نہایت ہی سریع الاثر نماز ہے جو حاجات کی برآوری کے لئے ایک بے مثال تحفہ ہے۔
☆ یہ نماز دو رکعت ہے پہلی رکعت میں سورۃ الحمد تلاوت کرتے وقت جب آیت **اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ** پر پہنچیں تو اسے سو مرتبہ دہرا کر سورہ کو تمام کرے اس کے بعد سورۃ توحید ایک مرتبہ پڑھے اور رکوع و سجود بجا لا کر دوسری رکعت کیلئے کھڑا ہو۔
☆ دوسری رکعت بھی اسی طریقے سے بجا لائے اور نماز ختم کرنے کے بعد کھڑے ہو کر دعائے فرج رجوع قلب سے پڑھے تو انشاءاللہ جملہ امور عظیمہ میں کامیابی حاصل ہو گی۔
☆ یہ نماز عجیب و غریب اسرار کی حامل ہے شب جمعہ آخر شب یہ نماز پڑھنی چاہیے۔

استغاثہ بحضور حجتؑ: ہر مشکل گھڑی کے عالم میں باوضو زیر آسمان قبلہ رخ ہو کر ستر مرتبہ یہ توسل پڑھے تو حضرت حجتؑ ہر مشکل میں مشکل کشائی اور رہبری فرمائیں گے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ یَا فَارِسَ الْحِجَازِ اَدْرِکْنِیْ یَا اَبَا صَالِحِ الْمَهْدِیْ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے حجاز کے شہسوار میری مدد کرو اے ابا صالح المہدی

اَدْرِکْنِیْ یَا اَبَا الْقَاسِمِ اَدْرِکْنِیْ وَلَا تَدَعْنِیْ اِنِّیْ عَاجِزٌ ذَلِیْلٌ

میری مدد کرو اے ابوالقاسم میری مدد کرو اور مجھے نہ چھوڑو بیشک میں عاجز ذلیل ہوں

عریضہ بحضور امامؑ: مکارم الاخلاق میں روایت ہے کہ تمام پریشانیوں کے ازالہ کیلئے درج ذیل عریضہ لکھ کر جاری پانی میں ڈال دے تو امام زمانہؑ اس کی فریاد رسی کریں گے (یہ عریضہ اگلے صفحے پر دیکھیں)

مِنَ الْعَبْدِ الضَّعِیْفِ اِلَی الْمَوْلَی الْجَلِیْلِ رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ

ناتواں غلام کی طرف سے بالعظمت مولا کی طرف اے میرے رب یہ مصیبت میرے پیچھے لگ گئی ہے اور تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے

فَاکْشِفْ عَنِّیْ ضُرَّ مَا اَنَا فِیْهِ وَاکْشِفْ عَنِّیْ هَمِّیْ وَفَرِّجْ غَمِّیْ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

تو مجھے اس غم سے نجات فرما جس میں مبتلا ہوں اور میری مصیبت سے مجھے نجات دے اور غم سے کشائش عطا فرما محمدؐ و آل محمدؑ کے واسطے سے

فضیلت و آیات چہل قاف

☆ قرآن مجید کی مختلف چار سورتوں کی یہ چار آیتیں لطیف ترین اسرار کی حامل ہیں یہ چار آیات عظیم ترین آیتیں ہیں ہر ایک آیت میں دس دس قاف ہیں پس تمام آیات میں چالیس قاف (چہل قاف) میں ہیں ☆ اگر کوئی ان آیات کو اپنے پاس رکھے گا تو افسروں اور حاکموں کے سامنے سرخرو ہوگا ☆ مقدمہ میں کامیابی ہوگی اور اسے ہر قسم کے کاموں میں غیبی امداد حاصل رہے گی۔

اوّل بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَلَمْ تَرَ اِلَی الْمَلَاِ مِنْۢ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے (اے رسولؐ) کیا تم نے موسیٰؑ کے بعد بنی اسرائیل کے سرداروں (کی حالت) پر

مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰی ۘ اِذْ قَالُوْا لِنَبِیٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِکًا نُّقَاتِلْ فِیْ سَبِیْلِ

نظر نہیں کی جب انہوں نے اپنے نبی (شمویل) سے کہا کہ ہمارے واسطے ایک بادشاہ مقرر کیجئے تا کہ ہم اللہ کی

اللّٰهِ ؕ قَالَ هَلْ عَسَیْتُمْ اِنْ کُتِبَ عَلَیْکُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا ؕ قَالُوْا وَمَا

راہ میں جہاد کریں (اس پیغمبر نے) فرمایا کہیں ایسا نہ ہو کہ جب تم پر جہاد واجب کیا جائے تو تم نہ لڑو کہنے لگے تو پھر ہمیں کون

لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِیَارِنَا وَاَبْنَآئِنَا ؕ فَلَمَّا

سا عذر باقی ہے کہ ہم اللہ کی راہ میں جہاد نہ کریں جب ہم اپنے گھروں اور اپنے بال بچوں سے نکالے جا چکے پھر جب ان

کُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا اِلَّا قَلِیْلًا مِّنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِالظّٰلِمِیْنَ ۝

پر جہاد واجب کیا گیا تو ان میں سے چند آدمیوں کے سوا سب نے لڑنے سے منہ پھیر لیا اور اللہ تو ظالموں کو خوب جانتا ہے (البقرہ ۲۴۶)

دوم لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِیْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِیْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِیَآءُ ۘ

جو لوگ (یہودی) یہ کہتے ہیں کہ اللہ تو کنگال ہے اور ہم بڑے مالدار ہیں اللہ نے ان کی یہ بات سن لی ان لوگوں نے جو کچھ کہا

سَنَکْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِیَآءَ بِغَیْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِیْقِ ۝

اس کو اور ان کا پیغمبروں کو ناحق قتل کرنا ہم ابھی سے لکھ لیتے ہیں اور ہم کہیں گے کہ جلانے والے عذاب کا مزہ چکھو (آل عمران ۱۸۱)

سوم اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ قِیْلَ لَهُمْ کُفُّوْٓا اَیْدِیَکُمْ وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ

کیا تم نے ان لوگوں (کے حال) پر نظر نہیں کی ان کو حکم دیا گیا تھا کہ اپنے ہاتھ روکے رہو اور پابندی سے نماز پڑھو

وَاٰتُوا الزَّکٰوةَ ۚ فَلَمَّا کُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ یَخْشَوْنَ

اور زکوٰۃ دیے جاؤ مگر جب ان پر جہاد واجب کیا گیا تو ان میں سے کچھ لوگ (ایسے نکلے) جو لوگوں سے

النَّاسَ کَخَشْیَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْیَةً ۚ وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ کَتَبْتَ عَلَیْنَا

اس طرح ڈرنے لگے جیسے کوئی اللہ سے ڈرے بلکہ اس سے کہیں زیادہ اور (گھبرا کر) کہنے لگے الٰہی تو نے ہم پر جہاد کیوں

الْقِتَالَ ۚ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓی اَجَلٍ قَرِیْبٍ ؕ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْیَا قَلِیْلٌ ۚ

واجب کر دیا ہم کو تھوڑے دنوں کی مہلت کیوں نہ دی ان سے کہہ دو کہ دنیا کی آسائش بہت کم ہے

وَالْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰی ۟ وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِیْلًا ۝ (النساء ۷۷)

اور آخرت پرہیزگار کیلئے بہتر ہے اور ریشہ برابر تم لوگوں پر ظلم نہیں کیا جائے گا

چہارم وَاتْلُ عَلَیْهِمْ نَبَاَ ابْنَیْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا

اے رسولؐ تم ان لوگوں سے آدمؑ کے دو بیٹوں (ہابیل، قابیل) کا سچا حال بیان کر دو کہ جب ان دونوں نے قربانی چڑھائی تو ان میں سے ایک (ہابیل) کی (نذر)

وَلَمْ یُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ؕ قَالَ لَاَقْتُلَنَّکَ ؕ قَالَ اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِیْنَ ۝

قبول ہوئی اور دوسرے (قابیل) کی نذر قبول نہ ہوئی تو (قابیل) کہنے لگا میں تو تجھے ضرور مار ڈالوں گا اس نے جواب دیا کہ اللہ تو صرف پرہیزگاروں کی نذر قبول کرتا ہے (المائدہ ۲۷)

اِنَّآ اَعۡطَيۡنٰكَ الۡكَوۡثَرَ
فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانۡحَرۡ
اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الۡاَبۡتَرُ

انتخاب تحریر: عامل سید منصور علی زنجانی

سورۃ الکوثر میں عددی معجزے نے ہی مجھے حیران کر رکھا ہے

سورۃ الکوثر قرآن کی سب سے چھوٹی سورت ہے اور اس سورۃ کے جملہ الفاظ **10** ہیں۔ قرآن بذات خود ایک معجزہ ہے۔ سورۃ الکوثر کی پہلی آیت میں **10** حروف ہیں۔ سورۃ الکوثر کی دوسری آیت میں **10** حروف ہیں۔ (تکرار ہونے والے حروف کو ایک بار گنا جائے)۔ سورۃ الکوثر کی تیسری آیت میں **10** حروف ہیں۔ اس پوری سورت میں جو سب سے زیادہ تکرار سے حرف آیا ہے وہ حرف "ا" الف ہے جو **10** دفعہ آیا ہے۔ وہ حروف جو اس سورت میں صرف ایک ایک دفعہ آئے ہیں انکی تعداد **10** ہیں۔ اس سورت کی تمام آیات کا اختتام حرف "ر" راء پر ہوا ہے جو کہ حروف تہجی میں **10** واں حرف شمار ہوتا ہے۔ قرآن مجید کی وہ سورتیں جو حرف "ر" راء پر اختتام پذیر ہو رہی ہیں، انکی تعداد **10** ہے جن میں سورۃ الکوثر سب سے آخری دسویں سورت ہے۔ سورت آل کوثر میں جو **10** کا عدد ہے "والنحر" یعنی قربانی (کا دن) اسکی حقیقت یہ ہے کہ ذوالحجہ کے مہینے کا **10** واں دن ہے جیسے کہ اللہ تعالی نے فرمایا "فصل لربک وانحر" "پس نماز پڑھو اور قربانی کرو" وہ دراصل قربانی کا دن ہے اللہ کی شان کہ یہ سب کچھ قرآن کریم کی سب سے چھوٹی سورت، جو تین سطروں پر محیط ہے، اللہ تعالی نے اسی لیئے فرمایا "ہم نے اپنے بندے پر جو کچھ نازل کیا ہے اگر تمہیں اس میں شک ہو تو اس جیسی ایک سورت ہی لے آؤ" اللہ تعالی مجھے اور آپ کو حوضِ کوثر سے ایسا مبارک پانی پلائے جسکے بعد ہمیں کبھی پیاس نہ لگے۔ آمین ناقابل یقین انفارمیشن قرآن حکیم کا دعویٰ ہے کہ اس میں کوئی باطل بات داخل نہیں ہو سکتی اس لئے کہ قرآن حکیم کا ایک ایک حرف اتنی زبردست کیلکولیشن اور اتنے حساب و کتاب کے ساتھ اپنی جگہ پرفٹ ہے کہ اسے تھوڑا سا اِدھر اُدھر کرنے سے وہ ساری کیلکولیشن درہم برہم ہو جاتی ہے جس کے ساتھ قرآنِ پاک کی اعجازی شان نمایاں ہے کہ یہ کسی انسان کے لیے تصنیف کرنا ممکن ہی نہیں۔ اتنی بڑی کتاب میں اتنی باریک کیلکولیشن کا کوئی انسانی رائٹر تصور بھی نہیں کرسکتا۔ قرآن مجید کا ہر لفظ جتنی مرتبہ استعمال ہوا ہے وہ تعداد اور اس کا پورا بیک گراؤنڈ اپنی جگہ خود علم و عرفان کا ایک وسیع جہان ہے۔ دُنیا کا لفظ اگر **115** مرتبہ استعمال ہوا ہے تو اس کے مقابل آخرت کا لفظ بھی **115** مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (دُنیا وآخرت: **115**) (شیاطین وملائکہ: **88**) (موت وحیات: **145**) (نفع وفساد: **50**) (اجر و فصل **108**) (کفر وایمان: **25**) (شہر: **12**) کیونکہ شہر کا مطلب مہینہ اور سال میں **12** مہینے ہی ہوتے ہیں اور یوم کا لفظ **360** مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ اتنی بڑی کتاب میں اس عددی مناسبت کا خیال رکھنا کسی بھی انسانی مصنف کے بس کی بات نہیں، مگر بات یہیں ختم نہیں ہوتی۔ جدید ترین ریسرچ کے مطابق قرآن حکیم کے حفاظتی نظام میں **19** کے عدد کا بڑا عمل دخل ہے، اس حیران کن دریافت کا سہرا ایک مصری ڈاکٹر راشد خلیفہ کے سر ہے جو امریکہ کی ایک یونیورسٹی میں کیمسٹری کے پروفیسر تھے۔ **1968**ء میں انہوں نے مکمل قرآنِ پاک کمپیوٹر پر چڑھانے کے بعد قرآن پاک کی آیات ان کے الفاظ و حروف میں کوئی تعلق تلاش کرنا شروع کردیا رفتہ رفتہ اور لوگ بھی اس ریسرچ میں شامل ہوتے گئے حتیٰ کہ **1972**ء میں یہ ایک باقاعدہ اسکول بن

گیا۔ ریسرچ کا کام جونہی آگے بڑھا اُن لوگوں پر قدم قدم پر حیرتوں کے پہاڑ ٹوٹ پڑے، قرآن حکیم کے الفاظ و حروف میں انہیں ایک ایسی حسابی ترتیب نظر آئی جس کے مکمل ادراک کیلئے اُس وقت تک کے بنے ہوئے کمپیوٹر نا کافی تھے۔ کلام اللہ میں 19 کا ہندسہ صرف سورہ مدثر میں آیا ہے جہاں اللہ نے فرمایا: دوزخ پر ہم نے اُنیس محافظ فرشتوں کو مقرر کر رکھا ہے اس میں کیا حکمت ہے یہ تو رب ہی جانے لیکن اتنا اندازہ ضرور ہوجاتا ہے کہ 19 کے عدد کا تعلق اللہ کے کسی حفاظتی انتظام سے ہے پھر ہر سورۃ کے آغاز میں قرآن مجید کی پہلی آیت بسم اللہ کو رکھا گیا ہے گویا کہ اس کا تعلق بھی قرآن کی حفاظت سے ہے کیونکہ ہم دیکھتے ہیں بسم اللہ کے کُل حروف بھی 19 ہی ہیں، پھر یہ دیکھ کر مزید حیرت میں اضافہ ہوتا ہے کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم میں ترتیب کے ساتھ چار الفاظ استعمال ہوئے ہیں اور ان کے بارے میں ریسرچ کی تو ثابت ہوا کہ اِسم پورے قرآن میں 19 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ لفظ الرحمٰن 57 مرتبہ استعمال ہوا ہے جو 19×3 کا حاصل ہے اور لفظ الرّحیم 114 مرتبہ استعمال ہوا ہے جو 19×6 کا حاصل ہے قرآن مجید کی سورتوں کی تعداد بھی 114 ہے جو 19×6 کا حاصل ہے۔ سورہ توبہ کے آغاز میں بسم اللہ نازل نہیں ہوئی لیکن سورہ نمل آیت نمبر 30 میں مکمل بسم اللہ نازل کر کے 19 کے فارمولا کی تصدیق کر دی اگر ایسا نہ ہوتا تو حسابی قاعدہ فیل ہوجاتا۔ اب آیئے حضور علیہ السّلام پر اُترنے والی پہلی وحی کی طرف: یہ سورہ علق کی پہلی 5 آیات ہیں: اور یہیں سے 19 کے اِس حسابی فارمولے کا آغاز ہوتا ہے ان 5 آیات کے کل الفاظ 19 ہیں اور ان 19 الفاظ کے کل حروف 76 ہیں جو ٹھیک 19×4 کا حاصل ہیں لیکن بات یہیں ختم نہیں ہوتی جب سورۃ العلق کے کل حروف کی گنتی کی گئی تو عقل ورطۂ حیرت میں ڈوب گئی کہ اسکے کُل حروف 304 ہیں جو 19×4×4 کا حاصل ہیں۔ عقل یہ دیکھ کر حیرت کی اتھاہ گہرائیوں میں مزید ڈوب جاتی ہے کہ قرآن پاک کی موجودہ ترتیب کے مُطابق سورہ العلق سے پہلے قرآن پاک کی 95 سورۃ ہیں اب اگر قرآن کی آخری سورۃ الناس کی طرف سے گنتی کریں تو اخیر کی طرف سے سورہ علق کا نمبر 19 بنتا ہے اور اگر قرآن کی ابتداء سے دیکھیں تو اس سورۃ سے پہلے 95 سورتیں ہیں جو ٹھیک 19×5 کا حاصلِ ضرب ہیں جس سے یہ بھی ثابت ہوجاتا ہے کہ سورتوں کے آگے پیچھے کی ترتیب بھی انسانی نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے حسابی نظام کا ہی ایک حِصّہ ہے۔ قرآن پاک کی سب سے آخر میں نازل ہونے والی سورۃ سورۂ نصر ہے یہ سن کر آپ پر پھر ایک مرتبہ خوشگوار حیرت طاری ہوگی کہ اللہ پاک نے یہاں بھی 19 کا نظام برقرار رکھا ہے، پہلی وحی کی طرح آخری وحی سورہ نصر ٹھیک 19 الفاظ پر مشتمل ہے یوں کلام اللہ کی پہلی اور آخری سورت ایک ہی حسابی قاعدہ سے نازل ہوئیں۔ سورۂ فاتحہ کے بعد قرآن حکیم کی پہلی سورۃ سورۂ بقرہ کی کُل آیات 286 ہیں اور 2 ہٹا دیں تو مکّی سورتوں کی تعداد سامنے آتی ہے 6 ہٹا دیں تو مدنی سورتوں کی تعداد سامنے آتی ہے۔ 86 کو 28 کے ساتھ جمع کریں تو کُل سورتوں کی تعداد 114 سامنے آتی ہے۔ آج جب کہ عقل و خرد کو سائنسی ترقی پر بڑا ناز ہے یہی قرآن پھر اپنا چیلنج دہراتا ہے۔ حسابدان، سائنسدان، ہر خاص و عام مومن کافر سبھی سوچنے پر مجبور ہیں کہ آج بھی کسی کتاب میں ایسا حسابی نظام ڈالنا انسانی بساط سے باہر ہے طاقتور کمپوٹرز کی مدد سے بھی اس جیسے حسابی نظام کے مطابق ہر طرح کی غلطیوں سے پاک کسی کتاب کی تشکیل ناممکن ہوگی۔ لیکن چودہ سو سال پہلے تو اس کا تصور ہی محال ہے لہٰذا کوئی بھی صحیح العقل آدمی اس بات کا انکار نہیں کرسکتا کہ قرآن کریم کا حسابی نظام اللہ کا ایسا شاہکار معجزہ ہے جس کا جواب قیامت تک کبھی بھی نہیں ہوسکتا۔ اللہ تعالیٰ جل شانہ ہم سب کو قرآن پاک پڑھنے سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہمارے دلوں میں ایمان کو سلامت رکھے اور اللہ کے ان احکام پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین

اتنی قیمتی انفارمیشن اگر آپ کا دل چاہے تو دوسروں کو بتائیں۔

زنجانی جنتری 2026ء ہذا میں صفحہ نمبر 77 پر قرآن پاک کی 114 سورتوں کے نقش دربار مصطفائی کا روحانی فیض سے فیض یابی کا طریقہ درج ہے۔ سورۃ الکوثر کا نقش بنا کر کسی بھی جائز مقصد کے لئے با پرہیز پاس رکھنا نیک ہے۔ دیگر فیض یابی کے لئے روزانہ نماز فجر کے بعد 135 مرتبہ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر پڑھنا بہت نیک ہے۔



سید منصور علی زنجانی

موسمیاتی تبدیلیاں طوفانی بارشوں کا سلسلہ کب تک؟

علم نجوم کی روشنی میں

سیلابی خطرات

یکم جون 2024ء تا 06 جولائی 2031ء تک

پاکستانی بہن بھائیوں کو یہ جاننے میں دلچسپی ہوگی کہ کیا آئندہ آنے والے سالوں میں طوفانی بارشوں اور سیلاب سے کتنے متاثر ہونگے یا نہیں حفاظتی اقدامات کے حکومتی وعدے پورے ہونگے علم نجوم کی روشنی میں پس منظر جان کر ہم مستقبل کو جاننے کی سعادت حاصل کرتے ہیں؟

29 مارچ 2025ء بارہ منطقۃ البروج کے آخری برج برج حوت (آبی برج) میں سات ستاروں کا اجتماع اور اسی دن سورج گرہن زائچہ پاکستان کے گیارہویں نفع کے گھر میں لگنا نفع کی بجائے سیلاب، طوفان باراں کی 2025ء میں شدت اور بھارتی آبی جارحیت کی پیش گوئی کے خدشات کا اظہار زنجانی جنتری 2025ء میں کیا تھا۔ ہم سب اور حکومت کی توقع سے بھی بڑھ کر بارشیں ہوئیں۔ ساون بھادوں مون سون 2025ء کی بارشوں سے قبل موحولیاتی تبدیلیاں زلزلوں، طوفان، تیز بارشوں، کلاوڈ برسٹ کے سبب کشمیر شمالی علاقہ جات بھارتی و پاکستانی پنجاب، سندھ، بلوچستان کے ہزاروں دیہات زیر آب اور لاکھوں شہریوں کو نقل مکانی کرنی پڑی پانی اترنے کے بعد انکی بحالی آبادکاری کے الگ مراحل ہیں آسمانی کونسل پر ستاروں کی موجودگی اسکی خبر دیتی ہے پاکستان اور بھارت دونوں کا طالع برج ثور ہے۔ جس سے گیارہوں برج حوت آبی برج اور فطرتی طور سے اسے نفع آمدن کا گھر شمار کیا جاتا ہے۔ جس طرح کسی بھی کاروبار میں نفع ونقصان ہوسکتا ہے۔ پاکستان کا طالع ثور ایک درجہ 48 دقیقہ بھارت کا طالع ثور 8 درجہ 2 دقیقہ ہے۔ ان زائچوں کا مشترکہ گیارہواں گھر برج حوت جسکا مالک ستارہ مشتری جبکہ ذیلی حاکم نیپچون ہے۔ بارہ منطقۃ البروج میں مشتری 12 سال اور نیپچون 165 سال میں اپنا ایک سرکل مکمل کرتا ہے۔ جبکہ نیپچون ایک برج میں 14 سال قیام کرتا ہے۔ 10 اپریل 2022ء تا 05 دسمبر 2037ء تک نیپچون برج حوت میں رہیگا۔ حوت آبی برج نیپچون دھوکہ فریب مسائل و پریشانیاں پُراسرار انہونے واقعات لاتا ہے۔

ادھر ستارہ یورانس پاک بھارت زائچہ کے طالع میں یکم جون 2024ء تا 06 جولائی 2031ء تک رہیگا۔ جو غیر متوقع حالات حکومتوں کے انتقامات وغیرہ ایشیائی ممالک خصوصاً پاک بھارت میں موسمیاتی تبدیلیاں ہو رہی ہیں۔ ناسا (NASA) کی ریسرچ کے مطابق ہماری زمین 50 ثانیہ ہر سال اپنے ایکسل نارتھ پول سے سرک جاتی ہے۔ ناسا کے مطابق یونانی اور ویدک حسابات یکم جنوری 0291ء کو یکساں تھے۔ اب ان میں 24 درجہ کا فرق آچکا ہے۔ یوں ہماری زمین 25920 سالوں میں اپنے ایکسل نارتھ پول سے 360 ڈگری گھوم کر دوبارہ نارتھ پول پر آجاتی ہے۔ یہ بھی دور ارضی و سماوی تبدیلیوں سے پُردور ہوتا ہے۔ دُنیا دوبارہ جنم لیتی ہے۔ ادھر سائنسی ماہرین بھی موسمی تغیر سے مسلسل آگاہ کرتے ہوئے بتاتے ہیں کہ 2100ء تک سمندر کا لیول 9 سے 100 سینٹی میٹر تک بڑھنے سے ساحلی شہر ڈوب جائیں گے۔ مختلف ممالک میں طوفانی بارشوں سیلابی ریلوں اور سمندری طوفانوں کا سامنا رہیگا۔ پاک بھارت بھی متاثر ہوئے بغیر نہ رہیں گے۔ نیپچون اور یورانس کا مشترکہ برج حوت اور ثور میں قیام جولائی 2031ء تک آئندہ سالوں میں بھی طوفانی بارشوں سیلاب سے تباہ کاریاں دکھائی دیتی ہیں۔ پاک بھارت کے حکمرانوں کو فکر ورنہ پاکستانی حکام کو آسمانی کونسل پر ستارے کچھ اچھی خبر نہیں دے رہے۔ ہماری دُعا ہے کہ قدرت ہم سب پر مہربانی فرمائے۔



سائنسی خطرات یا پُراسراریت

علوم فلکیات کے بین الاقوامی ادارہ ناسا (NASA) کی تحقیق کے مطابق ہماری زمین نارتھ پول اپنے ایکسل سے تقریباً 24 درجے سرک چکی ہے جبکہ زمین و آسمان کے کل 360 درجات ہیں 2024ء/2025ء پوری دُنیا میں انقلابی سال ثابت ہوئے۔ منجمین کے نزدیک 26 دسمبر 2019ء سات ستاروں کے اجتماع آتش برج قوس میں ہوا اوران میں لگنے والا سورج گرہن نے اسی دن سے پوری دُنیا میں انقلاب برپا کردیا Covid-19 پوری دُنیا میں پھیل گیا۔ اور اب پھر دوبارہ 29 مارچ 2025ء سات ستارے آبی برج حوت میں نہ صرف اکٹھے ہوئے بلکہ اسی دن سورج گرہن بھی لگا۔ یہ بارہ منطقۃ البروج کا آخری برج تکمیل کائنات کا مظہر ہے۔ (NASA) کے مطابق ہماری زمین 50 ثانیہ ہر سال اپنے ایکسل نارتھ پول سے سرک جاتی ہے زمین کے کل درجات 360 (درجات) x60 دقیقہ =60x21600 (ثانیے) =1296000 (کل ثانیے) /50 (ثانیہ) =25,920 سال جیسے قدیم نجوم میں **ایک یگ** کہا جاتا ہے نارتھ پول اپنے ایکسل سے 360 درجے گھوم کر دوبارہ نارتھ پول پر واپس آجاتا ہے۔ یہ سرکل 25920 سال میں (NASA) کے مطابق مکمل ہوجاتا ہے۔ (**آپ نے یگ یگ دا پیار نغمہ سُنا ہوگا**) اب دُنیا تیزی سے اس طرف بڑھ رہی ہے۔ ان سائنسی معلومات کا علم ہم سب کو ہونا چاہئے۔ ناسا کے ایک ماہر ماحولیات نے حال ہی میں ایک ایسی لرزہ خیز رپورٹ جاری کی ہے جس نے دنیا بھر کے سائنسی حلقوں کو خاموش کردیا ہے۔ اس رپورٹ میں ایسا ہولناک انکشاف کیا گیا ہے جو انسانیت کے مستقبل پر ایک سیاہ سایہ ڈال رہا ہے۔ کہا جارہا ہے کہ زمین کی گہرائیوں میں، تقریباً 200 کلومیٹر نیچے، ایک پراسرار اور ناقابلِ وضاحت تبدیلی وقوع پذیر ہورہی ہے۔ دس سال پہلے زمین کے نیچے موجود لاوے کا اوسط حجم صرف 130 کلومیٹر تک محدود تھا۔ لیکن آج محض ایک دہائی بعد، یہ لاوا خطرناک حد تک اوپر کی جانب سرک چکا ہے اور اب یہ 160 کلومیٹر کی سطح تک آپہنچا ہے۔ یہ محض ایک عدد نہیں، بلکہ ایک ایسا الارم ہے جو زمین کے اندرونی نظام میں کسی بڑی تبدیلی کی خبر دے رہا ہے۔ اس کی وجہ سے زمین کی پرتیں (plate tectonics) غیر متوقع حد تک حرکت کر رہی ہیں، جس کے اثرات زلزلوں اور سمندری طوفانوں کی صورت میں ہمارے سامنے آرہے ہیں اور یہ صرف آغاز ہے۔ مگر اصل خوفناک بات ابھی باقی ہے۔ رپورٹ کے مطابق، زمین کے مرکز میں موجود لاوا اب اپنی گردش کی سمت (rotation direction) بدل رہا ہے۔ یہ وہ تبدیلی ہے جس نے سائنس دانوں کو بھی خاموش کردیا ہے، کیونکہ اس کے اثرات زمین کے نارتھ اور ساؤتھ پولز کو آہستہ آہستہ اُلٹ رہے ہیں۔

قطبین کی یہ تبدیلی معمولی بات نہیں، یہ وہ علامت ہے جو زمین کے مقناطیسی نظام کے مکمل طور پر اُلٹنے کی طرف اشارہ کررہی ہے۔ اور اگر یہ سب کچھ اسی رفتار سے جاری رہا۔ تو 2030 تک وہ لمحہ آسکتا ہے جب لاوا زمین کی سطح سے صرف 10 کلومیٹر نیچے رہ جائے گا یعنی 190 کلومیٹر کا فاصلہ طے کرلے گا۔ اُس کے بعد زمین کی درجہ حرارت 65 ڈگری سیلسیس تک بڑھ سکتا ہے۔ سوچیں انسان، جانور، پودے سب کچھ آگ کی لپیٹ میں جاسکتا ہے۔ سائنس خاموش ہے، ماہرین بے بس، اور انسانیت ایک ایسے خطرے کے دہانے پر کھڑی ہے جس کا نہ کوئی حل ہے، نہ کوئی یقین۔ کیا ہم نے زمین کے ساتھ کچھ ایسا کردیا ہے جو اب پلٹ کر ہمارا انجام لکھنے آرہا ہے؟ یہ صرف وقت ہی بتائے گا۔ یا شاید، وقت بہت کم رہ گیا ہے۔

فلسطین کشمیر عالمی امن کے ضامن

قبلہ اوّل فلسطین کا خطہ قدیم زمانے سے مختلف مذاہب اور تہذیبوں کا مرکز رہا ہے سفر معراج کے موقعہ پر سرکار دو عالم ﷺ نے یہاں ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کی امامت کی اور یہاں سے سفر معراج کا آغاز ہوا۔ اسی سبب مسلم اُمہ کے نزدیک اس کی خاص اہمیت ہے۔ یہودیوں کے نزدیک فلسطین خاص طور سے یروشلم مذہبی لحاظ سے اہمیت کا حامل یہاں انکا قدیم معبد "ہیکل سلیمانی" اور دیوار گریہ (مسجد اقصیٰ) موجود ہے۔ تورات اور دیگر مذہبی کتب میں اس کا ذکر ملتا ہے۔ اس خطہ میں تنازعات تب بڑھے جب برطانیہ نے یہاں خنجر نما نقشہ اسرائیل فلسطین کی سرزمین میں گاڑھ دیا۔ یہود و انصار کی سازشوں سے مقامی فلسطینیوں کو یہاں سے بتدریج نکالنے کا سلسلہ آج دن تک جاری ہے۔ اسرائیل کا قیام 15 مئی 1948ء اور پھر مقبول فلسطینی لیڈر **یاسر عرفات نے آزاد فلسطین ریاست** کے قیام کا اعلان 15 نومبر 1988ء یروشلم اسرائیل 01 بجکر 40 منٹ پر کیا۔

زانچہ فلسطین میں ماسوائے مشتری اپنے فطرتی نویں گھر میں ہونے کی سبب سعد ہے۔ روز اوّل سے مذہبی توجہ اور عالمی خارجہ پالیسیوں کا مرکز بنا ہوا ہے۔ اس زانچہ میں شمس ہبوط یافتہ بارہویں نحس گھر کا حاکم ہو کر دوسرے طالع کے حاکم عطارد کے ہمراہ ہو کر غروب جو فلسطینی قوم کی جہد مسلسل مشکلات کی کہانی بیان کرتا ہے۔ قمر گیارہویں پارلیمنٹ تجارت دوستوں کا مالک ہو کر پانچویں وبال یافتہ اور چھٹے نحس گھر دشمنوں کا مالک زحل چوتھے ارض وطن میں ہونے سے دشمنوں کی بدنظری اوّل روز سے ہی فلسطین کی سرزمین کو ہڑپ کرنے کی رہی ہے۔ آٹھویں نحس گھر اموات حادثات مشکلات کا مالک ستارہ مریخ ساتویں رہتے ہوئے طالع فلسطینی قوم کو گھور رہا ہے۔ دشمن ممالک امریکہ اسرائیل بھارت ملکر فلسطینیوں کو جانی مالی نقصان پہنچانے کا کوئی موقعہ جانے نہیں دیتے۔ **یہ زانچہ کربلا کا منظر پیش کرتا ہے۔ مجاہدین غزہ فلسطین کے حماس نے اپنی آزادی کے سلب ہونے کے 50 سال بعد 07 اکتوبر 2023ء کو یہ جانتے ہوئے حملہ کیا کہ غزہ کو کربلا بنا دیا جائے گا۔ آج 30 ستمبر 2025ء جنگ بندی اور امن کا 20 نکاتی فارمولا پیش کیا جا رہا ہے۔ اس میں دو ریاست فلسطین اور اسرائیل کا کوئی ذکر نہیں**۔ جنگ بندی مظلوموں کا خون خرابہ بند کروانے کے لئے پوری دُنیا بلا امتیاز و مذہب ملت چیخ پڑی ہے۔ **145 ممالک فلسطین ریاست کو تسلیم کر چکے ہیں جن میں سرفہرست برطانیہ، فرانس اور آسٹریلیا شامل ہیں**۔ ان میں امریکہ اسرائیل بھی شامل ہو جاتا تو مستقل قیام امن کا کوئی حل نکل آتا۔ فلسطین اپنے زانچہ کے اعتبار سے 20 اپریل 2008ء تا 21 اپریل 2026ء راہو کی مہادشا سے گذر رہا ہے۔ تب تک فلسطینی قوم کے لئے مشکلات رہیں گی۔ مہادشا راہو میں انتردشا مریخ 02 اپریل 2025ء تا 20 اپریل 2026ء تک جاری رہیگی۔ خونی ستارہ مریخ زانچہ میں اموات مگر شہداء کا ستارہ بن گیا ہے۔ بلاشبہ "**اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد**" آسمانی کونسل پر قدرت کاملہ کی مہربانی سے چلت کا سعد اکبر ستارہ مشتری جو **زانچہ فلسطین میں گیارھویں بیت الامید دوست ہمدرد مخلص ممالک کے گھر سے گذرے گا یہاں یہ نہایت سعد ہے بارہ سال کے بعد 18 اکتوبر تا 05 دسمبر 2025ء پھر 02 جون تا 31 اکتوبر 2026ء اور پھر 25 جنوری تا 26 جون 2027ء شرف یافتہ** رہتے ہوئے فلسطینیوں کے زخموں پر مرہم رکھے گا۔ فلسطین کو اس عرصہ میں اپنی قربانیوں کے صلہ کے طور پر عالمی مقام ملے گا۔ غزہ فلسطین میں امن کی کوششیں بھی رنگ لائیں گی۔ راہو کی دشاء کے بعد **21 اپریل 2026ء تا 21 اپریل 2042ء مہادشاء مشتری کی شروع ہو جائیگی**۔ مشتری زانچہ میں چوتھے حب الوطنی ارض وطن اور ساتویں ملکی حالات قوم کے حالات ربط بین الاقوامی فلاحی تنظیموں سے مضبوط تعلق و تعاون اور مکمل تعمیر و ترقی کے منصوبوں سے ہے۔ یہ وہ وقت ہوگا جب پوری دُنیا فلسطین ریاست کو تسلیم کرنے پر مجبور ہوگی۔ فلسطینی شہداء کا خون رنگ لائے گا۔ آزادی کشمیر میں بھی لاکھوں کشمیری ابتک اپنے خون کا نذرانہ پیش کر چکے ہیں۔ **کیا غزہ کے بعد غزوہ ہند شروع ہونے سے کشمیر آزاد ہوگا**؟

امریکہ کا دُشمن کون؟

سید افتخار حسین زنجانی

ہمیں آج سپر پاور امریکہ اور اس کے دشمن کو تلاش کرنا ہوگا۔ جو بظاہر عالمی امن کے دشمن ہیں

دُنیا کو 2025ء میں تیسری عالمگیر جنگ کے دہانے پر لا کھڑا کرنے والے ملک امریکہ کی حقیقت سے پوری دُنیا آشنا ہو چکی ہے۔ عسکریت پسندی دُنیا پر ناجائز تسلط کیلئے عالمی سامراج امریکہ ابتک 400 جنگیں لڑ چکا ہے۔ دوسری جنگ عظیم سے اسکی فوجی مداخلت پوری دُنیا میں پھیل چکی ہے۔ اور اسکی اسلحہ ساز فیکٹریاں دن رات کام کرتی ہیں۔ اس کے لے پالک اسرائیل نے تو کمال ہی کر دیا اپنے عرب پڑوسی ممالک کے علاوہ ایران اور قطر پر حملے تیسری عالمگیر جنگ کی شروعات سے کم نہیں۔ **آج پوری دُنیا v/s امریکہ اسرائیل ہو چکی ہے۔ 145 سے زیادہ ممالک نے فلسطین کی آزاد ریاست کو تسلیم کر لیا ہے**۔ دُنیا کی بیداری ظلم، ظلم اور ظلم کے خلاف اسرائیل امریکہ کے مظالم کے خلاف ہے۔ مستقبل قریب کی سپر پاور چین اور پوری دُنیا ان مظالم کو دیکھ رہی ہے۔ قطر پر حملہ کے بعد 15 ستمبر 2025ء OIC کانفرنس اور 17 ستمبر 2025ء پاک سعودی دفاعی معاہدہ نے امریکہ اسرائیل اور بھارت کی آنکھیں کھول دی ہیں۔ کیا دُنیا عسکریت پسندی سے امن کی طرف جا رہی ہے اسے جاننے کے لئے **ہمیں آج سپرپاور امریکہ اور اس کے دشمن کو تلاش کرنا ہوگا۔ جو بظاہر عالمی امن کے دشمن ہیں** یوں تو امریکہ کسی نامعلوم دشمن کی تلاش میں پوری دُنیا میں گھومتا رہتا ہے۔ 800 یا کم از کم 650 امریکی فوجی اڈے پوری دُنیا میں موجود ہیں۔ جن کے ذریعے امریکہ پوری دُنیا پر اپنے غلبہ کی جنگ جاری رکھے ہوئے ہے۔ آسمانی کونسل پرست الرفتار ستارے یورانس، نیپچون، پلوٹو ستارے فطرتی زائچہ کے حساس درجات پر 2022,2023ء تا 2025ء رہتے ہوئے دُنیا کو تیسری عالمگیر جنگ کے کنارے لا کھڑا کیا ہے۔

2025ء کا اختتام اور اب ہم 2026ء میں داخل ہو رہے ہیں۔ چار اہم بین الاقوامی سیاسی زائچے (1) زائچہ امریکہ (2) زائچہ (ڈونلڈ ٹرمپ) (3) زائچہ اسرائیل (4) (نیتن یاہو) پیش نظر ہیں۔ جن سے بحیثیت منجم عالمی امن اور امریکہ کا دشمن کون نتیجہ نکالنے کی کوشش کرتے ہیں۔ امریکہ کی یوم آزادی 04 جولائی کو منائی جاتی ہے تاہم اس کا قیام 02 فروری 1781ء 17Annapolis(MD)USA بجکر 06 منٹ طالع برج سرطان ویدک چندرا نچھتر کوتکا (KRTTIKA) راکشش نچھتر ڈونلڈ ٹرمپ 14 جون 1946ء جمیکا (نیویارک) Jamaica (NY) USA طالع برج اسد ویدک چندر نچھتر جیشٹھا (Jyestha) راکشش نچھتر اسرائیل 15 مئی 1948ء تل ابیب صفر بجکر ایک منٹ طالع برج جدی ویدک چندر نچھتر پشیا (PUSHYA) دیوا نچھتر نیتن یاہو 21 ستمبر 1949ء (وقت مقام نامعلوم) چندر لگن سنبلہ ویدک نچھتر ہست (Hasta) دیوا نچھتر ان چاروں زائچوں سے مختصر نتیجہ نکلتا ہے کہ یہودی مذہب کے نام پر بنایا گیا۔ اسرائیل زایونسٹ (Zionist) کے ہاتھوں امریکہ کٹھ پتلی بنا ہوا ہے۔ زائچہ ڈونلڈ ٹرمپ طالع برج اسد عسکری ستارہ مریخ طالع کے درجات سے حالت قران میں ہے ٹرمپ اپنے آپ کو دُنیا کا بادشاہ اور جمہوری ڈکٹیٹر اور نوبل انعام کا حقدار سمجھنے لگا ہے۔ اور زائچہ نیتن یاہو چندر لگن طالع برج سنبلہ میں عطارد اپنے ہی گھر کا شرف یافتہ ہمراہ قمر اور کیتو سے حالت قران سے متاثرہ ہونے سے چالاک اور مکار شخصیت بے رحم، چور، دھوکے باز ذہنیت بنا دیتا ہے۔ یہودیوں کا ایک طبقہ اسرائیلی ریاست کے بھی خلاف ہے مختصر فلکیاتی نتائج واضح ہیں امریکہ ریاست خود اپنی دشمن ہے دُنیا میں ہمہ وقت جنگ و جدل کا بازار گرم رکھنے پر آج دُنیا کے 90% ممالک امریکہ سے نفرت کرتے ہیں۔ جلتی پر تیل ڈالنے کے لئے ٹرمپ، یاہو جوڑی امریکہ کو تباہی بربادی کی طرف لے کر جا رہی ہے۔ **فی زمانہ لمحہ موجود میں ٹرمپ، یاھو امریکہ کے دشمن عالمی سپر مین چین روس کے خلاف نیا گیم پلان امریکی تنزلی کا باعث بنے گا۔**



سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی

یزیدیت سے مودیت تک

انجام پانی کی بندش پاک بھارت سندھ طاس معاہدہ

ورلڈ بینک نے **1960**ء میں پاک بھارت کے مابین سندھ طاس معاہدہ کروایا راوی ستلج بیاس کا پانی بھارت کے حوالے کر دیا گیا پاکستان کے یہ دریا خشک ہونے لگے اور سرمایہ کاروں نے دریاؤں کی جگہ پر کالونیاں بنا کر بیچ دیں۔ اور پھر **2024**ء میں اچانک وزیر اعظم ہند نے پاکستان کا پانی بند کرنے کی دھمکی دے دی دونوں ممالک کے مابین جنگی ماحول بن گیا اور پھر **06 تا 10** مئی معرکہ حق ہو ہی گیا۔ جس میں پاکستان کو عالمی عزت شہرت اور خارجہ محاذ پر اپنے حریف ملک کے خلاف کامیابی ملی۔ اب ہم اس کا پس منظر اور انجام بیان کرنے کی روحانیات اور علم نجوم سے کوشش کرتے ہیں۔ ہم اگر علمی و روحانی نقطے آپ کو سمجھا پائے تو ہماری محنت میں مزید نکھار آپکی دُعاؤں کی مرہون منت ہوگی۔ فن علم نجوم کے تحت کوئی واقعہ ایک دن میں نہیں ہوتا پہلے آسمانی کونسل پر اس کے آلام بنتے ہیں۔ زنجانی جنتری **2024/2023/2022**ء اور **2025**ء میں ہم مسلسل پیش گوئی کرتے چلے آرہے تھے کہ پاکستان کی ترقی کا **19** سالہ مہادشا زحل کا دور **20** دسمبر **2024**ء سے شروع ہو کر **20** دسمبر **2043**ء تک رہیگا۔ ایک مرتبہ ایک سائل نے **مولا علیؑ باب العلم سے پوچھا** مولاؑ مجھے کوئی ایسی شے بتائیں جو خدا کے پاس نہ ہو۔ مولاؑ نے برجستہ فرمایا اللہ کے پاس ظلم نہیں۔ وہ عادل ہے۔ وہ کسی پر ظلم نہیں کرتا یہ انسان ہی ہیں جو پوری دُنیا میں جنگ و جدل کا ماحول بنائے ہوئے ہیں۔ **پانی بند کرنا یزیدیت ہے۔ یزید نے سیّد الشہداء امام عالی مقام مولا حسینؑ اور انکے اصحاب و انصار اور اہل خانہ کا پانی بند کردیا تھا۔** **1400** سال کے بعد آج کے یزید، مودی نے عالم اسلام کے قلعہ پاکستان سے کئے گئے معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے پانی بند کرنے کی دھمکی دے دی۔ سورج، چاند کی روشنی ہوا اور پانی کی نعمت خداوند نے سب کے لئے یکساں رکھی ہے اور کسی کو پانی پلانا ہر مذہب میں اعلیٰ ثواب کا درجہ مانا جاتا ہے۔ یوں تو مون سون کی بارشیں ایشیائی خطے کشمیر، بھارت، پاکستان میں معمول کے مطابق ہوتی ہیں۔ اس مرتبہ قدرت نے بادلوں سے اتنا پانی برسایا کہ ڈیم ٹوٹ گئے۔ بھارت پاکستان کے ۹ اہم شہروں، دیہاتوں میں اگست، ستمبر دور دور تک پانی ہی دکھائی دیتا ہے۔ اتنا پانی یکدم کیوں آگیا۔ اس کی دو وجوہات سمجھ میں آتی ہیں۔ ایک تو گلوبل وارمنگ سائنس نقطہ نظر سے موجود ہے۔ قدرت کاملہ نے بارش کے قطرے گننے تک کی فرشتوں کی ڈیوٹی لگا رکھی ہے ہم بھلا قدرت کے فیصلوں کو بدل سکتے ہیں؟

پوری دُنیا کا پانی اور نمک جناب فاطمہ بنت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ملکیت ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ رشتے ناطے آسمانوں پر ہوتے ہیں۔ یہ مقدس رشتہ آسمان پر علیؑ و فاطمہؑ اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بلا کر حکم پروردگار فرشتہ حضرت راحیلؑ کو ہوا کہ دونوں کا نکاح پڑھواؤ فرشتہ نے ادب سے گذارش کی باری تعالیٰ دستور یہ ہے کہ حق مہر لڑکے والے ادا کرتے ہیں۔ دلہن نبیؐ کے گھر کی اور دولہا خدا کے گھر کا ہے میں کس حق مہر کے تحت یہ نکاح پڑھاؤں ارشاد باری تعالیٰ ہوا۔ دُنیا کا تمام پانی اور نمک حق مہر جناب فاطمۃ الزہراؑ قرار پایا اور اس حق مہر کے تحت نکاح آسمانوں پر اور خود رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسجد نبویؐ میں بھی پڑھا۔ جناب فاطمۃ الزہراؑ گیارہ اماموں کی اور اُمت کی بھی ماں ہیں۔ یہ الگ بات ہے کہ امتحان نفس مطمئنہ مولا حسینؑ اور اصحاب حسینؑ کا پانی کربلا میں بند کر دیا گیا۔ پانی آج بھی قبر مولا غازی عباسؑ کا طواف کر رہا اور کربلا کے مہمانوں سے شرمندہ ہے۔ آج کے یزید مودی نے پانی بند کرنے کا جو حکم صادر فرمایا تو کائنات کے مالک نے آسمان سے اتنا پانی برسایا کہ بھارتی قوم بھی آزمائش میں مبتلا ہوئی اور پاکستانی قوم اور حکمرانوں کو بھی **78** سال میں عقل آجانی چاہئے کہ ملک کے اندر پانی کے متعدد قدرتی ذخائر کو محفوظ کیا جائے اور تعصب سے نکل کر کالا باغ ڈیم، بھاشا ڈیم جیسے متعدد چھوٹے بڑے ڈیم بنانے چاہئیں۔ **7000** سال قبل حضرت یوسفؑ نے غلہ کے گودام اور پانی کے ڈیم بنا کر آنے والی نسلوں کو غذا اور پانی خشک سالی کے لئے ذخائر کرنا سکھا دیا تھا۔ پوری دُنیا ہمارے ہمسایہ ممالک چین، ایران، ترکی، افغانستان اور بھارت میں متعدد ڈیم بن چکے ہیں اور کئی ایک زیر تعمیر ہیں۔ **78** سالوں سے حکمرانی کرنے والے یہ سیاسی چہروں کے ماضی کے جھوٹے وعدے امید ہے کہ **2026**ء میں سچ ثابت ہونگے۔ پاکستان اپنے **19** سالہ ترقی کے دور سے گذر رہا ہے۔ انجام کار وطن عزیز میں کئی نہری منصوبے اور ڈیم بن کر رہیں گے۔

سید انتظار حسین شاہ زنجانی

بھارت پاکستان پر دوبارہ کب حملہ کریگا؟

سیاسی نجوم (Mundane Astrology) کے ماہرین ہر دور میں فن علم نجوم میں کاوشیں کرتے رہتے ہیں۔ زنجانی جنتری 2025ء کے صفحہ نمبر 15-39 اور 43 پر پاک بھارت جنگ کا ذکر نہ صرف بلکہ مضبوط دفاع وطن کی فتح و کامرانی کی پیش گوئی بھی کی گئی تھی۔ بہت سارے قارئین زنجانی جنتری و آئینہ قسمت اور ناظرین Zanjani Tv & AQ Tv نے شوق تجسس سے سوال کیا ہے کہ بھارت پاکستان پر دوبارہ حملہ کرے گا۔ اکثریت دونوں ملکوں کی عوام ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں۔ خصوصاً سکھ برادری جن کے مقدس مقامات پاکستان میں ہیں۔ یوں بھی 25 کروڑ مسلمان بھارت میں بستے ہیں **بھارت کے اندر بھی ایک پاکستان چھپا ہوا ہے**۔ بھارت 15 اگست 1947ء دہلی صفر بجکر ایک منٹ پر آزاد ہوا۔ اور سانحہ مشرقی پاکستان کے بعد نیا زائچہ پاکستان 20 دسمبر 1971ء، راولپنڈی 14 بجکر 53 منٹ پر بنا۔ پرانا زائچہ پاکستان 1947ء کی بہ نسبت نیا زائچہ ہماری تحقیق کے مطابق یہ زائچہ سیاسی نجوم میں پیش گوئیاں کرنے کیلئے زیادہ مؤثر ہے۔ دونوں ممالک حسن اتفاق سے پاکستان 20 دسمبر 1971ء، بھارت 15 اگست 1947ء کا طالع برج ثور (پاکستان 01 درجہ 48 دقیقہ) اور (بھارت 08 درجہ 02 دقیقہ) اس اعتبار سے دونوں کے ادوار سیارگان میں فرق آجاتا ہے۔

پاکستان ان دنوں اپنی 19 سالہ نیک اچھی مہادشا زحل 11 دسمبر 2024ء تا 11 دسمبر 2043ء تک سے گذر رہا ہے۔ زائچہ میں ستارہ زحل نویں دسویں کا مشترکہ حاکم نواں گھر عدلیہ، قانون، مذہب، خارجہ پالیسیوں جبکہ دسواں گھر ملکی عزت وقار ملکی بھاری صنعتیں لوہا، فولاد، کمرشل امور مشینی آلات، اسلحہ ساز فیکٹریاں ملکی فتوحات سے ہے۔ بلاشبہ 11 دسمبر 2024ء سے قبل ملک بحرانوں کا شکار چلا آرہا تھا۔ عوام و خواص سبھی شعبہ ہائے زندگی عدم استحکام محسوس کر رہے تھے جیسے ہی 2025ء کا پہلا کوارٹر گذرا 06 مئی سے پاکستان کی تعمیر و ترقی کا نیا دور شروع ہو گیا۔ معرکہ حق کی کامیابی کے بیرون ملک خارجہ محاذ پر پاکستان کو پوری دُنیا خصوصاً امریکہ، ترکی، ایران، قطر، U.N.O میں بھارت کے مقابلے پر متعدد خارجہ کامیابیاں ملیں۔ 15 ستمبر O.I.C کانفرنس کے فوراً بعد 17 ستمبر کو پاک سعودی دفاعی معاہدہ دونوں ملکوں کیلئے **اتحادِ اُمت** عزت و توقیر کا باعث اور اس معاہدے نے عالمی میڈیا پر شہرت پائی دُنیا خصوصاً اسلامی ممالک کے اندر پاکستان کے خلاف جاری سازشیں دم توڑ گئیں۔ قبل ازیں بھارتی انجینئر (نیوی) اسرائیل کی جاسوسی پر قطر سے گرفتار کئے گئے تھے۔ بھارت اپنے ادوار سیارگان میں سے ان دنوں مہادشا مریخ 10 ستمبر 2025ء تا 10 ستمبر 2032ء سے گذر رہا ہے۔ جبکہ بھارت کی مریخ میں انتردشا راہو 06 فروری 2026ء تا 24 فروری 2027ء تک رہیگی۔

مریخ زائچہ میں فعلی اعتبار سے بارہویں نحس گھر جبکہ طالع میں راہو قابض ہے۔ اسی خراب دور نے بھارتیوں کی مت ماردی اور بھارتی حکومت اور افواج کو ذلت کا سامنہ کرنا پڑا پاکستان بھارت میں 1971,1965,1948ء اور حالیہ 2025ء تک چار جنگیں ہو چکی ہیں۔ اسی سبب یہ عوامی سوال عام ہے کہ بھارت پاکستان پر بدلہ کی آگ میں پلٹ وار کرنے کی ناپاک جسارت کر سکتا ہے اور ایسا کب متوقع ہے۔؟ بوقت تحریر بھی حملہ کی افواہیں گردش میں ہیں۔ اساتذہ نجوم جانتے ہیں اور طلبہ جان لیں کہ 120 سالہ ادوار سیارگان میں پاکستان کا اچھا دور اور بھارتی زائچہ کا نحس دور چل رہا ہے۔ علم نجوم کی روشنی میں جاننے کی کوشش کرتے ہیں کہ کیا بھارت پاکستان پر دوبارہ حملہ کی غلطی کر سکتا ہے۔ آسمانی کونسل پر ستاروں کی خراب پوزیشن سے کب متوقع دکھائی دیتا ہے۔؟ دونوں ممالک کا طالع برج ثور سیاسی

کلاسیک نجوم میں ہر زائچہ کے 12,8,6 گھر خراب مانے جاتے ہیں۔ ان دونوں زائچہ میں زہرہ، مشتری اور مریخ فعلی منحوس ستارے ہیں۔ انفرادی زائچہ ہو یا سیاسی زائچہ تیسرا گھر برج سرطان پڑوسی ممالک عالمی ابلاغ عامہ پریس میڈیا یا ہر قسم کے ذرائع مواصلات سے تعلق رکھتا ہے۔ بھارتی زائچہ میں بوقت آزادی پہلے سے ہی چھ ستارے شمس، قمر، عطارد، زہرہ، زحل اور پلوٹو یہاں مقیم ہیں۔ اسی سبب بھارتی سرکاری پڑوسی ممالک چین، نیپال، مالدیپ، بھوٹان، بنگلہ دیش اور پاکستان پر دباؤ بڑھانے کی کوئی کوشش جانے نہیں دیتی۔ مہادشاہ مریخ سے قبل مہادشاہ قمر 10 ستمبر 2015ء تا 10 ستمبر 2025ء جاری تھی اس دس سالہ دور میں بھارت نے اپنے پڑوسی ممالک کو ناراض کیا اور اب سبھی ممالک مشترکہ طور سے بھارت سے ناراض ہو چکے ہیں۔ جنگ و جدل کا ستارہ مریخ جب بھی تیسرے برج سرطان میں آئے گا۔ بھارت سرکار کے جنگی جنون کو ہوا دے سکتا ہے۔ ستارہ مریخ کو برج سرطان میں ہبوط یافتہ ہوتا ہے۔ 2025ء میں ستارہ مریخ 03 اپریل تا 07 جون ہبوط یافتہ تھا جب بھارت نے پاکستان پر حملہ کیا۔ 2026ء میں ستارہ مریخ 18 ستمبر تا 12 نومبر پھر ہبوط یافتہ رہیگا۔ اس عرصہ میں بارہ سال بعد ستارہ مشتری بھی تیسرے گھر برج سرطان میں شرف یافتہ ہوگا۔ جیسا کہ عرض کیا جا چکا ہے کلاسیکل سیاسی نجوم میں ہر زائچہ کے 12,8,6 گھر نحس مانے جاتے ہیں۔ بھارت پاکستان دونوں کے طالع برج ثور اور دونوں پڑوسی ممالک کا تیسرا گھر [illegible] ہے۔ ان دونوں زائچوں کے آٹھویں گھر کا مالک ستارہ مشتری جبکہ بارہویں گھر کا حاکم مریخ ہے یہ دونوں ستارے ان ممالک کے نحس ستارے ہیں۔ 2026ء کی ابتداء میں مریخ مشتری مقابلہ دونوں ممالک میں سیاسی قانونی سورش بڑھے۔ 11,10,9 جنوری نویں گھر مریخ پلوٹو کا قران سیاسی حکومتوں کے لئے خطرات عوامی توجہ ہٹانے کے لئے سرحدوں پر عسکری نقل وحمل میں اضافہ دیکھا جا سکے گا۔ جمہوریت آمریت (مارشل لاء) جیسے اقدامات دونوں نحس کواکب مریخ 10 ستمبر تا 12 نومبر 2026ء برج سرطان ہمراہ ستارہ مشتری بھی 02 جون تا 31 اکتوبر 2026ء تک رہیگا۔

2026ء کے مہینہ جنوری، ستمبر، اکتوبر اور نومبر حساس مہینے دکھائی دیتے ہیں۔ بھارتی عسکری قیادت پاکستان کشمیر بارڈرز پر اشتعال انگیزی حملہ کرنے کی غلطی کر سکتی ہے۔ ستارہ یورانس دونوں زائچوں کے طالع کے حساس درجات پر سارا سال گردش کرتا رہیگا۔ سارا سال غیر متوقع واقعات سیاسی عسکری حالات کا خطرہ رہیگا۔ خصوصاً ایام گرہن 17 فروری، 03 مارچ، 19 اگست اور 28 اگست گرہن لگنے سے پندرہ دن قبل تا بعد اہم سیاسی شخصیات کیلئے خطرات اندرون ملک دہشت گردی کے خطرات نظر انداز نہیں کئے جا سکتے۔ دُعا گو ہوں کہ دونوں پڑوسی ممالک امن سے رہنا سیکھ لیں۔

نجم سید مسرور علی زنجانی

2026ء آسمانی کونسل پر گرہنوں اور اہم نظرات سیارگان کے عالمی اثرات

سیاسی نجوم (Mundanc Astrology) 2100 ویں صدی ویدک اسٹرالوجی میں عموماً صدی کو چار کوارٹرز میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ پچھلی صدی کے آخری کوارٹر 2000ء میں 11/9 حملے نے 2100 صدی میں امریکی عالمی جنگی جنون کو جنم دیا۔ 2001ء تا 2025ء کو ہم سٹیلائٹ ٹیگ یا روحانی دور کا نام دیتے ہیں دُنیا بھر میں امن اور جنگ (WAR AND PEACE) کے حوالہ سے غیر معمولی واقعات دیکھنے میں آئے 2001ء کے بعد امریکہ کی افغانستان میں مداخلت مشرق وسطیٰ کے کئی ممالک میں تبدیلیاں اسرائیل اور عرب ممالک کے درمیان تعلقات کی بحالی اسرائیل امریکہ V/S ایران کے ساتھ فلسطین (غزہ) اسرائیل جنگ نے پوری دُنیا کو متوجہ کیا۔ 2001ء سے جن عالمی ہنگاموں کی ابتداء ہوئی تھی 2025,2024,2023ء نے ان کو انتہا پر پہنچا دیا۔ (غزہ) فلسطین اور کشمیر کے عالمی سلگتے ہوئے مسائل U.N.O کی قراردادوں سے انصاف کے ایک متمنی ہیں دراصل یہی عالمی امن یا جنگوں کا باعث ہیں۔ یوکرائن روس جنگ امریکہ کی شرارت ہے۔ دوسرے کوارٹر کا پہلا سال 2026ء آسمانی کونسل پر بننے والے اہم نظرات کے ممکنہ کیا عالمی اچھے برے ثمرات ہو سکتے ہیں مشتری زحل اور اہم اوٹر پلانٹ یورانس، نیپچون، پلوٹو 2026ء میں فطرتی زائچہ میں برج ثور، سرطان، جدی اور حوت کے ابتداء حساس درجات پر ہونگے۔

جنوری:۔ 11,10,9 مریخ (قوس) مشتری (جوزا) **مقابلہ** مذہبی اخلاقی جوش وخروش اصولوں کا تصادم 29,28,27,26 جنوری مریخ (جدی) پلوٹو (جدی) کے **قران** سپر پاور امریکہ v/s روس چین اور ان کے اتحادی ممالک کے مابین عسکری برتری کے سبب **عالمی امن معاہدے سبوتاژ ہو سکتے ہیں۔**

مارچ۔ 14 مارچ مریخ (دلو) راہو (اسد) **قران** جبکہ مریخ کیتو **مقابلہ** سپر پاور اتحادی ممالک اپنے عسکری جغرافیائی معاشی تحفظ کے لئے ممالک کی گروپ بندی اور تعمیری مقاصد کے لئے ایک دوسرے سے تعاون کریں۔

جولائی:۔ 5,4,3,2 مریخ (ثور) یورانس (ثور) **قران** سپر پاور خصوصاً عرب ایشیائی حکمران کے انقلابی عزم اور فیصلے متحرک قیادت امن تجارت تعمیری سرگرمیوں میں متوجہ ہو کر مشترکہ لائحہ عمل بنانے پر کئی نقاط پر اتفاق کریں۔ 24,23,22,21,20 جولائی مشتری (سرطان) پلوٹو (جدی) **مقابلہ** عالمی معاشی دھماکہ خیز وقت دکھائی دیتا ہے۔ سٹاک شیئرز اُلٹ پلٹ ہو سکتے ہیں۔ دجالی قتنہ نت نئی سازشیں وائرس پھیلا کر عالمی معاشی امن کو برباد کر سکتا ہے۔ مسلم اُمہ آپس میں اتفاق وتعاون کے ساتھ ساتھ عالمی سیاسی فیصلے دانشمندی سے کرنا ہونگے۔ عدم غفلت وتعاون ممالک کو بہت کچھ کھونے کا اشارہ ہے۔

اکتوبر:۔ یکم، 5,4,3,2 مریخ (سرطان) پلوٹو (جدی) **مقابلہ** فطرتی زائچہ میں کے اوتاد چوتھے دسویں سپر پاور کا ایک دوسرے کے خلاف غلبہ اور طاقت کا مظاہرہ عالمی اسٹریٹجک سوچ میں تبدیلیاں لائے گا۔ 2026ء **میں کون ہوگا سپر پاور؟ اس کا فیصلہ ہو جائیگا**

نومبر:۔ 09 تا 19 مشتری (اسد) راہو (دلو) **مقابلہ** جبکہ مشتری کیتو حالت **قران** میں ہونگے۔ عالمی سیاسی تناؤ بڑھے گا۔ اتحادی ممالک آپس میں دفاعی عسکری تجربات سے گزریں گے۔ کچھ ممالک عالمی مذہبی تحفظات اور کچھ شر انگیز ممالک (اسرائیل، بھارت، امریکہ) جنونی پن کا مظاہرہ کرتے ہوئے عالمی امن کو برباد کرنے کی کوشش کریں۔

2026ء سورج و چاند گرہن [illegible] شدید علالت یا موت کا باعث قومی [illegible] غلط فیصلے [illegible] 03 مارچ سورج گرہن نئی ممالک میں حکمران طبقہ کے خلاف سازشیں [illegible] 12 [illegible] چاند گرہن موسمی شدت سیلاب طغیانی سے جانی مالی املاک کے نقصانات مذہبی مقامات کا تقدس پامال ہو 20 اگست چاند گرہن عالمی حالات و واقعات میں بڑی غیر متوقع سیاسی تبدیلیاں ہو سکتی ہیں۔

ZANJANI www.zanjani.pk
زنجانی AQ
زنجانی جنتری 2026ء

حضرت خدیجہ مجھ پر اس وقت ایمان لائیں اور میری مدد کی جب کوئی بھی نہ تھا میں زندگی بھر اس کا ممنون احسان ہوں (رسول اکرمؐ)

پاک سعودی تاریخی دفاعی معاہدہ ستاروں کی روشنی میں

مستقبل میں اسے مسلم نیٹو کا نام دیا جائیگا


ایڈیٹر آئینہ قسمت سید منصور علی زنجانی

بین الاقوامی بھی ممالک اپنی علاقائی جغرافیائی سیاسی صورتحال کے سبب تیزی سے تبدیل ہو رہے ہیں۔ کشمیر اور فلسطین کے مسائل حل کئے جائیں تو یہ عالمی امن کے ضامن بن سکتے ہیں۔ 17 ستمبر 2025ء وزیر اعظم شہباز شریف اور سعودی ولی عہد شہزادہ محمد سلمان جو جدید سعودی کے معمار کہ مابین مشرق وسطیٰ میں اسرائیل کی بڑھتی ہوئی غنڈہ گردی اور قطر پر حملہ کے فوراً بعد یہ تاریخی معاہدہ عمل میں آیا۔ دُنیا اور **U.N.O** کو بتانے کیلئے یہ تحریری معاہدہ ناگزیر تھا یوں بھی پاکستان کے عوام ارض مکہ و مدینہ کی پاسبانی کے لئے ہمہ وقت حاضر ہیں۔ کیا ہی اچھا ہو علامہ اقبالؒ کے فرمان کے مطابق۔

ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کیلئے

اور اب وہ وقت آن پہنچا ہے۔ تمام مسلم ممالک کا اعتماد امریکہ نے قطر حملہ کے بعد کھو دیا ہے۔ قطر اور سعودی عربیہ کو اطمینان تھا کہ امریکہ کے اڈے ہمارے ملک میں ہیں اور امریکہ ہماری حفاظت کا ضامن ہے۔ قطر پر حملہ اسرائیلی غلطی نے عالم اسلام کے اندر بیداری کی لہر پیدا کر دی ہے۔ پاک سعودی عسکری تعاون پہلے سے ہی جاری تھا ہمارے سابق آرمی چیف جنرل راحیل شریف آج تک ریٹائرمنٹ کے بعد سعودی میں ہی عسکری خدمات انجام دے رہے ہیں۔ علم نجوم کی روشنی میں ہم اس معاہدے کے آسمانی کونسل پر بننے والے اثرات کو جاننے کی کوشش کرتے ہیں یہ معاہدہ 17 ستمبر **2025**ء (وقت نامعلوم) الریاض سعودی عربیہ طے پایا تب جنم راسی چندر لگن برج سرطان قمر عروج یافتہ ساتویں گھر پارٹنر شپ سعودی عربیہ کو سعد ناظر

چندر لگن سرطان




ہے۔ یہ معاہدہ نہایت سعد وقت اور خلوص سے کیا گیا۔ یوں بھی 25 کروڑ پاکستانی اس معاہدے کے بغیر بھی ارض حجاز مقدس سعودی عربیہ کی حفاظت پر اپنی جان کے نذرانے پیش کرنے کیلئے تیار رہتے ہیں۔ ارض وطن چوتھے برج میزان میں عسکری ستارہ مریخ وبال یافتہ دشمن ملک اسرائیل اور اس کے اتحادیوں (امریکہ، بھارت) کی بری نظریں ہر دو ممالک کی جانب دکھائی دیتی ہیں۔ چوتھے کا مالک زہرہ دوسرے غضبناک کیتو کے ہمراہ جبکہ شرف یافتہ عطارد تیسرے بارہویں کا مالک ہمراہ شمس غروب ہوتے ہوئے پڑوسی ممالک اسرائیل نواز ممالک سے جاسوسی اور اہم سیکورٹی تنصیبات پر بری نظر خطرات کا اشارہ ہے۔ کیتو **10,6,2** گھروں کو جبکہ راہو **8,4** اور **12** دیں گھروں کو ناظر ہونے سے مالی نقصانات عسکری فورسز کی نقل و حمل اہم شخصیات کی زندگی کو خطرات کی آگاہی اور خفیہ ملک دشمن سازشوں کا اندیشہ برقرار یوں معلوم ہوتا ہے کہ قطر میں بھارتی، ایران میں اسرائیل جاسوس سرگرم رہے ہیں۔ سعودی عربیہ کے اندر بھی اسرائیل بلواسطہ امریکہ جاسوس نیٹ ورک موجود دکھائی دیتا ہے۔ ستارہ مشتری اس زائچہ میں بارہویں سے چوتھے ارض وطن اور آٹھویں ناگہانی اموات کے گھر کو ناظر ہونے سے پاک افواج کی سعودی عسکری تعاون سے یہ نیٹ ورک پکڑ لئے جائیں گے۔ اس زائچہ میں ستارہ مشتری چھٹے تمام ملکی سردمزا ادارے نویں خارجہ امور ملکی و غیر ملکی امور کا مالک ہو کر بارہ سال بعد **18 اکتوبر 2025ء تا 05 دسمبر 2025ء 02 جون 2026ء تا 31 اکتوبر 2026ء اور پھر 05 جنوری 2027ء تا 26 جون 2027ء سہ مرتبہ ستارہ مشتری** کا شرف یافتہ ہو گا۔ تب پاک سعودی عسکری قوت میں اضافہ وقت ثابت کرے گا کہ پاک سعودی عسکری معاہدہ درست اور وقت کی اہم ضرورت تھا۔ جب جب ستارہ مشتری اس زائچہ میں شرف یافتہ ہو گا دیگر عرب اسلامی ممالک اپنے مضبوط دفاع کے لئے اس میں شامل ہوتے رہیں گے **مستقبل میں اسے مسلم نیٹو کا نام دیا** جا سکتا ہے۔

ZANJANI

زنجانی AQ TV

زنجانی جنتری 2026ء

قرآن مجید کو پڑھو اور اس سے سبق حاصل کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ اس پر عذاب نازل نہیں کرتا جو قرآن سے سبق حاصل کرے (علی علیہ السلام)



زائچہ امن معاہدہ 2025ء، تاریخ 13 اکتوبر 2025، شرم الشیخ، وقت 19 گھنٹہ 25 منٹ



پوری دُنیا کی نظریں غزہ (حماس) اسرائیل امن معاہدہ پر لگی ہوئی تھیں آخری دوسالوں میں خون ریزی **70** ہزار سے زیادہ شہادتوں اور اس سے زیادہ زخمیوں کا صدمہ پوری دُنیا کے حساس دل لوگوں نے محسوس کیں۔ **13** اکتوبر **2025**ء کو شرم الشیخ میں ہونے والے امن معاہدے کی تقریب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ، مصری صدر عبدالفتاح السیسی قطری امیر شیخ تمیم بن احمد الثانی ترک صدر رجب طیب اردگان دیگر مشترکہ سربراہان کے ساتھ پاکستان کی نمائندگی وزیراعظم شہباز شریف نے کی۔ فن علم نجوم سے ہم اس امن معاہدے کا مستقبل اور پائیداری قارئین کی دلچسپی کیلئے جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے حصول نوبل امن پرائز کی خواہش بقول انہوں نے دُنیا میں سات جنگیں رکوائیں حماس اسرائیل امن معاہدہ **2025**ء انہیں یقین تھا کہ انہیں عالمی امن نوبل انعام کا حق دار مان لیا جائیگا۔ قدرت نیتیں جانتی ہے۔ **U.N.O** میں تقریباً **160** ممالک فلسطین کی ریاست کو تسلیم کرنے کے حق میں ووٹ دے چکے ہیں۔ لیکن یہ بات ڈونلڈ ٹرمپ اور نیتن یاہو کی سمجھ میں نہیں آئی۔

تاہم پہلے کسی زائچہ وحساب کے بغیر سادہ سی بات عرض ہے جب تک دو ریاست فلسطین/اسرائیل کی بات اور اس کے قیام کا **U.N.O** میں اعلان نہیں ہوتا۔ مشرق وسطیٰ میں امن قائم نہیں ہوسکتا ادھر ایشیائی ممالک میں فلسطین کے ساتھ کشمیر کا تصفیہ طلب مسئلہ بھی اہمت کا حامل **U.N.O** کی قراردادوں کے تحت **78** سالوں سے پینڈنگ چلا آرہا ہے۔ دُنیا جان گئی ہے کہ **U.N.O** امریکہ کا کٹھ پتلی ادارے کے سوا کچھ نہیں۔ **160** ممالک فلسطین کو تسلیم کررہے ہیں ادھر **PEACE 2025** معاہدہ میں فلسطینی ریاست کا ذکر تک نہیں ہے۔ **13** اکتوبر **2025**ء کو ہونے والے امن معاہدہ کو ہم آسمانی کونسل پر ستاروں کی روشنی میں دیکھتے ہیں علم نجوم میں سبع کواکب میں ستارہ زہرہ (**VENUS**) کو امن پیار محبت کا عالمی ستارہ مانا جاتا ہے۔ اور یہ بات طلبہ نجوم نہ صرف بلکہ عام لوگ بھی جانتے ہیں۔ **مخدومہ کائنات جناب سیّدہ بی بی فاطمہ علیہا السلام کی شادی مولا علی علیہ السلام سے ہونے کی تائید کیلئے یہ ستارہ زہرہ بحکم خدا مدینہ منورہ میں مولا علی علیہ السلام کے گھر اُترا تھا**۔ امن ومحبت کا پیامبر ستارہ زہرہ بوقت معاہدہ امن چھٹے نحس گھر میں ہبوط یافتہ نہایت کمزور طالع برج حمل **20** درجہ طلوع اسکا حاکم ستارہ مریخ ساتویں (مد مقابل "حماس" فلسطین) وبال یافتہ تھا مریخ سے زہرہ بارہویں خفیہ امور یعنی زائچہ کے چھٹے نحس گھر دونوں ستارے آپس میں ساقط النظر عسکری شعور اور حماس کے مظلوموں کی مظلومیت کا فائدہ اُٹھاتے ہوئے معاہدہ امن تو کروادیا گیا۔ یوں بھی منقلب برج (حمل، سرطان، میزان، جدی) میں کئے گئے معاہدے چند ماہ یا سال بھر سے زیادہ نہیں چلتے **جب تک فلسطین کی آزاد ریاست کا اعلان اور اسے U.N.O عالمی تحفظ فراہم نہیں کریے گی قیام امن ادھورا ہی رہیگا**۔ زائچہ امن طالع کا حاکم مریخ دسویں **16** جنوری تا **23** فروری شرف یافتہ رہتے ہوئے **29,28,27,26** جنوری پہلے سے دسویں مقیم پلوٹو سے قران امن معاہدے کو طاقت کے بل بوتے پر سبوتاژ کیا جاسکتا ہے۔ **زائچہ میں کچھ اچھی باتیں** ارض وطن فلسطین ستارہ قمر منزل ذراع مچھتر پنرو سو ساتویں منزل پر تھا یہ مچھتر عشارہ، مشتری کا امتزاج عظیم فہم وفراست اور روحانیات بھی عطا کرتی ہے۔ اس مچھتر کو **27** منازل قمری میں سب سے مبارک مچھتر جانا جاتا ہے۔ ستارہ مشتری جو مذہب اور بین الاقوامی قوانین سے منسوب ستارہ مشتری برج جوزا میں ہوکر زائچہ میں ورگتما یوگ بنا رہا ہے۔ ستارہ مشتری **18** اکتوبر تا **05** دسمبر **2025**ء، **02** جون تا **31** دسمبر **2026**ء اور **25** جنوری تا **26** جون **2027**ء سہ مرتبہ بارہ سال کے بعد شرف یافتہ رہیگا۔ **U.N.O** (دُنیا) **O.I.C** (مسلم اُمہ) مشترکہ سنجیدہ سیاسی کوشش کرے اس عرصہ میں آزاد فلسطین کے قیام کے اعلان سے مشرق وسطیٰ میں امن کی لو پھوٹ سکتی ہے۔ مچھتر پنرو سو کو تجدید کا ستارہ روشنی کی کرن کہا جاتا ہے۔ اس سے قبل کہ وقت نکل جائے دجالی فتنے سر اُبھار امن معاہدہ کی ناکامی کو دیکھتے ہوئے ہم اس کی کامیابی کے لئے دُعا گو ہیں۔

نوٹ: آخری اطلاعات کیمطابق معاہدے کی خلاف ورزیاں شروع ہوچکی ہیں۔


زنجانی جنتری 2026ء

ہر چیز کی ایک بہار ہوتی ہے اور قرآن پاک کی بہار ماہ رمضان ہے (امام محمد باقرؑ)

اسرائیل کا انجام

علم نجوم کی روشنی میں

سید افتخار حسین شاہ زنجانی



عالمی عدالت انصاف نے اسرائیلی ریاست کا قیام غیر قانونی قرار دے دیا

یوں تو ہر شے فنا ہونے کیلئے بنی ہے مگر اسرائیلی صیہونی زیونسٹ جو اپنے آپ کو عقل کل اور عیسائی قوم سے بھی زیادہ اپنے آپ کو اعلیٰ خیال کرتے ہیں۔ حالیہ امریکہ وزٹ کے دوران ان قوموں کی ایک ضرب المثل سن کر حیرت ہوئی **ضرب المثل یوں ہے کہ** یہودی کسی عیسائی کو طعنہ دیتا ہے تو یوں کہتا ہے: "**ہم نے تمہارے نبی عیسیٰ علیہ السلام کو پھانسی دی تھی جاؤ دیکھو وہ آج بھی سولی پر لٹکا ہوا ہے**" یہودی قوم عیسائیوں کو اپنے سے کم تر خیال کرتی ہے۔ اس ضرب المثل سے تو یوں ہی ظاہر ہوتا ہے۔ امریکہ اسرائیل کو جان لینا چاہئے کہ یہ بیسویں صدی نہیں بلکہ 21 ویں صدی شروع ہو چکی ہے۔ اس صدی کے چوتھائی 25 سال ابھی گزر چکے ہیں **کیا اسرائیل اپنے انجام کی طرف بڑھ رہا ہے** علم نجوم سے جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔

اسرائیل کا قیام 15 مئی 1948ء تل ابیب صفر بجکر ایک منٹ ہوا۔ طالع برج جدی 21 درجہ برج طالع کا حاکم زحل ساتویں وبال یافتہ کمزور طالع 4، 7 اور 9 ویں گھروں کو ناظر ہے۔ پیدائشی زائچہ میں زحل کی کمزور ہونے سے اسرائیلی حکومت اور قوم ہمیشہ اپنے قیام جغرافیہ اور حکمرانی سے نابلد ہے۔ قمر اور پلوٹو کی زحل کے ساتھ موجودگی طالع جدی نچھتر سروانا پر ہے **اسے لنگڑا نچھتر** بھی کہتے ہیں اس کی مثال یوں ہے کہ زندگی کی دوڑ میں اکثر لنگڑاتے رہنے کے ساتھ ساتھ احساس کمتری میں مبتلا رہتے ہیں قمر برج سرطان میں پشیا نچھتر میں یہ نچھتر اچھی نیک مانی جاتی ہے۔ اس کا مذہب سے تعلق اور یہ ملک "**یہودیت**" مذہب کے نام پر بنایا گیا۔ بین المذاہب میں کوئی مذہب بیر نہیں سکھاتا مگر جب کسی مذہب میں شدت پسندی، تشددی عنصر غالب ہو جائے خواہ وہ مذہب اسلام، ہندو، سکھ، عیسائی ہی کیوں نہ ہو۔ وہ قانون فطرت کے خلاف خلق خدا اور ہمسائیوں کیلئے پریشانی کا باعث بنتا ہے۔ آٹھویں نچھتر پشیا (Pushya) کا تاریک پہلو یہ ہے کہ ضدی پن، خود غرض، گھمنڈ، بے جا فخر اور حسد و بغض جیسے منفی جذبات موجزن رہتے ہیں۔ زبردستی فلسطین کے سینے میں خنجر کا نقشہ کاڑھ کر اسرائیل کا ناجائز وجود بنا کر اصل وطن کے مالکان فلسطینیوں کو بے دخل کر دیا گیا ہے۔ مذہبی تشدد پسندی یہودیوں کا ایک گروہ زیونسٹ کہلاتا ہے۔ اور پس پردہ بھی عالمی و یہودی نظام چلاتا ہے۔ سامنے کے ممالک کو خبر تک نہیں ہوتی اس کی مثال ملک امریکہ کو ہی لے لیں۔ قمر برج سرطان میں 15 درجہ 57 دقیقہ پشیا نچھتر کے چوتھے قدم پر ہے نچھتر نیک مگر اس کا یہ قدم اسرائیلی حکومتی مزاج تشددی ظالمانہ جھگڑالو اپنے مفادات کے لئے دنیا کی تمام خواہشوں کو اپنا سکتی ہے۔ ساتویں پلوٹو بھی تشدد پسندانہ مزاج بناتا ہے۔ زائچہ میں راہو چوتھے غاصبانہ سوچ و گریٹر اسرائیلی لیڈرشپ نے قوم کو زمینی حقائق کے برعکس دھوکے میں رکھا ہوا ہے۔ کیتو دسویں عوام و خواص حکمرانوں کے عجیب و غریب منفی رجحانات کو ظاہر کرتا ہے حکمرانوں کے رویے دیوانگی پاگل پن جیسے ہو جاتے ہیں زائچہ اسرائیل میں چوتھے ارض وطن کا مالک مریخ آٹھویں گھر (موت کے گھر) دسویں حکمرانوں کا مالک زہرہ چھٹے نحس گھر تمام حکمرانوں کی گریٹر اسرائیل کیلئے تشدد پسندی ان کے زوال پذیری کا اشارہ ہے۔ اسرائیلی حکمرانوں کے غلط فیصلے اسرائیل کو تباہی بربادی کی طرف لیکر جا رہے ہیں۔ اسرائیل ان دنوں مہادشا راہو 15 مئی 2014ء سے 15 مئی 2034ء سے گزر رہا ہے یہ بھی دور اسرائیلی عوام خواص حکمرانوں کے لئے مشکلات کا دور ان دنوں مہادشا راہو میں راہو کی انتردشا عطارد 27 اپریل 2024ء تا 13 نومبر 2026ء تک رہیگی۔ طالع جدی میں چلت کا ستارہ پلوٹو 25 فروری 2020ء تا 06 مارچ 2039ء اپنے 20 سالہ قیام میں طالع میں رہتے ہوئے **چوتھے ارض اسرائیل کے حاکم خونی ستارہ مریخ** سے 14 مرتبہ قران بنائے گا۔ 2026ء میں جنوری 26,27,28,29 طالع میں مریخ پلوٹو قران اسرائیل نے غزہ میں جو خون ناحق بہایا ہے قدرت کا انتقام و انصاف اس عرصہ میں ظاہر ہوگا۔ 17 اکتوبر 2023ء غزہ فلسطینی عوام (حماس) نے اسرائیل کی غاصبانہ رویہ کے خلاف جو اعلان جنگ کر رکھا ہے یہ اپنے انجام کی طرف بڑھ رہا ہے۔ **فلسطین کی ریاست کا قیام عالمی عزت و انصاف اس کا مقدر ہے** ۔شہداء کا خون رنگ لائے گا۔ طالع کا حاکم زحل 18 ستمبر تا 12 نومبر 2026ء اور پھر 10 مارچ تا 26 اپریل 2027ء ہبوط یافتہ رہیگا۔ یہ اسرائیل کے وبال و ہبوط کا دور ہوگا۔ **ابتداء سال 2026ء طالع میں** 26,27,28,29 خونی ستارہ مریخ پلوٹو (قران) ٹکرائیں گے۔ تباہی بربادی ہی بربادی اسرائیل کا مقدر بنتی جائیگی۔

قمر در عقرب

حضرت امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں

مَنْ سَافَرَ اَوْتَزَوَّجَ وَالْقَمَرُ فِی الْعَقْرَبِ لَمْ یَرَی الْحُسْن

یعنی جو کوئی سفر یا نکاح کرے درآنحالیکہ قمر در عقرب ہو وہ اس میں کوئی خیر و خوبی نہیں پائے گا۔

(شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی)


Astrology for All Moon in SCORPION Every Month

صحیفہ کائنات کا مطالعہ کرنے سے یہ امر مخفی نہیں کہ علم الافلاک کے ماہرین نے آسمان کو بارہ حصوں میں تقسیم کیا اور ہر حصہ کا نام "برج" رکھا۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے: وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِی السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّزَیَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِیْنَ (پارہ 14 سورۃ الحجر آیت 16) یعنی بالتحقیق ہم نے آسمانوں میں برج بنائے اور اسے دیکھنے والوں کے لئے (سیاروں سے) زینت دی۔

برجہا کہ آسمان دوام کہ سر آوردہ اند
جملہ در تسبیح و در تہلیل حق الاکبرت
چوں حمل چوں ثور چوں جوزا چوں سرطان و اسد
سنبلہ میزان و عقرب قوس و جدی دلو و حوت

اس جھرمٹ کی شکل ہو بہو عقرب یعنی بچھو کی سی ہوتی ہے جس کا نقشہ ذیل میں ملاحظہ ہو۔ چھوٹے چھوٹے سب سیارے ہیں۔ مغرب کی جانب بچھو (عقرب) کا سر، منہ اور مونچھیں ہیں اور مشرق کی طرف بچھو (عقرب) کا ڈنگ ہے۔ جنتری ہذا تقویم جنوری تا دسمبر 2026ء تواریخ میں قمر در عقرب کے اوقات درج ہیں۔



شیعہ اور سنی دونوں فرقے اس بات پر متفق ہیں کہ قمر (چاند) جب برج عقرب میں ہو تو کوئی نیا کام نہیں کرنا چاہیے ورنہ وہ کام مستحسن نہیں ہوگا۔ سفر اور نکاح بھی ان ایام میں منع ہے۔ چنانچہ شیعی نظریہ کی رو سے حضرت امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں: مَنْ سَافَرَ اَوْتَزَوَّجَ وَالْقَمَرُ فِی الْعَقْرَبِ لَمْ یَرَی الْحُسْن۔ یعنی جو کوئی سفر یا نکاح کرے درآنحالیکہ قمر در عقرب ہو وہ اس میں کوئی خیر و خوبی نہیں پائے گا۔ اور حضرات اہل سنت کے ہاں روایت ہے: اِنَّ القمر فی العقرب السفر فیہ مذموم۔ تحقیق قمر در عقرب ہے اس میں سفر کرنا مذموم ہے۔ (ثمرات الاوراق جلد 1 ص 59)

یہ تنبیہ تو آج سے چودہ سو سال قبل کی ہے جب کہ نہ آلات رصد اور رصدگاہیں تھیں نہ گلیلو اور ہرشل کی دوربینیں تھیں۔ اب حال ہی میں امریکی ہیئت دانوں نے انکشاف کیا ہے کہ: "عقرب سیارے کے مجموعہ (برج عقرب) کے قریب طاقتور ایکسرے (X-RAY) شعاعیں پائی جاتی ہیں۔ (فزیکل ریویو لیٹرس) شاہ زنجانی صاحب سے زائچہ بنواکر اس نحوست کے دور ہونے کا مفید صدقہ پوچھا جا سکتا ہے۔

نوٹ: عقرب کو انگریزی میں **SCORPION** کہتے ہیں۔ اس رپورٹ پر امریکی ہوائی انسٹیٹیوٹ آف فزکس نے تبصرہ کرتے ہوئے رائے زنی کی ہے کہ ہمارے نظام شمسی کے باہر بھی طاقتور شعاعیں موجود ہیں جو سرگرم عمل ہیں۔ چنانچہ جب چاند برج عقرب سے گزرتا ہے تو خلاء ارضی میں نہایت شدت سے بجلی کی کرنٹ پیدا ہو جاتی ہے جس کے مضر اثرات سے انسانوں کا متاثر ہونا لازمی ہے۔ اس کا اثر ان کے اعمال اور افعال پر بھی پڑتا ہے۔ بعض افراد کی تو یہ حالت ہو جاتی ہے کہ ان کے جذبات ان کے قابو میں نہیں رہتے۔ ان کے مزاجوں میں مختلف تغیرات پیدا ہوتے ہیں۔ ان کے دماغی اور اعصابی نظام بھی بری طرح متاثر ہو جاتے ہیں۔ بعض افراد میں چڑچڑاپن پیدا ہو جاتا ہے۔ ایسے حالات میں بدیہی ہے کہ جو کام بھی وہ شروع کریں گے وہ احسن نہیں ہوگا بلکہ خرابی طبع کی وجہ سے خراب اور ابتر ہوگا۔ ان ایام میں سفر کرنا خطرہ باعث ہلاکت اور واپسی کی ناامیدی سے تعلق رکھتا ہے۔ عقد نکاح کا واقع ہونا طلاق اور باعث نفاق زن و شوہر کیا گیا ہے۔ اگر بوجہ عدم واقفیت نکاح واقع ہو جائے یا سفر درپیش ہو تو صدقہ دینا نہایت ضروری ہے۔ صدقہ دینے سے بلائیں رد ہوتی ہیں اور نحوست ٹل جاتی ہے۔



قارئین کی دلچسپی و معلومات کیلئے آج لمحہ موجود AI انفارمیشن ٹیکنالوجی نے انقلاب برپا کر دیا ہے۔ زندگی کا کوئی بھی شعبہ اس سے خالی نہیں رہا۔ علم نجوم میں ستارہ عطارد علم و ادب نشر و اشاعت کے ساتھ ساتھ تخلیقی صلاحیتوں کا حکمران ہو کر آسمانی کونسل پر بادشاہ فلک شمس کے ہمراہ 15 ڈگری آگے پیچھے گردش کرتا رہتا ہے۔ ستارہ یورانس (URANUS) کی دریافت 13 مارچ 1781ء (William Herschel) معارف (Astoaomer) نے کی قدیم علم نجوم میں ستارہ عطارد برج جوزا اور سنبلہ سے منسوب ماہرین علم نجوم نے برج دلو جسکا حاکم ستارہ زحل اور یورانس کو اس کا ذیلی حاکم ستارہ قرار دیا گیا۔ تمام سائنٹیفک ایجادات اس ستارے کی دریافت کے بعد اسے برج دلو پانی کی لہروں سے الیکٹرانک کی لہروں سے ملا دیا گیا۔ الیکٹرانک کمپیوٹر ٹیکنالوجی کے بھی شعبہ ہائے علم نجوم میں ستارہ یورانس سے جڑے ہوئے ہیں۔ ستارہ یورانس بارہ منطقۃ البروج میں 84 سال میں گھوم جاتا ہے۔ 13 مارچ 1781ء سے اب یہ اپنے تیسرے چکر میں ان دنوں یکم جون 2024ء تا 06 جولائی 2031ء برج ثور خاکی برج میں رہتے ہوئے آفاقی لہروں کو ارض دُنیا پر ڈالے گا اس کا تیسرا سرکل 14 جولائی 1954ء کو برج سرطان سے شروع ہوا۔ جو فطرتی ارض ہے۔ تب سے ابتک نا ختم ہونے والا الیکٹرانک ترقی کا دور جاری ہے۔

دیکھتے ہی دیکھتے دُنیا کیا سے کیا ہو جائے گی

ہم یہاں AI انفارمیشن ٹیکنالوجی کا مختصر خاکہ پیش کرتے ہیں۔ AI ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت Artificial Intelligence ایک روشن دور کی بنیاد ہے۔ اس شعبہ سے ڈیجیٹل معلومات کی تخلیق ذخیرہ تجزیہ اور ترسیل سے متعلق ہے۔ اس میں کمپیوٹر انٹرنیٹ سافٹ ویئر ڈیٹا بیس اور نیٹ ورکنگ شامل ہیں۔ یہ آج کی دُنیا کی ریڑھ کی ہڈی ہے۔ چاہے بینکنگ ہو تعلیم صحت یا حکومتی نظام ہر جگہ IT حکومتی نظام ہر جگہ IT مرکزی کردار ادا کر رہی ہے۔

اہم فوائد:۔

1:۔ تیز رفتار معلوماتی تبادلہ دُنیا کے کسی بھی حصے میں لمحوں میں رابطہ ممکن ہے۔

2:۔ کاروباری خود کار ہٹ (Automation) نے مشینوں کو ایسے IT طریقوں سے استعمال کے قابل بنایا ہے جو انسانی وقت اور محنت بچاتے ہیں۔

3:۔ ڈیجیٹل معیشت کا فروغ کاروبار اون لائن نے روزگار کے نئے دروازے کھول دیے ہیں۔

مصنوعی ذہانت (AI) ٹیکنالوجی (IT) کی ہی شاخ ہے۔ اس کا مقصد مشینوں کو سوچنے سیکھنے اور فیصلہ کرنے کے قابل بناتا ہے۔ یعنی وہ کام جو پہلے انسان کر سکتے تھے۔ خود سیکھنے والے نظام Machine Learning کمپیوٹر ڈیٹا سے خود سیکھتے ہیں۔ مثلاً Google یا Natflix ریسرچ زبان کی فہم سے ہر زبان میں سوال و جواب Robotics مشین جو انسان کو نقل کرتی مثلاً سرجیکل روبوٹس یا خود کار گاڑیاں عوامی و سماجی اثرات پوری دُنیا کو ڈیجیٹل گاؤں میں بدل دیا ہے۔ تعلیم آن لائن عام ہو گئی ہے۔ صحت زراعت توانائی عدالتی نظام انصاف جیسے شعبوں کی کارکردگی نمایاں بہتر ہو جائے گی مستقبل کی سمت آنے والے 05 سے 10 سالوں میں روزمرہ زندگی کا لازمی AI حصہ بن جائے گا۔ انسان اور مشین کا تعلق بڑھ جائیگا۔ مصنوعی ذہانت ٹیکنالوجی نہیں صرف انسان ترقی کا نیا دور ہے۔ اس کے درست استعمال سے دُنیا میں امن صحت علم خوشحالی کے نئے دور کا آغاز ثابت ہو گی۔

از تحریر: سید انور فراز، کراچی

نئے آغاز کا سال 2026ء اور نئی تبدیلیاں

2026ء کی سیاروی گردش کسی انقلابی صورت حال کو جنم دے سکتی ہے، جنوبی ممالک سے خطرات کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا

ہاں کسی کو کہ موج خوں ابھی سر سے نہیں گزری
گزر جائے تو شاید بازوئے قاتل ٹھہر جائے

گزشتہ سال زنجانی جنتری 2025ء کے حوالے سے ہم نے کچھ اندیشے ظاہر کیے تھے کہ سال کے آخری تین مہینے اکتوبر، نومبر، دسمبر ہمیشہ اہم نوعیت کی تبدیلیوں کے لیے خاص ہوتے ہیں، آج جب یہ سطور لکھی جارہی ہیں، ایک بار پھر نشان دہی کرنا ضروری ہے کہ 2025ء کے آخری تین مہینے نہایت اہمیت کے حامل ہیں، خصوصاً آئینی اور انتظامی نوعیت کے معاملات میں غیر معمولی تبدیلیاں واقع ہوسکتی ہیں اور یہ سلسلہ نئے سال 2026ء میں بھی جاری رہے گا جس پر تفصیلی گفتگو آگے کی جائے گی۔ سب سے پہلے جس اہم صورتحال پر گفتگو ضروری ہے وہ دنیا کے بدلتے ہوئے رنگ ڈھنگ ہیں۔ ہمارے قارئین کو شاید یاد ہو کہ فروری 2021ء میں برج جدی میں سات سیارگان کا عظیم اجتماع ہوا تھا اور ایسے اہم اجتماعات ہر بیس سال بعد واقع ہوتے ہیں۔ یاد رہے کہ سال 2000ء میں بھی ایسا ہی ایک بڑا اجتماع ہوا تھا جس کے بعد 2001ء میں نائن الیون ہوا اور دنیا کا نقشہ ہی بدل گیا۔ امریکا بیس سال تک افغانستان میں اور عراق میں مصروف جنگ و جدل رہا۔ عراقی صدر صدام حسین کو پھانسی دے دی گئی۔ البتہ افغان مجاہدین کسی طور بھی امریکا کے قابو میں نہیں آئے اور بالآخر امریکا کو ہی میدان چھوڑنا پڑا۔ سات سیارگان کا ہر بیس سال بعد ہونے والا اجتماع دنیا میں غیر معمولی تبدیلیاں لاتا ہے۔ فروری 2021ء کے سیاروی اجتماع پر جو برج جدی میں ہوا (برج جدی ایک خاکی برج ہے) اس کے بارے میں ہمارا تجزیہ یہ تھا کہ دنیا اب مادیت کی طرف جائے گی۔ نفسا نفسی کا عالم بڑھے گا، سائنس کے میدان میں دنیا بہت آگے جائے گی، مذاہب اور عقائد شدید تنقید کی زد میں آئیں گے۔ لوگ ایسے عقائد کو تسلیم نہیں کریں گے جن کا سائنسی طور پر تسلی بخش جواب نہ مل سکے، معجزات کا انکار ہوگا اور مذہبی کتابوں پر بھی اعتراضات کیے جائیں گے، لوگوں میں خود غرضی اور مفاد پرستی بڑھ جائے گی۔

عزیزو! آج پانچ سال بعد ہم دیکھ رہے ہیں کہ دنیا آہستہ آہستہ ایسی ہی صورتحال کی طرف بڑھ رہی ہے، الحاد کی طرف موجودہ نئی نسل کا رجحان زیادہ ہے، وہ ایسی کسی بات کو ماننے کے لیے تیار نہیں ہیں جس کا تعلق معجزے یا کرامت سے ہو بلکہ خدا کا وجود تسلیم کرنے سے بھی انکاری ہیں، آگے آگے دیکھیے ہوتا ہے کیا۔ 2025ء کا مفرد عدد 9 تھا جو سیارہ مریخ کا عدد ہے اور اس سال مریخ زیادہ عرصے تک اپنے برج ہبوط میں رہا گویا اس کی منفی انرجی عروج پر رہی جس کے نتیجے میں پاک بھارت جنگ بھی ہم نے دیکھ لی کیوں کہ بھارت اور پاکستان دونوں کے زائچوں میں سیارہ مریخ تیسرے گھر میں رہا اور ایران اور قطر پر اسرائیل کا حملہ بھی اسی سال ہوا۔ نئے سال 2026ء کا مفرد عدد 1 ہے جو مرکب عدد 10 سے حاصل ہوتا ہے۔ 2+2+6=10=1 ایک نمبر کسی نئے آغاز کو ظاہر کرتا ہے۔ **گویا اس سال میں پاکستان ایک نئے دور میں داخل ہوگا جو مثبت بھی ہوسکتا ہے اور منفی بھی کیوں کہ عدد 1، 10 نمبر سے حاصل ہوا ہے اور دس نمبر قدیم مخطوطات کے مطابق قسمت کا چکر کہلاتا ہے۔** دیکھنا یہ ہوگا کہ یہ چکر سیدھا چلے گا یا الٹا، اگر ملک کے مقتدر حلقے اور اہل سیاست خصوصاً ہماری اشرافیہ ملک اور عوام کی بھلائی کے لیے مخلص ہوکر کوشش کریں تو یقیناً یہ ملک اور عوام کی بہتری کا سال ہوسکتا ہے لیکن اس کے برعکس صورتحال میں اہل سیاست اور اشرافیہ کو خراب نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا کیونکہ **اس سال کا پہلا سورج گہن جو برج دلو کے**

ابتدائی درجات پر لگے گا اور پاکستان اور بھارت دونوں کے زائچے میں حساس مقامات پر ہوگا جب کہ گھن کے فوراً بعد سیارہ مریخ بھی فروری کے آخر تک گھن کے درجات سے قران کرے گا۔ یہ صورت حال دونوں ملکوں میں حکومت کی زبوں حالی کی نشان دھی کرتی ہے۔ کوئی بڑی تبدیلی حکومتی امور میں دیکھنے میں آسکتی ہے۔

جیسا کہ پہلے نشاندہی کی گئی تھی کہ 2025ء کے آخر تین ماہ خاصے اہم اور سنگین نوعیت کے حالات وواقعات کو جنم دے سکتے ہیں اور یہ سلسلہ جنوری تک جاری رہے گا۔ امکان ہے کہ اس عرصے میں نئے سال کی آمد سے پہلے بھی ایسے حالات پیدا ہوجائیں جو آنے والے سال کی اہم تبدیلیوں کی نشان دہی کردیں۔ پاکستان یقیناً گزشتہ تین سال سے نہایت سخت اور مشکل ترین وقت سے گزر رہا ہے لیکن گزشتہ سال دسمبر کے بعد سے دور زحل کی ابتدا ہوئی، چنانچہ ہم زحل کے دور اکبر اور دور اصغر سے گزر رہے ہیں، شاید یہی وجہ ہے کہ بھارت اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکا اور پاکستان کی مسلح افواج کو مئی کے معرکے میں سرخروئی حاصل ہوئی جب کہ اس کے برعکس بھارت اور نریندر مودی کو نہ صرف شرمندگی اٹھانا پڑی بلکہ بھارت میں مودی کی حکومت کے لیے نئے مسائل پیدا ہوگئے ہیں۔ **ستمبر 2025ء سے بھارت کے زائچے میں بارھویں گھر کے حاکم سیارہ مریخ کا سات سالہ دور اکبر شروع ہورہا ہے جو اس بات کی نشان دھی کرتا ہے کہ بھارت کا ایک سپر پاور بننے کا خواب آنے والے سات سالوں میں چکنا چور ہوجانے گا اور اندرونی خلفشار کی وجہ سے بھارت آہستہ آہستہ کمزور ہوتا جانے گا، نریندر مودی کی بھی الٹی گنتی شروع ہوچکی ہے اور امکان ہے کہ نئے سال 2026ء میں ان کی حکومت کے لیے نئے چیلنج پیدا ہوجائیں لیکن اس بات کو بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا کہ مودی سرکار اپنی گرتی ہوئی ساکھ کو بحال کرنے کے لیے دوبارہ کوئی ایسی ہی غلطی دھرانے جیسی 2025ء کے مئی میں کی تھی۔ اس صورت میں بھی اسے منہ کی کھانا پڑے گی۔ اس حوالے سے دوبارہ مئی جون اور اکتوبر نومبر کے مہینے اہم ہوسکتے ہیں**

پاکستان 2024ء سے شدید نوعیت کے آئینی بحران کا شکار ہے اور یہ بحران مزید بڑھتا ہوا نظر آرہا ہے، معاشی صورت حال بھی اطمینان بخش نہیں ہے۔ مہنگائی نے عوام کی حالت خراب کردی ہے، جو رہی سہی کسر تھی وہ بارشوں اور سیلاب نے پوری کردی ہے۔ 2025-26ء ایسے سال ہیں جو رفتہ رفتہ ملک کو کسی نئے سسٹم یا نئے ماحول کی طرف لے جارہے ہیں، اس کی ابتدا 2025ء کے آخری مہینوں سے ہوگی اور انتہا 2026ء کے آخری مہینوں میں، خیال رہے کہ عوامی حلقے حکومت اور موجودہ سسٹم سے بے زار ہیں، ان کے لیے نارمل انداز میں زندہ رہنا بھی مشکل ہوگیا ہے۔ ملک کے تمام محکمے اپنی ذمے داریاں احسن طور پر ادا کرنے سے قاصر ہوچکے ہیں۔ **جرائم کی شرح آسمان کو چھورھی ہے، یہ وہ صورتحال ہے جو عوام میں بے چینی اور اضطراب کو مسلسل بڑھا رہی ہے، کیا ہم بھی سری لنکا، بنگلا دیش یا نیپال کی انارکی کی جانب بڑھ رہے ہیں؟ ملک کے ارباب حل و عقد کو اس حوالے سے ضرور سوچنا چاہیے** ملک میں نئے سسٹم کے حوالے سے نئی خبریں اور نئی بحثیں شروع ہوچکی ہیں۔ کچھ دانش ور کہہ رہے ہیں کہ پارلیمانی نظام بالآخر ناکام ہوگیا ہے۔ آج تک کوئی وزیراعظم ملک میں سیاسی استحکام نہیں لاسکا اور نہ ہی اپنی مدت پوری کرسکا، ملک میں صدارتی نظام ہونا چاہیے۔ ایسی آوازیں بھی اٹھ رہی ہیں کہ ملک میں نئے صوبے بنادیے جائیں۔ سیاروی گردش بھی نظام کی تبدیلی پر زور دیتی نظر آتی ہے، مشتری 2025ء اکتوبر نومبر میں برج سرطان میں ہوگا۔ ان دو مہینوں میں کوئی نئی آئینی ترمیم سسٹم کی تبدیلی کی طرف پہلا قدم ہوسکتی ہے۔ اس کے بعد 2026ء مشتری جون سے دوبارہ برج سرطان میں داخل ہوگا تو وہ بھی ایسا وقت ہوگا جس میں آئین کا نقشہ تبدیل ہوسکتا ہے۔ بہرحال صورت حال جو بھی ہو ملک کی بقا اور عوام کی بہتری ضروری ہے۔ عوام کو اس سے کوئی مطلب نہیں کہ ملک میں کون سا نظام ہونا ہونا چاہیے۔ انھیں دووقت کی روٹی اور روٹی کے لیے روزگار چاہیے۔

پہلی سہ ماہی 2026ء

جنوری کے پہلے پندرہ دن خاصے ہنگامہ خیز ہوسکتے ہیں اور اس ہنگامہ خیزی کا تعلق گزشتہ سال کے آخری تین مہینوں سے جڑا ہوگا۔ شمال اور جنوب

مغرب کی سمت سے دہشت گردی کے واقعات سامنے آسکتے ہیں، پاکستان کے دو صوبے کے پی کے اور بلوچستان مستقل دہشت گردی کی زد میں ہیں اور پاکستان کی پولیس کے ساتھ مسلح افواج بھی اس دہشت گردی کا مقابلہ اور اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہی ہے۔ جنوری اور فروری میں صاحب اختیار افراد پر بھی ضرب لگے گی۔ بعض اعلیٰ عہدے دار اپنے عہدے کھو بیٹھیں گے، شروع میں ملٹری، بیوروکریسی میں بھی اکھاڑ پچھاڑ کا امکان ہے۔ عوامی مسائل میں کسی کمی کا امکان نظر نہیں آتا، ملک میں جرائم کی شرح بدستور بڑھتی رہے گی، گویا جنوری کے مہینے کو ایک اطمینان بخش، پرامن اور پرسکون مہینہ نہیں کہا جاسکتا۔

فروری کا مہینہ آئینی اور وزارتی امور میں سرگرمی لائے گا، اس کے علاوہ خارجہ امور میں بھی اہم حالات و واقعات سامنے آئیں گے۔ اس مہینے میں چونکہ سیارہ مریخ زائچے کے نویں گھر میں شرف یافتہ ہوگا لہٰذا خاص طور پر فوجی نوعیت کے معاملات اہمیت اختیار کریں گے اور فوج کی اہم ضروریات پر توجہ دی جائے گی لیکن حکومت کے لیے مسائل میں اضافہ ہوگا، **سال کا پہلا سورج گہن بھی اسی مہینے میں واقع ہوگا جو زائچے کے دسویں گھر میں لگے گا، یہ صورت حال حکومت کے لیے کسی صورت بھی بہتر نہیں ہوگی اور حکومت کی عوامی مقبولیت میں کمی واقع ہوگی۔ وزیراعظم اور کابینہ کے حوالے سے کوئی اسکینڈل بھی سامنے آسکتا ہے** اور یہ سلسلہ مارچ کے پہلے پندرہ دن تک حالات و واقعات میں تبدیلیوں کی نشان دہی کرتا ہے، اگرچہ جنوری سے مارچ تک صورت حال کسی طور بھی ایسی نظر نہیں آتی جس میں حکومت اور دیگر اداروں کو نت نئے چیلنجز کا سامنا نہ ہو لیکن افسوس کہ نیا سال شاید کچھ نیا ہی کھیل شروع کرے گا۔

دوسری سہ ماہی

15 اپریل سے سیاروی گردش زائچے کے بارھویں گھر میں شروع ہوتی ہے۔ گویا یہ ایسا وقت بھی ہوتا ہے جس میں نقصانات کا اندیشہ مستقل رہتا ہے، خصوصاً 15 مئی تک۔ پاکستان پر بھارت کی جارحانہ کارروائی بھی مئی میں ہوئی تھی، اس سال بھی ایسی صورت حال پیدا ہوسکتی ہے، خصوصاً بارہ مئی کے بعد بہت زیادہ ہوشیار رہنے کی ضرورت ہوگی کیوں کہ اس سال سیارہ مریخ بھی بارھویں گھر میں ہوگا۔ بارھواں گھر نقصانات وغیرہ کے علاوہ بیرونی مداخلت کے لیے بھی مختص ہے اور اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں ہے کہ بلوچستان اور کے پی کے میں جو بھی صورت حال ہے اس کے پیچھے بیرونی ہاتھ موجود ہیں۔ جون کا مہینہ اس اعتبار سے نہایت اہمیت کا حامل ہے کہ سیارہ مشتری زائچے کے تیسرے گھر برج سرطان میں داخل ہوگا چنانچہ تیسرے، ساتویں، نویں اور گیارھویں گھر سے ناظر ہوگا۔ خیال رہے کہ پیدائشی زائچے کے گیارھویں گھر میں سیارہ مریخ بھی اسی درجے پر واقع ہے اور نویں گھر میں قمر اور زہرہ بھی ابتدائی درجات پر ہے اور 22 جون کو سیارہ مریخ بھی زائچے کے پہلے گھر میں داخل ہوگا کہ جون کے مہینے کو سب سے زیادہ چیلنجنگ مہینہ کہنا غلط نہیں ہوگا، خصوصاً عدلیہ کے حوالے سے شدید بے چینی اور اضطراب جنم لے گا، وکلاء برادری احتجاج پر آمادہ ہوسکتی ہے، بیرون ملک مقیم پاکستانیوں میں بھی اضطراب بڑھ سکتا ہے۔ اس کے علاوہ دیگر ممالک کے ساتھ خارجی تعلقات کے حوالے سے بھی نئے چیلنج پیدا ہوسکتے ہیں، گویا سال کی یہ سہ ماہی بھی عوام کے لیے کوئی خوش خبری نہیں سنا رہی جب کہ ان مہینوں میں بارشوں وغیرہ کا بھی امکان پیدا ہوجاتا ہے۔

تیسری سہ ماہی

جیسا کہ پہلے نشاندہی کی ہے کہ مشتری کی زائچے کے تیسرے گھر میں نئی پوزیشن آئینی، قانونی اور بیرون ملک خارجہ پالیسی سے متعلق امور وغیرہ کے مسائل کو ہوا دے گی جس کی وجہ یہ ہے کہ مشتری پاکستان کے زائچے کا سب سے زیادہ منحوس اثر رکھنے والا سیارہ ہے اور خاص طور پر جب یہ زائچے کے حساس مقامات پر حرکت کر رہا ہو۔ اس حوالے سے 10 جولائی تک کا وقت خاصا اہم ہوگا لیکن دوسری طرف راہو کیتو بھی زائچے کے حساس مقامات اور دوسرے، چوتھے، چھٹے، آٹھویں، دسویں اور بارھویں گھر کو ناظر ہو چکے ہوں گے۔ چنانچہ امکان یہ ہے کہ جولائی سے ملکی، سیاسی اور سرحدی صورتحال میں نئی سرگرمیاں شروع ہوسکتی ہیں جو بہرحال موجودہ حکومت کے کنٹرول میں نہیں ہوں گی، البتہ اس صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہماری محب وطن مسلح افواج ہی کو حرکت میں آنا پڑے گا۔ سیارہ مشتری کی تیسرے گھر میں آمد اگر بعض نئے مسائل پیدا کرے گی تو بعض فوائد کا باعث بھی ہوگی، خصوصاً معیشت کو بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوگی اور خارجہ پالیسی کے سبب جو نئے مسائل سامنے آئیں گے ان سے بھی نمٹا جاسکے گا، یہ ہمارے ارباب حل و عقد کی عقل و دانش پر منحصر ہے کہ وہ کس طرح بین الاقوامی پل پل رنگ بدلتے معاملات میں خود کو ایڈجسٹ کرتے ہیں۔ اب تک پاکستان کے فیلڈ مارشل

عاصم منیر صاحب اس عالمی منظرنامے میں نہایت حکمت و دانش کے ساتھ سرخرو رہے ہیں۔ امید ہے کہ آئندہ بھی وہ اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔

عزیزان من! پاکستان کی تیسری سہ ماہی اس حوالے سے بھی اہم ثابت ہوسکتی ہے کہ ہمارے بعض سابق اور حالیہ اہم عہدہ دار ہمارا ساتھ چھوڑ جائیں۔ سیارہ شمس زائچے میں معزز و بااثر افراد کی نمائندگی کرتا ہے۔ سال کے آخری مہینوں میں کیتو جیسا ظالم و سفاک سیارہ شمس پر مسلسل نظر رکھتا نظر آرہا ہے۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ملک کی اہم شخصیات کو اپنے حفظ و امان میں رکھے۔ **جولائی اور اگست نہایت اہم مہینے ہیں، اگست میں ہمارا یوم آزادی بھی ہے اور ساتھ ہی سورج اور چاند گہن بھی اسی مہینے میں واقع ہوں گے۔ بارہ اگست کو سورج گہن زائچے کے تیسرے گھر میں لگے گا، یہ بھی ملک میں نئی تبدیلیوں کو جنم دے گا اور عوامی غم و غصے کو ہوا دے گا اور 27 اگست کو چاند گہن زائچے کے دسویں گھر میں لگے گا۔ دونوں گہن ایک ہی مہینے میں واقع ہوں گے، چاند گہن دونوں بار اس سال دسویں گھر میں لگے گا۔ گویا یہ بھی اس بات کی نشان دہی ہے کہ اس سال سسٹم میں کوئی بڑی غیر معمولی** تبدیلی کا امکان موجود ہے۔

چوتھی سہ ماہی

ستمبر کو ہمیشہ ستم گر ہی کہا جاتا ہے، اگر یہ کہا جائے تو غلط نہیں ہوگا کہ ستمبر کا مہینہ خصوصی طور پر ہماری مسلح افواج سے منسوب ہے۔ 6 ستمبر کو ہم یوم دفاع مناتے ہیں، اس سال اس حوالے سے بھی کچھ غیر معمولی سیاروی گردش نظر آتی ہے، زائچے کے مطابق سیارہ زہرہ چھٹے گھر کا حاکم ہونے کی وجہ سے سول و ملٹری بیوروکریسی کی نمائندگی کرتا ہے۔ سیارہ زہرہ اس سال پہلی مرتبہ 3 ستمبر کو زائچے کے چھٹے گھر برج میزان میں داخل ہوگا۔ اس کے بعد اسے رجعت ہوگی اور دوبارہ برج میزان کے ابتدائی درجات سے گزر کر برج سنبلہ میں واپس چلا جائے گا اور پھر تیسری بار 2 نومبر کو دوبارہ برج میزان کے ابتدائی درجوں پر ہوگا۔ یہ ایک نہایت غیر معمولی اور ایسی صورت حال ہے جو برس ہا برس میں کبھی دیکھنے میں آتی ہے، گویا اس سال ستمبر، اکتوبر اور نومبر سول و ملٹری بیوروکریسی میں نئی اصلاح اور در و بست کا امکان موجود ہے۔ ان مہینوں میں دیگر سیارگان شمس، عطارد وغیرہ بھی زائچے کے چھٹے گھر سے گزرتے ہیں۔ زہرہ کا یہاں طویل قیام خاصی اہمیت کا حامل رہے گا اور یقیناً اصلاحی اور اصولی معاملات پر توجہ دی جائے گی، ممکن ہے اس حوالے سے بعض غیر ذمے دار اور کرپٹ افسران کو بھی گرفت میں لیا جائے۔

عزیزان من! خیال رہے کہ چھٹے گھر کی سیاروی گردش کے علاوہ یہ بات بھی پیش نظر رہے کہ اس عرصے میں راہو کیتو مسلسل زائچے کے دوسرے، چوتھے، چھٹے، آٹھویں، دسویں اور بارھویں گھروں پر مستقل نظریں جمائے بیٹھے نظر آتے ہیں، چنانچہ موجودہ سیاروی گردش اور بھی معنی خیز ہوجاتی ہے۔ اس ساری صورتحال میں ایک نیا موڑ یکم نومبر سے شروع ہوگا، سیارہ مشتری برج اسد میں داخل ہوگا جو زائچے کا چوتھا گھر ہے اور اس کا تعلق عوام اور اپوزیشن سے ہے، مزید طرفہ تماشا یہ کہ سیارہ مریخ بھی چوتھے گھر برج اسد میں داخل ہوجائے گا اور یہاں دو نحسین باہم گلے ملیں گے، راہو، کیتو اس قران میں ان کے شریک ہوں گے گویا **نومبر میں زائچہ پاکستان کی سیاروی گردش کسی طور بھی اطمینان بخش نظر نہیں آتی، یہ ایسا وقت ہے جس میں کوئی بھی بیرونی یا عوامی طوفان انگڑائی لے سکتا ہے** اور سب جانتے ہیں کہ جب عوام سڑکوں پر آجائے تو اسے روکنا آسان نہیں ہوتا، ایسے موقعوں پر ارباب حل و عقد کو بہت ہی صبر و تحمل اور ٹھنڈے دل و دماغ کے ساتھ حالات و واقعات کا جائزہ لے کر فیصلے اور اقدام کرنے کی ضرورت ہوتی ہے اور ہم امید کرتے ہیں کہ اس اہم سیاروی گردش کے موقع پر یقیناً مثبت طرز فکر اختیار کی جائے گی۔ ہم پہلے نشان دہی کرچکے ہیں کہ **بیرونی خطرات جو پڑوسی ممالک کی جانب سے ہوسکتے ہیں، وہ مئی جون کے علاوہ اکتوبر یا نومبر میں بھی متوقع ہیں**۔ باقی دیکھیے یہ سال مزید کیا دکھاتا ہے، ہم دیکھیں گے، لازم ہے کہ ہم بھی دیکھیں گے۔

ZANJANI TV www.zanjani...

زنجانی جنتری 2026ء

اللہ کی رحمت سے مایوس ہونا گناہ ہے (القرآن)

تبصرہ نگار: چوہدری واجد علی خان (سابق ایم پی اے)

منجم شاہ زنجانی کی سچی پیش گوئیاں

منجم اعظم الحاج سیّد ناظر حسین شاہ زنجانی سلسلہ روحانیات سیّد میراں حسین شاہ زنجانی کے وارث شہزادہ سیّد انتظار حسین زنجانی کی سچی پیش گوئیوں پر ہر سال کی طرح تبصرہ کے لئے حاضر ہوں۔ زنجانی جنتری 2023,2024,2025ء میں واضح پیش گوئی تھی کہ پاکستان کا 19 سالہ استحکام کا دور یکم دسمبر 2024ء تا یکم دسمبر 2043ء شروع ہونے سے پاکستان کو عالمی عزت و توقیر ملے گی۔ معیشت بہتر ہوگی۔ جیسے ہی





بیشتر درست پیش گوئیاں

29 مارچ 2025ء ساتستاروں کا کہکشاں کا ملاپ حوت میں اجتماع عالمی سیاسی جغرافیائی تبدیلیاں

ظہور امام زمانہ قریب قریب آمد دجال افواہوں کی گردش میں

2025ء لمحہ موجود کا کربلا غزہ رنگ لائیگا شہیدوں کا لہو

[illegible] www.3 کا باعث

2043ء منگلائی کانفرنس کی برکت مہا شانتی جل 19 سالہ استحکام پاکستان یکم دسمبر 2024ء تا یکم دسمبر

2025ء مضبوط دفاع وطن مفرد 9 عسکری ستارہ مریخ کا فیصلہ کن عالم جنگی سال

خلائی سٹروم ملٹی خلائی مخلوق کے سبب (NASA) اور انٹرنیٹ کے نظام میں خلل

پہلا کوارٹر 2025ء کا گذر 06 تا 10 مئی 2025ء کی دفاعی تاریخ میں 06 ستمبر 1965ء کی طرح تاریخ میں عزت کے ساتھ لکھے جائیں گے۔ زنجانی جنتری 2025ء کے صفحہ نمبر 13,15,39,41 پر واضح پیش گوئیاں کچھ یوں تھیں۔ 2025ء مسلسل قوم کی تقدیر بدلنے والا سال ملکی سالمیت کے خلاف سازش کی جائیں جنگ کے بادل قوم پر منڈلا سکتے ہیں۔ 19 سالہ استحکام پاکستان یکم دسمبر 2024ء یکم دسمبر 2043ء، 2025ء مضبوط دفاع وطن مفرد 9 عسکری ستارہ مریخ کا فیصلہ کن عالمی جنگی سال ناگہانی آفات سیلاب سے متعلقہ پیش گوئی اور حکومت کے لئے مشکلات یوں درج تھی۔ مندرجہ بالا سبھی پیش گوئیاں حرف بہ حرف پوری ہو چکی ہیں۔

سال ہذا زنجانی جنتری 2026ء آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ اس میں درج انفرادی سیاسی پیش گوئیوں پر بشرط زندگی آئندہ سال تبصرہ کرنے کی سعادت حاصل کریں گے۔ ہمیں فخر ہے کہ ہمارا چوہدری خاندان جنڈیالہ کلساں ضلع شیخوپورہ پشت در پشت خانوادہ زنجانیہ سے عقیدت و محبت رکھتا ہے اور انکے مریدین میں شامل ہے۔

چوہدری واجد علی خان (سابق ایم پی اے) جنڈیالہ کلساں (نارنگ منڈی) کالا خطائی روڈ، ضلع شیخوپورہ)

اللہ کی نعمتوں کو اللہ کی نافرمانی پر خرچ نہ کرو تمہاری جنت کا میں ذمہ دار ہوں (حضرت علیؑ)

منجم شہزادہ سید افتخار حسین شاہ زنجانی ماہر علم نجوم فلکیات

عالمی و سیاسی حالات 2026

پاکستان کی خوشحالی و تعمیر و ترقی کا 36 سالہ دور

11 دسمبر 2024ء
11 دسمبر 2060ء

الہام اور علم نجوم سے انکشافات

پڑوسی ملک سے آبی جارحیت دہشت گرد تنظیموں کا خاتمہ اہم حساس تواریخ

11 مئی 2026ء
20 جون 2026ء

سیاسی عسکری تبدیلیاں تبدیلی نظام حکومت ایمرجنسی مارشل لاء کے خدشات

عالمی اداروں اور OIC میں نئے توازن امن کی کوششیں اقوام متحدہ (UNO) نا اہلیت کے نئے سوالات کے ساتھ تصفیہ طلب فلسطین اور کشمیر کی اہمیت اجاگر کریں

امریکہ V/S روس چین میں عسکری ٹیکنالوجی کی جنگ خلاء میں عسکری تنصیبات کے ڈور سائبر سیکورٹی خطرات کی زد میں

USA (متحدہ ریاست ہائے امریکہ) ریاستوں کے اتحاد کو خطرہ ٹرمپ کی عالمی خارجہ پالیسیاں ڈونلڈ ٹرمپ پر قاتلانہ حملے کے خدشات

یورپ افریقی ممالک لاطینی امریکہ مڈل ایسٹ فار ایسٹ اور ایشیائی ممالک کا انحصار امریکہ مخالف چین روس دوستی



ان **36** سالوں میں ملک دشمن عناصر کی تطہیر بھل صفائی کا سلسلہ جاری رہیگا۔ کوئی بھی سیاسی حکومت جمہوریت، آمریت، ایمرجنسی جیسے حالات ہوں پاکستان ترقی کرے گا۔ انشاء اللہ العزیز

علم الاعداد کے کرشمات **2025**ء اور چین کا مشترکہ مفرد نمبر **9** ہونے کے سبب **2025**ء سے ہی چین دُنیا کی آئندہ قیادت سنبھالنے کی جانب تیزی سے گامزن ہے۔


2025ء کا مفرد نمبر **9** ستارہ مریخ عسکریت کا نمبر امریکہ نے اپنی **250** ویں ملٹری پریڈ **14** جون **2025**ء اور روس نے **80** ویں ملٹری پریڈ **09** مئی **2025**ء اور چین نے **03** ستمبر **2025**ء میں ایک عظیم الشان پریڈ کا اہتمام کیا۔ امریکہ **VS** چین روس ڈونلڈ ٹرمپ نے عالمی جنگی عسکری حکمت عملی سے دُنیا بدل کے رکھ دی ہے روز روشن کی طرح دُنیا جان چکی ہے۔ فلسطین غزہ یوکرائن کی جنگ بندی ٹرمپ کی دوغلی پالیسیاں ہیں۔

قارئین زنجانی جنتری و آئینہ قسمت اس بات سے واقف ہیں کہ ہم گزشتہ سالوں سے آسمانی کونسل پر زائچہ پاکستان کے ادوار سیارگان سے **19** سالہ اچھے دور استحکام پاکستان کی پیش گوئی کرتے چلے آرہے ہیں۔ زائچہ میں اچھے دور مہادشا زحل **11** دسمبر **2024**ء تا **11** دسمبر **2043**ء کے دور کی ابتداء ہو چکی ہے۔ پوری قوم و دُنیا نے اس کا عمل مشاہدہ پہلا کوارٹر **2025**ء گذرنے کے بعد معرکہ حق مئی **2025**ء سے کیا پاکستان کی بین الاقوامی عزت و توقیر معیشت میں بتدریج بہتری دوست ممالک سے تجارتی ثقافتی اور عسکری معاہدہ نے عالمی سطح خصوصاً مسلم اُمہ میں پاکستان ممتاز مقام حاصل کر چکا ہے۔ پاکستان کے سبب ہی امریکہ قطر سے دفاعی معاہدہ کر پایا۔ غزہ فلسطین پر ہونے والے مظالم نے کربلا کی یاد تازہ کروادی ہے۔ واقعہ کربلا سے ملنے والے تجدید پیغام ہمیں اسلامی تاریخ سے سبق لیتے ہوئے مصلحتوں کا لبادہ اُتار کر عالم اسلام **OIC** کو مشترکہ دفاعی معاہدہ ''مسلم نیٹو'' بنانا ہوگا۔ ورنہ سازشی عناصر افغانستان پاکستان کو آئندہ بھی لڑواسکتے ہیں۔ مسلم اُمہ تباہی بربادی کی طرف نادانی سے بڑھتی جارہی ہیں۔ گزشتہ کئی سالوں سے بحیثیت منجم ہم اپنے فن علم نجوم سے پاکستان کے **19** سالہ تعمیر و ترقی کے سفر کی پیش گوئی کرتے چلے آرہے ہیں۔ جسکی ابتداء مہادشاہ زحل **11** دسمبر **2024**ء تا **11** دسمبر **2043**ء شروع ہو چکی ہے۔




قارئین زنجانی جنتری کے لئے آج ہم اس میں کچھ اضافہ کر رہے ہیں۔ مہادشاہ زحل کے بعد **17** سالہ دور عطارد جو زائچہ پاکستان کی معیشت شعور ادراک دوسرے پانچویں اچھے گھر کا مالک اگلا دور ستارہ عطارد **11** دسمبر **2043**ء تا **11** دسمبر **2060**ء تک رہیگا۔ انشاء اللہ العزیز یوں پاکستان کی خوشحالی تعمیر و ترقی کا **36** سالہ دور شروع ہو چکا ہے۔ پاکستانی عوام محسوس کرتے ہیں کہ پاکستان جنگل بنا ہوا ہے۔ ہماری روحانی اسٹرالوجیکل تحقیق ہے کہ اسلام ملک میں **منگل اور بدھ** کو تمام ذبیحہ خانے کھول دیئے جائیں گے تاکہ خون بہتا رہے یہ پاکستان اور پاکستانی قوم کا صدقہ ہے اس حسن عمل سے دہشت گردی اور بھی آئی نحوستیں دور ہونے لگیں گی۔ یاد رہے کہ پاکستان میں آج تک جتنے مارشل لاء لگے وہ منگل ہی کے دن لگے۔

زائچہ پاکستان **48ثور 01**




نیا زائچہ پاکستان **20** دسمبر **1971**ء بوقت **14** بجکر **54** منٹ **20** سیکنڈ راولپنڈی

زائچہ ورش پھل **30دلو16**



بتاریخ **20** دسمبر **2025**ء اسلام آباد بوقت **11** بجکر **14** منٹ



زانچہ پاکستان میں ادوار سیارگان 2026ء سالانہ ورش پھل :۔

نئے زائچہ پاکستان کا طالع **برج** ثور جبکہ سالانہ ورش پھل کا طالع **برج** دلو یہ دونوں ثابت برج اوران زائچوں میں اوتاد کے مالکان ہیں۔ **2026**ء کا مفرد نمبر **1** جو **واحدہٗ لاشریک** کا نمبر بھی ہے۔ **78** سال بعد پاکستان کے چاروں صوبوں کے علاوہ فاٹا، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے عوام وخواص میں ایک دوسرے کیلئے اخوت محبت اور واحدیت وطن پاکستان کی تعمیر وترقی کیلئے ایثار وقربانی کا جذبہ دیکھنے کو ملے گا۔تحریر مضمون جشن میلادالنبیؐ کا مہینہ جاری ہے۔ **بعد از خدا توھی قصہ مختصر** عالمی نقشہ وطن عزیز پاکستان Google پر جاکر **Pakistan Map and Muhammad** لکھیں توآپ کی روحانی حیرت میں اضافہ ہوگا کہ پاکستان کے نقشہ پر سرکار دوعالم رحمت العالمین کا نام نامی لکھا ہوا ہے۔ یہ وہ نام نامی ہے جس پر ہمہ وقت

''اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا''

(اللہ اوراس کے فرشتے درودوسلام بھیجتے رہتے ہیں۔اے ایمان والوتم بھی ان پر درود بھیجو۔)

پنجند پانچ دریاؤں کی سرزمین محمدؐ کی دھرتی میں پانی ہی پانی کوئی بدبخت سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کرے گا تو خود ڈوب جائیگا۔ **نقشہ پاکستان پر لفظ محمدؐ مہر کی طرح کنندہ ھے** ۔محمدؐ کی (دال) میں پورا بلوچستان سما گیا ہے۔روحانی طور سے یہ اس بات کا اشارہ ہے کہ بلوچستان کوالگ کرنے کی سازشیں **2026**ء میں دم توڑ جائیں گیں سی پیک منصوبے کا بقایا مکمل کام تیزی سے تکمیل پائے گا۔یہاں سے دہشت گردی کا خاتمہ اور معدنیاتی ذخائر کی دریافت سے بلوچستان اور پاکستان کی ترقی خوشحالی کا نیا دور شروع ہوجائیگا۔اوراس کی ابتداء **2026**ء میں ہی دیکھنے کو ملے گی۔ **آسمانی فلکی فطرت برج ثور وبرج دلو ثابت بروج کی ھے** ۔ **2026**ء میں ملکی مفادات میں کئے گئے اہم سماجی سیاسی معاشرتی، دفاعی عسکری تعمیر وترقی خصوصاً جغرافیائی ارضی وسماوی ریسرچ ورک سے پانی کے متعدد ذخائر کئی چھوٹے بڑے ڈیم اور پہلے سے جاری بھاشا ڈیم نہ صرف کالاباغ ڈیم بنائے جانے کیلئے بھی سیاسی اتفاق رائے میسر آئے جو ابتک **78** سالوں میں پہلے کبھی نہ ہوئی تھی **2026**ء کا

مفرد نمبر 1 جو ستارہ شمس سے منسوب زنجانی جنتری 2023-2024ء اور 2025ء کی درست پیش گوئی علم نجوم سے **زائچہ کا اہم طاقتور ستارہ زحل جو دو مشترکہ سعد گھروں کا حاکم اور طالع برج ثور میں نہایت طاقتور رہتے ہوئے طالع تیسرے ساتویں اور دسویں اپنے ذاتی فعلی سعد گھر کو سعد ناظر ہے۔ اس ستارے کی 19 سالہ مہادشاء یکم دسمبر 2024ء تا یکم دسمبر 2043ء تک رہیگی۔ آسمانی کونسل پر اس معلم عروج و زوال کے حاکم ستارہ کے سبب اُمید کی کرنیں روشن دکھائی دیتی ہیں۔** پاکستان کی عروج و ترقی کے دور زحل کی 19 سالہ مہادشا یکم دسمبر 2024ء کے پہلا کوارٹر گذارنے کے بعد 06 مئی 2025ء سے شروع ہوگیا۔ پوری پاکستانی قوم اور تمام ملکی سرو سز ادارے حالت شکر کے ساتھ ساتھ حیران بھی ہیں۔ **پاکستان کو عالمی خارجہ محاذ پر جوشاندار کامیابی ملی بے شک اس کیلئے ہم جتنا بھی شکر ادا کریں وہ کم ہے۔**

نیو یارک U.S.A کی ایک اہم پاکستانی شخصیت ہماری عرض کردہ پیش گوئیوں کو اپنے احباب کو فخر سے بتا کر پہلی سہ ماہی 2025ء کے بعد انہی شخصیت نے اپنے احباب دوستوں سے مبارکبادیں وصول کرنے کے ساتھ علم نجوم سے زائچہ پاکستان پر ہماری درست پیش گوئیوں پر ہمیں مبارکباد دی۔

پاکستان ہم سب کا وطن عزیز ہماری دھرتی ماں ہے۔ ہم اپنے فن علم نجوم سے زائچہ پاکستان پر تحقیق و ریسرچ جاری رکھتے ہیں۔ بہت سارے اہم روحانی نقاط پر اگر قبل ازیں عمل ہوجائے تو ملک کو بہت ساری اجتماعی آزمائش و پریشانیوں سے نکالا جا سکتا ہے۔ مثلاً زنجانی جنتری 2025ء کے صفحہ نمبر 41 پر بھارت کی مئی 2025ء میں جنگی شکست کے بعد واضح لکھ دیا گیا تھا کہ بھارت (اگست/ستمبر 2025ء) میں مون سون کی بارشوں کے ساتھ ہی بھارت کی آبی جارحیت سے بچاؤ کے لئے ہمیں اندرون ملک کئی ایک ڈیموں اور آبی ذخائر بنانے کی ضرورت پر زور دینا ہوگا۔ سیلاب کی تباہ کاریوں سے نکلنے کا کوئی ٹھوس منصوبہ اب بنا ہی دینا چاہئے۔ 78 سالوں سے وہی حکمران وہی وعدے زائچہ پاکستان پر ریسرچ ورک کرتے ہوئے انکشاف ہوئے کہ ستارہ زحل کی 19 مہادشا خوش بخت اور پاکستان یکم دسمبر 2024ء تا یکم دسمبر 2043ء تک جاری رہنے کے بعد **اگلا دور 17 سالہ ستارہ عطارد کا دور شروع ہو جائیگا۔ جو 2043ء سے 2060ء تک جاری رہیگا۔** ستارہ زحل زائچہ پاکستان میں نویں دسویں سعد گھروں کا مالک قانون مذہب عدلیہ خارجہ پالیسی اور بیت العزت ملکی عزت و وقار جبکہ مزید نیا 17 سالہ دور عطارد دوسرے گھر ملکی معیشت فنانس ملکی تجارت کرنسی کے استحکام اور پانچویں گھر سٹاک ایکسچینج ملکی اضافی آمدن سوسائٹی اور آداب معاشرت سے تعلق ہونے کے ساتھ پہلے سے بنائے گئے آداب قوانین پر عملدرآمد میں اضافہ اور معاشرتی رہن سہن صوبوں کے اتفاق و ایثار جذبہ قربانی میں اضافہ ہوگا۔

20 دسمبر 2025ء تا 26 دسمبر 2025ء دور شمس:۔ زائچہ ورش چکل میں شمس کا قیام گیارہویں پارلیمانی امور میں ہمراہ مریخ زہرہ اور شمس و قمر ہے تحت الشعاع شمس نے سبھی ستاروں کو غروب کر دیا ہے۔ یہ چند دن قومی اسمبلی ایوان بالا سینٹ ممبران کے لئے اہم دکھائی دیتے ہیں۔ چھٹے نحس گھر کے حاکم قمر کا یہاں ہونا کسی اندرونی سازش کے بے نقاب ہونے کا اشارہ ہے۔ اور ممبران پارلیمانی میں بے چینی اور حزب اختلاف حکومتی کرپشن اسکینڈلز کو اچانک نمایاں کرے تبدیلی نظام حکو[illegible] اور بھی پیش کر[illegible]

26 دسمبر 2025ء تا 25 جنوری 2026ء دور قمر:۔ زائچہ ورش چکل میں قمر چھٹے نحس گھر کا حاکم ہوکر پارلیمانی گھر میں ہونے سے حکومتی کابینہ میں تبدیلیاں ممبران اسمبلی کے مابین مخالفت تنازعے اور نااتفاقی کا ہونا دکھائی دیتا ہے۔ بعض اہم سیاسی شخصیات بے مرتبہ بے وقار ہو سکتی ہیں۔

سیاسی معاملات غلط رُخ اختیار کر سکتے ہیں۔ عسکری ستارہ مریخ کی بھی یہاں موجودگی پارلیمانی حلقوں کو درہم برہم لڑائیاں جھگڑے تنازعے پارٹی ڈسپلن کی خلاف ورزیاں سیاسی بے چینی پھیلانے کی سازش اس زائچہ میں قانون سازی کا ستارہ زہرہ قانون پر عملداری میں ناکامی سے عوام خواص میں بے چینی کا اشارہ ہے۔ حکومت وقت پر لازم ہوگا کہ وہ بڑے پن کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپوزیشن کو برداشت کرے اور انکے جائز مطالبات کو حل کرے نیز اندرون ملک بڑھتی ہوئی سیاسی بے چینی پر قابو پانے کے لئے کوشش اور افواہوں کی گردش سوشل میڈیا کو کنٹرول کریں۔

25 جنوری 2026ء تا 16 فروری 2026ء دور مریخ۔ زائچہ ورش پھل میں مریخ دو اہم گھروں تیسرے پڑوسی ممالک ذرائع مواصلات عالمی ابلاغ عامہ سوشل میڈیا، ٹی وی چینلز پر پروپیگنڈہ اور دسویں سربراہ مملکت ملکی عزت و وقار اسلحہ ساز فیکٹریاں آئین انتخابات جمہوریت سے منسوب ہے۔ پڑوسی ممالک خصوصاً بھارت سے سرحدوں پر کشیدگی ٹریڈ و تجارت میں شکوک و شبہات ٹریفک حادثات ایک نئے جمہوری ڈکٹیٹر شپ کا آغاز ہوسکتا ہے۔ عسکری اداروں کو دشمن کی سازشوں سے محفوظ رہتے ہوئے عوام و خواص کی جان و مال کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے جدید تقاضوں کے مطابق دفاعی انتظامات کرنے ہونگے۔ دہشت گردی کے خاتمہ کے لئے دوست ممالک کے ساتھ ملکر اندرون ملک دہشت گردی پر قابو پانا ہوگا۔ ستارہ مریخ دیلو ٹو 28,27,26 جنوری زائچہ ورش پھل بارہویں اور زائچہ پاکستان میں ان کا نویں گھر قران خفیہ ملک دشمن قوتوں پر قابو پانے کی ضرورت پر زور دینا ہوگا۔ ملکی سروسز کے اداروں میں اندرون طور سے کچھ سازشیں جنم لے سکتی ہیں ملک اور اداروں کے خلاف بیرونی سازشوں کو بے نقاب کرنا اور ان کا خاتمہ از بس ضروری ہوگا۔

16 فروری 2026ء تا 12 اپریل 2026ء دور راھو:۔ زائچہ ورش پھل میں راہو مقابل کیتو طالع اور ساتویں گھروں کے حساس درجات سے تیسرے پانچویں نویں اور گیارہویں گھروں کو ناظر ہیں۔ حکمرانوں کیلئے عوام سے کئے گئے وعدے پڑوسی ممالک سے تعلقات سٹاک شیئرز اور پارلیمانی امور میں ہیجان خیز حالات افواہوں کا بازار گرم ہونے سے ملکی سٹاک پر برا اثر پڑسکتا ہے۔ 17 فروری سورج گرہن اپنے لگنے سے ایک ماہ قبل تا بعد زائچہ ورش پھل کے طالع پوری قوم کے گھر میں لگے گا جبکہ زائچہ پاکستان کے دسویں حکمران طبقہ اور حزب اختلاف کے مابین سیاست میں شدت سے اسمبلیوں کی کارکردگی متاثر ہوسکتی ہے۔ اندرون ملک افسوسناک واقعات عوام غمگین، عوام متاثر ہوں ملک میں ہونے والے واقعات خرابی جانی مالی نقصان کے ذریعے عوام سوگوار ہوں اندرون ملک افسردگی دکھ پایا جائے۔ 03 مارچ چاند گرہن اپنے لگنے کے پندرہ دن قبل تا بعد زائچہ ورش پھل میں ساتویں زائچہ پاکستان میں چوتھے لگنے سے عوام حکومت سے اور حکومت عوام سے نالاں رہے ان ایام میں اپوزیشن کا دباؤ حکومتی اداروں پر بڑھے چاند گرہن کے مزید ناقص اثرات حکمرانوں پر پڑیں اہم سیاسی شخصیات کے اندرون اور بیرون ملک دوروں پر تغیر و تبدل پایا جاتا ہے۔ اچانک کوئی طے شدہ بیرونی دورہ منسوخ کیا جاسکتا ہے۔ انہیں اپنے پروٹوکول کا خاص خیال رکھنا ہوگا۔

12 اپریل 2026ء تا 30 مئی 2026ء دور مشتری:۔ سعد اکبر ستارہ مشتری زائچہ ورش میں پانچویں رہتے ہوئے طالع اور نویں کو سعد ناظر رہے یہ ملک کی تقدیر بدلنے جیسا وقت ہوگا زائچہ پاکستان میں ستارہ مشتری کی سعادت کے سبب یکم جنوری 2026ء تا 02 جون 2026ء ملکی فنانس اور ریونیو میں اضافہ لانے کا باعث بنے ٹیکس اور محصولات سے آمدنی میں اضافہ ملکی خزانے میں اضافہ لانے کے لئے بینکنگ نئی کمرشل پالیسیاں متعارف ہونے سے حکومت کے ساتھ عوام الناس میں بھی اپنے روپیہ پیسہ کے درست استعمال اور ان سے فوائد اُٹھانے کا شعور آگاہی بڑھے گی اندرون ملک تجارتی صنعتی نفع بخش کمرشل پروگراموں میں عوامی تجارتی اور کمرشل حکومتی مصروفیت بڑھیں گی۔ سٹاک شیئرز لاٹریاں اور بٹ (Bitcon) کوئین غیر ملکی کرنسی اور قیمتی دھاتوں کی خرید و فروخت سے نفع بخش اسکیموں کی طرف عوامی رجحان بڑھے حکومت

تجارتی کمرشل سرگرمیاں بڑھانے کیلئے کاروباری طبقہ کو نئے کاروبار شروع کرنے کیلئے ترغیبات پروگرامنگ اور سرمایہ کاری میں سہولت فراہم کرے۔ **2026**ء کے ان ایام میں ٹریڈنگ امپورٹ ایکسپورٹ خصوصاً ایکسپورٹ کی نئی راہیں کھلیں۔

30 مئی 2026ء تا 27 جولائی 2026ء دور زحل:۔زائچہ ورش پھل میں زحل دوسرے ملکی فنانس زائچہ پاکستان میں گیارہویں ہر دو اہم گھروں میں ہونے سے اقوام عالم و عالمی سطح پر وطن عزیز کی عزت و توقیر میں اضافہ حکومتی ادارے تعمیر و ترقی کے کاموں میں ذمہ دارانہ فرائض کی انجام دہی خوش قسمتی کے ایک نئے دور کا آغاز ہوگا۔حکومتی ادارے صنعت کار تاجر برادری میں اتفاق و اتحاد سے تجارتی سرگرمیاں بڑھ جانے سے ملک کے زرمبادلہ میں اضافہ نہ صرف بلکہ انٹرنیشنل مالی فورم سے کاروباری سرگرمیاں بڑھانے کیلئے مزید فنڈز اور ٹیکنیکل ہنر مندی بھی فراہمی ممکن ہو سکے گی۔سرکاری و نجی ادارے اپنے اہم کاروباری پیشہ ورانہ شعبوں میں اتفاق و اعتماد محسوس کریں گے صوبوں اور مرکز کے تعاون سے وطن کے دفاع ترقی اور کاروباری، تعلیمی شعبوں میں طویل المعیاد فیصلے اور ان پر عملدرآمد کیا جا سکے گا۔سرکاری عسکری اور پرائیویٹ شعبوں کی فعال کارکردگی اور اپنے اپنے شعبوں میں ترقی، روشن مستقبل کے حصول کیلئے پہلے سے بنائے گئے تھینک ٹینک میں دانشور اعلیٰ قابلیت کے حامل افراد کو اندرون ملک اور بیرون ملک شامل کیا جائے گا۔

27 جولائی 2026ء تا 17 ستمبر 2026ء دور عطارد:۔زائچہ ورش پھل میں عطارد پانچویں خصوصاً آٹھویں نحس گھر کا حاکم ہو کر دسویں مقیم ہے۔جبکہ زائچہ پاکستان میں دوسرے فنانس پانچویں سٹاک شیئرز کا حاکم ہو کر ساتویں مقیم ہے۔عطارد فطرتی طور پر اطلاعات مواصلات کا حاکم یہ دور سوشل میڈیا سے افواہوں کا مرکز بنا رہیگا۔سرکاری اداروں کو عوام تک خوش کن حوصلہ افزاء خبریں بھی بہم پہنچانی چاہئے۔**12** اگست سورج گرہن ورش پھل میں چھٹے جبکہ زائچہ پاکستان میں تیسرے لگنے سے موسمی حالات میں شدت، آندھیاں طوفان سمندری سائیکلون دریاؤں میں سیلابی صورتحال طغیانی سے جانی مالی نقصان (ہماری دعا ہے کہ **78** سال سے جاری حکمرانوں نے **2025**ء میں آبی ذخائر ڈیم بنانے کا جو وعدہ کیا ہے۔اس پر عمل کریں تا کہ کم سے کم نقصان ہو۔) حزب اختلاف حکومت کے خلاف بغاوت سیاسی بے چینی اور پُرتشدد واقعات ہونے جیسے خدشات دکھائی دیتے ہیں۔**28** اگست زائچہ ورش پھل کے طالع (پوری قوم) میں چاند گرہن جبکہ زائچہ پاکستان بیت العزت حکمرانوں کے گھر چاند گرہن کا لگنا گرہن اپنے لگنے سے پندرہ دن قبل تا بعد تک بد اثرات دے سکتا ہے۔قوم و ملک میں سیاسی حکمرانوں کے لئے آزمائش و پریشانیاں لانے کا باعث بنے سربراہ مملکت کی شدید علالت کے ساتھ زندگی کو بھی خطرہ لاحق ہو سکتا ہے۔کابینہ میں ردوبدل دوست ممالک کے ساتھ خارجہ تعلقات میں غلط فہمیاں آزمائش و پریشانیاں غیر ملکی مالی اداروں سے مالی امداد ملنے میں بھی رکاوٹیں آسکتی ہیں۔سخت موسمی حالات کے سبب طوفان باد و باراں ژالہ باری سے سیلاب اور طغیانی سے فصلوں نیچوں مال مویشی کے ساتھ جانی مالی املاک کا نقصان ہونے جیسے خدشات دکھائی دیتے ہیں۔اچانک حالات و واقعات میں ناپسندیدہ تبدیلیاں متوقع دکھائی دیتی ہیں۔عوام و خواص کے ساتھ اہم سیاسی شخصیات متاثر ہو سکتی ہیں۔مشتری پلوٹو مقابلہ **16** تا **24** جولائی ہونے سے جبکہ ستارہ مشتری بارہ سال کے بعد شرف یافتہ زائچہ ورش پھل میں چھٹے اور زائچہ پاکستان میں تیسرے شرف یافتہ ہونے سے پاکستانی قوم کی تقدیر بدلنے اور انکی زندگی میں مثبت سوچ پرائمری سکول سے رائج کرنے عوام کی تربیت بیداری وطن سے محبت اور جذبہ ایثار و قربانی پیدا کرنے کے لئے حکومت کے تعاون سے رفاعی ایجوکیشن ادارے مل جل کر قوم کی اعلیٰ تربیت اور آنے والی نسلوں کے مقدر بدلنے کے لئے مثبت سوچ ترقی و خوشحالی جیسی اجتماعی پروگراموں کا آغاز کر سکتے ہیں۔ ملک کی بڑھتی ہوئی آبادی پر کنٹرول کیلئے آبادی کی منصوبہ بندی کے پہلے سے جاری پروگراموں کو شروع کیا جا سکے گا۔

17 ستمبر 2026ء تا 08 اکتوبر 2026ء دور کیتو۔زائچہ ورش پھل میں کیتو ساتویں زائچہ پاکستان میں تیسرے ہونے سے ادھر بارہویں نحس گھر کا حاکم ستارہ مریخ بھی **16** ستمبر تا **12** نومبر یہاں رہیگا۔سربراہ مملکت صدر، وزیر اعظم، سیاسی لیڈران نے قوم سے کئے گئے وعدے پورے نہ

کئے تو انہیں سخت تنقید اور رسوائی کا سامنا کرنے پڑے گا۔ سیلاب زدگان ناگہانی آفات کے متاثرین سرفہرست ہونگے۔ کیتو کی ساتویں موجودگی خارجہ پالیسی میں مثبت تبدیلیاں اور دوست ممالک کی تعداد میں اضافہ ان سے تجارتی ثقافتی رشتے مضبوط ہوں۔ نہ صرف بلکہ نرم ویزا پالیسی کے تحت دوطرفہ تجارت ٹورازم میں بھی اضافہ ہوگا۔ امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ انشورنس پالیسی پر سختی سے عمل کریں سمندری طوفان سائیکلون کے سبب تجارتی خسارہ سے بچیں۔ سٹاک شیئرز کا کام کرنے والے عوام الناس بیٹ کوئین کی طرز پر مالیاتی اسکیموں میں سرمایہ کاری میں محتاط رہیں۔ پرکشش مالی اسکیموں کے لالچ میں آکر نقصان کا اندیشہ ہے۔

18 اکتوبر 2026ء تا 08 دسمبر 2027ء دور زھرہ: ۔زائچہ ورش پھل میں ستارہ زہرہ چوتھے ارض وطن نویں عدلیہ، مذہب غیر ملکی تجارت کا مالک ہوکر گیارہویں تحت الشعاع غروب جبکہ زائچہ پاکستان میں یہ طالع چھٹے کا مشترکہ حاکم ہے۔ 2025-2026-2027ء اور 2027ء میں کلی طور سے خیر و برکت کا ستارہ مشتری بارہ سال بعد اپنے شرفی برج سرطان میں 18 اکتوبر تا 05 دسمبر 2025ء، 02 جون تا 31 اکتوبر 2026ء اور 25 جنوری 2027ء تا 25 جون 2027ء رہتے ہوئے پڑوسی ممالک چین، افغانستان، ایران سے مزید خوشگوار تعلقات اس عرصہ میں بے شک بھارت کی سیاسی قیادت بھی پاکستان سے تعلقات بہتر بنانے پر مجبور ہوگی۔ انہی ایام میں سی پیک منصوبہ مکمل ہوکر فعال ہوگا۔ تمام رکاوٹوں دہشت گردی کا خاتمہ ممکنہ عمل میں آئے گا۔ اندرون ملک ٹرانسپورٹ ریلوے کے نظام میں بہتری سی پیک منصوبے تحت نئی پٹریاں بچھائی جائیں اور ان کے دائرہ کار کراچی گوادر سے ایران تک وسیع کیا جائے۔ متعلقہ محکمہ ملازمین کی مراعات میں اضافہ کچھ نئی ائرلائین بھی پرواز کا آغاز کریں۔ سیاحت ثقافت کے شعبوں کی کارکردگی تو فعال کرنے کے ساتھ ساتھ سفر سے پہلے موسمی آگاہی بھی دی جائیگی۔ بین الاقوامی تنظیموں سے روابط مضبوط اور شیئرنگ بھی کی جائے دوست ممالک سے خارجہ تعلقات میں مزید بہتری سرکاری تجارتی وفود کے تبادلوں میں اضافہ سائنس ٹیکنالوجی خلاء بازی مکینیکل مشینری اور دیگر کئی ایک ایجادات میں تعاون بڑھے گا۔ ملک کے دفاع کو مضبوط اور ناقابل تسخیر بنانے کے لئے حکومت وقت متوجہ رہے دوست ممالک کے تعاون سے پہلے سے تیار شدہ عسکری ساز و سامان کو مزید بہتر اور ایکسپورٹ کوالٹی کا معیار بلند کیا جائے گا۔

08 دسمبر تا 20 دسمبر 2026ء دور شمسی: ۔ابتداء سال اور آخر سال زائچہ ورش پھل میں دور شمس نہایت اہم شمس، زحل تربیعات 29,30,31 دسمبر ناقص آسمانی کونسل پر بننے والی نظرات سیارگان اشرافیہ اور سیاسی شخصیات کو اپنے کیئریر میں مشکلات رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے ان کے بیرون ملک مالی اسکینڈل سوشل میڈیا پر ابھریں۔

بھارت: ۔ایشیائی ممالک میں تیزی سے ترقی کرتے ہوئے نریندر مودی وزیر اعظم ہند بننے سے پہلے **گجرات میں ہٹلر 2025ء میں یزیدیت** کے نئے کردار کے روپ میں انکے اصلی چہرہ نے عالمی سطح پر اپنے ہی ملک کو ڈبو دیا۔ **زنجانی جنتری 2025ء میں پاکستان سے جنگی محاذ آرائی کی اور جس ملکی ترقی کا دعوی بلاشبہ بھارت کر رھا ھے** بین الاقوامی سازشوں کا شکار ہوتے ہوئے کئی ایک ممالک سے سرد جنگ (سپر پاور امریکہ، چین سے شروع ہوچکی) میں ملوث ہوکر اپنی ترقی کا پہیہ روک سکتا ہے۔ (امریکہ ٹیرف اس کی ایک مثال ہے۔) یہ بھی واضح پیش گوئی زنجانی جنتری 2025ء میں درج ہیں۔ 06 تا 10 مئی کی جنگ میں مودی کا تکبر غرور خاک میں مل گیا زائچہ میں بارہویں 20 اکتوبر 2024ء (کچھ وقفہ) 07 جون 2025ء تک ساتویں بارہویں نحس گھر کے حاکم مریخ کا طویل عرصہ برج سرطان ہبوط یافتہ رہنا مودی کے غلط سیاسی فیصلوں سے خود نہ صرف ملک و قوم کی سبکی کروائی۔ آسمانی کونسل پر بھارتی زائچہ میں ایک اور خرابی بارہویں نحس گھر کے حاکم مریخ کو مہادشا 10 ستمبر 2025ء تا 10 ستمبر 2032ء تک جاری رہیگی۔ جس تیزی سے ملک نے ترقی کی تھی اسی تیزی کے ہمسایہ ممالک سے جنگی جنونی پن سپر پاور امریکہ سے محاذ

آرائی کے ساتھ بھارت کا زوال نریندر مودی کے ہاتھ دکھائی دیتا ہے۔ سیاسی پارٹیاں کانگریس سے اہم سیاسی شخصیات ملکر مودی کو ہٹانے کے لئے اس کے خلاف نوکنفیڈنس کی تحریک اسمبلی میں لائی جاسکتی ہے۔ مودی سرکار کی موجودگی میں بھارت کی ترقی رک چکی ہے۔ BJP کی حکومت کی تبدیلی اور کانگریس نواز سیاست دانوں کی مستقبل میں حکومت بننے سے ترقی میعاد شامرنج میں انتردشا مرنج 10 ستمبر 2025ء تا 06 فروری 2026ء تک رہیگی۔ مجموعی طور سے یہ سارا دور ملک کے عزت و وقار کو سنبھالا دینے کے لئے سنجیدہ سیاست دانوں کو کوشش کرنا ہوگی عسکری ستارہ مریخ کے نحس دور میں تینوں عسکری افواج کی یکجہتی سازشوں کا شکار ہوں۔ اسلحہ کی اندھا دھند خریداری میں سیاست دانوں کے ساتھ جرنیوں کے اسکینڈل بھی منظر عام پر آئیں۔ ایک ارب 45 کروڑ آبادی کے اس ملک میں علیحدگی پسند تنظیموں کا زور شروع ہوجائیگا پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی بھارتی سازشیں مکافات عمل کا شکار ہونگی۔ بنگلہ دیش، نیپال میں تو انقلاب آچکا ہے۔ بھارت کی سب سے بڑی اقلیت سکھ برادری خالصہ تحریک زور پکڑے خالصتان کی آزادی کے لئے کئی یورپی ممالک کی حمات حاصل کرنے میں کامیاب بھی ہوں۔ بھارتی زائچہ کے اوٹر پلانٹ یورانس طالع میں یورانس گیارہویں پارلیمنٹ کے گھر اور پلوٹو نویں عدلیہ اور خارجہ معاملات کے گھر سارا سال طالع کے حساس درجات سے ناظر ہونگے۔ خصوصاً ستارہ یورانس 19 مارچ 2025ء تا 21 اگست 2032ء طالع میں رہیگا۔ بھارتی زائچہ برج ثور 8 درجہ 2 دقیقہ ہے۔ یورانس 2026ء میں 3 تا 9 درجے طالع کے حساس درجات سے ناظر ہونے سے اندرون ملک غیر متوقع اتفاقیہ سیاسی تبدیلیاں لانے کا باعث بنے سیاسی انقلاب آجانے سے مودی سرکار کا تختہ پلٹ سکتا ہے۔ کئی صوبوں کی سرکار اور بلدیاتی نظام میں بھی تبدیلیاں مستقبل میں شدید سیلاب کے خطرات سے بچنے کے لئے حفاظتی اقدامات کئے جائیں گے۔ گیارہویں پارلیمانی گھر میں نیپچون بھی سارا سال 5 تا 10 طالع کے حساس درجات پر رہتے ہوئے 08 فروری تا 05 مارچ نیپچون زحل حالت قران میں رہیں گے۔ اندرون ملک سیاسی تبدیلیاں اور مودی سرکار کو رخصت کرنے کے لئے سیاسی جوڑ توڑ عروج پر ہوگا حکومت اپوزیشن سیاسی لوگوں کے پھیلائے گئے پروپیگنڈہ کام کر جائیں گے۔ اہم سیاسی شخصیات تنہائی کا شکار ہوسکتی ہیں۔ پلوٹو کا نویں قیام تبدیلی نظام عدل وانصاف کا اشارہ 2026ء میں اپنا عالمی کھویا ہوا وقار [illegible]

بھارتی زائچہ گرھنوں کے آئینہ میں:۔ 17 فروری حکمران طبقہ اور ملکی عزت و وقار کے گھر سورج گرہن لگنے سے حکومت وقت سیاسی زوال کا شکار ہو عالمی سطح پر ملکی عزت وقار میں خارجہ غلطیوں سے خارجہ محاذ پر انٹرنیشنل میڈیا پر سبکی ہوگی۔ 03 مارچ چوتھے چاند گرہن سے حکومت اپوزیشن کے مابین شدید سیاسی اختلافات اسمبلی کے اندر اور باہر رہیں۔ عوامی احتجاج غم وغصہ میں اضافہ ہو۔ 12 اگست سورج گرہن تیسرے لگنے سے مواصلاتی ٹریفک، ہوائی حادثات پیش آنے کا اندیشہ پڑوسی ملک کی سرحدوں پر فوجی نقل وحمل بڑھائی جاسکتی ہے۔ 20 اگست دسویں ایک بار پھر حکمرانوں کے گھر چاند گرہن موسمی حالات میں خرابی فصلوں اور نباتات پھل پھول سبزیاں بیجوں کے ساتھ مال ومویشی کے نقصانات طوفان بادوباراں ژالہ باری اور سیلابی دریاؤں کی طغیانی سے بچنے کے لئے حفاظتی اقدامات بڑھانے ہونگے۔ تاکہ گزشتہ سال کی طرح ممکنہ نقصانات سے بچا جاسکے۔ (**نوٹ**:۔ سورج گرہن مہینہ قبل تا بعد چاند گرہن اپنے لگنے سے پندرہ دن قبل تا بعد نحوست دے سکتے ہیں)

بنگلہ دیش:۔ برادر ملک بنگلہ دیش اپنے قیام کے 54/53 سال میں مکافات عمل بھارتی سازشوں سے نکل کر دوبارہ پاکستان کے قریب آچکا ہے۔ ابتک دونوں ممالک کے مابین اعلیٰ سطح پر درجنوں معاہدے کئے جاچکے ہیں۔ 23 فروری 2023ء سے ستارہ زہرہ بیس سالہ دور اکبر جاری ہے اس میں انتردشا بھی زہرہ 26 جون 2026ء تک رہیگی۔ زہرہ بارہویں نحس گھر کا حاکم ادھر بنگلہ دیش ستارہ زحل کی ساڑھ ستی سے بھی گذر رہا جس میں آزمائش طلب دور 15 اکتوبر 2030ء تک رہیگا۔ بنگلہ دیش کا قیام 26 ستمبر 1971ء ہوا تب معیشت فنانس ریونیو اور سٹاک شیئرز، بچوں کی افزائش کا حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری

طالع میں تھا۔ ابھی بارہ سال کے بعد ستارہ مشتری زائچہ کے نویں گھر ملکی قوانین خارجہ پالیسیاں اعلیٰ عدلیہ مذہبی امور غیر ملکی ویزا پالیسی سائنسی ایجادات، خلائی تحقیق ہوائی اور سمندری سفر و تجارت کے گھر سعد اکبر ستارہ مشتری بارہ سال کے بعد **18** اکتوبر **2025**ء تا **05** دسمبر **2025**ء، **02** جون **2026**ء تا **31** اکتوبر **2026**ء اور **25** جنوری **2027**ء سے **26** جولائی **2027**ء تک تین مرتبہ نصیب کے گھر آ کر شرف یافتہ ہوگا۔ زائچہ قیام کے طالع میں مشتری اور نویں اپنے فطرتی گھر میں شرف یافتہ کی سہ بارآمد مندرجہ بالا تواریخ میں مشتری کی مشتری سے تثلیث کی ناظر قائم رہیگی۔ ان ایام میں ملکی ٹریڈ امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ خصوصاً ایکسپورٹ میں ریکارڈ اضافہ ہونے سے ملکی معیشت ریونیو میں اضافہ، دوست ممالک سے تجارتی و ثقافت میں اضافہ سمندری اور ہوائی سہولتوں میں اضافہ ہو سکے گا۔ زائچہ میں خراب ستارہ زہرہ اور دورے زہرہ کے خراب اثرات دور رہیں گے۔ ملک کی تعمیر و ترقی کے ایک نئے دور کا آغاز ہو سکے گا۔ بیرون ملک افرادی قوت روزگار میں اضافہ کا باعث بنے دوست ممالک سے دفاع وطن کے لئے کئی ایک نئے معاہدے کئے جاسکیں گے۔

امریکہ:۔ طالع پیدائش زائچہ برج سرطان **20** درجہ پر ہے۔ حاکم ستارہ قمر کی آج کل مہادشا قمر **08** اپریل **2022**ء سے **07** اپریل **2032**ء جاری ہے۔ **2026**ء میں امریکہ کی **245** سالگرہ منائی جائیگی۔ ڈونلڈ ٹرمپ کے صدر بنتے ہی روس، چین، شمالی کوریا کے اتحاد نے دُنیا میں طاقت کے توازن کو بدل کر رکھ دیا ہے۔ زائچہ میں طالع کا حاکم قمر گیارہویں پارلیمانی جمہوری گھر میں شرف یافتہ اسی سبب امریکہ اپنے آپ کو مہذب دُنیا کی جمہوریتوں کا چیمپئن سمجھتا ہے۔ ستارہ مشتری زائچہ میں چھٹے تمام ملکی سروسز ادارے اور نویں خارجہ امور بیرون ملک ٹریڈ امپورٹ ایکسپورٹ ہوائی بحری سمندری سفر اعلیٰ عدلیہ سائنسی ایجادات نیوکلیر ایٹمی توانائی ری ایکٹر خلا بازی راکٹ مذہبی امور ملکی و غیر ملکی سفر پاسپورٹ ویزا پالیسی جیسے سبھی امور سے منسوب بارہ سال بعد ستارہ مشتری زائچہ کے طالع میں تین مرتبہ **18** اکتوبر **2025**ء تا **05** دسمبر **2025**ء، **02** جون **2026**ء تا **31** اکتوبر **2026**ء اور پھر **26** جون **2027**ء ستارہ مشتری شرف یافتہ رہیگا۔ سبع کواکب میں یہ ستارہ اسباب خوش بختیاں لانے کا ستارہ ہے۔

2026ء کا مفرد نمبر **1** ستارہ شمس اور عالمی لیڈروں سے منسوب شمس کا دوست ستارہ مشتری کے شرف یافتہ رہنے سے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ دُنیا میں قیام امن کیلئے اپنی برتری کے ساتھ آمادہ ہونگے۔ ستارہ مریخ یوں بھی امریکہ زائچہ میں سربراہ مملکت پر دسویں کے ساتھ ساتھ پانچویں شعور اور اک امریکہ تھینک ٹینک پینٹاگون کا بھی مالک ہے۔ ستارہ مریخ کے **2025**ء میں غیر معمولی بد اثرات امریکی حکام اور تھینک ٹینک سے عالمی غلط فیصلے سرزد ہونے سے ملک کا بین الاقوامی وقار متاثر ہوا۔ اس کی سپر میسی کمزور ہو۔ چین/روس سے خصوصاً عرب ممالک سے خارجہ تعلقات محاذ آرائی کشیدگی بین الاقوامی ملکی عزت و وقار میں کمی ستارہ پلوٹو **25** فروری **2020**ء تا **16** جنوری **2040**ء امریکہ کی جنگجو نہ پالیسیاں غیر ممالک سے جنگی تنازعے جھڑپیں جو بتدریج یوکرائن/اسرائیل/فلسطین/عرب سے بڑھتی جارہی ہیں۔ غزہ میں حماس امن معاہدہ ادھورہ امن معاہدہ امریکہ کے اتحاد اور انکے اتحادی ممالک کے استحکام کے لئے نقصان دہ ہے۔ چین کی بڑھتی ہوئی عالمی مقبولیت اور عسکری قوت سے امریکہ خائف ہو چکا ہے۔ اپنے سپر میسی کے اقتدار کو طول دینے کا سلسلہ اگرچہ بند نہیں کرے گا۔ عالمی امن ایوارڈ کی نامزدگی اور وصولی کے شوق میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ ستارہ مشتری کی **2026,2025** اور **2027**ء کی سعادت کے سبب مجبور ہونگے کہ قیام امن کیلئے نہ چاہتے ہوئے بھی انہیں عالمی دباؤ کے آگے مجبور ہونا پڑے گا کہ یہ عالمی قیام امن کے لئے **2026**ء میں کوئی اہم مثبت فیصلہ کریں۔ سات جنگیں بند کرنے کے دعویدار اپنے وعدہ کے مطابق کشمیر فلسطین کا مسئلہ **UNO** کے مطابق حل کروا کر عالمی امن ایوارڈ کی توقع کریں۔ ادھوری کوشش ادھورا انعام یا بدنامی۔

چین:۔ حدیث رسولؐ علم حاصل کرو خواہ تمہیں چین کیوں نہ جانا پڑے **1400** سال قبل فرمان رسول آج پوری دُنیا جان چکی ہے چائنہ کا طالع برج جدی اور اس کے زائچہ میں **20** سالہ مہادشا ستارہ زہرہ **25** نومبر **2023**ء تا **20** نومبر **2043**ء جاری ہے۔ جو اس کے بیت العزت اور حکمرانی اور ملکی د

عالمی سٹاک شیئرز سے منسوب یوں یہ بتدریج (علامہ اقبالؒ کے بقول **مشرق سے اُبھرتے ہوئے سورج کو ذرہ دیکھ**) آسمانی کونسل کے مطابق 20 سالہ چین کی عالمی ترقی کا دور ہے۔ (شہزادہ حافظ سیّد محسن علی زنجانی نے حال ہی میں چین کی سیاحت کی ان کا بتانا ہے کہ چین دُنیا سے 200 سال آگے نکل چکا ہے) ستارہ مشتری چھٹے صحت عامہ اور ملکی سروسز کے تمام اداروں کے گھر 14 مارچ 2025ء تا 18 اکتوبر 2025ء اور پھر 05 دسمبر 2025ء تا 02 جون 2026ء تک رہیگا مشتری کی سعد نظر دوسرے ملکی معیشت اور ملکی عزت ووقار مضبوط قیادت سے ہے۔ ستاروں کی سعادت کے نتیجہ میں **چین VS امریکہ 03 ستمبر 2025ء بیجنگ میں عظیم الشان عسکری پریڈ کرکے عالمی دُنیا کو پیغام دیا ہے کہ امریکہ کی سپر میسی کا سورج ڈوب رہا ہے۔ چین اور اس کے اتحادی روس ملکر اب مستقبل کی سپر پاورز ہونگے**۔ 2026ء کا مفرد عدد 1 ہے۔ عالمی جنگوں کے خالق جنگی جنون میں مبتلا امریکہ باز آجائے تو 2026ء میں دُنیا میں امن قائم کرنے کیلئے چین اپنا عالمی امن کردار ادا کرسکتا ہے۔ ماضی میں ایران سعودیہ عربیہ کی دوستی اور افغانستان پاکستان تعلقات میں بہتری اور غزہ فلسطینی عوام سے ہمدردی اور انہیں ادویات خوراک بھیجوانا انسانیت کی خدمت جبکہ امریکہ کو سرپرستی میں اسرائیل کی بظاہر نہ ختم ہونے والی جنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ 2027,2026,2025ء میں سیّ کواکب ستارہ مشتری کی عالمی سعادت انفرادی اور سیاسی طور سے سب انسانوں اور ملکوں کو ملیں گئیں۔ سیاسی پیدائشی زائچہ چین ملاحظہ کریں تو اس کے ساتویں گھر ستاہ مشتری شرف یافتہ رہتے ہوئے 7,3,1 اور 11 ویں گھروں کو نہایت سعد ناظر ہے۔ چائنہ کی اصل ترقی کا راز قدرت کی مہربانی دکھائی دیتی ہے۔ طالع ملک وقوم تیسرے مواصلات پڑوسی ممالک (دُنیا آج گلوبل ویلج بن چکی ہے) ساتویں بین الاقوامی سیاسی ثقافتی تجارتی تعلقات اور حکومت وقت کے عوام کی فلاح وبہبود کیلئے فلاحی کام اور گیارہویں اس گھر مشترکہ ایوان پارلیمنٹ انسانیت کی بنیاد پر قوم سے تعلق ملک کی تہذیب وثقافت کاروباری تجارتی ترقی ونفع دوست ممالک کے ساتھ تعلقات ملک کے مستقبل کو روشن بنانے کے لئے منصوبہ جات خوشحالی اور دوست ممالک کے لئے اُمید کی کرن اور توقعات کا گھر ہے خوش بختی سے یہی سعد اکبر ستارہ مشتری جوزائچہ میں شرف یافتہ ہے چلت کا ستارہ مشتری بارہ سال بعد یہاں 18 اکتوبر 2025ء تا 05 دسمبر 2025ء، 02 جون 2026ء تا 31 اکتوبر 2026ء اور 25 جنوری 2027ء تا 26 جون 2027ء تک یہاں رہتے ہوئے چین جنگی جنون میں مبتلا امریکہ کے برعکس عالمی امن ترقی خوشحالی کا پیغامبر بن کر اُبھرے گا۔ افریقہ ایشیائی یورپی اور عرب ممالک سے تجارتی سفارتی تعلقات میں اضافہ ہوگا۔ چین نے عالمی گلوبل ویلج میں انسانیت عالمی امن کیلئے ماضی میں گزشتہ کچھ کام کئے ہیں۔ 2026ء میں چین پاکستان کی تجارتی ثقافتی خصوصاً عسکری تعاون میں اضافہ ہوگا گزشتہ سال 2025ء معرکہ حق میں چین نے پاکستان کی مکمل حمایت اور مدد کی 2026ء ہر دو ممالک میں سعادت مشتری کے سبب پاک چین کی دوستی تعاون بڑھے گا۔ پاکستان امریکی اثرورسوخ میں کمی لاکر چین سے تعلقات میں اضافہ اور اس مشکل تعلقات کے توازن میں کامیاب بھی ہوگا۔

ایران:۔ محافظ عالم اسلام اور ھمدرد غزہ فلسطین اور کشمیر ایرانی قوم نے سینکڑوں قربانیوں اور امریکہ کے ایران پر تین جوہری تنصیبات پر حملے کے جواب میں سپر پاور کو جواباً حملہ کرکے یہ بتا دیا ہے کہ **سپر پاور صرف اور صرف اللہ کی ذات ھے**۔ آسمانی کونسل پر ستاروں کے مشاہدہ نے عجیب وخوبصورت انکشاف کیا کہ چین، برطانیہ کے زائچوں کے علاوہ زائچہ انقلاب ایران میں طالع برج سرطان میں ستارہ مشتری شرف یافتہ تھا جو کُلی طور سے خیر وبرکت روحانیات عزت وتوقیر اور مصیبت پریشانی سے ہمیشہ خوش اسلوبی سے گذرنے کا دائمی ثمرہ ہے۔ اسی سبب ایرانی قوم مسلسل عالمی (امریکی) پابندیوں کے بعد ہر مشکل پریشانی سے نکل ہی جاتی ہے۔ یوں بھی **ایران کے آئین میں لکھا ھے یہ ملک**

حجت القائم امام مھدی علیہ السلام کی امانت ھے۔ موجودہ حکمران آپ کے خادمین کے طور سے حکومت چلا رہے ہیں۔ آپ جب بھی ظہور فرمائیں گے ایران کی حکومت آپ کے حوالہ کردی جائیگی۔ [redacted] انقلاب ایران کے قومی پرچم پر او پر اللہ اکبر اور درمیان میں اللہ لکھا ہوا ہے۔ جھنڈا میں سفید رنگ امن سرخ قربانی سبز خوشحالی کو ظاہر کرتے ہیں۔ چین، برطانیہ اور ایران دُنیا میں خوش قسمت ملک ہے جسکے انقلابی یا پیدائشی زائچہ میں سعد اکبر ستارہ مشتری شرف یافتہ ہے۔ **2025,2026,2027**ء میں سہ مرتبہ **18** اکتوبر تا **05** دسمبر، **02** جون **2026**ء تا **31** اکتوبر **2026**ء اور **25** جنوری **2027**ء تا **26** جون **2027**ء مشتری کے طالع (پوری قوم) میں رہے گا۔ فن علم نجوم کے تحت طالع اور پھر شرف یافتہ کا یوں قیام نہایت اعلیٰ اور مفید مانا جاتا ہے۔ عوام اور ملک میں امن اور چین اور سکھ بڑھے گا۔ حکومت وقت پہلے سے زیادہ مضبوط وانتظامی معاملات میں فعال ہوگی۔ ارض وطن، باغات اور فصلوں کی کاشت کاری کے عمدہ نتائج بنجر جگہوں پر دریائی یا ڈیم کے پانی کو پہنچا کر کاشت کاری کے قابل بنایا جاسکے گا۔ خوشحالی کے ایک نئے دور کا آغاز ہوگا۔ تجارت کاروبار ٹریڈنگ امپورٹ ایکسپورٹ (جس پر سپر پاورز نے پابندی لگا رکھی ہے) کے کاروبار میں بہتری بلواسطہ یا بلاواسطہ دوست ممالک سے تجارت کا حجم بڑھے گا۔ ملکی ذرائع آمدن معیشت میں اضافہ ملکی عسکری دفاعی ضروریات کو ترجیح دی جائیگی ملکی تعمیر وترقی اور بحالیات کے کاموں میں تیزی آنے سے ریونیو میں اضافہ ستارہ مشتری **1,5,7** اور **9** ویں گھر کو اس عرصہ میں سعد ناظر رہنے سے قومی عزت دوقار میں اضافہ کے ساتھ شادیوں کے ساتھ ساتھ بچوں کی شرح افزائش گزشتہ سالوں کے مقابلے میں دوگنی کھیل کود اور قومی سطح پر نوجوان کھیلوں کو سپورٹ اور انہیں اعزازات سے نوازا جائے گا عالمی سٹاک شیئرز میں ایرانی مصنوعات اور کرنسی پہلے سے مضبوط ہوگی۔ خارجہ محاذ میں نئی کامیابیاں دوست ممالک کی تعداد میں اضافہ ہمسایہ ممالک (پاکستان، ترکی) سے اعتماد وتجارت میں اضافہ سپر پاور امریکہ اسرائیل کو کسی شرانگیزی کے نتیجہ میں مزید سبکی اُٹھانی پڑے امیگریشن قوانین میں ترقی و بہتری سے سیر وسیاحت اور کمرشل تجارت میں اضافہ تعلیمی و مذہبی اداروں کا طلبہ پر خصوصی توجہ اور انہیں مراعات دی جائیں گی سائنسی عسکری ایجادات مضبوط ملکی دفاع نئی تجارتی پالیسیاں بنانے سے نئی منڈیاں تلاش کی جاسکیں، ہوائی اور شپنگ انڈسٹری میں نمایاں اضافہ ہو۔ مسلح افواج، بحری، بری اور فضائیہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ کے لئے دوست ممالک سے اپنے عسکری طلبہ کیڈٹ کی تربیت کا اہتمام کیا جائیگا۔

آپ کی شخصیت:۔ الوہیت اور نئی شروعات کا سال **2026** ء مفرد نمبر **1** شمسی سال کی ابتداء میں چار اہم ستارے شمس عطارد زہرہ مریخ کا آٹھویں شمس گھر میں ہونا اور راہو کیتو کا دسویں چوتھے آجانا اس سال اہم غیر متوقع تبدیلیاں ممکنات میں سے دکھائی دیتی ہیں آپ کا حاکم ستارہ زہرہ **02** مارچ تا **26** مارچ شرف یافتہ، **19** اپریل تا **14** مئی اور پھر **02** ستمبر تا **06** نومبر عروج واوج یافتہ رہتے ہوئے آپ کی سماجی وسیاسی حلقوں میں خاصی عزت و پذیرائی اور مصروفیت میں اضافہ عزت وشہرت کے ساتھ ساتھ بااثر افراد کی جانب سے مالی واخلاقی تعاون میسر آئے خصوصاً ستارہ مشتری **02** جون تا **31** اکتوبر برج سرطان میں جب شرف یافتہ ہوگا یہ وقت آپ کی زندگی کے سبھی معاملات کو چار چاند لگانے کیلئے آسانیاں فراہم کرے گا۔ مالی و مادی فوائد اہل خاندان عزیز واقارب اور پڑوسیوں سے اچھے تعلقات اندرون و بیرون ملک خوشگوار سفر پیش آئیں۔ نصیب و عزت کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل سارا سال بیت الامید میں رہتے ہوئے آپ کی دیرینہ خواہشات کی تکمیل اور غیر متوقع کاروباری اور زمین وجائیداد کی خرید وفروخت سے فوائد ملیں۔ زہرہ زحل سعد نظرات **16,15,14** جنوری، **9,8,7** مارچ، یکم، **2** مئی، **26,25,24** جون اس سال کی نہایت سعد اہم تواریخ دکھائی دیتی ہیں جب آپ اپنے مسائل و وسائل کو یکجا کر کے اپنی زندگی کی نئی شروعات یا اپنے جاری کاموں میں نظر ثانی کر کے اپنے کاموں کو بہتر بنانے کی طرف توجہ فرمائیں۔ اگلے سال **03** جون **2027** ء آپ کی ساڑھ ستی ساڑھے سات سالہ آزمائش کا دور شروع ہونے والا ہے انسب ہوگا کہ آپ اپنے آئندہ آنے والے سات آٹھ سال کی مثبت پلاننگ فرمالیں اپنے ہاتھ میں ایک اچھا سا **یاقوت** چاندی میں بنوا کر پہننا نیک رہے گا۔ باجرہ چاول کا ٹوٹا پانی بلاناغہ حسبِ توفیق پرندوں کی دعوت کریں سورۃ والضحیٰ کی پانچویں آیت وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ **313** مرتبہ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دُعائیں کرنا معمول بنالیں اور اس معجزاتی آیت کے فیوض وبرکات سے فیض یاب ہوا کریں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ بیت المال کا حاکم ستارہ عطارد یکم تا **17** جنوری اور **11** اپریل تا **30** اپریل وبال یافتہ ان مشترکہ ایام میں مالی لین دین تحریر وتقریر میں محتاط رہیں۔ ستارہ زہرہ **02** تا **26** مارچ شرف یافتہ، **19** اپریل تا **14** مئی اور، **02** ستمبر تا **06** نومبر عروج واوج یافتہ رہتے ہوئے ذرائع آمدن میں اضافہ آپ کی خوش لباسی خوش اخلاقی کے ساتھ اہل خاندان میں بھی اضافہ ہوتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ عطارد زہرہ سعد نظرات **31,30,29,28,27** جنوری، یکم، **28,27** مارچ، **25,24,23** جولائی، **15,14,13,12** اگست، **7,6** اکتوبر بننے سے غیر متوقع طور سے ذرائع آمدن میں اضافہ اپنے مستقبل کی معاشی پلاننگ کے ساتھ ساتھ کوئی بڑا انشورنس کلیم لینا بھی ایک اچھی طویل المعیاد سرمایہ کاری ہوسکتی ہے۔ دولت کا فطرتی ستارہ مشتری یکم جنوری تا **02** جون بارہ سال کے بعد آپ کے خانہ مال میں آکر آپ کو اپنی معاشی پلاننگ اور مستقبل کی فنانشل ترتیب میں آسانیاں فراہم کرے گا معاشی امور کے ماہرین سے بھی ضرور مشاورت کریں تاکہ آپ کو کامیاب زندگی گزارنے کے ڈھنگ سے آشنا ہوسکیں آپ کا تعلق زندگی کے

کسی بھی شعبے سے کیوں نہ ہو آپ اپنے مسائل اور وسائل میں رہتے ہوئے مستقبل کی عمدہ پلاننگ کرنے میں کامیاب ہوسکیں گے۔

عزیز و اقارب و اندرون ملک سفر: ۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ قمر (چندرماں) ابتدائے سال میں طالع میں شرف یافتہ پوزیشن کے سبب یوں معلوم ہوتا ہے کہ اس سال عزیز و اقارب بہن بھائیوں سے تجدید مراسم اور نئے نئے پڑوسیوں سے ملاقات اندرون و بیرون ملک کئی ایک متعدد خوشگوار سفر پیش آئیں اور ان میں اضافہ ہو۔ فطرتی خیر و برکت سعد اکبر ستارہ مشتری کے تیسرے برج سرطان میں 02 جون تا 31 اکتوبر آ جانے سے مزید خوشگواریاں حج عمرہ و زیارات اور اندرون و بیرون ملک سیر و تفریح کئی ایک مطالعاتی سفر پیش آئیں۔ ستارہ قمر ہر ماہ اڑھائی دن کیلئے برج ثور اور سنبلہ میں آ کر خوش بختیاں جبکہ برج عقرب جدی میں چاند کی کمزور پوزیشن مسائل و تفکرات کو جنم دینے کا باعث بنتا ہے جنتری ہذا میں چاند کی ان تواریخ کو بآسانی دیکھ سکتے ہیں۔ حسب توفیق چاول کا ٹوٹا پانی پرندوں کو ڈالنا آپ کا بہترین صدقہ اور توشہ آخرت کیلئے زاد راہ ثابت ہوگا۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت: ۔ 2026ء میں کیتو چوتھے راہو مقابل دسویں یکم جنوری تا 30 نومبر ان کا یہاں قیام آپ کے خانگی خاندانی کاروباری ملازمتی اور روز و شب کی مصروفیات میں اس سال اہم اور غیر متوقع تبدیلیاں دکھائی دیتی ہیں آپ چاہیں یا نہ چاہیں اس سال آپ کی زندگی میں کچھ اہم غیر معمولی اور اچھے واقعات بھی متوقع دکھائی دیتے ہیں۔ ذاتی گھر اور سواری کا سکھ زراعت و باغبانی میں سائنسی اصولوں کی بنیاد پر اپنے کام کو مزید نفع بخش محنت کے ساتھ بنا سکتے ہیں اپنے والدین اور خصوصاً والدہ کی صحت کا خیال رکھیں وتد الارض کا حاکم ستارہ شمس 14 اپریل تا 14 مئی شرف یافتہ، 15 جون تا 17 اگست اوج یافتہ، 17 اگست تا 16 ستمبر عروج یافتہ رہتے ہوئے خاندانی اور خانگی خوشیوں میں اضافے کا باعث اہل خاندان کے ساتھ خوشگوار وقت گزارنے کے مواقع ملیں۔ شمس زہرہ زحل سعد نظرات 18,17,16,15,14 جنوری، 9,8,7 مارچ، یکم 3,2, مئی، 4,3,2, 26,25,24 جون، 8,7,6 اگست، 30,29 نومبر، یکم دسمبر بننے سے آپ اپنے اہل خانہ اور خاندان کے مستقبل کو درخشاں اور تحفظ دینے کیلئے بہترین فیصلے کر پائیں۔ اپنے گھر کی چھت پر سات اناج ملا کر بمعہ پانی پرندوں کو ڈالنا معمول بنالیں دن بدن نیکیاں پائیں۔

اولاد، انعامات و محبت: ۔ بیت الاولاد کا حاکم ستارہ عطارد یکم تا 17 جنوری اور 11 اپریل تا 30 اپریل وبال یافتہ ہونے سے صاحب اولاد افراد کو اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ مرکوز کرنی ہوگی ورنہ یہ زمانے کی بے راہ روی میں بہہ سکتے ہیں ستارہ عطارد 07 جولائی تا 05 اگست عروج یافتہ اور 22 اگست تا 07 ستمبر شرف یافتہ رہتے ہوئے اولاد انعام محبت سے سکھ ملے۔ ستارہ عطارد کی سعد پوزیشن آپ کے شعور و ادراک میں اضافے کا باعث بنے آپ اپنے بچوں کی تعلیم کامیابی شادی بیاہ منگنی کی خوشیاں بھی دیکھ پائیں۔ جون تا اکتوبر ستارہ مشتری کی سعادت آپ میں اچانک جذبہ شوق روحانیت بھی بڑھے خدا شناسی اور خود شناسی کی طرف آپ اپنے آپ کو متوجہ کر پائیں اور انہی ایام میں اچانک امیر ہو جانے کی خواہش بھی اُبھرے ان ایام کے علاوہ انٹرنیشنل لاٹریز اور پرائز بانڈ میں دلچسپی رکھنے والے افراد 14,15,16,27,28,29,30,31 جنوری، 16,17,27,28 فروری، یکم 10,9,8,7, مارچ 2,3,4,12,13,14,19,20,21 اپریل، یکم 2,3,12,13,22,23 مئی، 9,10,11,24,25,26 جون، 23,24,25 جولائی، 12,13,14,15,16,17,18,19,28 اگست، یکم 2,3,4,21,22 ستمبر، 6,7 اکتوبر، 2,3,4,5,6,26,27,28,29,30 نومبر، 11,12,23,24 دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارے کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب "**انعام لکی نمبرز**" کا مطالعہ آپ کو انعام کے نزدیک لے جائیگا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

صحت و امراض، ملازمتی کیریئر: ۔ بیت المرض اور طالع کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ یکم تا 13 جنوری اور 26 مارچ تا 19 اپریل، یکم اگست تا 02 ستمبر اور 06 تا 22 نومبر زہرہ کی کمزور پوزیشن اپنا اور اپنی فیملی کا میڈیکل چیک اپ ان ایام میں ممکن ہو تو ضرور کروائیں اپنی شفایابی روحانی قوت اور حفظان صحت کے بنیادی کلیات ضرور جانیں خصوصاً اپنا بلڈ پریشر یورک ایسڈ اور شوگر کا ٹیسٹ ضرور کروائیں جسمانی علاج کے ساتھ ساتھ ستر مرتبہ سورۃ

الفاتحہ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر روزانہ اپنے اوپر دم کریں اور دم شدہ پانی پینا معمول بنالیں۔ زہرہ زحل سعد نظرات **16,15,14** جنوری، **9,8,7** مارچ، یکم، **2** مئی، **26,25,24** جون بننے سے ادائیگی قرض اور مقدمات میں حسب منشا کامیابی اور ترقی کے مواقعے ملتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں اس کے علاوہ **02** تا **26** مارچ ستارہ زہرہ شرف یافتہ، **19** اپریل تا **14** مئی اور **02** ستمبر تا **06** نومبر عروج واوج یافتہ رہتے ہوئے کیریئر ملازمت میں ترقی کے مواقعے بڑھیں۔ روزمرہ اپنی صحت کو قائم وبحال رکھنے کیلئے ہلکی پھلکی واک ایکسوسائز کے ساتھ اپنی روزمرہ ادویہ واغذیہ کا اپنے معالج کے بتائے گئے طریقے پر عمل کرنے کے ساتھ ساتھ اپنی زندگی کو اپنے مالک حقیقی کی بندگی میں مشغول رہتے ہوئے شفا اور سکھ کے ساتھ ساتھ ذہنی سکون بھی حاصل کریں۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج اور بیت الاعداء کا حاکم ستارہ مریخ **16** جنوری تا **23** فروری شرف یافتہ، **11** مئی تا **20** جون عروج یافتہ، **12** نومبر تا **10** جنوری **2027**ء اوج یافتہ رہنے کے علاوہ سعد اکبر ستارہ مشتری جو فطرتی طور پر شادی کی خوشیوں کا کارک **02** جون تا **31** اکتوبر تیسرے رہتے ہوئے ساتویں گھر کو اپنی سعد کرنوں سے نوازتے ہوئے شادی بیاہ منگنی کی خوشیوں سے نوازے اور ایسے بند نصیب کے لڑکے لڑکیوں کی بھی نصیب کشائی اور شادی خانہ آبادی کے وسائل آسانی سے بن پائیں۔ ستارہ مریخ زہرہ سعد نظرات **10,9,8,7,6** جنوری، **21,20,19,18,17** مئی، **12,11,10,9,8** نومبر، **14,13,12,11,10** دسمبر بننے سے رشتے ناطوں کی خوشی کے علاوہ ناراض زوجین کے مابین خوشیاں اور صلح صفائی میں بھی ہر دو خاندان کے بزرگوں کی دعاؤں سے پھر سے خوشیاں لوٹ آئیں۔ **2026**ء جون تا اکتوبر پانچ مہینے آپ کی شخصیت کی سحر انگیزی اور یادگار خوشیوں کے دکھائی دیتے ہیں تب نئے شادی شدہ جوڑے ہنی مون یا کسی تفریحی سفر پر جانے سے قبل حسب توفیق گڑ کی شکر یا چینی اور چائے کی پتی دودھ کسی مستحق بزرگ یا سیاہ پوش ملنگوں کو ہدیہ یا نذرانہ دے کر اور بزرگوں سے دعائیں لیکر سفر کا آغاز کریں۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف اور بیت الامید کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا **02** جون خانہ مال میں اور پھر **02** جون تا **31** اکتوبر اور پھر **25** جنوری **2027**ء تا **26** جون **2027**ء شرف یافتہ رہتے ہوئے آپ کے کسی جائز انشورنس کلیم اور وراثت کے بھی معاملات بآسانی سے حل ہوسکیں گے اور ڈوبی ہوئی رقمیں بھی مل سکیں یقینی اور جلد خوش بختی کے حصول کیلئے ہر جمعرات اپنی قریبی مسجد کے موذن کی حسب توفیق خدمت کر کے اذان فجر کے بعد ان سے دعا کروانا لازمی کریں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم بیت السفر اور کیریئر کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل یکم جنوری تا **03** جون **2026**ء بیت الامید کے گھر رہتے ہوئے غیر متوقع کاروباری مالی فوائد سے نوازنے کے علاوہ اپنے مستقبل کی بہترین پلاننگ مشاورت سے کر پائیں۔ **03** جون **2027**ء سے آپ کی ساڑھے سات سالہ شمسی ساڑھ ستی آزمائش طلب دور کا آغاز ہو جائے گا انسب ہوگا کہ **2026**ء کو غنیمت جانتے ہوئے آئندہ آنے والے سات آٹھ سال کی ٹھوس پلاننگ کرلیں۔ ستارہ زحل زہرہ سعد نظرات **16,15,14** جنوری، **9,8,7** مارچ، یکم، **2** مئی، **26,25,24** جون بننے سے قانونی مشاورت حسب منشا ملے طلباء اعلیٰ تعلیم کیلئے بیرون ملک فل یا ہاف اسکالرشپ پر بآسانی جاسکیں حج عمرہ اور زیارات مقدسہ کرنے کے خواہاں افراد بھی اپنی مراد بر پائیں۔ امپورٹ ایکسپورٹ میں دلچسپی رکھنے والے افراد اپنی کاروباری انشورنس کو یقینی بنائیں۔

کیریئر، کاروبار، عزت ووقار:۔ دسویں کیریئر بیت العزت کے گھر میں **18** سال بعد یکم جنوری تا **30** نومبر راہو کا قیام آپ کے کاروباری معاملات کیلئے غیر معمولی اور اہم دکھائی دیتا ہے پہلے سے جاری کاروباری حضرات کو کچھ غیر متوقع کامیابیاں بھی ملیں تاہم نصیب اور کیریئر کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل یکم جنوری تا **03** جون **2027**ء بیت الامید میں رہتے ہوئے غیر متوقع کاروباری لین دین زمین جائیداد کی خرید و فروخت میں فوائد عطا کرے نئے کاروبار کا آغاز کرنے والوں کیلئے مشورہ ہے کہ وہ کوئی نت نیا کام نہ کریں بلکہ انہی کاموں کو آگے بڑھائیں جن کا انہیں از خود یا اپنے بزرگوں اور مخلصین سے تجربہ ملا ہوا اپنی صحت جسمانی اور اپنی عزت ووقار کا خصوصی خیال رکھیں خصوصاً وہ لوگ جو سیاست یا سوشل میڈیا سے تعلق رکھتے ہیں انہیں ایسے حکومتی قوانین سے دور رہنے کا مشورہ ہے "آ بیل مجھے مار" والے محاورے کو یاد رکھیں۔ ستارہ زحل زہرہ سعد نظرات **16,15,14** جنوری، **9,8,7** مارچ، یکم، **2** مئی،

گرہن 17 فروری، 03 مارچ، 12 اگست اور 28 اگست کو خاص محتاط رہتے ہوئے صدقہ وخیرات کے ساتھ نماز کسوف وخسوف ضرور ادا کریں۔ — ابتدائی سطور: زحل زہرہ نحس نظرات 26,25,24 جون بننے سے کاروبار میں مزید سرمایہ کاری اور نئے کام کی ابتداء کیلئے مجموعی طور پر یہ بھی ایام نیک دکھائی دیتے ہیں تاہم زحل زہرہ نحس نظرات 30,29,28 مئی، 22,21,20 اگست بننے سے جلد بازی سے ایسے فیصلوں سے بچیں جن میں تخمین بازی اور لالچ کا عنصر شامل ہو۔ 2026ء کے ایام گرہن 17 فروری، 03 مارچ، 12 اگست اور 28 اگست کو خاص محتاط رہتے ہوئے صدقہ وخیرات کے ساتھ نماز کسوف وخسوف ضرور ادا کریں۔

دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد :۔ بیت الامید کے گھر میں نصیب اور کیریئر کا حاکم ستارہ زحل سارا سال یہاں رہتے ہوئے پہلے سے موجود نیچوں سے 08 فروری تا 05 مارچ حالت قِران میں رہتے ہوئے کچھ ایسے ناپسندیدہ حالات وواقعات کے ساتھ جن لوگوں پر آپ نے بھروسہ کیا ہوگا اُن سے بے وفائی دکھائی دیتی ہے تاہم عبادت وریاضت کرنے والے ثوری افراد ان چیزوں سے مبرا رہیں بیت الامید کا حاکم ستارہ مشتری 02 جون تا 31 اکتوبر برج سرطان میں شرف یافتہ رہتے ہوئے پانچویں گیارہویں گھر کو سعد ناظر رہنے سے 2026ء میں یوں معلوم ہوتا ہے کہ بعض ثوری افراد کی زندگی میں ایک نئی شروعات کا آغاز ممکن ہو سکے۔ ستارہ زہرہ مشتری زحل کی سعد نظرات 16,15,14 جنوری، 23,22 فروری، 9,8,7 مارچ، 14,13,12 اپریل، یکم ,2 مئی، 26,25,24,11,10,9 جون، 29,18,17,16 اگست، یکم ,4,3,2 ستمبر، 30,29,28,27,26,6,5,4,3,2 نومبر بننے سے آپ کے حلقہ احباب میں باشعور ادیب دانشور اور سائنسی علوم کے ماہرین کا اضافہ ہو سکے روحانیت میں مرشد تلاش کرنے والے برج ثور کے افراد کو کسی مرشد کامل بزرگ روحانی سے فیض حاصل ہو سکے۔ زمین جائیداد پراپرٹی کے بھی کاموں میں فوائد کا حصول متوقع تاہم 2026ء کے چاند اور سورج گرہن کے ایام میں محتاط رہیں اور حسبِ توفیق چاول کا ٹوٹا باجرہ ملا کر پانی کے ہمراہ پرندوں کی دعوت کا سلسلہ جاری رکھیں نیکیاں بڑھنے لگیں گی اور برائیاں آپ سے دور ہونگی۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن۔ بیت الاعداء کا حاکم ستارہ مریخ یکم تا 16 جنوری آٹھویں نحس گھر ہونے سے ابتدائے سال میں ہی آپ کے خفیہ حاسدین ومخالفین زیر ہونے لگیں تاہم 16 جنوری تا 23 فروری، 11 مئی تا 20 جون بارہویں نحس گھر کے حاکم ستارہ مریخ کی طاقتور پوزیشن اس بات کا اشارہ ہے کہ تب بھی آپ کو اپنے حاسدین اور مخالفین سے محتاط رہنے کے ساتھ ساتھ اپنی صحت جسمانی کا بھی خاص طور سے خیال رکھیں نہ صرف اپنی بلکہ اپنے اہل خانہ بزرگوں اور اپنی والدہ کی صحت جسمانی کا خاص طور پر خیال رکھیں۔

ثوری مرد وزن پر گرہنوں کے اثرات:۔ 17 فروری بیت العزت میں سورج گرہن لگنے سے کاروباری خاندانی مسائل وپریشانیاں ٹریفک حادثات کے خدشات 03 مارچ چاند گرہن چوتھے لگنے سے اہل خاندان میں مسائل پریشانیاں حادثات خصوصاً اپنی والدہ کی صحت جسمانی کا خیال رکھیں۔ 12 اگست تیسرے سورج گرہن لگنے سے اندرون وبیرون ملک سفر کرنے سے احتیاط برتیں ضروری ہو تو صدقہ وخیرات کی ادائیگی اور نماز گرہن پڑھ کر دُعا کرنے کے بعد سفر کا آغاز کریں۔ 28 اگست بیت العزت کے گھر چاند گرہن خرابی صحت کاروباری مسائل وپریشانیاں حاسدین کی طرف سے اقدامات ریشہ دوانیوں کا اندیشہ دکھائی دیتا ہے۔ ایام گرہن میں دو نفل نماز کسوف (سورج) وخسوف (چاند) پڑھ کر اپنے اور اپنی فیملی کیلئے دُعائیں کرنے کے ساتھ حسبِ توفیق باجرہ چاول کا ٹوٹا ملا کر پرندوں کی دعوت کریں۔

سعد تواریخ:۔ 29,24,19,15,13,8,6 جنوری، 28,27,23,18,13,7 فروری، 29,25,20,15,10,8 مارچ، 29,23,19,14,13,9 اپریل 29,23,19,14,10 مئی 28,22,18,13,10,9 جون 28,25,24,22,17,13,8 جولائی، 27,17,16,13,11,7 اگست 24,19,14,9,5 ستمبر 30,24,21,17,12,7,3 اکتوبر 30,26,17,12,10,7,4,3 نومبر، 29,25,16,10,5 دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ 26,10,9,3 جنوری، 25,10,6 فروری، 27,18,13,4 مارچ، 26,12,4 اپریل، 26,12,4 مئی، 25,11,3 جون، 29,11,3 جولائی، 24,21,9,2 اگست، یکم، 25,22,7 ستمبر، 26,19,5 اکتوبر، یکم، 28,22,14 نومبر، 27,20,13 دسمبر۔

جوزا GEMINI



عطارد MERCURY

نشان: جڑواں بچے
ثبت اور مذکر برج
توانائی: تغیر پذیر
رنگ: پیلا، نیلا، اسکائی بلیو
دھات: پارہ، پلاٹینم اور ایلومینیم
پھول: لیونڈر، بنفشہ، سوسن، آس
بائیو کیمک سالٹ: کالی میور

حاکم سیارہ: عطارد
ذاتی عقیدہ: میں سوچتا ہوں
عنصر: ہوا (Air)
نفسیاتی ٹائپ: سوچنا (Thinking)
اعضائے جسمانی: ہاتھ، سانس
پتھر: فیروزہ اور زمرد یا جیڈ
درخت: ناریل، کھجور

2026ء مفرد نمبر 1 واحدیت کا سال الوہیت ﷻ رسالت ﷺ امامت علیہ السلام سے تجدید وفاداری واحدہ لاشریک لاء اورنئی شروعات زندگی کے ہر میدان میں کامیابی کے لئے تسبیح فاطمہ سلام اللہ علیہا ہر نماز کے بعد خصوصاً نماز فجر کے بعد پڑھنا اور جناب سیدہؑ کے وسیلہ سے دعائیں کرنا معمول بنالیں آسانیاں پائیں گے۔ اسی تسبیح کا دم شدہ پانی خود اور فیملی کو بھی پلائیں اور اسی پانی کو خیر وبرکت کی نیت سے اپنے گھر آفس اپنی گاڑی میں بھی سپرے کریں۔ دُعا گو:۔ شاہ زنجانی

آپ کی شخصیت:۔ الوہیت اور نئی شروعات کا سال 2026ء مفرد نمبر 1 شمسی سال کے آسمانی کونسل پر ستاروں کی بھی نشست ابتدائے سال ماسوائے قمر موافق دکھائی دیتی ہے زائچے میں طالع اور دسویں کے مالکان عطارد و مشتری نے راج یوگ بنا رکھا ہے ساتویں دسویں کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا 02 جون طالع میں بارہ سال کے بعد رہتے ہوئے اس سال آپ کو بے پناہ غیر متوقع خوش بختیوں سے نوازے گا آپ کی عزت وشہرت میں اضافہ سوشل طمن ساری سماجی سیاسی مصروفیات بھی سارا سال وقفہ وقفہ سے جاری رہیں گی اپنے تخیلاتی پن کی وجہ سے آپ مستقبل کے حسین خوابوں کی تکمیل کیلئے کوشاں رہیں اور اپنے اندر ایک پھرتیلا پن اور اپنے جذبہ شوق کے تحت کسی اہم کام میں کامیابی کے حصول کیلئے کوشاں رہیں آپکا حاکم ستارہ عطارد 29 مئی تا 22 جون عروج یافتہ، 22 اگست تا 07 ستمبر شرف یافتہ ہونے کے سبب سال کے یہ بھی ایام نہایت اہم اور خوش کن دکھائی دیتے ہیں غیر معمولی قوت یاداشت اور دانشمندانہ فیصلوں پر عمل درآمد کرنا آپ اور اہل خاندان کیلئے یہ بھی ایام نہایت اہم اور خوش کن دکھائی دیتے ہیں آپ کا حاکم ستارہ عطارد اس سال تین مرتبہ رجعت (اُلٹا) پذیر 26 فروری تا 21 مارچ، 29 جون تا 24 جولائی اور 24 اکتوبر تا 13 نومبر ہونے سے ان ایام میں اپنے اہم کاموں کی تکمیل کیلئے جلد بازی سے کام نہ لیں اپنی ذہانت کے علاوہ مخلصین بزرگوں سے مشاورت بھی ضرور کریں۔ ابتدائے سال میں ساتویں اجتماع سیارگان شمس عطارد زہرہ مریخ کی موجودگی دوسروں سے تعلقات بنتے بگڑتے رہیں گے تاہم احتیاط لازم ہوگی۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ آپ کے خانہ مال کا حاکم ستارہ قمر ابتدائے سال بارہویں شرف یافتہ ہونا یوں معلوم ہوتا ہے کہ اس سال آمدن سے زیادہ اخراجات یا جلد بازی سے مالی نقصان کے خدشات دکھائی دیتے ہیں جنوری تا جون ذرائع آمدن میں اضافے کیلئے آپ کو کچھ زیادہ ہی محنت درکار ہوگی تاہم کُلی طور پر خیر و برکت کا ستارہ سعد اکبر مشتری بارہ سال کے بعد آپ کے خانہ مال میں 02 جون تا 31 اکتوبر شرف یافتہ رہتے ہوئے جز وقتی اور طویل المعیاد ذرائع آمدن میں اضافے کیلئے کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہوں۔ عطارد مشتری سعد نظرات 17,16 فروری، 10,9,8 مارچ، 4,3,2 اپریل، 13,12 مئی، 16,15 اگست، 22,21 ستمبر، 24,23 دسمبر بننے سے کاروباری ذرائع آمدن اور اہل خاندان میں اضافہ دکھائی دیتا ہے آپ اپنی فیملی یا اہل خاندان کیلئے طویل المعیاد سرمایہ کاری کرنے میں دلچسپی لیتے ہوئے ان پر بآسانی عمل درآمد کر پائیں کوئی بڑا انشورنس کلیم بھی لینا پسند کریں اور ایسا کرنا آپ اور آپ کی فیملی کیلئے بہتر دکھائی دیتا ہے۔

عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کے گھر میں یکم جنوری تا 30 نومبر کیتو مقابل راہو کا قیام عزیز واقارب بہن بھائیوں سے تعلقات اس سال آسان نہ ہونگے بہن بھائیوں سے وراثتی تقسیم اور علیحدگی جیسے حالات دکھائی دیتے ہیں ایسے میں اپنے حاسدین ومخالفین سے محتاط رہیں وہ آپ کی آپس کی غلط فہمیوں میں اضافے کا باعث بن سکتے ہیں معاملہ فہمی کیلئے آپ کو کچھ نقصان بھی برداشت کرنا پڑے تو اسے صبر وتحمل سے برداشت کرنا ہی

آپ کے حق میں بہتر دکھائی دیتا ہے اس گھر کا حاکم ستارہ شمس 14 اپریل تا 14 مئی شرف یافتہ، 14 جون تا 16 اگست اوج یافتہ، 17 اگست تا 17 ستمبر عروج یافتہ رہتے ہوئے آپس کے تعلقات میں قدرے نرمی اور بہتری پائیں۔ 2026ء حج عمرہ زیارات اور سیاحتی مطالعاتی اور تفریحی کئی ایک خوشگوار سفر پیش آئیں سفر سے قبل گندم یا باجرہ کے حسبِ توفیق صدقہ دیکر سفر کرنا نیک رہے گا۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت۔ وتد الارض چوتھے گھر کے بارہویں کیتو اور نویں راہو یکم جنوری تا 30 نومبر ہونے سے آپ اپنے گھر میں نظر بد جادو ٹونے کے اثرات محسوس کریں تو چالیس دن علی الصبح سورۃ البقرہ کی تلاوت آڈیو لگا کر ہمراہ برتن میں پانی رکھ کر تلاوت سننے کے بعد دُعائیں کریں اور دم شدہ پانی سبھی اہل خانہ کو پلائیں اور گھر میں سپرے بھی کریں۔ اس گھر کا حاکم ستارہ عطارد 29 مئی تا 22 جون اور پھر 07 جولائی تا 05 اگست عروج یافتہ جبکہ 22 اگست تا 07 ستمبر شرف یافتہ رہتے ہوئے عطارد مشتری سعد نظرات 17,16 فروری، 10,9,8 مارچ، 4,3,2 اپریل، 13,12 مئی، 16,15 اگست، 22,21 ستمبر، 24,23 دسمبر بننے سے خانگی اور خاندانی معاملات قابل توجہ ہونے سے بہت ساری اہل خاندان کے مابین غلط فہمیوں کو دور کروانے کا باعث بنے۔ 2026ء آپ یوں سمجھ لیں کہ آپ پر اخلاقی ذمہ داری ہوگی کہ آپ اہل خاندان کے نفاق کو محبت میں بدلیں اور اپنی یہ ذمہ داری خوش اسلوبی سے نبھاتے ہوئے اپنے لئے توشہ آخرت اور زادِ راہ میں نیکیوں کے اضافے کا باعث بنیں زمین جائیداد اور پراپرٹی کی خرید و فروخت اور زراعت باغبانی میں ترقی اور کامیابی کیلئے سال ہذا نہایت اہم اور مثبت دکھائی دیتا ہے۔ ستارہ زحل سارا سال چوتھے ساتویں دسویں اور بارہویں گھر کو ناظر ہونے سے آپ کی خاندانی ذمہ داریوں میں وقفہ وقفہ سے رکاوٹیں ڈال سکتا ہے تاہم آپ کا حاکم ستارہ عطارد اس سال تین مرتبہ رجعت (اُلٹا) پذیر 26 فروری تا 21 مارچ، 29 جون تا 24 جولائی اور 24 اکتوبر تا 13 نومبر ہونے سے ان ایام میں سبز اشیاء کا حسبِ توفیق ہر بدھ کو صدقہ دیں دیگر ہر جمعرات مساجد کے خدام اور موذن کی حسبِ توفیق خدمت کر کے انہیں بھی دُعاؤں کی اپیل کریں۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الاولاد و انعام کا حاکم ستارہ زہرہ 02 تا 26 مارچ شرف یافتہ، 19 اپریل تا 14 مئی، 02 ستمبر تا 06 نومبر اوج و عروج یافتہ ہونے سے یکم جنوری تا 02 جون سعد اکبر ستارہ مشتری کی طالع سے پانچویں سعد نظر یہ سال اولاد انعام محبت کیلئے نہایت اہم دکھائی دیتا ہے صاحب اولاد افراد کو اپنے بچوں کی تعلیمی نمایاں غیر متوقع کامیابی پر خوشیاں ملیں۔ آپ کی سماجی سیاسی علمی ادبی حیثیت اور ذہانت میں اضافہ ہو خواہاں افراد کی اس سال اچانک محبت کی شادی بھی ممکن دکھائی دیتی ہے جلد امیر ہو جانے کیلئے اکثر جزوی مردوزن لاٹری پرائز بانڈ میں حصہ لیں تو انہیں انعام کی خوشی بھی میسر آسکتی ہے۔ کلی طور پر دولت کے حاکم ستارہ مشتری کا یکم تا 02 جون طالع اور 02 جون تا 31 دسمبر خانہ مال میں شرف یافتہ ہونا اس کی یقینی دلیل ہے آپ کے خاندان میں اضافہ اور سوشل حلقہ احباب میں بھی وسعت دکھائی دیتی ہے۔ ستارہ زہرہ 03 اکتوبر تا 14 نومبر رجعت (اُلٹا) ہونے کے سبب جذباتی معاملات میں غلط فہمیوں سے بچیں اور صاحب اولاد افراد اپنے بچوں کے روز و شب کی معروفیت پر چیک اینڈ بیلنس رکھیں۔ اور خصوصاً 26 مارچ تا 19 اپریل، یکم اگست تا 02 ستمبر اور 06 نومبر تا 22 نومبر ستارہ زہرہ تب دبال و ہبوط یافتہ ہونے سے اس دوران اپنے بچوں کے رشتے ناطے کرتے وقت بھی محتاط رہیں۔ انٹرنیشنل لاٹریز اور پرائز بانڈ میں دلچسپی لینے والے افراد 31,30,29,28,27,19,18,17,10,98,7,6 جنوری، 28,27,23,22,17,16 فروری، یکم، 23,22,21,20,10,9,8 مارچ، 22,21,20,19,14,13,124,3,2 اپریل، 21,20,19,18,17,13,12 مئی، 30,29,28,27,26,21,20,19,18,11,10,9 جون، 25,24,23 جولائی، 31,19,18,17,16,15,14,13,12 اگست، یکم، 22,21,2 ستمبر، 7,6 اکتوبر، 86,5,4,3,2 تا 30 نومبر، 14,13,12,11,10 دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارے کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''**انعام لکی نمبرز**'' کا مطالعہ آپ کو انعام کے نزدیک لے جائیگا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا مفت اسم اعظم پوچھ سکتے ہیں۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ مریخ 16 جنوری تا 23 فروری شرف یافتہ، 11 مئی تا 20 جون عروج یافتہ، 12 نومبر تا 31 دسمبر اوج یافتہ رہنے سے آپ کی عمر اگر 40 سے مائنس پلس ہے تو اپنا مکمل میڈیکل چیک اَپ ضرور کروائیں خاص طور پر اپنا

بلڈ ٹیسٹ یورک ایسڈ اور شوگر ٹیسٹ ضرور کروائیں آپ کی لاپرواہی کسی پوشیدہ مرض کی اچانک نشاندہی کرتی ہے جس کی تشخیص ہو جانے پر اور اپنے معالج کی ہدایت پر سختی سے عمل کریں۔ جون تا دسمبر قرض کی ادائیگی اور حاسدین پر غلبہ پانے کا وقت دکھائی دیتا ہے مریخ عطارد سعد نظرات 19,18,17 جنوری، 16,15,14 مارچ، 22,21,20,19 اپریل، 21,20,19,18 جون، 31 اگست، یکم، 2 ستمبر، 31 دسمبر بننے سے ان ایام میں آپ کی صحت جسمانی بہتر اور بحال ہو سکے گی ہلکی پھلکی ورزش کے ساتھ پھلوں کے رس انجیر، زیتون اور انار کا استعمال بھی آپ کی صحت کی بحالی کا ضامن ثابت ہوگا۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج اور کیریئر کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا 02 جون طالع میں سعد رہتے ہوئے اور پھر 02 جون تا 31 دسمبر دوسرے خاندان کے اضافے کے گھر میں بارہ سال بعد شرف یافتہ رہتے ہوئے شادی کے خواہاں لڑکے لڑکیوں کی بند تقدیر کو کھول دے گا شادی کی عمر کو پہنچنے والے لڑکے لڑکیاں اور شادی کی عمر سے گزر جانے والے جوزدی اور عقد ثانی کرنے کے خواہاں افراد کی حسبِ منشا اچھی جگہ پر شادی خانہ آبادی ہوتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ عطارد مشتری سعد نظرات 17,16 فروری، 10,9,8 مارچ، 4,3,2 اپریل، 13,12 مئی، 16,15 اگست، 22,21 ستمبر، 24,23 دسمبر بننے سے رشتے ناطوں کی خوشی کے علاوہ مشترکہ مفادات کے تحت کئے گئے کاموں میں بھی بھرپور نفع ملتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ مجموعی طور پر شراکتی ازدواجی معاملات میں سکھ اور خوشی کے علاوہ ناراض زوجین کے مابین صلح صفائی اور ہر دو خاندان کے مابین اتفاق ومحبت ہو جانے کا سال دکھائی دیتا ہے۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف اور نصیب کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل سارا سال دسویں رہتے ہوئے چوتھے ساتویں دسویں بارہویں گھروں کو ناظر ہونے سے وراثتی شراکتی اور انشورنس کلیم کے حصول کیلئے رکاوٹوں کو دور کرے سعد اکبر ستارہ مشتری 02 جون تا 31 دسمبر دوسرے شرف یافتہ رہتے ہوئے آٹھویں گھر کو سعد ناظر رہنے سے انشورنس کلیم یا لاٹری سے اچانک غیر متوقع دولت مل سکتی ہے اس کے علاوہ وراثتی امور بھی حسبِ منشا حل ہوتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ زحل عطارد سعد نظرات 20,19,18 جنوری، 21,20,19 اپریل، 23,22 مئی، 18,17 اگست، 12,11 دسمبر بننے سے مندرجہ بالا سبھی نیک امور ان ایام میں بآسانی حل ہو سکیں گے بشرطِ آپ اس سلسلے میں کوشاں ہوں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔ بیت النصیب اور بیت الخوف کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل تمام سال دسویں بیت العزت میں رہتے ہوئے آپ کے اندر خود اعتمادی حوصلہ مندی مستقبل کی کامیاب منصوبہ بندی اور آگے بڑھنے کے بہترین مواقع آپ کو سارا سال وقفہ وقفہ سے ملتے رہیں گے خصوصاً زحل عطارد سعد نظرات 20,19,18 جنوری، 21,20,19 اپریل، 23,22 مئی، 18,17 اگست، 12,11 دسمبر بننے سے ان سبھی ایام میں بیرون ملک کاروباری اغراض ومقاصد کیلئے کئے گئے سفر خوش بختی کا باعث بنیں اپنے قانونی مشیر کی مشاورت سے کئی الجھے کام اس سال سنور جائیں گے۔ بیرون ملک سیر وتفریح کے علاوہ حج عمرہ اور زیارات مقدسہ پر جانے کے خواہاں افراد کیلئے یہ سال خوش بخت دکھائی دیتا ہے ایک اہم سیارہ راہو یکم تا 30 نومبر نویں مقابل کیتو کے ہونے کے سبب آپ کے مذہبی رجحانات میں اضافہ قرآن فہمی مذہبی کتب کا مطالعہ سچی روحانیت کی تلاش میں رہتے ہوئے کسی مرشد کامل یا بزرگ روحانی سے فیض یابی ممکن ہو سکے آپ کی روحانی ذہنی ارتکائی منازل بتدریج بہتری اور اپنے نفسِ عمارہ پر قابو پانے کی روحانی صلاحیتوں میں اضافہ ہو سکے گا۔ فلاحی اور رفاہی کاموں میں آپ کی دلچسپیاں بڑھیں اور آپ کئی ایک ضرورت مندوں اور خاندانوں کی مدد کر کے روحانی اور ابدی خوشیاں پا سکیں گے۔ 17 فروری سورج گرہن اور 28 اگست چاند گرہن اسی گھر میں لگنے کے سبب تجارتی کاروباری نجی اندرون و بیرون ملک سفر کرنے سے قبل صدقہ وخیرات سفید اشیاء کا حسبِ توفیق ضرور دیں یا پھر کسی مسجد کے موذن کی خدمت کر کے اسے چالیس دن مسلسل اذان فجر کے بعد دُعا کرنے کی اپیل کریں۔

کیریئر، کاروبار، عزت ووقار:۔ بیت العزت اور کیریئر کے گھر میں 30 سال کے بعد ستارہ زحل سارا سال یہاں رہتے ہوئے کیریئر میں ایک نئی شروعات یا نظرثانی کا اشارہ ہے جبکہ دسویں کا حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا 02 جون طالع میں اور 02 جون تا 31 دسمبر خانہ مال برج سرطان میں بارہ سال بعد شرف یافتہ ہونے سے آپ اپنے جاری کاروبار میں وسعت وبہتری کیلئے جدت زمانہ کے ساتھ اپنے کام میں مثبت تبدیلیاں لانا پسند کریں ایسے جوزدی افراد

جو نئے کام کا آغاز کریں ان کیلئے بھی سال ہذا نہایت اہم دکھائی دیتا ہے مشترکہ مفادات کے کاموں میں حصہ لینا بھی مفید رہے گا کاروباری افراد کو سرکاری اداروں کی جانب سے کاروباری مراعات کا حصول ٹریڈنگ اور امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ کا کاروبار کرنے والے جوزوی افراد خود اعتمادی سے اپنے کاروباری امور میں زینہ بہ زینہ کامیابی حاصل کریں ملازمت پیشہ افراد کیلئے ذمہ دارانہ فرائض کی انجام دہی سے عزت و شہرت میں اضافہ آپ کی انتظامی صلاحیتیں خود اعتمادی حوصلہ مندی ترقی کا سبب بنے۔ مشتری عطارد سعد نظرات **18,17,16** فروری، **10,9,8** مارچ، **4,3,2** اپریل، **13,12** مئی، **16,15** اگست، **22,21** ستمبر، **24,23** دسمبر بننے سے آپ اپنے مستقبل کے کاروباری فیصلوں کو بہتر انداز سے کرنے اور مستقبل کی ذاتی یا اجتماعی طور پر اعلیٰ پلاننگ کرنے کی پوزیشن میں ہونگے اس سال کی سعادت سے آپ کو اپنے اور اپنے قریبی احباب کے کیریئر کی بہتری کیلئے اہم فیصلے کرنے ہونگے۔

دوست احباب، خواھشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ مریخ **16** جنوری تا **23** فروری شرف یافتہ، **16** مئی تا **20** جون عروج یافتہ، **10** نومبر تا **31** دسمبر اوج یافتہ رہتے ہوئے آپ کے حلقہ احباب میں ستارہ مشتری کے طالع اور دسویں زحل اور نیپچون کی پوزیشن کے سبب کئی ایک معاشرتی اور سماجی سیاسی سوشل تعلقات میں تبدیلیاں دکھائی دیتی ہیں کئی ایک احباب آپ کی زندگی سے نکل جائیں گے اور ان کی جگہ کئی اور اچھے با اعتماد با شعور دانشور احباب کا اضافہ ہوگا فطرتی طور پر آپ کی ہمیشہ عقل و دانش علم اور شعور کی آگاہی کی تلاش میں رہتے ہیں۔ **2026**ء اس حوالے سے نہایت اہم سال دکھائی دیتا ہے آپ خصوصاً جنوری تا جون پہلے چھ مہینے آپ کی سوچ کے مطابق کاروباری فوائد کے ساتھ ساتھ آپ کے حلقہ احباب میں اچھے دوستوں کا اضافہ ہو سکے گا۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداء اور بیت الاولاد کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ ابتدائے سال میں عطارد شمس مریخ کے ہمراہ ساتویں مقابل طالع میں مشتری اور دسویں زحل نیپچون کا ہونا اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے کئی ایک خفیہ دشمن آشکار ہو سکیں اور آپ کے قریبی احباب ہی آپ کے حاسد مخالف آشکار ہوں اور آپ کی حسد اور دشمنی کی بناء پر جاسوسی کرنے والے افراد بھی آشکار ہوں **2026**ء میں آپ اپنے حاسدین و مخالفین پر بآسانی قابو پا سکتے ہیں اور اپنے اہم رازوں کا دوسروں سے تذکرہ کرنے سے اعتراض کریں بیرون ملک حصول امیگریشن کیلئے یہ سال اہم دکھائی دیتا ہے۔

جوزوی مرد و زن پر گرھنوں کے اثرات۔ **2026**ء میں چاند اور سورج گرہن کے شمسی زائچے میں لگنے والے اثرات **17** فروری نویں سورج گرہن لگنے سے بیرون ملک کاروباری سفر مسائل و پریشانیاں سفری حادثات چیزوں کے گم ہو جانے یا چوری چکاری کے خدشات دکھائی دیتے ہیں محتاط رہیں۔ **03** مارچ تیسرے چاند گرہن لگنے سے عزیز و اقارب بہن بھائیوں سے تعلقات میں کشیدگی ٹریفک حادثات جیسے مسائل پریشانیاں دکھائی دیتے ہیں۔ **02** اگست دوسرے سورج گرہن لگنے سے خاندانی صدمات مالی کاروباری نقصانات کے اندیشے بعید از قیاس نہیں۔ **28** اگست ایک بار پھر نویں چاند گرہن سفری مسائل و پریشانیاں اور بیرون ملک کاروباری حضرات کیلئے مسائل و پریشانیاں نقصان کے خدشات دکھائی دیتے ہیں۔ ایام گرہن میں دو نفل نماز کسوف (سورج) و خسوف (چاند) پڑھ کر اپنے اور اپنی فیملی کیلئے دعائیں کرنے کے ساتھ حسب توفیق صدقہ باجرہ چاول کا ٹوٹا ملا کر پرندوں کی دعوت کریں۔

سعد تواریخ:۔ **29,24,21,19,18,13,7** جنوری، **28,23,19,17,13,8** فروری، **26,24,22,17,15,13,9,8,7** مارچ، **25,21,20,15,10,5,3** اپریل، **27,22,21,17,14,13,12,6** مئی، **26,21,17,12** جون، **24,23,18,14,13,10,6** جولائی، **27,22,17,16,15,13,11,7,2** اگست، یکم **23,22,20,17,12,7,2** ستمبر، **31,23,18,12,7,3** اکتوبر، **27,18,13,8,4** نومبر، **28,23,19,13,11,8,2** دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ **26,14,2** جنوری، **25,11,2** فروری، **10,4** مارچ، یکم **30,26,22,7** اپریل، **24** مئی، **24,10,2** جون، یکم **28,20,8** جولائی، **28,19,4** اگست، **28,5** ستمبر، **30,25,20,5,2** اکتوبر، **30,23,16,2** نومبر، **31,30,24,16,9,4** دسمبر۔

سرطان CANCER

قمر MOON

حساب یونانی

21 JUNE - 22 JULY



16 JULY - 15 AUG

حساب ویدک

حروف ہ ح ا

حاکم سیارہ: قمر	نشان: کیکڑا
خاصیت تغیر پذیر (منقلب)	ذاتی عقیدہ: احساس (I Feel)
منسوب پتھر: سچا موتی، مون اسٹون	عنصر: پانی (Water)
نفسیاتی ٹائپ: حساسیت	اعضائے جسمانی: سینہ اور شکم
منسوب دھات: چاندی	درخت: کوئی خاص نہیں
پھول: سوسن، کنول، یاسمین	غذا: ڈیری کی غذائیں، مچھلی
منفی، مونث برج	بائیو کیمک سالٹ: کلکیریا فلور

2026ء مفرد نمبر 1 واحدیت کا سال الوہیت ﷻ رسالت ﷺ امامت علیہ السلام سے تجدید وفاداری واحدہ لاشریک لاء اور نئی شروعات زندگی کے ہر میدان میں کامیابی کے لئے تسبیح فاطمہ سلام اللہ علیہا ہر نماز کے بعد خصوصاً نماز فجر کے بعد پڑھنا اور جناب سیّدہؑ کے وسیلہ سے دعائیں کرنا معمول بنالیں آسانیاں پائیں گے۔ اسی تسبیح کا دم شدہ پانی خود اور فیملی کو بھی پلائیں اور اسی پانی کو خیر و برکت کی نیت سے اپنے گھر آفس اپنی گاڑی میں بھی سپرے کریں۔ دُعا گو:۔ شاہ زنجانی

آپ کی شخصیت:۔ الوہیت اور نئی شروعات کا سال 2026ء مفرد نمبر 1 شمسی سال کے آسمانی کونسل پر اہم ستاروں کی نشست ابتدائے سال میں نحس گھروں میں شمس عطارد و زہرہ مریخ چھٹے بارہویں مشتری اور دوسرے کیتو آٹھویں راہو جبکہ آٹھویں نحس گھر کے حاکم زحل کا سارا سال نیپچون کے ہمراہ قیام نویں یہاں رہے گا امید کی کرن کچھ یوں دکھائی دیتی ہے کہ آپ کے طالع کا حاکم ستارہ قمر بیت الامید میں شرف یافتہ ہونے سے ایسے سرطانی افراد جو خدا شناسی قرآن فہمی اور صوم وصلوٰۃ کی پابندی کریں گے وہ اس سال آنے والی بہت سی رکاوٹوں کو اپنی دُعاؤں کے سبب اپنی تقدیر کو بدلنے کی صلاحیت اپنے اندر پا سکتے ہیں۔ 2026ء میں آپ کا بہترین صدقہ ایک گلاس دودھ صبح وشام ستر (70) مرتبہ سورۃ الفاتحہ پڑھ کر دم کر کے پئیں یقین جانیں اس روحانی تدارک سے آپ کی روحانیت وخود اعتمادی میں بے پناہ اضافہ ہو جائے گا جیسے جیسے سال کے ایام بڑھیں گے آپ کے حالات وواقعات میں بھی مثبت تبدیلیاں آنے لگیں گی۔ عزت اور کیریئر کا حاکم ستارہ مریخ 16 جنوری تا 23 فروری شرف یافتہ، 11 مئی تا 20 جون عروج یافتہ، 12 نومبر تا 31 دسمبر اوج یافتہ ہونے سے آپ کے حالات وواقعات میں بتدریج بہتری اپنے مسائل کو اپنے وسائل کے اندر رہتے ہوئے خوش اسلوبی سے حل کر پائیں گے۔ جنوری تا جون آپ کی صحت جسمانی کا خاص طور پر خیال رکھیں اپنا میڈیکل چیک اپ بلڈ پریشر ڈایابیٹیز یورک ایسڈ اور اپنے بڑھتے ہوئے وزن کا خاص خیال رکھیں اپنے معالج کی ہدایت کے مطابق ادویہ اغذیہ کا استعمال کر کے اپنی صحت کو بہتر و بحال رکھ سکتے ہیں۔ ستارہ مشتری بارہ سال کے بعد 02 جون تا 31 اکتوبر طالع میں شرف یافتہ رہتے ہوئے آپ کی عزت وشہرت میں اضافے کا باعث بنے اپنے مخیرین سے مستحق افراد کی مالی واخلاقی مدد کر پائیں۔ 2026ء اس لحاظ سے بھی اہم دکھائی دیتا ہے کہ آپ کے نظریات اور خیالات میں مثبت روحانی تبدیلیاں آئیں فلسفانہ نقطۂ نظر خصوصاً خود شناسی خدا شناسی قرآن شناسی اور آئمہ معصومینؑ کی مجرب دُعائیں سننا جاننا آپ کے معمول کا حصہ بن سکتا ہے اور یقیناً اگر آپ نے اس پر عمل کیا تو تدبیر سے یقیناً آپ کی تقدیر بدل جائیگی۔ 2026ء میں اپنے ہالہ نور کو تقویت دینے کیلئے سورۃ الرحمٰن میں ذکر کردہ یاقوت ومرجان اور موتی یا خصوصاً مرجان کا پہننا آپ کیلئے نہایت مفید ثابت ہو جواہرات کے طبی اور سحری خواص سے آپ یقیناً فیض یاب ہوں اپنی بحالی صحت کیلئے 12 سے 14 گلاس پانی روزانہ پئیں اور بلا ناغہ حسب توفیق چاول کا ٹوٹا باجرہ ملا کر پرندوں کی دعوت کرنا بھی ہر طرح کی نحوست اور رد بلا ثابت ہو۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ بیت المال اور خاندان میں اضافے کا حاکم ستارہ شمس 14 اپریل تا 14 مئی شرف یافتہ، 15 جون تا 17 اگست اوج یافتہ، 17 اگست تا 17 ستمبر عروج یافتہ رہتے ہوئے آپ کے ذرائع آمدن میں اضافے کا باعث بنے۔ 2026ء طویل المعیاد معاشی سرمایہ کاری از قسم زمین جائیداد پراپرٹی یا پھر کوئی بڑا انشورنس کلیم لینا آپ کیلئے مفید دکھائی دیتا ہے ستارہ مشتری بارہ سال کے بعد 02 جون تا 31 اکتوبر طالع میں آکر ایک نئی شروعات کا آغاز کرے گا جن لوگوں نے پہلے سے پلاننگ کی ہوگی انہیں اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے اپنے بنائے گئے پروگراموں پر یقینی طور پر عمل درآمد کر لینا چاہئے شمس مریخ مشتری سعد نظرات 23,22,21,20,7,6,5 مارچ، 12,11,10 مئی، 30,29,28,27,26 جون،

17,16,15,14,13,12 ستمبر، 19,18,17,16,15,14,13 نومبر، 31,30,20,19,18 دسمبر بننے سے آپ اپنے کم وسائل یا سرمایہ کاری سے جو بھی کام کریں گے وہ پھلتا پھولتا دکھائی دیتا ہے ایک اہم سیارہ کیتو یکم تا 30 نومبر دوسرے ہونے سے بعض سرطانی افراد جلد امیر ہو جانے کیلئے انعامی مقابلوں میں حصہ لینا پسند کریں اور بعید از قیاس نہیں کہ وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوسکیں۔ مقابل آٹھویں راہو کی نشست انعامی مقابلوں میں غیر متوقع شراکتی وراثتی اور انعامی فوائد کو سپورٹ کرتی ہے۔

عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ عطارد 07 جولائی تا 05 اگست عروج یافتہ، 22 اگست تا 07 ستمبر شرف یافتہ رہنے سے یہ سبھی ایام عزیز و اقارب بہن بھائیوں سے تجدید مراسم کیلئے اور کسی خوشگوار سفر کے آغاز کیلئے نیک دکھائی دیتے ہیں۔ 2026ء میں تیسرے سے بارہویں کیتو اور آٹھویں راہو کے آجانے سے بہن بھائیوں سے تعلقات میں کشیدگی نظر بد جادو ٹونہ اور سازشوں کی نشاندہی کرتا ہے۔ 2026ء کے احتیاط طلب ایام کچھ یوں دکھائی دیتے ہیں۔ ستارہ عطارد یکم جنوری تا 17 جنوری اور 22 تا 31 دسمبر وبال یافتہ، 11 اپریل تا 30 اپریل ہبوط یافتہ اور 12 اپریل تا 29 مئی حضیض کمزور حالت میں اور سال میں تین مرتبہ رجعت (اُلٹا) یافتہ 26 فروری تا 21 مارچ، 29 جون تا 24 جولائی اور 24 اکتوبر تا 13 نومبر ہونے سے ان ایام میں عزیز و اقارب اور پڑوسیوں سے تعلقات میں احتیاط برتیں۔ اندرون ملک کاروباری یا نجی کئے گئے سبھی سفر ان ایام میں صدقہ وخیرات دے کر سفر کا آغاز کریں۔ اس سال کا بہترین صدقہ پرندوں کی چاول کا ٹوٹا یا باجرہ سے دعوت کریں اس کے علاوہ ہر جمعرات مسجد کے کسی موذن کی حسبِ توفیق خدمت کر کے اس سے اذان فجر کے بعد دُعا کی درخواست کریں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ بیت الارض اور بیت الامید کا حاکم ستارہ زہرہ 02 مارچ تا 26 مارچ شرف یافتہ، 19 اپریل تا 08 جون اور پھر 02 ستمبر تا 06 نومبر عروج و اوج یافتہ رہتے ہوئے زمین جائیداد پراپرٹی کی خرید و فروخت زراعت باغبانی کاشتکاری میں زرعی سائنسی اصول اپنانے سے آمدن میں اضافہ یکم جنوری تا 02 جون ستارہ مشتری کی سعادت کے سبب ذاتی گھر پراپرٹی اور حسبِ حیثیت سواری کا حصول یقینی طور پر دکھائی دیتا ہے۔ رہائشی تزئین و آرائش اور اپنی فیملی کے آرام و سکھ کیلئے آپ جدید سہولتیں اپنانا بھی پسند کریں۔ زہرہ شمس مریخ سعد نظرات 10,9,8,7,6 جنوری، 21,20,19,18,17 مئی، 17,16,15,14,13,12 ستمبر، 12,11,10,9,8 نومبر، 31,30,14,13,12,11,10 دسمبر بننے سے خانگی خاندانی کاروباری وسائل اور سکھ میں اضافہ ہوگا آپ اپنی ذہانت اور مشاورت اور مستقل مزاجی سے اہل خاندان کے مابین ایک پل کا کام دے سکیں اور اجتماعی طور پر اہل خاندان کو اکٹھا کر کے ان میں محبت اور ایثار کا جذبہ اُبھارنے میں کامیاب ہو سکیں گے۔ زہرہ شمس مریخ نحس نظرات 13,12,11,10,9,8,7,6,5,4,3,2 جنوری، 29,28,27,26 جولائی، یکم اگست، 12,11,10,9 اکتوبر، 21,20,19,18 نومبر بننے سے اپنے حاسدین ومخالفین سے محتاط رہیں اپنے دشمنوں کو زیر اور ان کے شر سے بچنے کیلئے نماز شب یا نماز عشاء کے بعد 135 مرتبہ سورۃ الکوثر اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دُعا کرنے کے بعد مشرق مغرب شمال جنوب اپنے دشمنوں کا خیال کر کے پھونک دیں یقیناً اس حُسنِ عمل سے آپ کے معلوم نامعلوم حاسدین ومخالفین زیر ہو سکیں گے۔ اپنے گھر کی خیر و برکت کیلئے اسم اعظم کا رنگین نقش ادارہ ہذا سے منگوا کر فریم کرا کر تحفظ اور خیر و برکت کی نیت سے قبلہ رُخ لگائیں۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الامید اور اولاد کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ 16 جنوری تا 23 فروری شرف یافتہ، 11 مئی تا 20 جون عروج یافتہ، 12 نومبر تا 10 جنوری 2027ء اوج یافتہ اولاد انعام محبت کے سبھی امور حسبِ منشا نیک اور حسبِ توقع دکھائی دیتے ہیں ان میں مزید بہتری سعد اکبر ستارہ مشتری کے 02 جون تا 31 دسمبر طالع میں آجانے سے صاحب اولاد افراد کو اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت ہائر ایجوکیشن میں نمایاں کامیابیاں اور ان کی شادی بیاہ منگنی سے بھرپور خوشیاں ملیں ایسے سرطانی جو محبت کی شادی ہو جانے میں رکاوٹیں محسوس کر رہے ہیں ان کی شادی خانہ آبادی میں پیدا شدہ سبھی معاشرتی خانگی رکاوٹیں دور ہو سکیں گی۔ 2026ء کا سال سرطانی افراد کیلئے اپنی اولاد کی جانب سے سکھ اور ترقی کا سال دکھائی دیتا ہے شرف مشتری کی لوح بنوا کر اپنے پاس رکھنا انعام اولاد محبت کے فوائد کیلئے ایک روحانی تحفہ مانا جاتا ہے۔ پرائز بانڈ اور انٹرنیشنل لاٹریز میں دلچسپی رکھنے والے افراد 31,30,29,28,27,19,18,17,10,9,8,7,6 جنوری، 28,27 فروری، یکم، 16,15,14 مارچ، 22,21,20,19 اپریل،

21,20,19,18,17 مئی، 21,20,19,18 جون، 25,24,23 جولائی، 31,15,14,13,12 اگست، 7,6 اکتوبر، 12,11,10,9,8 نومبر، 31,30,14,13,12,11,10 دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارے کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''**انعام لکی نمبرز**'' کا مطالعہ آپ کو انعام کے نزدیک لے جائیگا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

صحت وامراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض اور نصیب کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا 02 جون زائچے کے بارہویں رہتے ہوئے اپنی شفایاب کرنوں سے آپ کی صحت جسمانی کو بہتر اور بحال کرنے میں مدد دے گا ستارہ مشتری 02 جون تا 31 اکتوبر طالع میں آنے سے مزید صحت جسمانی میں آفاقہ و بہتری اور آپ اپنے اندر ایک روحانی کیفیت بندگی صوم وصلوٰۃ قیام رکھنے کی اعلیٰ نیت کر کے اس پر عمل درآمد کرنا آپ کی جسمانی اور روحانی شفایابی کیلئے دُنیا اور آخرت کیلئے نیک عمل ثابت ہو۔ ہلکی پھلکی ورزش اور واک صحت کی بحالی اور بہتری کیلئے سارا سال جاری رکھیں اور اپنی مکمل شفایابی کیلئے اپنے معالج کی ہدایات کے مطابق ہلکی اور زود ہضم غذاؤں کا استعمال کریں۔ ذمہ دارانہ ملازمتی فرائض کی انجام دہی سے اس سال یقینی طور پر آپ کی ترقی اور مراعت کا حصول مل سکے قرض مرض اور مقدمات سے بھی نجات پائیں شفایابی کامیابی اور عزت کیلئے سورۃ الرحمٰن میں ذکر کردہ نگینہ مرجان چاندی میں بنوا کر دو نفل شکرانے کے ادا کر کے [illegible] کے پہننا نیک ہے۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج اور بیت الخوف کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل یکم جنوری تا 03 جون 2027ء نویں نصیب کے گھر میں ہمراہ نیپچون رہے گا اس کی یہاں موجودگی آپ کی نصیب یاوری کیلئے اور خصوصاً بیرون ملک شادی کرنے کے خواہاں افراد کیلئے یہ سال اہم دکھائی دیتا ہے شادی کا کارک ستارہ مشتری 02 جون تا 31 اکتوبر طالع کے مقابل آنے سے شادی میں پیدا شدہ رکاوٹیں دور ہو سکیں گی زحل زہرہ سعد نظرات 16,15,14 جنوری، 9,8,7 مارچ، یکم 2 مئی، 26,25,24 جون بننے سے خواہاں افراد کی شادی خانہ آبادی کیلئے نیک وسائل بنیں اس کے علاوہ خانگی اور گھریلو سکھ کا حاکم ستارہ زہرہ 02 مارچ تا 26 مارچ شرف یافتہ، 19 اپریل تا 08 جون اوج وعروج یافتہ اور خصوصاً 02 ستمبر تا 06 نومبر عروج یافتہ ہونے سے خانگی وازدواجی خوشیوں کا باعث بنے زائچے میں راہو کیتو اور مشتری کی جون تک کمزور پوزیشن میں خیر و برکت جلد حاصل ہو جانے کیلئے ہر جمعرات اپنے گھر کی قریبی مسجد کے موذن کی حسبِ توفیق خدمت کر کے انہیں دُعا کی اپیل کریں۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ ستارہ زحل 30 سال بعد 2026ء میں سارا سال شمسی زائچے کے نویں رہتے ہوئے اپنی وراثت اور انشورنس کلیم کے حصول کیلئے ممکن ہے کہ آپ کو قانونی مشاورت بھی حاصل کرنی پڑے ایسا کیا گیا عمل باعث نیک ثابت ہوگا سارا سال اپنے قانونی مشیر سے رابطے میں رہیں ادھر یکم جنوری تا 30 نومبر راہو آٹھویں مقابل کیتو کے ہونے سے اس عجیب وغریب فلکیاتی نشست اور بارہویں مشتری کا یکم تا 02 جون ہر دو ستاروں کی آپس میں سعد نظر قائم ہونے سے وراثت شراکت اور خصوصاً انعامی فوائد ملکی اور غیر ملکی انٹرنیشنل لاٹریز میں حصہ لینے سے اچانک آپ کو کوئی بڑا انعام مل سکتا ہے اپنی حل المشکلات کیلئے 313 مرتبہ سورۃ الضحیٰ کی پانچویں آیت وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پڑھنا معمول بنالیں اس حُسن عمل سے دن بدن [illegible] گی۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر اور نصیب کا حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا 02 جون شمسی زائچے کے بارہویں جبکہ نویں زحل اور نیپچون کا قیام سارا سال یہاں رہے گا حج عمرہ و زیارات مقدسہ پر جانے والے خواہاں افراد اور خصوصاً بیرون ملک حصول امیگریشن یا حصول روزگار کی تلاش میں جانے والے خواہش مند افراد کیلئے اس سال بہت ساری راہیں کھلیں گی۔ اعلیٰ تعلیم کے حصول کیلئے بیرون ملک طلباء فُل یا ہاف اسکالرشپ پر جانے میں کامیاب ہو سکیں گے آپ اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے پہلے سے کی گئی پلاننگ پر بزرگوں اور مخلصین کی مشاورت سے نظر ثانی کریں امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ کرنے والے سرطانی افراد کو اس سال خصوصی مراعات سے بھرپور کاروباری معاہدے کرنے میں کامیاب ہو سکیں گے۔

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔ بیت العزت کیرئیر کا حاکم ستارہ مریخ 16 جنوری تا 23 فروری شرف یافتہ، 11 مئی تا 20 جون عروج

یافتہ، 12 نومبر تا 10 جنوری 2027ء اوج یافتہ رہتے ہوئے آپ کو اپنے کیریئر میں اضافے کیلئے گزشتہ سالوں کی بہ نسبت محنت کرنا اور جدت زمانہ کے ساتھ اپنے جاری کاروبار پر مزید سرمایہ کاری اور محنت کرنے کی ضرورت کو محسوس کریں امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ کرنے والے افراد کیلئے یہ سال پہلے نصف سال محنت اور باقی نصف سال اپنی کی گئی محنت کا ثمر پائیں گے۔ نئے کاروبار کا آغاز کرنے والے افراد کیلئے مشورہ ہے کہ وہ کوئی ایسا کام ہرگز نہ کریں جن کا انہیں تجربہ نہ ہو اپنے مخلصین اور سینئر افراد سے اپنی کاروباری مشاورت جاری رکھیں۔ 2026ء محنت و کاروباری مقابلے کا سال دکھائی دیتا ہے اپنے کاروباری ساکھ اور عزت کو بحال رکھنے کیلئے آپ کو کسی قربانی سے دریغ نہیں کرنا چاہئے۔

دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:۔ ابتدائے سال میں بیت الامید کے گھر آپ کا حاکم ستارہ قمر شرف یافتہ ہونے سے اور بیت الامید کا حاکم ستارہ زہرہ 02 مارچ تا 26 مارچ شرف یافتہ، 19 اپریل تا 08 جون اور 02 ستمبر تا 06 نومبر عروج و اوج یافتہ رہتے ہوئے جبکہ سعد اکبر ستارہ مشتری کی یکم تا 02 جون بارہویں 02 جون تا 31 دسمبر مشتری کا یہاں طالع میں شرف یافتہ ہونا یوں معلوم ہوتا ہے کہ اس سال آپ کے حلقہ احباب میں روحانی لوگوں سے تعلق دوستی بڑھے گی۔ خدا و قرآن شناسی کے ساتھ ساتھ خود شناسی آپ کی روحانی تقدیر بدل کر آپ کو بہت ساری اُلجھنوں سے بے نیاز کر دے گی آپ کی زندگی میں روحانی شخصیات کی آمد و رفت بڑھ جانے سے آپ مسلسل ایک روحانی سکون و اطمینان کی کیفیت محسوس کرنے لگیں گے۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداء کا حاکم ستارہ عطارد اس سال تین مرتبہ رجعت (اُلٹا) یافتہ 26 فروری تا 21 مارچ، 29 جون تا 24 جولائی اور 24 اکتوبر تا 13 نومبر ہونے سے ان ایام میں آپ کے حاسدین و مخالفین آشکا ہونے لگیں گے اور آپ کو ان کے شر سے بچنے کا موقع ملے گا۔ ستارہ مشتری کی جنوری تا جون سعادت کے سبب بیرون ملک حصول امیگریشن اور طلباء کی اعلیٰ تعلیم کیلئے جانے کی خواہش ممکن ہو سکے گی۔ خصوصاً ستارہ عطارد 29 مئی تا 22 جون اور 07 جولائی تا 05 اگست اور 22 اگست تا 07 ستمبر اوج و عروج اور شرف یافتہ ہونے سے بیرون ملک ہجرت یا عبادت ریاضت مراقبہ اور چلہ کشی کسی مرشد کی نگرانی میں کرنا نیک رہے گا۔

سرطانی مرد و زن پر گرھنوں کے اثرات: 17 فروری سورج گرہن آٹھویں لگنے سے وراثتی شراکتی امور نظر ثانی کے طالب ہونگے۔ 03 مارچ دوسرے خانہ مال میں چاند گرہن کاروباری اُتار چڑھاؤ مالی اور خاندانی صدمات کی نشاندہی کرتا ہے۔ 02 اگست طالع میں شمسی گرہن اپنی صحت جسمانی اور حاسدین و مخالفین کے شر سے محتاط اور خصوصاً اپنی شراکتی ازدواجی اختلافات سے بھی بچیں۔ 28 اگست آٹھویں قمری گرہن ایک بار پھر مالی شراکتی وراثتی امور و مسائل پریشانیاں لا سکتا ہے۔ چاند گرہن اپنے لگنے سے 15 دن قبل تا بعد جبکہ شمسی گرہن اپنے لگنے سے ایک ماہ قبل تا بعد بد اثرات دے سکتا ہے ان نحوستوں سے بچنے کیلئے دس کلو باجرہ اور دو کلو چاول کا ٹوٹا ملا کر پرندوں کی دعوت کریں اس کے علاوہ نماز کسوف (سورج) اور نماز خسوف (چاند) ایام گرہن میں دو نفل نماز آیات پڑھ کر اپنے اور اپنی فیملی کیلئے دُعائیں کر کے نحوستوں کے دور ہونے کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ اپنی فیملی اور دوستوں کو بھی اس نماز کی طرف متوجہ کریں۔

سعد تواریخ:۔ 28,24,23,20,19,18,17,13,9,8,7,4 جنوری، 27,26,22,21,17,16,12,11,7,6 فروری، 28,27,23,22,19,18,14,13,8,7 مارچ، 29,26,22,20,17,16,13,11,7,5 اپریل، 26,21,19,17,15,12,7,5 مئی، 24,21,17,15,12,11,8,6,3 جون، 31,24,20,19,15,14,11,10,7,5,2 جولائی، 23,18,17,13,12,9,8,4 اگست، 26,16,15,11,7,6,2 ستمبر، یکم، 30,28,25,21,16,15,10,6,5 اکتوبر، 30,29,26,22,20,14,12,9,7,4 نومبر، 31,28,20,19,14,10,9,5,3 دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ 26,16,10,3,2 جنوری، یکم، 24,23,9 فروری، 31,26,24,11,10,3,2 مارچ، 24,10,8,2 اپریل، یکم، 31,28,23,10 مئی، 30,26,22,19,5 جون، 29,25,21,18,8,4 جولائی، 31,28,20,16,6,2 اگست، 28,21,19,13,4 ستمبر، 27,20,18,12,3 اکتوبر، 24,19,17,2 نومبر، یکم، 30,24,22,17,15,8 دسمبر۔

اسد — شمس — LEO — SUN

حسابِ یونانی

23 JULY - 22 AUG



16 AUG - 15 SEPT

حسابِ ویدک

برجِ پنجم

حاکم سیارہ: شمس — نشان: شیر

ذاتی عقیدہ: حق دار (I Deserve) — عنصر: آگ (Fire)

خاصہ: غیر تغیر پذیر (ثابت) — نفسیاتی ٹائپ: وجدانی

منسوب رنگ: سنہرا، اورنج — منسوب پتھر: یاقوت

منسوب اعضاء: دل، پیٹھ کا بالائی حصہ — مثبت اور مذکر برج

منسوب پھول: گیندا، سورج مکھی — منسوب غذا: عمدہ اور اعلیٰ

منسوب درخت: نارنگی، اخروٹ، زیتون — سالٹ: میگنیشیا فاس

2026ء مفرد نمبر 1 واحدیت کا سال الوہیت ﷻ رسالت ﷺ امامت علیہ السلام سے تجدید وفاداری واحدہ لاشرک لاء اور نئی شروعات زندگی کے ہر میدان میں کامیابی کے لئے تسبیح فاطمہ سلام اللہ علیہا ہر نماز کے بعد خصوصاً نماز فجر کے بعد پڑھنا اور جناب سیدہؑ کے وسیلہ سے دعائیں کرنا معمول بنالیں آسانیاں پائیں گے۔ اسی تسبیح کا دم شدہ پانی خود اور فیملی کو بھی پلائیں اور اسی پانی کو خیر و برکت کی نیت سے اپنے گھر آفس اپنی گاڑی میں بھی سپرے کریں۔ دُعا گو:۔ شاہ زنجانی

آپ کی شخصیت:۔ الوہیت اور نئی شروعات کا سال **2026**ء مفرد نمبر **1** شمسی سال کے آسانی کونسل پر ابتدائے سال میں طالع کا حاکم شمس اپنے فطرتی پانچویں گھر میں طاقتور تاہم ہمراہ زہرہ عطارد مریخ کو تحت الشعاع غروب کئے ہوئے طالع میں کیتو اور ساتویں میں راہو اور ساتویں کا حاکم زحل آٹھویں نحس گھر جبکہ بارہویں نحس گھر کا حاکم قمر دسویں شرف یافتہ ستاروں کی مجموعی طور پر ماسوائے آپ کے حاکم شمس کی سبھی ستارے ابتدائے سال میں کمزور دکھائی دیتے ہیں۔ خود اعتمادی روشن خیالی پرعزم اور باہمت اور مضبوط قوت ارادی کا ہونا ایک اچھی بات تاہم اردگرد کا ماحول حاسدین مخالفین اور ان کی ریشہ دوانیوں سے پُر دکھائی دیتا ہے۔ **2026**ء تعلقات کے اعتبار سے نہایت اہم کچھ قریبی لوگ آپ سے دغہ بازی اور دھوکا کر سکتے ہیں یکم جنوری تا **14** اپریل کے ایام انتہائی احتیاط طلب دکھائی دیتے ہیں عجیب و غریب قسم کے تفکرات دوسروں کی دھوکا دہی اور شراکتی وازدواجی امور میں شکوک وشبہات اچانک **03** مارچ طالع میں چاند گرہن لگنے کے سبب آپ کی صحت جسمانی خصوصاً ذہنی تفکرات اور جنہیں آپ باوفا سمجھتے ہیں ان کی جانب سے بے وفائی کے صدمات شراکتی ازدواجی تعلقات میں شدید بگاڑ یا ان سے علیحدگی جیسے صدمات برداشت کرنے پڑیں مجموعی طور پر **2026**ء ایک انتہائی احتیاط طلب سال خصوصاً ستارہ مشتری **02** جون تا **31** اکتوبر شرف یافتہ جب بارہویں گھر میں ہوگا تب اولاد انعام محبت جیسے امور سے بھی آپ آزمائش و پریشانی سے گزر سکتے ہیں۔ آپ کا حاکم ستارہ بادشاہ فلک شمس آپ کو ہمیشہ پرعزم اور آپ کے لئے امید کی شمع جلائے رکھتا ہے سات ستاروں میں آپ کا حاکم شمس کبھی غروب نہیں ہوتا تاہم ایام سورج گرہن **17** فروری طالع کے مقابل سورج گرہن لگنے سے مہینہ قبل تا بعد نہایت احتیاط طلب وقت ہوگا۔ **2026**ء میں مجموعی طور پر ہر اتوار سات اناج ملا کر حسب توفیق پرندوں کی دعوت کریں توفیق ہو تو یہ صدقہ روزانہ بھی دیا جا سکتا ہے۔ آپ کی صاف گوئی جرأت مندی اور مذہبی لگاؤ میں اس سال اضافہ خود شناسی سے خدا شناسی کا سفر طے کر پائیں وہ اسدی افراد جو اپنا وقت بندگی خدا میں مشغول رکھیں گے انہیں ذہنی سکون اور سکھ نصیب ہوگا جو چیزیں آپ کے ہاتھ سے نکل جائیں ان کا غم نہ کریں اور جو نعمتیں آپ کو مستقبل قریب میں ملنے والی ہیں ان کیلئے مسلسل بارگاہ الٰہی میں شکر ادا کرتے رہیں۔ آپ کی زندگی کا سب سے خوبصورت عمل گھر پر اللہ کا شکر ادا کرنا ہی ہے اور یقیناً شکر سے نعمتیں بڑھتی ہیں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ بیت المال اور بیت الامید کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد ابتدائے سال میں تحت الشعاع غروب اور **29** دسمبر **2025**ء تا **17** جنوری **2026**ء اور **11** اپریل تا **30** اپریل اور **22** تا **31** دسمبر ہبوط و وبال یافتہ ہونے سے اس سال مالی امور میں آپ کو کافی اُتار چڑھاؤ دیکھنے پڑ سکتے ہیں ابتدائے سال میں مخلصین کی مشاورت کے ساتھ مثبت پلاننگ کی گئی تو آپ بہت سارے نقصانات سے بچ سکیں گے ستارہ عطارد **29** مئی تا **22** جون، **07** جولائی تا **05** اگست، **22** اگست تا **07** ستمبر ان ایام میں عروج وشرف یافتہ رہتے ہوئے آپ کے ذرائع آمدن میں اضافہ اور خیر و برکت کا باعث بنے مزید کچھ خوش بختیاں عطارد اور مشتری کی سعد نظرات **17,16** فروری، **10,9,8** مارچ، **4,3,2** اپریل، **13,12** مئی، **15** اگست، **22,21** ستمبر، **24,23** دسمبر بننے سے ان سبھی ایام میں خاندان میں اضافہ اور ذرائع آمدن میں اضافہ اور آپ کی محنت کے

ثمرات آپ کو مل سکیں گے کیا ہی اچھا ہو 2026ء کی خیر و برکت کے تسلسل کیلئے سورۃ والضحیٰ کی پانچویں آیت وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ صبح کی نماز کے بعد 313 مرتبہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پڑھنا معمول بنا لیں۔

عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء اور بیت العزت کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ 02 تا 26 مارچ شرف یافتہ، 19 اپریل تا 08 جون، 03 اکتوبر تا 06 نومبر اوج و عروج یافتہ رہتے ہوئے عزیز و اقارب بہن بھائیوں پڑوسیوں سے تجدید مراسم ہو سکیں گے۔ عزیز و اقارب سے ان کی خوشیوں میں شرکت کیلئے کئی ایک اندرون ملک خوشگوار سفر پیش آئیں۔ حج عمرہ اور زیارات مقدسہ پر جانے کے خواہاں اسدی افراد کیلئے نیک وسائل میسر آئیں۔ آپ کا حاکم ستارہ زہرہ 26 مارچ تا 19 اپریل وبال یافتہ، یکم اگست تا 02 ستمبر اور 06 تا 22 نومبر ہبوط یافتہ رہے گا ان ایام میں نہایت احتیاط اور معاملہ فہمی سے کام لیں اور دوسرے آپ سے اُلجھیں تو صبر و تحمل و درگزر سے کام لینا آپ کی اعلیٰ ظرفی کا سبب بنے آج جن قریبی افراد نے آپ کو دکھ دیا ہے یقیناً وہ جلد ہی آپ سے معافی کے خواستگار ہوں گے نظر بد حسد جادو ٹونہ سے بچنے کیلئے ہر جمعہ چھ کلو یا ڈیڑھ کلو شکر سے حشرات الارض کی دعوت کریں ایسا کرنا آپ کیلئے نہایت نیک عمل ثابت ہوگا۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ بیت الارض اور بیت السفر کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ 16 جنوری تا 23 فروری شرف یافتہ، 11 مئی تا 20 جون عروج یافتہ، 10 نومبر تا 10 جنوری 2027ء اوج یافتہ رہنے سے خانگی و ازدواجی معاملات میں سکھ و بہتری کی توقع کی جا سکتی ہے۔ 2026ء اہل خاندان میں اتفاق و محبت پیدا کرنے کیلئے آپ کو کئی ایک جذبہ ایثار و قربانی سے گزرنا پڑے گا۔ زمین جائیداد پراپرٹی کی خرید و فروخت میں مندرجہ بالا سعد ایام میں آسانیاں پائیں۔ مریخ زحل سعد نظرات 21,20,19 جنوری، 18 تا 29 جولائی، 18,17,16,15,14 اکتوبر ان ایام میں آپ اپنے آپ کو پرعزم محسوس کرتے ہوئے اپنی مشکلات کے حل کیلئے کوشاں رہیں اور سینئر مخلصین کا تعاون بھی شامل حال رہے ان ایام میں آپ اپنی مضبوط قوت ارادی جرأت مندی سے گزشتہ پیدا شدہ سبھی مشکلات پر قابو پانے میں کامیاب ہو سکیں گے تاہم مریخ زحل نحس نظرات 21,20,19,18 اپریل، 31 اگست، یکم 3,2 ستمبر کے ایام اہل خاندان میں مسائل و بلاوجہ کی پریشانیوں کو جنم دے سکتے ہیں ایسے میں محتاط رہنے کے ساتھ ساتھ درگزر سے کام لیتے ہوئے دورانیہ ہر منگل صدقہ گوشت یا کلیجی پھیپھڑے پر نمک مرچ ہلدی اور سرسوں کا تیل لگا کر جانوروں کو ڈالنا ایک نہایت اچھا عمل دکھائی دیتا ہے۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ ابتدائے سال میں بیت الاولاد کے گھر میں چار ستاروں کا اجتماع شمس عطارد زہرہ مریخ مقابل مشتری کا ہونا اولاد اور محبت کے معاملات میں آپ کی خصوصی توجہ درکار رہے گی بیت الاولاد اور بیت الخوف کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا 02 جون وبال یافتہ، 02 جون تا 31 دسمبر بارہویں شرف یافتہ رہے گا ستاروں کی مجموعی طور پر وہ سعادت جس کی آپ توقع کرتے ہیں وہ سبھی توقعات اس سال ممکن دکھائی نہیں دیتیں تاہم سال ہذا مشتری اور شمس کی سعد نظرات 6,5,4 مارچ، 12,11,10 مئی، 16,15,14 اکتوبر، 20,19,18 دسمبر بننے سے صاحب اولاد افراد کو ان ایام میں اپنے بچوں کی خوشیاں نصیب ہو سکیں گی ان کی علمی کامیابی اور شادی بیاہ منگنی کے معاملات حسب منشا طے پائیں گے آپ کے شعور و ادراک میں اضافہ حصول انعامات کی جستجو اور علمی تحقیق میں اضافہ تاہم مشتری شمس نحس نظرات 11,10,9 جنوری، 7,6,5 اپریل، 19,18,17 نومبر کے ایام میں محتاط رہیں نظم و ضبط اور صبر و تحمل سے آپ اپنی سبھی پیدا شدہ مشکلات پر قابو پا سکیں گے۔ پرائز بانڈ اور انٹرنیشنل لاٹریز میں دلچسپی رکھنے والے افراد 31,30,29,28,27 جنوری 28,27,23,22,17,16 فروری، یکم 10,9,8,6,5,4,3,2 مارچ، 14,13,12,4,3,2 اپریل، 13,12,11,10 مئی، 11,10,9 جون، 25,24,23 جولائی، 19,18,17,16,15,14,13,12 اگست، 22,21 ستمبر، 16,15,14,13,7,6 اکتوبر، 30,29,28,27,26,6,5,4,3,2 نومبر، 24,23,22,21,20,19,18 دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارے کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب **"انعام لکی نمبرز"** کا مطالعہ آپ کو انعام کے نزدیک لے جائیگا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا مفت اسم اعظم پوچھ سکتے ہیں۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض اور شراکت کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل سارا سال آٹھویں نحس گھر رہنے سے آپ اپنی صحت جسمانی کا خاص طور پر خیال رکھیں سال کے شروع میں ہی اپنا میڈیکل چیک اپ ضرور کروا لیں اور اپنے معالج کی ہدایت کے مطابق اپنی ادویہ و اغذیہ

کا خیال رکھیں ہلکی پھلکی ورزش کو مسلسل جاری رکھنے والے اسدی افراد بہت ساری جسمانی روحانی ذہنی نفسیاتی پریشانیوں سے محفوظ رہ سکیں ملازمتی افراد اپنے فرائض منصبی کو ذمہ داری سے نبھائیں بصورت دیگر تنزلی کے خدشات بعید از قیاس نہیں قرض و مقدمات پر توجہ دینے سے ہر دو پریشانیوں سے نجات مل سکتی ہے بشرطیکہ آپ اپنے ارادے پر مصمم رہیں۔ زحل شمس سعد نظرات 18,17,16 جنوری، 4,3,2 جون، 8,7,6 اگست، 30,29 نومبر، یکم دسمبر بننے سے ملازمتی افراد کی عزت و توقیر میں اضافہ تبدیلی ملازمت یا نئے روزگار کی تلاش کے خواہاں اسدی افراد کو بہتر مواقع میسر آئیں۔ زحل شمس نحس نظرات 26,25,24 مارچ، 7,6,5 جولائی، 5,4,3 اکتوبر، 31,30,29 دسمبر بننے سے اچانک قانونی مسائل و پریشانیاں پیش آسکتی ہیں۔ دوسروں سے اُلجھنیں سے اعتراض کریں اپنی شفایابی ذہنی سکون اور سکھ کیلئے صوم وصلوٰۃ کی پابندی کے ساتھ بارہ چودہ گلاس پانی بھی پئیں یہ عمل آپ کی جسمانی روحانی صحت وشفایابی کیلئے معجزاتی عمل دن میں ایک مرتبہ اسم اعظم یا شافی ایک تسبیح پڑھ کر دم کر کے پانی پینا بھی باعث بحالی صحت اور خود اعتمادی کا باعث بنے۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج کا حاکم ستارہ زحل یکم جنوری تا 03 جون 2027ء آٹھویں نحس گھر میں ساتویں راہو اور مقابل کیتو اور 17 فروری ساتویں سورج گرہن 03 مارچ طالع میں چاند گرہن اور پھر 28 اگست ساتویں میں دوبارہ چاند گرہن ہونے سے شادی شدہ افراد کی زندگی میں شکوک وشبہات مسائل و پریشانیاں دوسروں کے سبب پیدا ہو سکتی ہیں نیز طے شدہ رشتے بھی متاثر ہو سکتے ہیں گرہن لگنے سے مہینہ قبل تا بعد محتاط رہیں اور ایام گرہن میں 10 کلو باجرہ 2 کلو چاول نوٹا ملا کر نحوستیں دور ہو جانے کیلئے پرندوں کو صدقہ ضرور دیں زوجین کے مابین درگزر سے کام نہ لیا گیا تو خدانخواستہ علیحدگی جیسے خدشات بعید از قیاس نہیں۔ شادی کے خواہاں لڑکے لڑکیاں شادی ہو جانے کیلئے اس سال صدقات سورۃ البقرہ کے مطابق گائے کا صدقہ بروز منگل کے دن یا پھر پیر، بدھ، جمعرات، جمعہ اور اتوار زندہ مچھلیوں کا صدقہ زندہ پیر حضرت خواجہ خضرؑ کو سلام کر کے اپنے قریبی کسی دریا میں بطور صدقہ اس نیت سے ڈالیں کہ آپ کا جوڑا (لائف پارٹنر) جلد ظاہر ہو۔ 2026ء میں راہو کیتو اور زحل کی کمزور پوزیشن اور نحوست کے باوجود ستارہ مشتری بیت الامید میں یکم جنوری تا 02 جون اپنی سعد بخش نظرات کے سبب کئے گئے روحانی تدارک صدقات سے خواہاں شادی کے افراد کا نصیب کھل جائے اور ان کی حسب پسند شادی خانہ آبادی کے نیک وسائل بن جائیں۔ زحل عطارد مشتری سعد نظرات 20,19,18 جنوری، 17,16 فروری، 10,9,8 مارچ، 21,20,19,4,3,2 اپریل، 23,22,13,12 مئی، 20,19,18,17,16,15 اگست، یکم ,22,21,4,3,2 ستمبر، 24,23,12,11 دسمبر ان سعد نظرات کے علاوہ یکم جنوری تا 02 جون شادی کے کارک ستارہ مشتری کی سعد نظر بھی ساتویں گھر پر رہے۔ رشتے ناطوں میں پیدا شدہ رکاوٹیں دور ہوں اور خواہاں فیملیز کو اندرون و بیرون ملک اچھے رشتے مل جائیں۔

وراثت، انشورنس، کلیم۔ 2026ء وراثتی و شراکتی غیر متوقع فوائد مل جانے کیلئے نہایت اہم دکھائی دیتا ہے ستارہ زحل تمام سال آٹھویں بیت الوراثت کے گھر میں رہے اور پانچویں آٹھویں کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری 02 جون تا 31 اکتوبر شرف یافتہ رہتے ہوئے اس گھر کو سعد ناظر ہونے کے سبب آپ کا کوئی بڑا غیر معمولی انعام انٹرنیشنل لاٹری میں لگ سکتا ہے انشورنس کلیم اور وراثتی شراکتی امور میں شرف مشتری کے ایام میں کئی ایک متوقع وغیر متوقع فوائد مل سکیں گے۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:۔ بیت الارض اور بیت النصیب کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ 16 جنوری تا 23 فروری شرف یافتہ، 16 مئی تا 20 جون عروج یافتہ، 12 نومبر تا 10 جنوری 2027ء اوج یافتہ رہتے ہوئے اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے آپ اپنے مستقبل کی ذاتی اور اجتماعی طور پر بہتر پلاننگ کرنے کی پوزیشن میں ہونگے۔ 2026ء میں بتدریج آپ روحانیت کی طرف مائل ہونے لگیں گے اور ایسا کرنا آپ کی جسمانی روحانی ذہنی یکسوئی خود شناسی سے خدا شناسی کی طرف متوجہ ہوں یہ سال آپ کی زندگی کا ٹرننگ پوائنٹ دکھائی دیتا ہے اس سال جو مثبت پلاننگ کریں گے آئندہ آنے والے سالوں میں ان پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں طلباء کیلئے اعلیٰ تعلیم کیلئے بیرون ملک جانے میں آسانی حج عمرہ و زیارات مقدسہ کی سعادت خواہاں افراد کو نصیب ہو۔ اپنے قانونی مشیر سے مسلسل رابطے میں رہیں بیرون ملک حصول روزگار یا امیگریشن کیلئے اپلائی کرنا 02 جون تا 31 دسمبر نیک دکھائی دیتا ہے اپنے ہاتھ میں نگینہ مرجان چاندی میں بنوا کر پہننا آپ کے طبعی اور سحری خواص میں اضافے نہ صرف ہلکہ آپ کے ہالہ نور کو تقویت دینے کا باعث بنے جبکہ اس جواہر کا ذکر سورۃ الرحمٰن میں بھی ہے۔

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔ بیت العزت اور بیت الاقرباء کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ 02 تا 26 مارچ شرف یافتہ، 19 اپریل تا 08

جون، 02 ستمبر تا 06 نومبر اوج وعروج یافتہ رہتے ہوئے نئے نئے کاروباری وسائل اور جدت زمانہ کے تحت آپ اپنے جاری کاروبار میں مثبت تبدیلیاں اور مزید سرمایہ کاری کرنا پسند کریں۔ آپ کی سماجی وسیاسی حیثیت وشخصیت میں اضافہ بااثر افراد اور حکام بالا سے قریبی تعلقات بحال وقائم رہیں۔ ستارہ زہرہ عطارد مریخ کی سعد نظرات 31,30,29,28,27,19,18,17,10,9,8,7,6 جنوری، 28,27 فروری، یکم ,16,15,14 مارچ، 22,21,20,19 اپریل، 21,20,19,18,17 مئی، 21,20,19,18 جون، 25,24,23 جولائی، 31,15,14,13,12 اگست، یکم ,2 ستمبر، 7,6 اکتوبر، 1211,10,9,8 نومبر، 14,13,12,11,10 دسمبر بننے سے مجموعی طور پر یہ بھی ایام کاروباری تعمیر وترقی کیلئے نیک دکھائی دیتے ہیں تاہم پھر بھی نئے کاروبار کا آغاز کرنے والے اپنے مخلصین وبزرگوں سے مشاورت ضرور کریں۔

دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کے گھر سعد اکبر ستارہ مشتری یکم جنوری تا 02 جون رہتے ہوئے آپ کی کئی ایک دیرینہ خواہشات کی تکمیل کا باعث بنے اس گھر کا حاکم ستارہ عطارد 29 مئی تا 22 جون، 07 جولائی تا 05 اگست عروج یافتہ، 22 اگست تا 07 ستمبر شرف یافتہ رہتے ہوئے کاروباری اور زمین جائیداد کی خرید وفروخت سے فوائد ملیں اور آپ کے سماجی وسیاسی حلقہ احباب میں وسعت ہو سکے گی ستارہ عطارد تین مرتبہ رجعت (اُلٹا) یافتہ 26 فروری تا 21 مارچ، 29 جون تا 24 جولائی اور 24 اکتوبر تا 13 نومبر ہونے سے اپنے اہم امور کے لین دین اور اپنے قریبی حاسدین ومخالفین اور ایسے مشیروں سے دور رہنے کی ضرورت ہے جو آپ کو کئی مرتبہ غلط مشورے دے چکے ہیں۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداء کا حاکم ستارہ قمر ابتدائے سال میں دسویں طاقتور ہونے سے حاسدین ومخالفین ابتدائے سال سے ہی آپ کے خلاف ریشہ دوانیاں کر سکتے ہیں اور خصوصاً ستارہ مشتری 02 جون تا 31 اکتوبر بارہویں شرف یافتہ رہنے سے آپ کے معلوم نہ معلوم حاسدین بھی آشکار ہو سکیں حاسدین سے تحفظ اور بچاؤ کیلئے نماز فجر یا عشاء کے بعد 135 مرتبہ سورۃ الکوثر اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر چاروں سمتوں پھونک دیں یقیناً اس حسن عمل سے آپ اپنے حاسدین و مخالفین اور نظر بد سے محفوظ رہیں گے۔

اسدی مرد وزن پر گرھنوں کے اثرات:۔ 17 فروری ساتویں سورج گرہن لگنے سے شراکتی ازدواجی تعلقات اور مشترکہ مفادات کے کاموں میں شکوک وشبہات اور نقصان کا اندیشہ دکھائی دیتا ہے۔ 03 مارچ طالع میں چاند گرہن کا لگنا خرابی صحت حاسدین ومخالفین کی ریشہ دوانیاں اور ناگہانی اخراجات پیش آ سکتے ہیں۔ 02 اگست سورج گرہن بارہویں لگنے سے آپ کے حاسدین ومخالفین زیر ہوں تاہم پھر بھی آپ اپنی صحت جسمانی کا خیال رکھیں اپنی خود اعتمادی کو بحال رکھتے ہوئے عارضی قسم کی نفسیاتی روحانی پریشانیوں سے بچنے کیلئے کثرت سے درود شریف پڑھنا معمول بنا لیں۔ 28 اگست ساتویں ایک بار پھر چاند گرہن آپ کے حاسدین ومخالفین آپ کی عزت وساکھ اور آپ کے خانگی سکھ کو متاثر کرنے کیلئے ریشہ دوانیاں کر سکتے ہیں۔ ان ایام میں صدقہ وخیرات حسب توفیق ضرور دینے کے ساتھ نماز کسوف (سورج) اور نماز خسوف (چاند) ایام گرہن میں دو نفل نماز آیات پڑھ کر اپنے اور اپنی فیملی کیلئے دعائیں کر کے نحوستوں کے دور ہونے کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ اپنی فیملی اور دوستوں کو بھی اس نماز کی طرف متوجہ کریں۔

سعد تواریخ:۔ 28,24,21,19,17,13,9,8,6 جنوری، 27,22,17,12,7 فروری، 28,25,23,19,14,8,7,5 مارچ، 26,22,17,13,7 اپریل، 26,21,17,14,12,11,7 مئی، 24,19,15,11,6,3 جون، 29,24,19,14,13,10,5 جولائی، 27,23,17,12,8,7,3 اگست، 21,16,15,11,6,2 ستمبر، یکم 30,24,21,16,15,10,6 اکتوبر، 30,29,20,14,9,4 نومبر، 31,28,19,14,9,3 دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ 26,23,10 جنوری، 24,9 فروری، 26,11,3 مارچ، 24,10,6,2 اپریل، یکم 31,23,10 مئی، 30,22,8 جون، 21,8,6 جولائی، 28,20,6 اگست، 26,19,4 ستمبر، 25,18,4,3 اکتوبر، 24,19,18,17,2 نومبر، یکم 30,24,17 دسمبر۔

سنبلہ VIRGO

عطارد MERCURY

کساب یونانی

23 AUG - 22 SEPT



16 SEPT - 15 OCT

کساب ویدک

حروف: پ غ

حاکم سیارہ: عطارد
نشان: دوشیزہ

ذاتی عقیدہ: میں تجزیہ کرتا ہوں (I Analiaz) عنصر: خاک (Earth)

خاصہ: تغیر پذیر (ذوجسدین)
نفسیاتی ٹائپ: ادارک

منسوب رنگ: ہرا، نیلا، بھورا، ملے جلے رنگ
خنثی اور مونث برج

اعضائے جسمانی: پیٹ کا نچلا حصہ
منسوب پھول: چنبیلی

منسوب پتھر: زمرد، فیروزہ، پیری ڈوٹ
منسوب درخت: برگد

منسوب دھات: پلاٹینم اور المونیم
بائیو کیمک سالٹ: کالی سلف

2026ء مفرد نمبر 1 واحدیت کا سال الوہیت ﷻ رسالت ﷺ امامت علیہ السلام سے تجدید وفاداری واحدہ لاشرک لاء اورنئی شروعات زندگی کے ہر میدان میں کامیابی کے لئے تسبیح فاطمہ سلام اللہ علیہا ہر نماز کے بعد خصوصاً نماز فجر کے بعد پڑھنا اور جناب سیدہؑ کے وسیلہ سے دعائیں کرنا معمول بنالیں آسانیاں پائیں گے۔ اسی تسبیح کا دم شدہ پانی خود اور فیملی کو بھی پلائیں اوراسی پانی کو خیر و برکت کی نیت سے اپنے گھر آفس اپنی گاڑی میں بھی سپرے کریں۔

دُعا گو:۔ شاہ زنجانی

آپ کی شخصیت:۔ الوہیت اور نئی شروعات کا سال 2026ء مفرد نمبر 1 شمسی سال کے آسمانی کونسل پر ابتدائے سال میں چاروں اوتاد 10,7,4,1 کے مالکان ستارہ عطارد مشتری چوتھے دسویں بیٹھ کر راج یوگ کی سعادت دے رہے ہیں۔ 2026ء سنبلی افراد کی زندگی کا ایک بہترین اور نیک سال دکھائی دیتا ہے آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ ملک معاشرہ سے کیوں نہ ہو آپ ان مثبت تبدیلیوں کو محسوس کئے بغیر نہ رہ سکیں گے آپ کی شخصیت میں نفاست پسندی اور صفائی ستھرائی اور حصول علم کی جستجو جیسے شوق ومشاغل میں اضافہ ہوگا دوسروں کی غلطیاں درگزر اور معاف کرنے کی مثبت تبدیلی آپ اپنے اندر محسوس کریں۔ آپ اپنی زندگی کے شعبہ ہائے میں اصول و قوائد اور اپنے کام میں مستقل مزاجی اور لگن سے کامیابیاں حاصل کر پائیں رہائشی اور کاروباری ہجرت کیلئے بھی یہ سال نہایت اہم دکھائی دیتا ہے۔ چوتھے ساتویں کا حاکم ستارہ مشتری کیم جنوری تا 02 جون دسویں رہتے ہوئے خانہ مال خانہ ارض خانہ صحت دسرد سزا اور بیت العزت کے گھروں کو سعد ناظر رہے اور پھر 02 جون تا 31 اکتوبر شرف یافتہ رہتے ہوئے تیسرے عزیز و اقارب پانچویں اولاد انعام محبت اور ساتویں شادی بیاہ اور مشترکہ مفادات کے گھروں کے علاوہ بیت الامید میں اس کی شرف یافتہ پوزیشن آپ کے حالات میں تبدیلی اور آپ کا نصیب بدلنے کیلئے اس سال آپ کو متعدد خوش کُن مواقعے میسر آئیں ذرائع آمدن اور کاروبار میں غیر متوقع فوائد سارا سال وقفہ وقفہ سے ملتے رہیں۔ جو سنبلی افراد بندگی اور شکر گذاری کا سلسلہ جاری رکھیں اور صوم وصلوٰۃ کی پابندی کریں تو ان کی حیثیت معاشرے میں اس سال ایک استاد بزرگ اور مرشد کامل جیسی ہوسکتی ہے آپ کے ہاتھ سے اس سال صدقہ جاریہ کے کئی ایک کام انجام پائیں۔ عطارد مشتری سعد نظرات 17,16 فروری، 10,9,8 مارچ، 4,3,2 اپریل، 13,12 مئی، 16,15 اگست، 22,21 ستمبر، 24,23 دسمبر کے سعد ایام اپنے اور اپنے خاندان کے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے کئے گئے فیصلوں کے دوررس مثبت نتائج نکلیں گے۔ از خود اور اپنی فیملی کو سورۃ والضحیٰ کی پانچویں آیت وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پڑھنا معمول بنالیں اس معجزاتی اور کراماتی آیت سے آپ کا نصیب بدل جائے اس وظیفہ کو نماز فجر کے بعد پڑھنا معمول بنالیں اپنی فیملی اور اپنے عزیز و اقارب کو بھی اس معجزاتی آیت کا تعارف کروا سکتے ہیں اس سال کا بہترین نذرانہ (خیرات) اپنے گھر کی قریبی مسجد کے موذن کی خدمت کر کے ان سے بھی اذان فجر کے بعد اپنے لئے اور اپنی فیملی کیلئے دُعائیں کرنے کی گذارش کریں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ بیت المال اور بیت النصیب کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ 02 تا 26 مارچ شرف یافتہ، 19 اپریل تا 08 جون اور پھر 02 ستمبر تا 06 نومبر اوج وعروج یافتہ رہتے ہوئے آپ کے خاندان میں اور کاروباری آمدن میں اضافہ اور دیگر ذرائع آمدن سے بھی فوائد ملیں کلی طور سے دولت کا حاکم ستارہ مشتری کیم جنوری تا 02 جون خانہ مال اور صحت کو سعد نظرات بناتے ہوئے آمدن میں اضافے کے ساتھ ساتھ آپ کی صحت و شفایابی اور خود اعتمادی کیلئے بھی سعادتوں سے نوازے۔ زہرہ عطارد سعد نظرات 31,30,29,28,27 جنوری، 28,27 فروری، کیم مارچ، 25,24,23 جولائی، 15,14,13,12 اگست، 7,6 اکتوبر بننے سے ذرائع آمدن میں غیر متوقع اضافہ از قسم لاٹری وراثت شادی سے ممکن ہوتا ہوا

دکھائی دیتا ہے۔ 2026ء میں اپنے مستقبل کو تحفظ دینے کیلئے ٹھوس سرمایہ کاری کرنی نیک دکھائی دیتی ہے۔

عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء اور بیت الوراثت کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ 16 جنوری تا 23 فروری شرف یافتہ، 11 مئی تا 20 جون عروج یافتہ، 12 نومبر تا 10 جنوری 2027ء اوج یافتہ رہتے ہوئے عزیز واقارب بہن بھائیوں سے تعلقات میں خوشگواری اور آپ انکی مالی اور اخلاقی مدد بھی کرپائیں مریخ مشتری سعد نظرات 23,22,21,20 مارچ 30,29,28,27,26 جون 19,18,17,16,15,14,13 نومبر بننے سے اندرون و بیرون ملک کئی ایک خوشگوار سفر پیش آئیں حج وعمرہ کی سعادت پانے والوں کیلئے یہ سال نہایت خوش بخت دکھائی دیتا ہے۔ 2026ء میں آپ اپنی من پسند کے کئی ایک دُنیاوی اور روحانی مشاغل اختیار کریں آپ کے حاسدین ومخالفین بھی زیر رہیں اس سال کئے گئے مجموعی طور پر بھی سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوں آپ اجتماعی طور پر اپنے عزیز واقارب اور بہن بھائیوں کے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے کئی ایک فیصلہ کن پروگراموں پر عمل درآمد کرنا پسند کریں اور دوسرے بھی آپ کی صاف گوئی آپ کے ایثار اور قربانی کے جذبے کو سراہائیں۔ کچھ کنجوس نما سنبلی افراد بھی خلق خدا کی خدمت کرنے کا اپنے اندر مثبت جذبہ پائیں تو انہیں شکر ادا کرنا چاہئے کہ خدا تعالیٰ نے آپ کو ایسا کرنے کی توفیق عطا کی آپ کی شخصیت کی سحرانگیزی سے دوسرے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں سماجی سیاسی روحانی معروفیات وقفہ وقفہ سے سارا سال جاری رہیں۔ سفر سے قبل اس سال کا بہترین صدقہ گوشت یا کلیجی پھیپھڑوں پر نمک مرچ ہلدی اور سرسوں کا تیل لگا کر جانوروں کو ڈالنا ہر قسم کی ردبلا ثابت ہو۔

خاندان, جائیداد, سواری اور زراعت:۔ بیت الارض اور بیت الزوج کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری اس سال آپ کو بھرپور قسم کی سعادتوں اور نعمتوں سے نوازے یکم جنوری تا 02 جون دسویں بیت العزت کے گھر رہتے ہوئے اور پھر 02 جون تا 31 اکتوبر بیت الامید برج سرطان میں شرف یافتہ رہتے ہوئے زمین جائیداد پراپرٹی کا حصول اور دیرینہ روکے ہوئے وراثتی فوائد بھی آپ کو مل سکیں اہل خاندان میں آپ کی عزت وتکریم میں اضافہ ہو آپ کی سماجی سیاسی روحانی زندگی کے ایک نئے دور کی شروعات ہوسکے ابتدائے سال میں چوتھے شمس عطارد زہرہ مریخ مقابل مشتری کا ہونا ہجرت یا تبدیلی رہائش کے بھی مثبت امکانات دکھائی دیتے ہیں۔ زمین جائیداد پراپرٹی اور ذاتی سواری کا حصول رہائشی تزئین وآرائش اور اہل خاندان کے ساتھ خوشگوار تقریبات میں شرکت کے مواقعے ملیں زراعت باغبانی سے بھی فوائد کا حصول آسان ہو۔ مشتری عطارد سعد نظرات 17,16 فروری، 10,9,8 مارچ، 4,3,2 اپریل، 13,12 مئی، 16,15 اگست، 22,21 ستمبر، 24,23 دسمبر بننے سے آپ کی شخصیت وحیثیت میں اضافہ اور آپ خاندان کے ناراض افراد کے مابین صلح صفائی کروانے کیلئے ایک پُل کا کام دیں اور ایسے نیک کاموں میں ضرورت کے تحت فوری طور پر ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔

اولاد, انعامات ومحبت:۔ بیت الاولاد کا حاکم ستارہ زحل تمام سال ساتویں رہتے ہوئے صاحب اولاد افراد کو اپنے بچوں کی ذمہ داریوں کی طرف متوجہ رکھے ان کی تعلیم وتربیت اور ہائر ایجوکیشن اور شادی بیاہ کے معاملات حسب منشا حل ہوجانے کیلئے آپ کوشاں رہیں اور نتیجتاً آپ کو اس کے اچھے ثمرات بھی ملیں۔ اولاد انعام اور محبت اور خصوصاً محبت کرنے والے افراد اور شادی کی عمر کو پہنچنے والے سنبلی لڑکے لڑکیوں کی حسب پسند شادی منگنی طے پاجائے اور دیرینہ اولاد کے خواہاں سنبلی افراد اس سال یقینی طور پر کسی دُعا اور دوا سے صاحب اولاد ہوسکیں گے۔ 02 جون تا 31 اکتوبر سعد اکبر ستارہ مشتری پانچویں گھر کے مقابل شرف یافتہ رہتے ہوئے پانچویں گھر کو اپنی خوش بخت روحانی کرنوں سے نوازے گا۔ یوں یہ وقت سنبلی افراد کیلئے ایک نعمت اور نیک خوش بختی اور کیمیا گری سے کم نہ ہوگا اس دوران آپ کو غیر متوقع طور سے انعامی فوائد کا حصول ہوسکے گا۔ آپ کے شعور وادراک میں اضافہ انفارمیشن ٹیکنالوجی اور آرٹیفیشل ٹیکنالوجی کے جدید علوم میں آپ کی دلچسپیاں بڑھیں خود شناسی سے خدا شناسی اور قرآن فہمی کا شوق وذوق بڑھے ایسے سنبلی افراد جو انٹرنیشنل لاٹریز اور پرائز بانڈ میں دلچسپی رکھتے ہیں 31,30,29,28,27,20,19,18,16,15,14 جنوری، 28,27 فروری، یکم ,9,8,7,6,5,4,3,2 مارچ، 21,20,19 اپریل، یکم ,23,22,3,2 مئی، 26,25,24 جون، 25,24,23 جولائی، 18,17,15,14,13,12 اگست، 7,6 اکتوبر، 12,11 دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارے کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب "**انعام لکی نمبرز**" کا مطالعہ آپ کو انعام کے نزدیک لے جائیگا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

صحت وامراض, ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ زحل ساتویں رہتے ہوئے آپ کے طالع چوتھے ساتویں اور نویں گھر کو

ناظر رہنے سے آپ اپنی صحت جسمانی کی بحالی اور بہتری کیلئے پہلے سے کچھ زیادہ ہی متوجہ ہوسکیں سال کے شروع میں اپنا میڈیکل چیک اَپ خصوصاً بلڈ پریشر ڈیابیٹیز یورک ایسڈ مکمل بلڈ ٹیسٹ کے ساتھ اپنے دل کا میڈیکل چیک اَپ بھی ضرور کروائیں۔ چھٹے راہو بارہویں کیتو یکم جنوری تا 30 نومبر ان کی نشست نظر بد جادو ٹونہ کی نشاندہی بھی کرتی ہیں کیا ہی اچھا ہو کہ آپ سارا سال وقفہ وقفہ سے حسب توفیق پیر بدھ اور ہفتے کے دن سفید اشیاء چاول کا ٹوٹا سفید کپڑا بطور کفن اور بدھ کے دن سبز اشیاء کا صدقہ جیسے سبز مٹھائیاں کپڑا اور ہفتے کے دن بزرگ لوگوں کی خدمت اور سیاہ پوش ملنگ بابوں کی مالی خدمت یا پھر دودھ چینی چائے کی پتی ان بزرگ بابوں کو ہدیہ کر کے دُعا کیلئے درخواست کریں سب سے اعلیٰ صدقہ یا ہدیہ اپنے گھر کے ساتھ سے زیادہ عمر کے بزرگ لوگوں کی خدمت کریں اور اگر اپنی فیملی میں سے اس عمر کے لوگ حیات نہ ہوں تو پھر ان کے خونی رشتہ داروں کی خدمت اور دلجوئی اور ان کا خیال رکھنا سال ہذا 2026ء کا بہترین ہدیہ اور صدقہ شمار کیا جا سکتا ہے۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج اور بیت الارض کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا 02 جون خانگی اور ازدواجی خصوصاً ناراض زوجین کے مابین دوستی اور محبت کا باعث بنے۔ 02 جون تا 31 اکتوبر شرف یافتہ مشتری کی سعد نظر کے سبب حسب منشا رشتے ناطے طے ہو جانے کیلئے ایک بہترین وقت دکھائی دیتا ہے ستارہ زحل سارا سال ساتویں رہتے ہوئے آپ کی سنجیدہ طبیعت میں رشتے ناطوں کے احترام اور ان کے تقدس میں بہتری لائے گا۔ شراکتی اور ازدواجی معاملات میں اختلاف رائے سے بچیں اپنے لائف پارٹنر کی عزت کے ساتھ ساتھ ان کی جائز فرمائشوں پر اخراجات بھی ضرور کریں آپ کے اندر اس سال ایک مثبت تبدیلی بھی آئے گی جسے آپ خود محسوس کریں جس طرح آپ دوسروں سے محبت اور عزت توقع کرتے ہیں جواباً اس سال آپ ان کو اس سے بڑھ کر عزت واحترام دینا پسند کریں گے۔ مشتری عطارد سعد نظرات 17,16 فروری، 10,9,8 مارچ، 4,3,2 اپریل، 13,12 مئی، 16,15 اگست، 22,21 ستمبر، 24,23 دسمبر بننے سے آپ خود اعتماد پُرجوش اور دوسروں کیلئے ایک مسیحا بن کر اُبھریں دُنیاوی روحانی خوشیوں کے ساتھ ساتھ حسب پسند رشتے ناطے طے ہو جانے کیلئے بھی مندرجہ بالا سعد تواریخ آپ کیلئے نہایت اہم اور مبارک دکھائی دیتی ہیں تاہم مشتری عطارد نحس نظرات 15,14,13 جنوری، 27,26 اپریل، 5,4,3 دسمبر بننے سے زوجین کے مابین شکوک وشبہات خصوصاً نئے شادی شدہ جوڑوں کو اپنے حاسدین ومخالفین سے محتاط رہنا چاہئے اور ان کی باتوں میں آ کر شکوک وشبہات میں پڑ کر اپنا خانگی سکھ برباد نہ کریں۔ شراکتی ازدواجی محبت قائم و دائم رہنے کیلئے اور نئے شادی شدہ جوڑوں کے ہاں جلد نیک صالح اولاد ہو جانے کیلئے حضرت خواجہ خضرؑ زندہ پیر کی پناہ میں کسی قریبی دریا میں سلام کر کے سوا لاکھ یا کم وبیش زندہ مچھلیوں کا صدقہ ڈالنا اس سال کا ان سبھی مقاصد کیلئے بہترین صدقہ ثابت ہوگا۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الوراثت اور بیت الاقرباء کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ 16 جنوری تا 23 فروری شرف یافتہ، 11 مئی تا 20 جون عروج یافتہ، 12 نومبر تا 10 جنوری 2027ء اوج یافتہ رہنے کے علاوہ مریخ عطارد سعد نظرات 19,18,17 جنوری، 16,15,14 مارچ، 22,21,20,19 اپریل، 21,20,19,18 جون، 31 اگست، یکم، 2 ستمبر، 31 دسمبر بننے سے شراکتی وراثتی امور حسب منشا طے پائیں اور دیرینہ وراثتی اُلجھنیں پریشانیاں مقدمات بھی باہم خانگی پنچائتی طریقے سے بآسانی خوش اسلوبی سے حل ہو سکیں۔ متوقع انشورنس کلیم اور بغیر محنت کے دولت از قسم لاٹری پرائز بانڈ کے اس سال نکلنے کے امکان روشن دکھائی دیتے ہیں اپنی تمام حل امشکلات کیلئے سورۃ الضحیٰ کی پانچویں آیت وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر نماز فجر کے بعد پڑھنا معمول بنا لیں۔ اس حُسن عمل سے معجزاتی فوائد آپ کا مقدر بن جائیں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔ بیت النصیب اور بیت المال کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ 02 تا 26 مارچ شرف یافتہ، 19 اپریل تا 08 جون اور پھر 02 ستمبر تا 06 نومبر اوج وعروج یافتہ رہتے ہوئے آپ اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے مشاورت سے بہترین پلاننگ کر پائیں ستارہ زحل، اور راہو کیتو وقفہ وقفہ سے آپ کے اہم کاموں میں اگر رکاوٹ محسوس کریں تو کثرت سے سبحان اللہ اور استغفر اللہ حل المشکلات ہو جانے تک پڑھیں۔ بیرون ملک طلباء کیلئے اس سال اعلیٰ مواقع حج وعمرہ اور زیارات پر جانے والوں کیلئے 2026ء ایک خوش بخت سال دکھائی دیتا ہے آپ کے پاس زادراہ ہو یا نہ ہو آپ جیسے ہی نیک سفر کا ارادہ کریں زادراہ کا بندوبست قدرت اپنے کمال سے کردے گی۔ سنگل افراد اپنی زندگی میں روزمرہ امور میں بندگی اور شکر کو جتنا بڑھائیں گے۔ اس سے بڑھ کر قدرت کی فیاضی پائیں گے۔

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔ 2026ء یہ سال خوش بخت اور معجزاتی دکھائی دیتا ہے امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ کرنے والے کاروباری حضرات کیلئے یہ سال گزشتہ سالوں کی بہ نسبت نہایت اہم دکھائی دیتا ہے جب آپ اپنی عزت ساکھ کاروبار میں اضافے کی تھوڑی سی کی گئی کوششوں کا بھی غیر متوقع نفع اور رسپانس پائیں۔ زہرہ مشتری عطارد سعد نظرات 31,30,29,28,27 جنوری، 28,27,23,22,17,16 فروری، کیم 10,9,8، مارچ، 14,13,12,4,3,2 اپریل، 13,12 مئی، 11,10,9 جون، 25,24,23 جولائی 19,18,17,16,15,14,13,12 اگست، 22,21 ستمبر، 7,6 اکتوبر 30,29,28,27,26,6,5,4,3,2 نومبر 24,23 دسمبر بننے سے یہ بھی ایام حصول روزگار کی تلاش کے نئے مواقع مل جانے کیلئے نہایت اہم دکھائی دیتے ہیں انہی ایام میں آپ اپنے اور اپنی فیملی کے تحفظ کیلئے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے منصوبہ بندی کر پائیں۔

دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:۔ 2026ء میں آسمانی کونسل پرستاروں کی سعد نشست آپ کے حلقہ احباب میں سنجیدہ باشعور علمی ادبی سائنسی اور روحانی دلچسپیاں رکھنے والے احباب کا اضافہ ہوگا چوتھے ساتویں کا حاکم ستارہ مشتری بیت الامید برج سرطان میں 02 جون تا 31 اکتوبر شرف یافتہ رہنے سے آپ کی کئی ایک دیرینہ خواہشات کی تکمیل کاروباری زمین جائیداد کی خرید وفروخت سے نفع پائیں اور ایسے دوست نما حاسدین ومخالفین آپ کی زندگی سے نکل جائیں اور قدرت آپ کی شخصیت میں ایک سحر انگیزی پیدا ہو جانے سے دوسرے آپ کی اعلیٰ ظرفی سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں یہ سال سماجی سیاسی اور روحانی مصروفیت سے بھرپور سال دکھائی دیتا ہے۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ دو آسمانی سائے کیتو بارہویں راہو چھٹے کیم جنوری تا 30 نومبر رہنے سے اپنے حاسدین ومخالفین کی شر انگیزیاں نظر بند جادوٹونہ سے بچنے کیلئے حسب توفیق ہر پیر یا جمعرات سفید چاول کا ٹوٹا باجرہ ملا کر پرندوں کی دعوت کرنا رد بلا ثابت ہوگا۔ ابتدائے سال میں اپنا میڈیکل چیک اپ بھی ضرور کروائیں نظر بد جادوٹونہ کے اثرات محسوس کریں تو چالیس دن ہر اذان کے بعد چاروں قل پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں اور دم شدہ پانی پئیں۔ امیگریشن کے خواہاں افراد کیلئے بھی تاخیر دکھائی دیتی ہے جلدی بہتری ہو جانے کیلئے نگینہ اوپل چاندی یا پلاٹینم میں بنوا کر اپنے دائیں ہاتھ میں دو نفل شکرانے کے ادا کر کے دعا کر کے پہننا نیک رہے گا۔

سنبلی مرد وزن پر گرہنوں کے اثرات:۔ 17 فروری چھٹے سورج گرہن لگنے سے قرض مرض سے نجات آپ کے ظاہری دشمن زیر اور ذلیل ہو کر آپ سے معافی کے خواستگار ہوں۔ 03 مارچ بارہویں چاند گرہن نظر بد جادوٹونے کے اثرات میں کمی جادوٹونے کی کچھ اشیاء آپ کے ہاتھ لگیں تو نہیں آٹے کے پیڑے میں رکھ کر حضرت خواجہ خضرؑ کو سلام ودعا کر کے سمندر یا دریا کے گہرے پانی میں ڈال دیں۔ 02 اگست گیارہویں سورج گرہن کچھ قریبی لوگوں سے جدائی یا اختلاف رائے یا پھر کسی کاروباری مالی نقصان کا اندیشہ دکھائی دیتا ہے۔ 28 اگست چھٹے پھر ایک بار چاند گرہن لگنے سے آپ کی بہت ساری دنیاوی پریشانیاں نہ صرف دور ہوں بلکہ دیرینہ امراض میں بھی شفایابی کی قوت بڑھے۔ نماز کسوف (سورج) اور نماز خسوف (چاند) ایام گرہن میں دو نفل نماز آیات پڑھ کر اپنے اور اپنی فیملی کیلئے دعائیں کر کے نحوستوں کے دور ہونے کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ اپنی فیملی اور دوستوں کو بھی اس نماز کی طرف متوجہ کریں۔

سعد تواریخ:۔ 29,24,21,19,18,13,7 جنوری، 28,23,19,17,13,8 فروری، 26,24,22,17,15,13,9,8,7 مارچ، 25,21,20,15,10,5,3 اپریل، 27,22,21,17,14,13,12,6 مئی، 26,21,17,12 جون، 24,23,18,14,13,10,6 جولائی، 27,22,17,16,15,13,11,7,2 اگست، کیم 23,22,20,17,12,7,2 ستمبر، 31,23,18,12,7,3 اکتوبر، 27,18,13,8,4 نومبر، 28,23,19,13,11,8,2 دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ 26,14,2 جنوری، 25,11,2 فروری، 10,4 مارچ، کیم 30,26,22,7 اپریل، 24 مئی، 24,10,2 جون، کیم 28,20,8 جولائی، 28,19,4 اگست، 28,5 ستمبر، 30,25,20,5,2 اکتوبر، 30,23,16,2 نومبر، 31,30,24,16,9,4 دسمبر۔

میزان LIBRA

زہرہ VENUS

حساب [illegible]

23 SEPT - 22 OCT



16 OCT - 16 NOV

حسابِ ویدک

حروف ر ت ط

حاکم سیارہ: زہرہ | نشان: ترازو
ذاتی عقیدہ: توازن (I Balance) عنصر: ہوا (Air)
خاصہ: تغیر پذیر (منقلب) | نفسیاتی ٹائپ: خیالی اور تصوراتی
منسوبی رنگ: سفید، نیلا | اعضائے جسمانی: گردے
منسوبی پھول: بڑے گلاب | منسوب پتھر: ڈائمنڈ، وہائٹ ٹوپاز
منسوبی غذا: دلیہ، بیشتر پھل | منسوب درخت: سفیدہ اور دیودار
مثبت اور مذکر برج | بائیوکیمک سالٹ: نیٹرم فاس

2026ء مفرد نمبر 1 واحدیت کا سال الوہیت ﷻ رسالت ﷺ امامت علیہ السلام سے تجدید وفاداری واحدہ لاشرک لاء اورنئی شروعات زندگی کے ہر میدان میں کامیابی کے لئے تسبیح فاطمہ سلام اللہ علیہا ہر نماز کے بعد خصوصاً نماز فجر کے بعد پڑھنا اور جناب سیدہؑ کے وسیلہ سے دعائیں کرنا معمول بنالیں آسانیاں پائیں گے۔ اسی تسبیح کا دم شدہ پانی خود اور فیملی کو بھی پلائیں اور اسی پانی کو خیر وبرکت کی نیت سے اپنے گھر آفس اپنی گاڑی میں بھی سپرے کریں۔

دُعا گو:۔ شاہ زنجانی

آپ کی شخصیت:۔ الوہیت اورنئی شروعات کا سال 2026ء مفرد نمبر 1 شمسی سال کے آسمانی کونسل پر طالع کا حاکم ستارہ زہرہ تیسرے بیت الاقرباء کے گھر میں ہمراہ شمس عطارد مریخ مقابل مشتری ہونے سے اس سال آپ خاصے پُرجوش اور متحرک رہیں گے عزیز واقارب بہن بھائیوں سے تعلقات میں خوشگواری تجدید مراسم اندرون و بیرون ملک کئی ایک خوشگوار سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوں سعد اکبر ستارہ مشتری سارا سال آپ کو دوہری سعادتوں سے نوازے کاروباری اغراض ومقاصد کے تحت بھی مفید کاروباری سفر پیش آئیں یکم جنوری تا 02 جون سعد اکبر ستارہ مشتری اپنے فطرتی گھر میں رہتے ہوئے آپ کی زندگی کے اس اہم اور کچھ زیادہ کرنے کی ذہنی اور ارتکائی صلاحیتوں سے نوازے حد سے زیادہ کامیابی کو چھو لینے کی تمنا آپ کے اندر بڑھے اور کئی ایک کاموں کی انجام دہی سے آپ کی سماجی سیاسی عزت وتکریم میں اضافہ ہو سعد اکبر ستارہ مشتری 02 جون تا 31 اکتوبر بیت العزت کے گھر میں رہتے ہوئے آپ کے پیشہ ورانہ معاملات میں ذمہ درانہ انجام دہی سے کیریئر کاروبار میں ترقی کا عنصر غالب رہے گا اور آپ کے مدمقابل آپ کی محنت اور آپ کے نصیب کا مقابلہ نہ کر سکے۔ ستارہ زحل کی 30 سال کے بعد چھٹے سارا سال موجودگی آپ کی ملازمتی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ تبدیلی ملازمت اور ترقی کا عنصر غالب رہے گا۔ 2026ء میں ستارہ زہرہ مشتری سعد نظرات 6,5,4,3 جون، 13,12,11 اگست، 9,8,7 اکتوبر، 27,26,25 نومبر بننے سے مجموعی طور پر سال کی یہ خوش بخت تواریخ دکھائی دیتی ہیں۔ 2026ء میں گرہنوں کی نحس تواریخ 17 فروری، 03 مارچ، 02 اگست، 28 اگست نوٹ فرما لیں ان تواریخ سے 15 دن قبل تا بعد اپنے اہم کاموں کی تکمیل کیلئے اس سال کا بہترین سفید اشیاء کا صدقہ چاول کا ٹوٹا آٹا معدہ سوجی یا سفید کپڑے کا صدقہ ہر ہفتے یا ہر ماہ حسب توفیق پیر کے دن دینے سے آپ اور آپ کی فیملی کی تمام بلائیں دور ہو سکیں گی۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ بیت المال اور بیت الشراکت کا مالک مشترکہ حاکم ستارہ مریخ 16 جنوری تا 23 فروری شرف یافتہ، 11 مئی تا 20 جون عروج یافتہ، 10 نومبر تا 10 جنوری 2027ء اوج یافتہ رہتے ذرائع آمدن میں اضافہ اور نئے نئے کاروباری وسائل بنیں خصوصاً ستارہ مشتری بارہ سال کے بعد 02 جون تا 31 اکتوبر جب کیریئر کے گھر میں آکر خانہ مال اور چھٹے سروسز کے گھر کو بیک وقت سعد ناظر ہونے سے ان مجموعی ایام میں آپ کے کام کاج کرنے کی دُگنی اور اعلیٰ صلاحیتیں بیدار ہونے سے آپ اپنے جاری کاروبار کے علاوہ دیگر کسی ذرائع سے بھی روپیہ پیسہ کما سکیں گے مشترکہ مفادات کے کاموں میں حصہ لینا بھی نیک رہے گا۔ مریخ زہرہ مشتری زحل سعد نظرات 27,26,25,20,19,18 جنوری، 28,25,11,7,5 اپریل، 25,24,23,22,21,20,19 مئی، 6,5,4,3 جون، 27,26,25,13,12,11 اگست، 18,17,16,15,14 ستمبر، 30,29,28,27,26,9,8,7 اکتوبر، 27,26 نومبر، 05 دسمبر بننے سے معاشی اور کاروباری آمدن اور وسائل اضافہ اور غیر متوقع طور سے آپ کو اپنے گزشتہ کاروباری نقصان کے ازالے کیلئے بھی کچھ غیر متوقع روابط اور وسائل ملیں جن سے آپ کے نقصانات کا ازالہ نہ صرف بلکہ کاروباری لین دین میں آپ اپنے کاروباری قرض سے بھی نکل آئیں گے مشتری کی سعادت کے سبب 2026ء اپنے کاروباری مستقبل کو

درخشاں بنانے اور کسی نئے کام کا آغاز کرنا بھی ہر لحاظ سے بہتر اور مفید دکھائی دیتا ہے۔ 12 اگست بیت العزت میں سورج گرہن کا لگنا 15 دن قبل تا بعد اپنے اہم لین دین میں محتاط رہیں ان ایام میں سفید اشیاء کا صدقہ دینا خصوصاً چاول کا ٹوٹا باجرہ ہم وزن ملا کر روزانہ حشرات الارض کو ڈالنا معمول بنالیں۔

عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء اور بیت المرض کا مشترکہ حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری 2026ء میں اپنی سعد پوزیشن بیت النصیب اور بیت العزت میں ہونے سے اور ابتدائے سال میں چار اہم کواکب کا اس گھر میں اکٹھا ہونا اس بات کا اشارہ ہے کہ 2026ء میں کچھ غیر معمولی سفر زیادہ ہی پیش آئیں اور کبھی کئے گئے سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوں حج عمرہ زیارات مقدسہ پر جانے کی آرزو بر آئے۔ اس کے علاوہ سیر و سیاحت اور مطالعاتی سفر بھی پیش آئیں عزیز و اقارب بہن بھائیوں اور پڑوسیوں سے تعلقات میں گرم جوشی اور تحائف کا تبادلہ ہوتا رہے اور ایک دوسرے کیلئے نیک تمناؤں کے پیغامات کا سلسلہ جاری رہے۔ مشتری زہرہ سعد نظرات 6,5,3 جون، 13,12,11 اگست، 8,7 اکتوبر، 27,26 نومبر بننے سے اپنے قریبی احباب کیلئے آپ صلہ رحمی کے جذبے کے تحت یا پھر صدقہ جاریہ کے طور پر اجتماعی طور پر کئی ایک پسندیدہ کام انجام دینا پسند کریں گے۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ بیت الارض اور بیت الاولاد کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل تمام سال چھٹے نحس گھر میں ہونے سے خاندانی مسائل و پریشانیاں وقفہ وقفہ سے آپ محسوس کریں بہت سارے میزانی افراد اس سال ایک شہر سے دوسرے شہر یا ملک سے ہجرت کرنا پسند کریں ان کیلئے 2026ء کا سال ہجرت اور تبدیلی کیلئے نہایت اہم دکھائی دیتا ہے کیا ہی اچھا ہو بوقت ہجرت سرکار دو عالم کی پاک و بابرکت ہجرت کا وسیلہ دیتے ہوئے اپنی ہجرت میں خیر و برکت ہو جانے کی دُعائیں کریں یقیناً اچھی نیت کا اچھا صلہ پائیں۔ اہل خاندان کے مابین اختلاف رائے اور مسائل اگر پیدا ہوں اور آپ اس پوزیشن میں ہوں اور یقیناً آپ ہونگے تو آپ پر یہ اخلاقی اور شرعی ذمہ داری ہوگی کہ آپ اہل خاندان کے درمیان اتفاق و محبت پیدا ہو جانے کیلئے پُل کا کام انجام دیں اس سال آپ نظر بد جادو ٹونہ کے آثار محسوس کریں تو دریا یا سمندر پر جا کر حضرت خضرؑ کو تین بار باآدب سلام پیش کر کے تین بار یہ دُعا پڑھیں (یا خواجہ خضر زندہ، بیدے مراد بندے) دُعا پڑھ کر ان کی اجازت سے دریا کا پانی کسی بڑی پلاسٹک بوتل میں بھر کر گھر لائیں اور گھر میں اصبح خیر و برکت کیلئے سپرے کریں۔ زحل زہرہ سعد نظرات 20,19,18 جنوری، 11,7,6,5 سے 28 اپریل، 7,6,5 جولائی، 27,26 اگست، 27,26 نومبر بننے سے رہائشی تزئین و آرائش زراعت باغبانی سے تعلق رکھنے والے میزانی افراد کے نفع کے حصول کیلئے اپنی کاشتکاری پر خصوصی توجہ سے دوگنا تین گنا نفع پاسکتے ہیں زمین جائیداد پراپرٹی کی خرید و فروخت بھی حسب منشا ہو سکے ذاتی سواری خریدنے کے خواہاں افراد کیلئے بھی یہ تواریخ سعد دکھائی دیتی ہیں۔ زحل زہرہ نحس نظرات 31 جولائی، یکم، 2 اگست، 12,11 اکتوبر، 22,21,20 دسمبر بننے سے ان نحس تواریخ میں احتیاط سے کام لیں سنجیدہ نوعیت کے سماجی سیاسی اور خاندانی مسائل و پریشانیاں دانشمندانہ طریقے سے حل کریں۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الاولاد اور بیت المرض کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل تمام سال چھٹے نحس گھر میں، رہے اسی پانچویں گھر میں یکم جنوری تا 30 نومبر راہو کا 18 سال کے بعد قیام آپ کے اولاد انعام محبت کے معاملات میں سنجیدگی اور آپ کی توجگی کچھ زیادہ ہی رہے گی صاحب اولاد میزانی افراد پر لازم ہوگا کہ اپنے بچوں کو زمانے کی بے راہ روی سے بچائیں اور ان کے روز و شب کو چیک اینڈ بیلنس رکھیں تا کہ کسی متوقع پریشانی سے بچا جا سکے جذباتی محبت اور زوجین کے مابین تعلقات بھی احتیاط طلب اور آپس میں غلط فہمیاں اور بلاوجہ کے لڑائی جھگڑے سے بچیں معاملات محبت میں بھی علیحدگی بے وفائی اور رسوائی کے خدشات دکھائی دیتے ہیں۔ اپنے شعور و ادراک میں اضافے کیلئے علمی ادبی مطالعہ بزرگوں کی صحبت اختیار کرنے کے ساتھ ترجمے کے ساتھ قرآن کا مطالعہ قرآن فہمی خود سے خدا شناسی کی طرف متوجہ ہونے سے آپ اپنے قریبی پیاروں کی بہتر طریقے سے خدمت اور حفاظت کر پائیں۔ جنوری تا مئی پانچ ماہ سبھی کاموں کیلئے قابل توجہ اور جون تا اکتوبر بہت ساری بلاوجہ کی اُلجھنیں پریشانیاں دور ہو سکیں خصوصاً ستارہ زحل زہرہ سعد نظرات 20,19,18 جنوری، 11,7,6,5 سے 28 اپریل، 7,6,5 جولائی، 27,26 اگست، 27,26 نومبر بننے سے صاحب اولاد افراد کو ان ایام میں اپنے بچوں کی ایجوکیشن کامیابیاں اور بچوں کی شادی بیاہ کی خوشیاں دیکھنی بھی نصیب ہو سکیں۔ انٹرنیشنل لاٹریز اور پرائز بانڈ میں دلچسپی رکھنے والے افراد 6,5,4، 27,26,25,20,19,18 جنوری، 13,12,11,10,9,8,7,6 فروری، 31,9,8,7 مارچ، 28,27,26,25,11,10,9,8,7,6 اپریل، 25,24,23,22,21,20,19 مئی، 29,28,27,26,25,24 جون 25,24,23,7,6,5 جولائی 27,26,25 اگست 18,17,16,15,14 ستمبر 31,30,29,28 اکتوبر،

16,17,18,26,27 نومبر بننے سے حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارے کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب **"انعام لکی نمبرز"** کا مطالعہ آپ کو انعام کے نزدیک لے جائیگا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا مفت اسم اعظم پوچھ سکتے ہیں۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض اور بیت الاقرباء کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری 2026ء میں نویں دسویں سعد پوزیشن کے سبب امراض سے شفایابی کیلئے مددگار اور راہنما ثابت ہوگا آپ کو کوئی اچھا معالج یا مسیحا مل جانے سے آپ کی صحت جسمانی بہتر اور بحال ہونے لگے گی خاص طور سے 41 سے 60 سال کے میزانی افراد اپنی صحت جسمانی کا خاص طور پر خیال رکھیں اور اپنے معالج کی ہدایات کے مطابق ادویہ اور اغذیہ کا استعمال جاری رکھیں۔ ستارہ زحل 30 سال بعد سارا سال اس گھر میں رہتے ہوئے بے روزگار افراد کیلئے روزگار میں تبدیلی اور بہتر روزگار کی جستجو میں بہتری آسانی کے کئی ایک مواقع ملیں ملازمت پیشہ افراد کیلئے لازم ہوگا کہ وہ اپنے فرائض ذمہ داری سے انجام دیں تا کہ ان کی عزت و منصب بحال رہے آپ کے خلاف کچھ سازشیں بھی متوقع دکھائی دیتی ہیں تاہم آپ کے حاسدین و مخالفین اپنے بد ارادے کے تحت کچھ نہ بگاڑ سکیں۔ ادائیگی قرض کے نیک وسائل بنیں اور صالح نیت رکھنے سے آپ کے قرض کی ادائیگی بھی احسن طریقے سے ہو سکے آپ کا حاکم ستارہ زہرہ 02 مارچ تا 26 مارچ شرف یافتہ، 19 مارچ تا 14 مئی اور 02 ستمبر تا 06 نومبر عروج و اوج یافتہ رہتے ہوئے ان ایام میں آپ اپنی عمر کے لحاظ سے اپنی اور اپنی فیملی کے حفظان صحت کے اصول جان کر ان پر عمل درآمد کرنا پسند کریں اس حسنِ عمل سے آپ اپنی صحت کو بہتر اور اپنے آپ کو چاک و چوبند محسوس کریں روحانی اور جسمانی شفایابی کیلئے 70 مرتبہ سورۃ الفاتحہ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں دم شدہ پانی پئیں اور اپنے لئے دعائیں کرنا معمول بنالیں اس حُسنِ عمل سے جسمانی اور روحانی شفایابی کی قدرتی قوت میں اضافہ ہو سکے گا۔

تعلقات، شراکتی و ازدواجی مراسم، شادی:۔ 2026ء میں بیت الزوج اور بیت المال کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ اور اس کا دوست سعد اکبر ستارہ مشتری ہر دو ستاروں کی وقفہ وقفہ سے سارا سال سعادتیں آپ کو ملتی رہیں اس گھر کا حاکم ستارہ مریخ 16 تا 23 فروری شرف یافتہ، 18 مئی تا 20 جون عروج یافتہ، 12 نومبر تا 10 جنوری 2027ء اوج یافتہ رہتے ہوئے اور خصوصاً ستارہ مشتری 02 جون تا 31 اکتوبر ساتویں گھر کو سعد نظر دینے سے رشتے ناطوں سے متعلقہ شادی کی عمر کو پہنچنے والے یا اس سے گذر جانے والے افراد کی بھی شادی کے کارک ستارہ مشتری کی سعادت کے سبب حسب منشا شادی خانہ آبادی ہو سکے گی۔ مریخ زہرہ مشتری سعد نظرات 25,26 جنوری، 5,6,7,8 اپریل، 19,20,21,22,23,24,25 مئی، 3,4,5,6,19,20,21,22,23,24,25 جون، 11,12,13 اگست، 14,15,16,17,18 ستمبر، 7,8,9,26,27,28,29 اکتوبر، 26,27 نومبر بننے سے خواہاں میزانی لڑکے لڑکیاں مرد و زن دوسری شادی کے خواہاں بھی افراد کیلئے مندرجہ بالا تواریخ رشتے ناطے شادی بیاہ طے ہو جانے کیلئے نہایت اہم تواریخ دکھائی دیتی ہیں۔ 2026ء میں حسبِ منشا نصیب کشائی شادی کیلئے ممکن ہو تو ہر جمعرات اپنی قریبی مسجد کے موذن کی خدمت کر کے انہیں اذان فجر کے بعد دعا کیلئے گذارش کریں۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف وراثت اور آپ کے طالع کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ 02 تا 26 مارچ شرف یافتہ، 19 اپریل تا 14 مئی، 02 ستمبر تا 06 نومبر عروج و اوج یافتہ رہتے ہوئے مشترکہ کئے گئے کام نفع بخش ثابت ہوں اپنی وراثت کے حصول کیلئے کی گئی کوششیں بھی بارآور ثابت ہوں 2026ء میں آپ کا کوئی متوقع انشورنس کلیم یا کوئی بڑا انعام لگ سکتا ہے یقینی طور سے حصول خیر و برکت ہو جانے کیلئے سورۃ الضحیٰ کی پانچویں آیت وَلَسَوۡفَ يُعۡطِيۡكَ رَبُّكَ فَتَرۡضٰى اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پڑھنا معمول بنائیں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:۔ 2026ء میں سعد اکبر ستارہ مشتری بیت النصیب واپنے فطرتی گھر میں یکم جنوری تا 02 جون نہایت سعد طاقتور پوزیشن میں اور 02 جون تا 31 اکتوبر بیت العزت کے گھر میں بارہ سال کے بعد شرف یافتہ رہتے ہوئے آپ کا نصیب یاوری کروادے گا اپنی قسمت سے گلہ کرنے والے میزانی افراد کے اس سال تمام گلے شکوے دور ہو جائیں تو انہیں بندگی اور شکر بجالانے کی اچھی عادت کو مستقل بنالینا چاہئے بیت النصیب اور بیت الاعداء کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد 29 مئی تا 22 جون اور پھر 07 جولائی تا 05 اگست عروج یافتہ جبکہ 22 اگست تا 07 ستمبر شرف یافتہ رہتے ہوئے آپ کو اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے کئی ایک اچھی مشاورت پلاننگ مل سکے گی۔ کاروباری اغراض و مقاصد کیلئے اندرون و بیرون ملک کئے گئے سفر وسیلہ ظفر اور خیر و برکت کا باعث بنیں طلبا اعلیٰ تعلیم کیلئے بآسانی ذرا سی کوشش فرمانے سے بیرون ملک جاسکیں گے حج عمرہ و زیارات مقدسہ پر جانے کیلئے آسمانی کونسل کے ستارے آپ پر مہربان ہیں آپ کا ارادہ ہوا

تو اس سال یقیناً یہ سعادت آپ کو مل سکے گی۔ قانونی امور میں اعلیٰ مشاورت اور کامیابیاں آپ کا مقدر ہوں اور عقد ثانی کے خواہاں افراد بھی اس سال ازدواجی خوشیاں پالیں گے ستارہ عطارد اس سال تین مرتبہ 26 مارچ تا 19 اپریل، یکم اگست تا 02 ستمبر اور 06 نومبر تا 22 نومبر رجعت (اُلٹا) ہونے کے سبب مندرجہ بالا سبھی ایام میں جاری کاموں میں سست روی دکھائی دیتی ہے اپنے اہم کاموں میں احتیاط سے کام لیں۔

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔ بیت العزت اور کیرئیر کے گھر میں سعد اکبر ستارہ مشتری 2027,2026ء میں دو مرتبہ شرف یافتہ ہوگا اس سال ستارہ مشتری 02 جون تا 31 اکتوبر بارہ سال کے بعد شرف یافتہ ہونے سے آپ کی عزت و توقیر کیرئیر کاروبار میں غیر متوقع طور سے اضافہ دکھائی دیتا ہے اس سال نئے کاروبار کا آغاز کرنا بھی باعث برکت ذمہ دارانہ فرائض کی انجام دہی سے ملازمت پیشہ افراد کے عزت و منصب میں اضافہ ہو سکے گا بیت العزت کا حاکم ستارہ قمر اپنے ذاتی گھر برج سرطان میں اڑھائی دن قیام کرتا ہے ہر ماہ کے یہ ایام اپنے کاروبار پیشہ ورانہ امور کو آگے بڑھانے کیلئے نہایت اعلیٰ دکھائی دیتے ہیں ہر ماہ یہ تواریخ جنتری ہذا سے آپ کو بآسانی مل سکتی ہیں۔ 02 اگست اس گھر برج سرطان میں سورج گرہن کا لگنا مہینہ قبل تا بعد احتیاط کے ساتھ صدقات وخیرات کی ادائیگی رد بلا کیلئے ضرور کریں۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کے گھر 18 سال بعد کیتو مقابل راہو کا قیام یکم جنوری تا 30 نومبر رہے گا 2026ء میں کئی لوگ آپ کی زندگی سے نکل جائیں گے اور ان کی جگہ دوسرے اچھے لوگ لے لیں گے 2026ء میں آپ کو اپنے حلقہ احباب دوستوں میں نظر ثانی کرنے کی ضرورت ہوگی خاص طور پر سماجی خصوصاً سیاسی تعلق داریاں آپ کی توقع پر پوری نہ اُتریں۔ 14 اپریل تا 15 مئی اور 17 اگست تا 17 ستمبر یہ ایام دیرینہ خواہشات کی تکمیل کاروباری زمین جائیداد اور پراپرٹی کے لین دین میں نہایت اہم اور نیک دکھائی دیتے ہیں۔ 03 مارچ اس گھر میں چاند گرہن کا لگنا 15 دن قبل تا بعد نہایت احتیاط سے کام لیں۔

خفیہ سرگرمیاں، سازشیں، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداء کا حاکم ستارہ عطارد اس سال تین مرتبہ 26 مارچ تا 19 اپریل، یکم اگست تا 02 ستمبر اور 06 نومبر تا 22 نومبر رجعت (اُلٹا) ہونے سے آپ کے حاسدین ومخالفین آشکار ہوں بڑھتے اخراجات میں کمی اور بیرون ملک حصول امیگریشن کے میزانی افراد کیلئے مشورہ ہے کہ وہ جلد بازی اور کوئی غیر قانونی طریقہ اختیار نہ کریں۔

میزانی مرد وزن پر گرھنوں کے اثرات:۔ 2026ء میں 17 فروری سورج گرہن پانچویں لگنے سے اولاد انعام محبت سے متعلقہ امور میں اچانک پریشانیاں پیش آسکتی ہیں۔ 03 مارچ گیارہویں چاند گرہن لگنے سے آپ کے کاروباری امور میں مسائل وپریشانیاں اور آپ کے بعض اہم کام ہوتے ہوتے خدانخواستہ رُک سکتے ہیں۔ 02 اگست بیت العزت میں سورج گرہن کا لگنا حاسدین ومخالفین کی جانب سے آپ کی عزت وتوقیر کو گھٹانے کیلئے سازشیں کی جاسکتی ہیں اپنی صحت جسمانی کا خیال رکھیں۔ 25 اگست پانچویں گرہن لگنے سے ایک بار پھر اولاد انعام محبت کے معاملات میں عجیب و غریب قسم کی پریشانیاں اچانک لاحق ہوسکتی ہیں۔ ایام گرہن میں نماز کسوف (سورج) اور نماز خسوف (چاند) ایام گرہن میں دو نفل نماز آیات پڑھ کر اپنے اور اپنی فیملی کیلئے دُعائیں کر کے نحوستوں کے دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ اپنی فیملی اور دوستوں کو بھی اس نماز کی طرف متوجہ کریں۔

سعد تواریخ:۔ 29,24,19,15,13,8,6 جنوری، 28,27,23,18,13,7 فروری، 29,25,20,15,10,8 مارچ، 29,23,19,14,13,9 اپریل 29,23,19,14,10 مئی 28,22,18,13,10,9 جون 28,25,24,22,17,13,8 جولائی، 27,17,16,13,11,7 اگست 24,19,14,9,5 ستمبر 30,24,21,17,12,7,3 اکتوبر 30,26,17,12,10,7,4,3 نومبر، 29,25,16,10,5 دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ 26,10,9,3 جنوری، 25,10,6 فروری، 27,18,13,4 مارچ، 26,12,4 اپریل، 26,12,4 مئی، 25,11,3 جون، 29,11,3 جولائی، 24,21,9,2 اگست، یکم، 25,22,7 ستمبر 26,19,5 اکتوبر، یکم، 28,22,14 نومبر، 27,20,13 دسمبر۔

حروف: ن ی

حسابِ یونانی

23 OCT - 22 NOV



17 NOV - 15 DEC

حسابِ ویدک

سیارہ مریخ ذیلی حاکم سیارہ: پلوٹو — ذاتی عقیدہ: تخلیق (I Create)

نشان: بچھو، عقاب اور فینکس — عنصر: پانی (Water)

خاصہ: غیر تغیر پذیر (ثابت) — نفسیاتی ٹائپ: احساس

منسوب رنگ: گہرا سرخ — اعضائے جسمانی: تناسلی اعضا

منسوب پتھر: تیز سرخ یاقوت — منسوب درخت: خاردار قسم کے

منسوب پھول: سرخ پھول — منسوب غذا: تیز خوشبو والی

منفی اور مونث برج — ہائیکو کیمک سالٹ: کلکیر یا سلف

SCORPIO



2026ء مفرد نمبر 1 واحدیت کا سال الوہیت ﷻ رسالت ﷺ امامت علیہ السلام سے تجدید وفاداری واحدہ لاشریک لاء اور نئی شروعات زندگی کے ہر میدان میں کامیابی کے لئے تسبیح فاطمہ سلام اللہ علیہا ہر نماز کے بعد خصوصاً نماز فجر کے بعد پڑھنا اور جناب سیدہؑ کے وسیلہ سے دعائیں کرنا معمول بنالیں آسانیاں پائیں گے۔ اسی تسبیح کا دم شدہ پانی خود اور فیملی کو بھی پلائیں اور اسی پانی کو خیر و برکت کی نیت سے اپنے گھر آفس اپنی گاڑی میں بھی سپرے کریں۔

دُعا گو:۔ شاہ زنجانی

آپ کی شخصیت:۔ الوہیت اور نئی شروعات کا سال 2026ء مفرد نمبر 1 شمسی سال کے آسمانی کونسل پر طالع اور چھٹے کا مشترکہ حاکم مریخ بیت المال میں ہمراہ شمس عطارد زہرہ حالت غروب میں اور مقابل دوسرے پانچویں کا حاکم مشتری یکم جنوری تا 02 جون آٹھویں نحس گھر میں وبال یافتہ ہونے سے سال کی ابتداء مالی اُتار چڑھاؤ کے لحاظ سے خاصی آزمائش طلب اور مشکل ہو سکتی ہے بشرطیکہ آپ نے اس کے لئے شروع سال سے ہی کوئی پلاننگ نہ کی خاندانی صدمات صحت جسمانی خصوصاً ناک کان گلہ اور تھائی رائڈ گلائیڈ سے متعلقہ امراض کا اندیشہ رہے۔ سال کے پہلے پانچ مہینے اس سلسلے میں نہایت توجہ طلب دکھائی دیتے ہیں تاہم جیسے ہی ستارہ مشتری بارہ سال کے بعد 02 جون تا 31 اکتوبر نویں برج سرطان نصیب کے گھر میں آئے گا تو گزشتہ تمام پیدا شدہ پریشانی اور مسائل کو دور کروانے کا سبب بنے گا اس کے علاوہ طالع کا حاکم ستارہ مریخ 16 جنوری تا 23 فروری شرف یافتہ، 11 مئی تا 20 جون عروج یافتہ، 12 نومبر تا 10 جنوری 2027ء اوج یافتہ رہتے ہوئے 2026ء کی غیر متوقع خوش بختیوں سے نوازے۔ آپ اپنی اعلیٰ صلاحیتوں کی بدولت کئی ایک مشکلات پر از خود قابو پانے کی پوزیشن میں ہونگے صحت جسمانی بہتر و بحال اور کیریئر کے حوالے سے ذمہ دارانہ عہدہ مل سکے اور کاروباری عزت و ساکھ اور بیرون ملک کاروباری سرگرمیاں اس سال پہلے سے کچھ زیادہ ہی دکھائی دیتی ہیں۔ آن لائن ٹریڈنگ کاروباری امپورٹ ایکسپورٹ کرنے والے بوقت ٹریڈنگ انشورنس کو یقینی بنائیں اس سال کئے گئے جرأت مندانہ فیصلے آپ کے مستقبل کو درخشاں بنانے میں مددگار اور معاون ثابت ہونگے۔ سماجی سیاسی عزت و تکریم میں اضافے کے ساتھ ساتھ شرف مشتری کے سبب آپ کے اندر روحانی ذوق و شوق صوم صلوٰۃ کی پابندی بندگی خود سے خداشناسی قرآن فہمی اور بزرگوں کی صحبت میسر آئے گی اپنی روح کی تازگی کیلئے آپ کے اندر روحانی دلچسپیاں اچانک بڑھ جائیں اگرچہ آپ پہلے بھی حج عمرہ زیارات مقدسہ کر چکے ہیں تاہم پھر بھی آپ کا شوق روحانیت بڑھے وہ خواہاں عقربی مرد و زن جو پہلے اس سعادت کی خواہش رکھتے ہیں اور زادِ راہ نہ ہونے کے سبب اب تک نہ جا سکے ہوں اس سال ارادہ کرنے سے قدرت ان کے زادِ راہ کا غیب سے سامان پیدا کر دے گی بشرطیکہ آپ اپنے خلوص و اخلاص میں سچے ہوں ہر طرح کی خوش بختی کا حصول ہو جانے کیلئے درود شریف کثرت سے یا پھر بلا ناغہ نماز شب یا ہر دو عمل ساتھ کرنے سے اس سال آپ کا نصیب بدل سکتا ہے اور آپ وہ روحانی دُنیاوی خوشیاں پا سکیں جن کی پہلے آپ نے کبھی توقع بھی نہ کی ہو۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ بیت المال کا حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا 02 جون آٹھویں نحس گھر میں وبال یافتہ ہونے سے سال کے پہلے پانچ مہینے ذرائع آمدن کے حصول کیلئے آپ کو کچھ زیادہ ہی محنت کرنا ہوگی تاہم وراثت انشورنس کلیم یا دیگر پہلے سے کی گئی ٹھوس سرمایہ کاری سے آپ کو ایک حد تک فوائد ملتے رہیں ستارہ مشتری کے 2027,2026ء میں دو مرتبہ شرف یافتہ ہونے اور اس سال 02 جون تا 31 اکتوبر شرف یافتہ ہونے سے ذرائع آمدن اور کاروباری معاملات میں پیدا شدہ سبھی رکاوٹیں دور ہو سکیں گی اور کئی عقربی افراد کا لاٹری یا انعام بھی لگ سکے اور انہی ایام میں خاندان میں اضافہ اور کئی ایک روحانی مالی خوش بختیاں مل سکیں۔ اپنی زندگی کے ہر نیک مقصد کے حصول کیلئے سورۃ الضحیٰ کی پانچویں آیت وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ نماز فجر کے

بعد 313 مرتبہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پڑھنا معمول بنالیں۔

عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء اور بیت الارض کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل سارا سال پانچویں گھر میں نیپچون کے ہمراہ رہتے ہوئے ناراض قریبی عزیز و اقارب سے دوبارہ تجدید ملاقات اور گلے شکوے دور ہو سکیں خصوصاً یہ سعد وقت 02 جون تا 31 اکتوبر دکھائی دیتا ہے جب مشتری شرف یافتہ تیسرے کے مقابل ہوگا۔ 2026ء میں تین اہم گرہن بیت الارض اور بیت العزت میں لگیں بیت الارض میں 17 فروری سورج گرہن، 28 اگست چاند گرہن اور 03 مارچ بیت العزت میں چاند گرہن کا لگنا اندرون ملک کئے گئے سفر میں حادثات مسائل و پریشانیاں عزیز و اقارب سے تعلقات میں بگاڑ جیسے خدشات دکھائی دیتے ہیں۔ گرہن کے لگنے سے ایک ماہ قبل تا بعد اپنی جلد بازی اپنے غم و غصہ اور جذباتی پن پر قابو رکھیں یقیناً احتیاط اور ایسا کرنے سے آپ بہت سارے مسائل و پریشانیوں سے بچ سکتے ہیں ایام گرہن میں گندم و باجرے کا حسبِ توفیق صدقہ و خیرات ضرور دیں۔ گھر سے جب بھی باہر نکلیں پانچ مرتبہ اسم اعظم یَا حَافِظُ یَا حَافِظُ یَا حَافِظُ یَا حَافِظُ یَا حَافِظُ پڑھ کر دم اور دُعا کر کے نکلیں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ بیت الارض کا حاکم ستارہ زحل تمام سال پانچویں اولاد و انعام کے گھر میں رہے 18 سال بعد راہو یکم جنوری تا 30 نومبر بیت الارض میں قیام اور مقابل کیتو کا ہونا آپ کے خاندانی حالات و واقعات میں غیر معمولی تبدیلیوں کی نشاندہی کرتا ہے ممکن ہے کہ کچھ تبدیلیاں نہ پسندیدہ ہوں آپ چاہیں یا نہ چاہیں اس سال انہیں برداشت کرنا ہی ہوگا۔ بزرگوں اور والدہ کی خرابی صحت اور ان سے جدائی جیسے صدمات ٹریفک حادثات اور اپنے گھر کاروبار میں نظر بد جادو ٹونہ جیسی کیفیت محسوس کریں تو چالیس دن مسلسل نماز فجر کے بعد سورۃ البقرہ کی تلاوت خود کریں یا آڈیو لگا کر ہمراہ ایک پیالے میں پانی دم کرنے کیلئے رکھیں پوری سورۃ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنے اور سننے کے بعد اس دَم شدہ پانی کو سب گھر والوں کو پلائیں اور گھر کاروباری جگہ پر اس کا سپرے کریں۔ خاندانی مسائل اور پریشانیوں کے ساتھ ازدواجی مسائل اور پریشانیاں خصوصاً نئے شادی شدہ جوڑوں سے گذارش ہے کہ وہ اپنے لائف پارٹنر سے محبت اور ایثار سے پیش آئیں اور ان کی باتوں کو درگزر کریں۔ اس سال زحل مریخ کی سب سے خراب نظر قران 10 تا 21 اگست بنے۔ مارچ، اگست کے مہینے خاصے احتیاط طلب دکھائی دیتے ہیں۔ زحل مریخ راہو کیتو سعد نظرات 22,21,20,19 جنوری، 26,25,24 مئی، 21,20,19,18 جولائی، 16,15 اکتوبر بننے سے گزشتہ پیدا شدہ رکاوٹیں ان ایام میں آپ دور ہوتی ہوئی محسوس کریں اجتماعی طور پر خاندانی معاملات میں بہتری آئے اہل خاندان کے ساتھ سیر تفریح اور اپنے ہاں وقفہ وقفہ سے روحانی محافل سجانے کے مواقع ملیں۔ ایسے میں اجتماعی طور پر بیٹھ کر کثرت سے درود شریف یا حدیث کساء پڑھ کر بھی اہل خاندان اور گھر میں خوشی اور خیر و برکت لوٹ آنے کیلئے دُعائیں کریں۔ ہر طرح کی نحوستیں دور ہو جانے کیلئے اپنے گھر کی چھت پر باجرہ چاول کا ٹوٹا یا پانی سے پرندوں کی بلا ناغہ دعوت کرنا معمول بنالیں۔

اولاد، انعامات و محبت۔ 2026ء میں بیت الاولاد کے گھر میں 30 سال کے بعد ستارہ زحل یکم جنوری 2026ء تا 20 اکتوبر 2027ء رہے یہاں رہتے ہوئے دوسرے پانچویں ساتویں اور گیارہویں گھر کو ناظر رہنے سے آپ اپنے اندر منفی توانائی جذباتی پن غم و غصہ محسوس کر سکتے ہیں یہ سال منفی توانائیوں سے بچنے کا پیغام دیتا ہے آپ اپنی مثبت توانائیوں کو اُجاگر کریں تاکہ ممکنہ طور پر آپ از خود اور اپنے بچوں کی بہتر طور سے تعلیم و تربیت اور نگہداشت کر پائیں۔ بیت المال اور بیت الاولاد کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری جب 02 جون تا 31 جولائی نویں برج سرطان میں شرف یافتہ رہنے سے یکدم آپ کے مزاج میں تحمل مزاجی درگزر جیسی کیفیت پیدا ہو اور آپ اپنے بلاوجہ کے غم و غصہ پر قابو پا سکتے ہیں۔ بارہ سال بعد سعادت مشتری کے سبب صاحب اولاد افراد کو اپنے بچوں سے ایجوکیشنل اور ان کی شادی بیاہ حسبِ منشا طے پا جانے سے خوشیاں ملیں اس سال جون تا اکتوبر آپ کا کوئی بڑا انعام بھی لگ سکتا ہے اور محبت کی شادی بھی اچانک طے پا سکتی ہے وہ عقربی افراد جو انٹرنیشنل لاٹریز اور پرائز بانڈ میں دلچسپیاں رکھتے ہیں 19,18,17 جنوری 18,17,16 فروری 23,22,21,20,16,15,14,10,9,8 مارچ، 22,21,20,19,4,3,2 اپریل، 14,13,12 مئی، 30,29,28,27,26 جون 31,16,15 اگست، یکم ,2, 22,21 ستمبر، 19,18,17,16,15,14,13 نومبر 31,24,23 دسمبر بننے سے حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارے کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب **''انعام لکی نمبرز''** کا مطالعہ آپ کو انعام کے نزدیک لے جائیگا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

صحت وامراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض اور طالع کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ **16** جنوری تا **23** فروری شرف یافتہ، **11** مئی تا **20** جون عروج یافتہ، **12** نومبر تا **10** جنوری **2027**ء اوج یافتہ رہتے ہوئے اور اِدھر سعد اکبر ستارہ مشتری **02** جون تا **31** اکتوبر نویں برج سرطان میں شرف یافتہ رہتے ہوئے آپ کی صحت جسمانی اپنا خیال رکھنے سے آپ بہتر محسوس کریں تاہم پھر بھی اپنی سالگرہ کے قریب اپنا میڈیکل چیک اَپ ضرور کروائیں خصوصاً بلڈ ٹیسٹ کولیسٹرول لیول ذیابیطیز اور دل کی دھڑکن کا بھی میڈیکل چیک اَپ خصوصاً چالیس سے ساٹھ سال کی عمر کے عقربی افراد کیلئے یہ ضروری ہوگا۔ بے روزگار افراد کو کوشش فرمانے سے اندرون و بیرون ملک روزگار کے اعلیٰ مواقع مل سکیں گے ادائیگی قرض اور مقدمات سے بھی اس سال نجات مل سکے گی۔ آپ چونکہ پٹرولیم والے واٹر سائن سے تعلق رکھتے ہیں اپنی جسمانی روحانی نفسیاتی اور ذہنی شفایابی کیلئے دن میں کم از کم **12** سے **14** گلاس پانی پینا حیرت انگیز طریقے سے شفایابی کا باعث بنے یہ نسخہ کیمیا **2026**ء کیلئے آپ کے نام ہے عمل کر کے نتائج آپ خود ہی دیکھ سکتے ہیں اور صبح نیم گرم پانی یا جمعرات کو پانی میں بھگوئی گئی **2** انجیر کا صبح نہار منہ کھانا آپ کی شفایابی کیلئے معجزاتی اثرات عطا کرے گا۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی۔ بیت الزوج اور بیت الاعداء کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ **02** تا **26** مارچ شرف یافتہ، **19** اپریل تا **14** مئی اور **02** ستمبر تا **06** نومبر عروج یافتہ رہتے ہوئے خواہاں عقربی لڑکے لڑکیوں کی شادی خانہ آبادی کے نیک وسائل ان ایام میں بنیں اور خصوصاً ستارہ مشتری کا بارہ سال بعد نصیب کے گھر برج سرطان میں **02** جون تا **31** اکتوبر آنے سے آپ کا نصیب کھل جائے اور ایسے بند نصیب کے عقربی جو اپنی خرابی قسمت کا گلہ کرتے ہیں ان کی اور عقد ثانی کے خواہاں افراد کی بھی حسبِ منشا شادی خانہ آبادی انجام پائے۔ عقربی فیملیز کیلئے **2026**ء میں جون، جولائی، اگست، ستمبر، اکتوبر یہ مہینے نہایت اہم اور خوش بخت دکھائی دیتے ہیں جب ان کی ہر وہ تمنا پوری ہو سکے گی جن کے یہ متمنی چلے آرہے ہیں۔ مریخ مشتری زہرہ سعد نظرات **10,9,8,7,6** جنوری، **23,22** فروری، **23,22,21,20** مارچ، **14,13,12** اپریل، **21,20,19,18,17** مئی، **11,10,9** جون، **19,18,17,16** اگست **30,29,28,27,26,19,18,17,16,15,14,13,6,5,4,3,2** نومبر **14,13,12,11,10** دسمبر بننے سے خانگی ازدواجی خوشیوں میں اضافہ اور مشترکہ مفادات کے تحت کئے گئے کاروبار میں بھی غیر متوقع طور سے نفع حاصل ہو۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ **2026**ء میں ستارہ مشتری وراثت کے گھر میں یکم جنوری تا **02** جون اس کا یہاں قیام وراثتی اور شراکتی امور میں پیدا شدہ غلط فہمیاں دور کروانے کے علاوہ دیرینہ وراثت کے معاملات حل ہو جانے کیلئے یہ سال نہایت اہم دکھائی دیتا ہے اس سال جن عقربی افراد کی شادی خانہ آبادی ہوگی انہیں اپنے شریک حیات سے عزت کے ساتھ دولت مراعات رہائشی ازدواجی سکھ میں بھی اضافہ ہوگا۔ ستارہ عطارد **29** مئی تا **22** جون، **07** جولائی تا **05** اگست عروج یافتہ، **22** اگست تا **07** ستمبر شرف یافتہ ہونے سے غیر متوقع طور سے وراثت انشورنس مشترکہ مفادات سے فوائد اور کوئی بڑا انعام یا لاٹری بھی اس سال آپ کو مل سکتی ہے۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم۔ بیت النصیب اور سفر کے گھر میں سعد اکبر ستارہ مشتری جو گزشتہ سال عارضی طور پر نویں برج سرطان میں شرف یافتہ ہوا تھا اس سال **02** جون تا **31** اکتوبر یہ پھر یہاں پر شرف یافتہ رہے اور آئندہ سال **2027**ء میں بھی اسے شرفی قوت یہاں ملے گی یوں **2027,2026** نصیب کے اور اپنے فطرتی گھر میں ستارہ مشتری کا یوں شرف یافتہ ہونا بارہ منقطۃ البروج میں یہ صرف آپ ہی کا مقدر ہے اپنے مقدر کو یقینی طور پر نیک بنانے کیلئے بلاناغہ دو نفل شکرانے کے ادا کر کے پڑھنا معمول بنالیں۔ ستارہ مریخ مشتری زہرہ سعد نظرات مریخ مشتری زہرہ سعد نظرات **10,9,8,7,6** جنوری **23,22** فروری **23,22,21,20** مارچ، **14,13,12** اپریل، **21,20,19,18,17** مئی، **11,10,9** جون **19,18,17,16** اگست **30,29,28,27,26,19,18,17,16,15,14,13,6,5,4,3,2** نومبر **14,13,12,11,10** دسمبر بننے سے آپ اپنے خاندان کے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے اس سال جو بھی کوششیں کریں گے مستقبل قریب کے آئندہ آنے والے سالوں میں اس کی خوش بختی پائیں۔ حج عمرہ وزیارات مقدسہ پر جانے والے اور اعلیٰ تعلیم کے حصول کیلئے طلباء اپنے اپنے مقصد میں کامیابیاں اور خوش بختیاں پائیں قانونی مشاورت کے حصول سے آپ کو اپنے دیرینہ مقدمات سے بھی اس سال کامیابی کے ساتھ نجات مل سکے گی۔ حصول امیگریشن کیلئے بھی اس سال اپلائی کرنا نیک دکھائی دیتا ہے۔

کیرئیر کاروبار عزت ووقار:۔ بیت العزت کے گھر میں یکم جنوری تا **30** نومبر کیتو اور مقابل راہو کا قیام آپ کے حالات وواقعات میں

تبدیلی کی نشاندہی کرتا ہے کچھ عقربی افراد ایک شہر یا ملک سے ہجرت اور اپنے کاروبار میں تبدیلی کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں تو انہیں سوچ سمجھ کر اپنے ان فیصلوں پر عملدرآمد کرنا چاہئے بیت العزت کا حاکم ستارہ شمس 14 اپریل تا 14 مئی شرف یافتہ، 15 جون تا 16 جولائی اوج یافتہ، 17 اگست تا 17 ستمبر عروج یافتہ رہتے ہوئے آپ کی عزت وتکریم میں اور کاروباری معاملات میں نفع اور فوائد بھی عطا کرے گا۔ کیتو کی دسویں موجودگی کے سبب کیا ہی اچھا ہو کہ آپ ہر روز حسبِ توفیق باجرہ اور پانی سے پرندوں کی دعوت کرنا معمول بنالیں۔ شمس مریخ مشتری سعد نظرات 23,22,21,20,6,5,4 مارچ، 12,11,10 مئی 30,29,28,27,26 جون 17,16,15,14,13,12 ستمبر 16,15,14 اکتوبر 19,18,17,16,15,14,13 نومبر 31,30,20,19,18 دسمبر بننے سے آپ اپنی روح میں ایک نئی تازگی محسوس کریں نہ صرف پیشہ ورانہ خود اعتمادی کے ساتھ کئی ایک اہم غیر معمولی فیصلے کر پانے سے آئندہ آنے والے سالوں میں اس کے بھرپور نتائج پائیں اندرون وبیرون ملک (امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ) کرنے والے عقربی افراد کیلئے جون، جولائی، اگست، ستمبر، اکتوبر نہایت اہم اور خوش بختی اور نفع کے لحاظ سے اہم مہینے دکھائی دیتے ہیں۔

دوست احباب، خواھشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ عطارد اس سال تین مرتبہ 26 مارچ تا 19 اپریل، کیم اگست تا 02 ستمبر اور 06 نومبر تا 22 نومبر رجعت (اُلٹا) ہونے کے سبب مندرجہ بالا ایام میں اپنے دوست احباب اور حلقہ احباب میں آپ کو نظر ثانی کرنی ہو گی ورنہ حاسد نما دوستوں کے سبب آپ کو مالی کاروباری نقصانات پیش آسکتے ہیں۔ دوسروں سے زیادہ امیدیں بھی وابستہ نہ کریں اور نہ ہی انہیں اپنا رازدان بنائیں جو عقربی اس نصیحت پر عمل کریں گے وہ بہت ساری بلاوجہ کی پریشانیوں سے محفوظ رہیں۔ ستارہ عطارد 29 مئی تا 22 جون، 07 جولائی تا 05 اگست عروج یافتہ، 22 اگست تا 07 ستمبر جب اسی گھر میں شرف یافتہ ہوگا تو آپ کی کئی ایک دیرینہ خواہشات کی تکمیل اور حلقہ احباب میں مخلص دوستوں کا اضافہ زمین جائیداد پراپرٹی کے لین دین اور کاروباری امور میں اس دوران غیر متوقع طور سے نفع بڑھ سکتا ہے۔

خفیہ سرگرمیاں، سازشیں، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداء بارھویں گھر پر ستارہ مشتری کی سعد نظر کیم جنوری تا 02 جون رہنے سے آپ کے حاسدین ومخالفین زیر ہو کر معافی کے خواستگار بھی ہو سکتے ہیں بیرون ملک حصول امیگریشن کیلئے ستارہ زہرہ 02 تا 26 مارچ شرف یافتہ، 19 اپریل تا 19 مئی، 02 ستمبر تا 06 نومبر عروج یافتہ ہونے کے علاوہ شرف یافتہ ستارہ مشتری 02 جون تا 31 اکتوبر بیرون ملک حصول امیگریشن اپلائی کرنے اور بیرون ملک قیام کیلئے جانا یا اپلائی کرنا خوش بخت دکھائی دیتا ہے۔

عقربی مرد وزن پر گرھنوں کے اثرات :۔ 17 فروری چوتھے سورج گرہن لگنے سے خانگی خاندانی کاروباری معاملات کے علاوہ ٹریفک حادثات کے پیش آنے کا بھی اندیشہ ہے۔ 03 مارچ دسویں چاند گرہن کا لگنا خرابی صحت اور کاروباری اُتار چڑھاؤ نقصانات کا بھی اندیشہ دکھائی دیتا ہے۔ 02 اگست سورج گرہن نویں لگنے سے بیرون ملک کاروباری یا کسی بھی قسم کا سفر کرنے سے قبل اپنا صدقہ اور ممکنہ انشورنس بھی کروا لیں۔ 28 اگست چوتھے چاند گرہن لگنا خانگی خاندانی مسائل و پریشانیاں بزرگوں کی صحت خصوصاً والدہ کی صحت کا خیال رکھیں ایام گرہن میں نماز کسوف (سورج) اور نماز خسوف (چاند) دو نفل نماز آیات پڑھ کر اپنے اور اپنی فیملی کیلئے دُعائیں کر کے نحوستوں کے دور ہونے کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ اپنی فیملی اور دوستوں کو بھی اس نماز کی طرف متوجہ کریں۔

سعد تواریخ 28,23,20,18,13,9,8 جنوری 26,21,16,11,6 فروری 27,22,18,15,13,7 مارچ 24,21,20,16,11,5 اپریل، 23,19,15,10,5 مئی 28,17,12,8,3 جون 31,20,19,15,11,7,2 جولائی 28,18,13,9,4 اگست، کیم 26,16,15,11,7,2 ستمبر، کیم 29,25,16,15,10,5 اکتوبر 30,26,22,16,12,10,7,2 نومبر 31,28,24,20,12,10,5 دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ 26,10,3 جنوری، کیم 23,9, فروری، 31,24,10,2 مارچ، 29,22,8 اپریل، 29,21,7 مئی، 26,19,5 جون، 29,25,18,4 جولائی، 31,23,16,2 اگست، 28,21,13 ستمبر، 30,27,20,12,11,2 اکتوبر، 24,19,17,9 نومبر، 22,15,9,8 دسمبر۔

قوس 24
SAGITTARIUS
مشتری JUPITER

حروف: ف

کساپ نمبر: 23 NOV - 21 DEC



کساپ نمبر: 16 DEC - 14 JAN

حاکم سیارہ: مشتری
نشان: تیر انداز
ذاتی مقصد: میں دیکھتا ہوں (I See) عنصر: آگ (Fire)
خاصہ: تغیر پذیر (ذوجسدین)
نفسیاتی ٹائپ: وجدانی
منسوب رنگ: ارغوانی، گہرا پیلا
اعضائے جسمانی: رانیں اور جگر
منسوب پتھر: پیلا پکھراج
منسوب درخت: برگد، انجیر، ایش
منسوب پھول: ہلکے گلابی
منسوب غذا: کشمش اور پیاز کی قسم
مثبت اور مذکر برج
بائیو کیمک سالٹ: سلیشیا

2026ء مفرد نمبر 1 واحدیت کا سال الوہیت ﷻ رسالت ﷺ امامت علیہ السلام سے تجدید وفاداری واحدہ لاشریک لاء اور نئی شروعات زندگی کے ہر میدان میں کامیابی کے لئے تسبیح فاطمہ سلام اللہ علیہا ہر نماز کے بعد خصوصا نماز فجر کے بعد پڑھنا اور جناب سیدہؑ کے وسیلہ سے دعائیں کرنا معمول بنالیں آسانیاں پائیں گے۔ اسی تسبیح کا دم شدہ پانی خود اور فیملی کو بھی پلائیں اور اسی پانی کو خیر و برکت کی نیت سے اپنے گھر آفس اپنی گاڑی میں بھی سپرے کریں۔

دُعا گو:۔ شاہ زنجانی

آپ کی شخصیت:۔ الوہیت اور نئی شروعات کا سال 2026ء مفرد نمبر 1 شمسی سال کے آسمانی کونسل پر ابتدائے سال میں سبھی سیارگان اوتاد (10,7,4,1) اور اچھے گھروں میں ہونے کے سبب یہ سال آپ کی زندگی کا تعمیر و ترقی اور بھرپور بہتری کا سال دکھائی دیتا ہے ابتدائے سال ہی میں آپ کے شمسی طالع میں چار اہم ستاروں کا اجتماع 2026ء روزمرہ مصروفیت کے لحاظ سے آپ کو اہم ذمہ داریاں ملتی ہوئی دکھائی دیتی ہیں اور آپ اس سے خود اعتمادی اور اپنی قابلیت سے نبھا سکیں گے آپ کی شخصیت کی سحر انگیزی اور خوش طبعی آپ کی عزت و توقیر میں اضافہ غیر معمولی قوت یادداشت اور سمجھ بوجھ سے آپ اس سال کارہائے نمایاں انجام دے سکیں گے آپ کی صحت جسمانی بہتر دشمنوں پر غلبہ اور دوسروں کا آپ کو بھرپور تعاون رہے گا سماجی سیاسی مصروفیات سارا سال وقفہ وقفہ سے جاری رہیں اور خصوصا سیاسی دلچسپیاں رکھنے والوں کیلئے یہ عزت و کامیابی کا سال دکھائی دیتا ہے۔ شمس عطارد زہرہ مریخ مقابل مشتری راج یوگ اور خوش بختی کی نشاندہی کرتے ہیں اور زندگی کی سبھی وہ راحتیں جس کے آپ متمنی ہیں آپ کو مل کر رہیں گی آپ کے تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو آپ ان خوش بختیوں کو اپنی طرف بتدریج آتا ہوا محسوس کریں۔ آپ کا حاکم ستارہ مشتری یکم تا 02 جون ساتویں رہتے ہوئے شراکتی ازدواجی اور خانگی خوشیوں میں اضافے کا باعث بنے خواہاں افراد کی اس سال یقینی طور سے شادی خانہ آبادی ہو سکے گی۔ آپ کا حاکم ستارہ مشتری 02 جون تا 31 اکتوبر آٹھویں وراثتی گھر میں رہتے ہوئے بیت المال بیت الارض بیت الوراثت اور بیت الاعداء کو ناظر رہتے ہوئے اس عرصہ میں مشترکہ مفادات اور جن افراد کی شادی اس سال ہو گی انہیں اپنے لائف پارٹنر کی مالی خوش بختی کا یقینی حصول ہو سکے گا ذرائع آمدن میں اضافہ از قسم حصول وراثت یا کوئی بڑی لاٹری لگ سکتی ہے آپ کے خفیہ حاسدین ومخالفین بھی زیر رہیں بڑھتے ہوئے اخراجات پر قابو پایا جاسکے گا بیرون ملک حصول امیگریشن کے علاوہ آپ کے اندر جذبہ شوق روحانیت صوم صلوٰۃ کی پابندی بندگی روحانی ریاضت اور چلہ کشی کا شوق بڑھے اور کسی مرشد کامل بزرگ سے بھی فیض یاب ہو سکیں۔ زمین جائیداد پراپرٹی زراعت باغبانی یہ سبھی امور قابل توجہ اور نفع بخش ثابت ہوں اہل خاندان میں اضافہ رہائشی تزئین و آرائش اور بہتر سواری کا حصول اور اجتماعی خاندانی خوشیوں میں اضافہ ہو سکے گا۔ آپ کا حاکم ستارہ مشتری 11 مارچ تا 13 دسمبر استقامت (سیدھا) پذیر ہونے سے سبھی کام حسب منشا اور بہتر طریقے سے ہونے لگیں گے۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن۔ آپکے خانہ مال کا حاکم ستارہ زحل تمام سال چوتھے بیت الارض میں رہتے ہوئے طالع چوتھے چھٹے اور دسویں گھر کو ناظر ہونے سے زمین جائیداد کی خرید و فروخت اور دیرینہ گھر بنانے کی قوسی افراد کی آرزو پوری ہو سکے گی اہل خاندان کی خدمت صلہ رحمی سمجھ کر بجالاتے رہیں اور خصوصا اپنی والدہ کی صحت جسمانی کا خاص طور پر خیال رکھیں۔ 02 جون تا 31 اکتوبر ستارہ مشتری کی سعد نظر کے سبب کئی ایک پیدا شدہ اُلجھنیں پریشانیاں دور ہو سکیں گی۔ زحل مشتری سعد نظر 28 اگست اور پھر یکم تا 04 ستمبر بننے سے بہت سارے غیر متوقع اچھے وسائل آپکے منتظر ہونگے مالی خوش بختی میں اضافے کیلئے نگینہ نیلم یا لاجورد اور زمرد لیکر پہننا باعث خیر و برکت خاندان میں اضافہ خوش خوراک خوش لباسی بھی رہے۔ مالی خوش بختی کے حصول کیلئے سورۃ الضحیٰ کی پانچویں آیت وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ نماز فجر کے بعد 313 مرتبہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پڑھنا معمول بنالیں۔

عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ زحل تمام سال چوتھے بیت الارض اور تیسرے یکم جنوری تا 30 نومبر راہو مقابل کیتو رہنے سے عزیز و اقارب رشتے داروں سے تجدید مراسم اور کچھ خاص روحانی لوگوں کو آپ چُن سکیں گے۔ اوران سے آپ کی جذباتی روحانی محبت اور عقیدت میں وقت کے ساتھ ساتھ اضافہ ہوتا جائے گا آپ اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے ایک دوسرے سے مشاورت بھی کرتے رہیں۔ سماجی اور فلاحی کاموں میں آپ کی اچانک ذمہ داریاں بڑھ جائیں اور آپ اپنے بہن بھائیوں اور ان کی فیملی کیلئے بھی مالی و اخلاقی خدمت کرنا پسند کریں۔ 17 فروری تیسرے سورج گرہن اور 28 اگست تیسرے چاند گرہن لگنے سے اندرون و بیرون ملک کے گئے سفر نتیجہ خیز ثابت نہ ہوں ضروری ہو تو صدقہ وخیرات دیکر سفر کریں اور آسانی ہو تو گرہن لگنے سے ایک ماہ قبل احتیاط سے کام لیں مجموعی طور پر سال کے دیگر دس ماہ آپ کیلئے نیک اسباب و وسائل ملتے رہیں۔ سکون قلب اور اطمینان کیلئے 2026ء میں قریبی احباب کی خدمت کر کے آپ روحانی خوشیاں اور اجر وثواب پاسکتے ہیں آپ کے کئی ایک دانشمندانہ فیصلے آپ اور آپ کی فیملی کیلئے خوش کُن ثابت ہونگے۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت۔ وتد الارض اور طالع کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا 02 جون ساتویں گھر میں، 02 جون تا 31 اکتوبر آٹھویں برج سرطان میں شرف یافتہ اور پھر 31 اکتوبر تا 31 دسمبر نویں نصیب کے گھر میں رہے گا۔ ستارہ مشتری کی یوں تیز رفتاری کے سبب ایسے قوسی خاندان جو ہجرت کا ارادہ رکھتے ہیں ان کیلئے گاؤں سے شہر، یا شہر سے بیرون ملک جانے جیسی سبھی ہجرتیں نیک ثابت ہوں انہیں چاہئے کہ اپنی ہجرت کو یقینی طور پر خوش بخت بنانے کیلئے سرکار دو عالمؐ کی مکہ سے مدینہ کی ہجرت کے وسیلہ کی دُعا کر کے ہجرت کریں تو یقیناً ان کے سبھی ہجرت اور سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوں۔ مشتری عطارد سعد نظرات 18,17,16 فروری، 10,9,8 مارچ، 4,3,2 اپریل، 13,12 مئی، 22,21 ستمبر، 24,23 دسمبر بننے سے اجتماعی طور پر اہل خاندان کیلئے اہم اور اچھے فیصلے اتفاق رائے سے کئے جاسکیں گے۔ اہل خاندان میں اتفاق ومحبت قائم ہو جانے کیلئے بھی ایام نیک اور سعد دکھائی دیتے ہیں۔ انہی ایام میں حسب حیثیت سواری کا حصول بھی ممکن ہو سکے گا۔ زحل کی سارا سال چوتھے قیام اہل خاندان میں اتفاق رائے قائم و بحال رکھنے کیلئے جب بھی ضرورت محسوس کریں اپنی خدمات ضرور پیش کریں آپ کی تھوڑی سے کاوش بہت سارے احباب کا بھلا ثابت ہوگا۔ چوتھے سے بارہویں راہو مقابل کیتو کی نشست کے سبب آپ اور آپ کی فیملی نظر بد جادو ٹونے سے متاثر ہو سکتی ہے اہل خاندان یا فیملی ممبران کے مابین جذباتی پن غم وغصہ اور خرابی صحت اور عجیب سی بے چینی محسوس کریں تو یقیناً جان لیں کہ افراد خانہ نظر بد جادو ٹونے یا پھر خدانخواستہ ستاروں کی نحوست کے سبب متاثر ہو رہے ہیں۔ جن دنوں آپ غیر معمولی خدشات محسوس کریں تب سے مسلسل چالیس دن گھر میں سورۃ البقرہ کی تلاوت یا آڈیو تلاوت لگا کر ہمراہ دم شدہ پانی گھر کے سبھی افراد پئیں اور اپنے لئے دُعائیں کریں گھر کی چھت پر باجرہ چاول کا ٹوٹا ملا کر پرندوں کی مسلسل سارا سال دعوت کرنا باعث خیر و برکت اور بہت ساری ناگہانی آفات وبلیات سے آپ اور آپ کے اہل خانہ محفوظ رہیں گے۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الاولاد کا حاکم ستارہ مریخ یکم تا 16 جنوری طالع، 16 جنوری تا 23 فروری دوسرے شرف یافتہ، 11 مئی تا 20 جون اپنے ذاتی اسی گھر میں عروج یافتہ جبکہ 12 نومبر تا 10 جنوری 2027ء نویں اوج یافتہ رہے ان سبھی ایام میں اولاد انعام محبت کے سبھی امور حسبِ منشا ہوتے ہوئے آپ کیلئے خوشی اور اطمینان کا باعث جبکہ صاحب اولاد قوسی افراد کو اپنے بچوں کی تعلیمی کامیابیاں اور ان کی شادی بیاہ کے امور طے ہو جانے پر روحانی خوشی اور اطمینان کا باعث بنیں۔ مریخ مشتری اور شمس سعد نظرات 23,22,21,20,6,5,4 مارچ، 12,11,10 مئی، 30,29,28,27,26 جون، 17,16,15,14,13,12 ستمبر، 16,15,14 اکتوبر، 19,18,17,16,15,14,13 نومبر، 31,30,20,19,18 دسمبر بننے سے آپ کی غیر متوقع دلچسپیاں کسی خاص منزل کے حصول کیلئے کوشاں رہیں کچھ قوسی افراد کی اچانک دلچسپیاں پرائز بانڈ اور انٹرنیشنل لاٹریز کی طرف بڑھ جائیں آپ اپنے بچوں کی خود اعتمادی میں اضافے کیلئے ان سے اخلاص پیار محبت سے پیش آئیں ان کے اساتذہ سے کونسلنگ سے اپنے بچوں کے تعلیمی قابلیت اور رجحانات کو جان کر اپنے بچوں کی حوصلہ افزائی کرتے رہیں پرائز بانڈ اور انٹرنیشنل لاٹریز میں دلچسپی رکھنے والے افراد 21,20,19,16,15,14,10,8,7,6 جنوری، 23,22 فروری 23,22,21,20,9,8,7 مارچ 21,20,19,18,14,13,12 اپریل، یکم، 19,18,17,2 مئی 30,29,28,26,25,24,11,10,9 جون 21,20,19,18 جولائی 28,19,18,17,16 اگست، یکم، 4, ستمبر، 18,17,16,15,14 اکتوبر 30,29,28,27,26,19,18,17,16,15,14,13,6,5,4,3,2 نومبر، 14,13,12,11,10 دسمبر بننے سے حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارے کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''**انعام لکی نمبرز**'' کا مطالعہ آپ کو انعام کے نزدیک لے جائیگا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اسم

اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

صحت وامراض، ملازمتی کیرئیر:۔ 2026ء ابتدائے سال میں چار ستاروں کا اجتماع طالع میں ہونا قمر کا چھٹے شرف یافتہ ہونا اور طالع کے حاکم مشتری کا 02 جون تا 31 اکتوبر آٹھویں نحس گھر میں ہونا بلاوجہ دوسروں کے سبب آپ ذہنی تفکرات، کمزوری معدہ وجگر کے سبب شوگر یا بلڈ پریشر جیسے جسمانی امراض مسائل پیش آسکتے ہیں خصوصاً 41 سے 60 سال کی عمر کے قوسی افراد کو اپنا میڈیکل چیک اَپ ضرور کروانا چاہیے ستارہ مشتری کیم جنوری تا 11 مارچ، 13 دسمبر تا 31 دسمبر رجعت (اُلٹا) ہونے کے سبب یہ ایام صحت جسمانی کیلئے خاص طور پر محتاط دکھائی دیتے ہیں اگرچہ کیم جنوری تا 02 جون طالع کا حاکم مشتری وبال یافتہ ہونے کے باوجود طالع کو سعد ناظر رہنے کے سبب امراض کی تشخیص علاج ادویہ اغذیہ اپنی صحت کا خیال رکھنے کے سبب شفایابی کی قوت اور قدرت میں اضافہ ہوسکے گا۔ 31 اکتوبر تا 31 دسمبر کسی مسیحا یا مرشد کامل سے جسمانی روحانی فیض یابی کا حصول بھی ممکن دکھائی دیتا ہے ادائیگی قرض ہوجانے کیلئے بھی یہ سال نہایت اہم دکھائی دیتا ہے۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ خوش بختی اور شادی کا کارک ستارہ مشتری بارہ سال بعد ساتویں گھر میں کیم جنوری تا 02 جون رہے گا جبکہ بیت الزوج اور کیرئیر کا حاکم ستارہ عطارد 29 مئی تا 22 جون، 07 جولائی تا 05 اگست عروج یافتہ، 22 اگست تا 07 ستمبر شرف یافتہ رہنے سے قوسی لڑکے اور لڑکیوں کیلئے خوشخبری ہے کہ ان کی شادی بیاہ کے معاملات بآسانی حل ہوسکیں گے۔ پسند اور محبت کی شادی میں بھی آسانیاں جبکہ عقد ثانی کے خواہاں افراد کیلئے بھی یہ سال نہایت اہم دکھائی دیتا ہے۔ مشترکہ مفادات کے تحت کئے گئے کاروبار میں نفع اور فائدہ ملے گا ناراض زوجین کے مابین صلح صفائی ہر دو خاندان میں خوشیاں لوٹ آئیں گی۔ عطارد مشتری سعد نظرات 17,16 فروری، 10,9,8 مارچ، 4,3,2 اپریل، 13,12 مئی، 22,21 ستمبر، 24,23 دسمبر بننے سے خانگی وازدواجی خوشیوں میں اضافہ اور آپ اپنے شریک حیات کے ساتھ اس سال اندرون و بیرون ملک خصوصاً حج عمرہ وزیارات مقدسہ پر جانے کے علاوہ سیر وتفریح کے بھی کئی ایک پروگرام بنائیں خصوصاً نئے شادی شدہ جوڑے ایسے سفر میں زیادہ دلچسپیاں لیں۔ ستارہ عطارد کیم تا 17 جنوری، 11 اپریل تا 30 اپریل وبال وہبوط یافتہ رہے گا ان ایام میں اپنے حاسدین ومخالفین سے محتاط رہیں اور آپس کے تعلقات میں جلد بازی سے بچیں۔ زوجین اور دو خاندان میں اتفاق ومحبت اور دائمی سکھ قائم ہوجانے کیلئے زندہ پیر حضرت خواجہ خضرؑ کی پناہ میں دریا سمندر جھیل میں سوا لاکھ زندہ مچھلیاں بطور صدقہ جاریہ ڈالنا نیک اور آپس کی سبھی نحوستیں نظر بد جادو ٹونہ دور ہوجانے کیلئے یہ بہترین روحانی صدقہ ہے۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ سعد اکبر ستارہ مشتری بیت الوراثت میں بارہ سال کے بعد 02 جون تا 31 اکتوبر اپنے شرفی برج سرطان میں قیام کے دوران آپ کے دیرینہ پیچیدہ وراثتی امور کو حسب منشا حل ہوسکیں گے اور کوئی بڑا انشورنس کلیم یا کوئی بڑی لاٹری جیک پاٹ لگ سکتا ہے ان سعد ایام میں بھرپور طریقے سے شراکتی و وراثتی مشترکہ مفادات کے تحت کئے گئے کاموں کی تکمیل حل ہوجانے کیلئے بھرپور کوششیں فرمانے سے نیک مقصد میں رسائی ہوسکے گی۔ 31 اکتوبر تا 31 دسمبر مشتری کی سعادت کے سبب وراثتی قانونی پنچائتی طریقے سے بھی مسائل بآسانی حل ہوسکیں گے۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر اور نصیب کے گھر میں کیتو مقابل راہو سارا سال رہنے سے بہت ساری روحانی قانونی اور گزشتہ پیدا شدہ بلاوجہ کے مسائل و پریشانیاں حل ہوسکیں گی اعلیٰ تعلیم کے حصول کیلئے بیرون ملک جانے والے طلباء 31 اکتوبر تا 31 دسمبر جب ستارہ مشتری بھی یہاں پر ہوگا اور نیز نویں کا حاکم ستارہ شمس 14 اپریل تا 15 مئی شرف یافتہ، 17 اگست تا 17 ستمبر عروج یافتہ ہونے کے سبب بیرون ملک کاروباری اغراض ومقاصد کے تحت کئے گئے سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوں حج عمرہ اور بیرون ملک کسی اعلیٰ مقصد کے حصول کیلئے جانا باعث برکت ثابت ہوگا طالع کا حاکم ستارہ مشتری 2027,2026ء میں مجموعی طور پر اپنے شرفی برج کے علاوہ سات گھروں سے گزرتے ہوئے آپ کی ذہنی اور تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ آپ اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کی منصوبہ بندی بھی کرنا پسند کریں۔

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔ بیت العزت کیرئیر اور شراکت کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد 29 مئی تا 22 جون، 07 جولائی تا 05 اگست عروج یافتہ جبکہ 22 اگست تا 07 ستمبر شرف یافتہ اور ساتویں گھر میں طالع کے حاکم سعد اکبر مشتری کا کیم جنوری تا 02 جون قیام آپ کی عزت اور کیرئیر میں اضافہ عزت و تکریم بڑھنے کے ساتھ ساتھ آپ اپنے پیشہ ورانہ کاموں کو جدت زمانہ کے ساتھ بہتر سے بہتر کرنے کی جستجو جاری رکھیں۔ 2026ء کچھ نیا کرنے کیلئے نئے کاروباری

وسائل اور مستقبل کی کاروباری منصوبہ بندی کیلئے یہ سال نہایت اہم دکھائی دیتا ہے۔ ستارہ مشتری عطارد سعد نظرات 18,17,16 فروری، 10,9,8 مارچ، 4,3,2 اپریل، 13,12 مئی، 22,21 ستمبر، 24,23 دسمبر بننے سے آپ کی عزت کاروبار خانگی ازدواجی سکھ اور نیک اسباب میں اضافہ ہوگا جبکہ عطارد مشتری نحس نظرات 16,15,14,13 جنوری، 27,26 اپریل، 4,3,2 دسمبر بننے سے کاروباری امور میں عدم غفلت کی بناء پر قانونی مسائل و پریشانیاں دوسروں کی دروگوئی کے سبب اختلاف رائے اور خواہ مخواہ کی پریشانیاں پیش آنے کے خدشات دکھائی دیتے ہیں اپنی تمام حل المشکلات کیلئے صبح کی نماز کے بعد 313 مرتبہ استغفر اللہ ربی من کل ذنب و اتوب الیہ پڑھنا اور دعائیں کرنا معمول بنالیں یقیناً اس حسن عمل سے بھی متوقع مشکلات سے نجات پائیں۔

دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد۔ 2026ء میں آپ کا حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا 02 جون سعد ناظر رہے گا اس کے علاوہ بیت الامید کا حاکم ستارہ زہرہ 02 تا 26 مارچ شرف یافتہ، 19 اپریل تا 14 مئی، 02 ستمبر تا 06 نومبر عروج یافتہ رہتے ہوئے آپ کے حلقہ احباب میں نہایت اعلیٰ نفیس روحانی سماجی سیاسی اور حکام وقت کے احباب سے خوشگوار تعلقات پر مبنی دوستیاں تعلق قائم ہوسکیں گے۔ زہرہ مشتری سعد نظرات 23,22 فروری، 14,13,12 اپریل، 11,10,9 جون، 19,18,17,16 اگست، 30,29,28,27,26,6,5,4,3,2 نومبر بننے سے آپ کامیاب زندگی گذارنے سے ڈھنگ سیکھ سکیں گے آپ کی حیثیت و شخصیت اور سحر انگیزی میں اضافہ اور دوسرے آپ سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں گے۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداء کا حاکم ستارہ مریخ 16 جنوری تا 23 فروری شرف یافتہ، 11 مئی تا 20 جون عروج یافتہ، 12 نومبر تا 10 جنوری 2027ء اوج یافتہ جبکہ آپ کے طالع کے حاکم مشتری کی 02 جون تا 31 اکتوبر سعد نظر نہ صرف آپ کے حاسدین و مخالفین کو زیر کرنے کے علاوہ قریبی حاسد افراد بھی آشکار ہوسکیں گے۔ بیرون ملک حصول روزگار یا امیگریشن کیلئے اپلائی کرنا ان ایام میں نیک دکھائی دیتا ہے۔ ستارہ مریخ مشتری سعد نظرات 23,22,21,20 مارچ، 30,29,28,27,26 جون، 19,18,17,16,15,14,13 نومبر بننے سے ان ایام میں روحانی ریاضت چلہ کشی خود سے خداشناسی کی طرف رغبت پانے اور عمل کرنے سے روحانی سکھ اور سکون اور اپنی روح کی تازگی کو محسوس کریں۔

قوسی مرد و زن پر گرھنوں کے اثرات۔ 17 فروری تیسرے سورج گرہن لگنے سے اندرون و بیرون ملک سفر میں محتاط رہیں عزیز و اقارب رشتہ داروں سے تعلقات بھی اچانک کشیدہ ہوسکتے ہیں ٹریفک حادثات۔ 03 مارچ نویں چاند گرہن قانونی مسائل و پریشانیاں اور بیرون ملک کاروباری مسائل و پریشانیاں اچانک پیش آسکتی ہیں۔ 12 اگست آٹھویں سورج گرہن لگنے سے شراکتی وراثتی مسائل و پریشانیاں پیش آسکتی ہیں۔ 28 اگست تیسرے چاند گرہن لگنے سے عزیز اقارب بہن بھائی پڑوسیوں سے تعلقات میں کشیدگی کے خدشات دکھائی دیتے ہیں۔ چاند گرہن لگنے کے 15 دن قبل تا بعد اور سورج گرہن لگنے سے ایک ماہ قبل تا بعد احتیاط برتیں۔ ان ایام میں حسب توفیق باجرہ اور چاول کا ٹوٹا ملا کر پرندوں کی دعوت کریں ایام گرہن میں نماز کسوف (سورج) اور نماز خسوف (چاند) دو نفل نماز آیات پڑھ کر اپنے لئے اور اپنی فیملی کیلئے دعائیں کرکے نحوستوں کے دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ اپنی فیملی اور دوستوں کو بھی اس نماز کی طرف متوجہ کریں۔

سعد تواریخ:۔ 31,27,22,13,8,4 جنوری، 27,23,21,18,17,9,4 فروری، 31,26,22,13,9,8,5,3 مارچ، 27,23,19,14,13,5 اپریل 30,25,20,16,13,12,11,2 مئی 28,26,21,17,13,10,9 جون 29,24,19,15,11,6 جولائی، 31,21,17,16,15,12,8,3 اگست، یکم 28,22,18,13,8,4 ستمبر، 29,25,16,15,13,11,6,2 اکتوبر، 30,28,26,22,16,12,7,4 نومبر، 27,23,21,19,10,5 دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ 25,18,14,10,9 جنوری، 14,6 فروری، 20,18,6 مارچ، 30,26,16,10,6,2 اپریل، 27,14,7,5 مئی، 24,11,4 جون، 9,2 جولائی، 26,18,5 اگست، 30,23,15,2 ستمبر، 27,21 اکتوبر، 24,18,17,10 نومبر، 15,7,4 دسمبر۔

جدی
زحل

CAPRICORN

SATURN

حوالہ: ووڈک سن سائن
حساب یونانی



حاکم سیارہ: زحل — نشان: پہاڑی بکرا
ذاتی عقیدہ: میں کرتا ہوں (I Do) — عنصر: مٹی (Earth)
خاصہ: حقیر (مطلب) — نفسیاتی ٹائپ: مادی ادارکی
منسوب رنگ: سیاہ نیوی بلیو — منسوب پتھر: نیلم
اعضائے جسمانی: گھٹنا اور ہڈیاں — منسوب پھول: من سکھ
منسوب درخت: صنوبر، بید کا درخت — منسوب غذا: گوشت
منفی اور مؤنث برج — بائیو کیمک سالٹ: کلکیر یا فاس

2026ء مفرد نمبر **1** واحدیت کا سال الوہیت ﷻ رسالت ﷺ امامت علیہ السلام سے تجدید وفاداری واحدہ لاشریک لاء اور نئی شروعات زندگی کے ہر میدان میں کامیابی کے لئے تسبیح فاطمہ سلام اللہ علیہا ہر نماز کے بعد خصوصاً نماز فجر کے بعد پڑھنا اور جناب سیّدہؑ کے وسیلہ سے دعائیں کرنا معمول بنالیں آسانیاں پائیں گے۔ اسی تسبیح کا دم شدہ پانی خود اور فیملی کو بھی پلائیں اور اسی پانی کو خیر و برکت کی نیت سے اپنے گھر آفس اپنی گاڑی میں بھی سپرے کریں۔ دُعا گو:۔ شاہ زنجانی

آپ کی شخصیت:۔ الوہیت اور نئی شروعات کا سال **2026**ء مفرد نمبر **1** شمسی سال کے آسمانی کونسل پر پانچ اہم ستارے شمس مریخ زہرہ اور عطارد بارہویں نحس گھر میں جبکہ مشتری چھٹے نحس گھر میں ہونے کے سبب سال نو کی ابتداء ملے جلے انداز سے ہوگی پہلی سہ ماہی کے بعد بتدریج پیدا شدہ مشکلات دور ہوسکیں گی ان ایام میں لازم ہوگا کہ حکام بالا کی ناراضگی مول نہ لیں اپنے فرائض ذمہ داری سے انجام دیں اور غیر معمولی ہوشیاری چالاکی کی بجائے سادگی اور توکل اپنائیں تاکہ آپ کا ذہنی سکون برباد نہ ہو۔ خفیہ ذرائع سے حصول آمدن اور کسی راز کے افشاں ہوجانے کا خدشہ اپنے حاسدین ومخالفین سے لاپرواہی نہ برتیں۔ یوں تو آپ کی جاری شمسی ساڑھ ستی ختم ہوچکی ہے اور یقیناً اس سال پہلی سہ ماہی کے بعد آپ کے حالات وواقعات میں بہتری آنے لگے گی تاہم ایک اہم ستارہ (سایہ) راہو کیم جنوری تا **30** نومبر خانہ مال میں رہتے ہوئے ذرائع آمدن میں وقفہ وقفہ سے رکاوٹیں ڈال سکتا ہے جلد بازی اور غفلت کے سبب مالی نقصان صحت جسمانی خاص طور پر ناک کان گلہ اور تھائی رائیڈ گلائنڈ سے متعلقہ امراض کا اندیشہ دکھائی دیتا ہے طالع اور بیت المال کا حاکم ستارہ زحل سارا سال تیسرے رہتے ہوئے بیت الاقرباء بیت الاولاد بیت السفر اور بیت الاعداء کو سارا سال ناظر رہنے سے عزیز واقارب بہن بھائیوں پڑوسیوں سے تعلقات احتیاط طلب اولاد انعام محبت اور جذباتی امور میں بھی احتیاط برتیں۔ بیرون ملک نجی یا کاروباری سفر سے پہلے اپنی انشورنس اور تمام ضروری کاغذات چیک کرلیں بیرون ملک حصول امیگریشن کیلئے اپلائی کرنے سے قبل کسی متعلقہ مشیر سے راہنمائی لیں اور پہلے سے اپلائی کرنے والے جدوی افراد کیلئے اس سال اچھی خبر ہے۔ ستارہ مشتری کی سعادت کیم جنوری تا **02** جون پیشہ ورانہ ملازمتی معاملات میں بہتری اور ترقی کا عنصر غالب رہے قرض مرض سے نجات اور صحت جسمانی اپنے معالج کی ہدایت پر عمل کرنے سے بہتر اور بحال ہوسکے گی۔ ستارہ مشتری **02** جون تا **31** اکتوبر ساتویں برج سرطان میں شرف یافتہ ہونے سے جدوی مرد وزن کیلئے خوش بختی ان کی شادی خانہ آبادی کے امور حسب منشا طے پائیں اور اگر زائچے میں منگل یوگ جیسی نحوست بھی ہوگی تو اس نحوست سے بھی نجات مل سکتی ہے عام حالات میں منگل یوگ کی نحوست دور کرنے کیلئے سورۃ البقرہ کے تحت (گائے کا صدقہ) جلد نصیب کشائی ہوجانے کیلئے معجزاتی صدقہ خاندان زنجانی عالیہ کے بزرگوں کی روحانی تحقیق مانا جاتا ہے۔ ستارہ مشتری **31** اکتوبر تا **31** دسمبر جب آٹھویں رہ کر بارہویں اپنے ذاتی گھر کو ناظر ہوگا تب امیگریشن کے امور حسب منشا طے ہوں۔ روحانی ریاضت اور چلہ کشی کیلئے بھی یہ ایام نہایت سعد ہیں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن۔ خانہ مال کے حاکم زحل کا تیسرے سارا سال قیام اور راہو کا خانہ مال میں کیم جنوری تا **30** نومبر قیام ذرائع آمدن میں اُتار چڑھاؤ خصوصاً کاروباری ذرائع آمدن سے کارڈوں کا اندیشہ ہے اس سال **نگینہ نیلم یا لاجورد** اپنے ہاتھ میں دو نفل شکرانے کے ادا کرکے اپنے ہاتھ میں پہنیں۔ ستارہ زحل عطارد زہرہ سعد نظرات **14,15,16,18,19,20,28,29,30,31** جنوری، **27,28** فروری، کیم **7,8,9** مارچ، **19,20,21** اپریل، کیم **2,22,23** مئی، **24,25,26** جون، **23,24,25** جولائی، **12,13,14,15,17,18** اگست، **6,7** اکتوبر، **11,12** دسمبر بننے سے معاشی اور نئے کاروباری وسائل میں اضافہ آپ اپنی فیملی کے مستقل ذرائع آمدن میں اضافے کیلئے جو بھی کوششیں کریں آپ پر لازم

ہوگا کہ راہو کیتو کی کمزوری کے سبب اپنی محنت کی کمائی، دوسروں کے دام فریب اور دھوکا دہی سے بچیں صرف ٹھوس سرمایہ کاری از قسم زمین جائیداد پراپرٹی میں یا جسے آپ بہتر سمجھتے ہیں اس میں محتاط سرمایہ کاری کرنا نیک رہے گا۔ سورۃ الضحیٰ کی پانچویں آیت وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ نماز فجر کے بعد **313** مرتبہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پڑھنا معمول بنالیں۔

عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء اور بیت الاعداء کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا **02** جون چھٹے نحس گھر میں رہتے ہوئے عزیز و اقارب بہن بھائیوں سے اختلاف رائے پیدا ہونے کا اندیشہ اور اسی گھر میں ستارہ زحل کا تیسرے سارا سال قیام رہنے سے قریبی لوگوں کی مالی اخلاقی ذمہ داریوں سے واسطہ پڑے۔ عزیز و اقارب سے تجدید مراسم اور کاروباری و دیگر روحانی اور دُنیاوی دلچسپی کی غرض سے **2026**ء میں متعدد سفر پیش آئیں تاہم دوران سفر اپنے ضروری سامان کا خیال رکھیں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ بیت الارض اور بیت الامید کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ **16** جنوری تا **23** فروری طالع میں شرف یافتہ، **11** مئی تا **20** جون چوتھے عروج یافتہ، **12** نومبر تا **10** جنوری **2027**ء آٹھویں اوج یافتہ رہنے سے مجموعی طور پر یہ بھی ایام خانگی خاندانی خوشگوار ذمہ داریوں کی انجام دہی کیلئے نیک دکھائی دیتے ہیں حصول جائیداد و وراثت زراعت باغبانی کی سائنسی بنیادوں پر کاشتکاری نفع بخش ثابت ہو۔ خانگی اور وراثتی امور سال کی پہلی سہ ماہی اور آخری سہ ماہی میں قابل توجہ ہونگے خاندان کے بعض افراد کے مابین آپ کو صلح صفائی کیلئے پُل کا کام کرنا ہوگا۔ مریخ زحل زہرہ سعد نظرات **21,20,19,16,15,14,10,9,8,7,6** جنوری، **9,8,7** مارچ، یکم **,2, 21,20,19** مئی، **26,25,24** جون، **21,20,19,18** جولائی، **18,17,16,15,14** اکتوبر، **12,11,10,9,8** نومبر، **14,13,12,11,10** دسمبر بننے سے خاندانی اور خانگی حالات میں بہتری آئے گی اندرون خانہ مہمانوں کی آمد و رفت اور وقفہ وقفہ سے آپ اپنے ہاں اہل خاندان میں روحانی اور خوشی کی تقریبات میں شرکت فرماتے رہیں۔ **2026**ء اس لحاظ سے نہایت اہم دکھائی دیتا ہے کہ آپ تبدیلی رہائش یا ہجرت کا سوچنے پر غور کریں گے اور ہجرت کرنے کیلئے کوئی بہتر منصوبہ ہونے کے باوجود آپ کو مشاورت ضرور کرنی چاہئے۔ مریخ زحل زہرہ نحس نظرات **30,29** مئی، **26** جولائی تا یکم اگست اور پھر **31** اگست تا **03** ستمبر، **12,11,10,9** اکتوبر یہ وہ احتیاط طلب وقت ہوگا جب دوسروں سے اختلاف رائے سے آپ کو اعتراض کرنا چاہئے گھر پر نظر بد جادو ٹونہ سے تحفظ کیلئے گھر کی چھت پر پرندوں کیلئے بلا ناغہ باجرہ چاول کا ٹوٹا پانی ضرور رکھیں۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الاولاد اور بیت العزت کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ **02** تا **26** مارچ شرف یافتہ، **19** اپریل تا **14** مئی، **02** ستمبر تا **06** نومبر عروج یافتہ رہتے ہوئے طالع کے حاکم زحل سے سعد نظرات **16,15,14** جنوری، **9,8,7** مارچ، یکم **,2** مئی، **26,25,24** جون بننے سے مجموعی طور پر مندرجہ بالا بھی ایام صاحب اولاد افراد کیلئے خوشیوں کا باعث بنیں۔ نیز صاحب اولاد افراد کو ان ایام میں اپنے بچوں کی اعلیٰ تعلیم کی طرف توجہ دی گئی تو ان کی کامیابیاں آپ کو دیکھنی نصیب ہوں آپ کے بچوں کی عمر اگر شادی کے قریب ہے تو آپ کو ان کی خوشیاں دیکھنی بھی نصیب ہوں۔ **2026**ء اولاد انعام محبت کیلئے مجموعی طور پر ایک خوش بخت سال دکھائی دیتا ہے خصوصاً فروری، مارچ، اپریل، جون، جولائی، اگست، ستمبر، اکتوبر کے مہینے ان امور میں مشترکہ طور پر اہم اور خوشیوں کے دکھائی دیتے ہیں۔ انٹرنیشنل لاٹریز اور پرائز بانڈ میں دلچسپی رکھنے والے افراد کیلئے **31,30,29,28,27,21,20,19,18,16,15,14,10,9,8,7,6** جنوری، **28,27** فروری، یکم **,16,15,14,9,8,7** مارچ، **22,21,20,19** اپریل، یکم **,23,22,21,20,19,18,2** مئی، **26,25,24** جون، **25,24,23,21,20,19,18** جولائی، **31,18,17,16,15,14,13,12** اگست، یکم **,2** ستمبر، **18,17,16,15,14,7,6** اکتوبر، **12,11,10,9,8** نومبر، **14,13,12,11,10** دسمبر بننے سے حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارے کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''**انعام لکی نمبرز**'' کا مطالعہ آپ کو انعام کے نزدیک لے جائیگا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

صحت و امراض، ملازمتی کیریئر:۔ ابتدائے سال میں چھٹے کا مالک عطارد بارہویں اور بارہویں کا مالک مشتری چھٹے گھر گھر بندھن یوگ

ہونے کے سبب قرض مرض مشکلات پریشانیاں دور ہونے کیلئے نیک وسائل ملیں ستارہ مشتری یکم جنوری تا 02 جون چھٹے رہتے ہوئے بیت العزت اور شفا کے گھر کو سعد ناظر رہے بیت المرض کے گھر میں ہونے سے صحت جسمانی بہتر اور بحال ہونے کے علاوہ قرض کی ادائیگی اور مقدمات سے نجات ملنے کا وسیلہ بنیں۔

بیت المرض اور نصیب کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد 29 مئی تا 22 جون، 07 جولائی تا 05 اگست عروج یافتہ، 22 اگست تا 07 ستمبر شرف یافتہ ہونے سے بے روزگار افراد کو روزگار کے اعلیٰ مواقع مل سکیں ذمہ درانہ فرائض کی ادائیگی سے عزت و ترقی نصیب ہو جسمانی و روحانی شفایابی کیلئے اگر آپ اپنی صحت جسمانی کو کمزور یا نظر بد جادو ٹونہ کی نحوست محسوس کریں تو چالیس دن مسلسل ستر (70) مرتبہ سورۃ الفاتحہ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں اور دم شدہ پانی پئیں۔ ابتدائے سال یا اپنی سالگرہ کے دن اپنا میڈیکل چیک اپ ضرور کروائیں اور اپنے معالج کی ہدایت پر عمل کو یقینی بنائیں۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج کا حاکم ستارہ قمر (چندرماں) یوں تو ہر ماہ برج ثور، برج سرطان میں اڑھائی اڑھائی دن کیلئے آ کر خوشیوں کا باعث بنتا ہے ساتویں برج سرطان میں شادی کا کارک ستارہ مشتری بارہ سال کے بعد 02 جون تا 31 اکتوبر شرف یافتہ رہتے ہوئے خانگی ازدواجی شراکتی خوشیوں کا باعث بنے خواہاں لڑکے لڑکیوں کی حسبِ منشا اچھی جگہ شادی خانہ آبادی ہو سکے گی۔ زحل زہرہ عطارد سعد نظرات 31,30,29,28,20,19,18,16,15,14 جنوری، 28,27 فروری، یکم 9,8,7 مارچ، 21,20,19 اپریل، یکم 23,22,2, مئی، 26,25,24 جون، 25,24,23 جولائی، 18,17,15,14,13,12 اگست، 7,6 اکتوبر اور 12,11 دسمبر بننے سے خانگی ازدواجی شراکتی خوشیوں میں اضافہ ہوگا مشترکہ مفادات کے تحت کئے گئے کاموں میں بھی نفع حاصل ہوگا آپ کی عزت وتکریم میں اضافہ آپ کی شخصیت کی سحر انگیزی سے دوسرے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں گے۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الوراثت اور مشترکہ مفادات کے گھر میں ایک اہم ستارہ (سایہ) کیتو یکم جنوری تا 30 نومبر یہاں رہتے ہوئے آپ کو عجیب وغریب پُراسرار واقعات سے گزرنا پڑ سکتا ہے مالی معاملات میں اُتار چڑھاؤ اور قرض مرض جیسی شکایت پیش آنے کا اندیشہ دکھائی دیتا ہے خفیہ امور کی انجام دہی راز میں رکھنا ضروری ہوگا۔ آپ کی صحت جسمانی کمزوری معدہ وجگر اپنی محنت سے کمایا گیا روپیہ پیسہ غیر ضروری اور مصنوعی جگہوں پر خرچ کرنے سے مالی مشکلات اور پریشانیاں مستقبل میں پیش آسکتی ہیں اپنے کاموں میں کنٹرول اور سدھار کیلئے 14 اپریل تا 15 مئی، 17 اگست تا 17 ستمبر، 16 دسمبر تا 31 دسمبر ستارہ شمس کی سعد پوزیشن پیدا شدہ مشکلات پر قابو پانے کیلئے یہ بھی ایام مجموعی طور پر نیک دکھائی دیتے ہیں۔ ہر اتوار حسبِ توفیق گندم یا باجرے سے پرندوں کی دعوت کریں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔ بیت النصیب اور بیت المرض کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد 29 مئی تا 22 جون، 07 جولائی تا 05 اگست عروج یافتہ جبکہ 22 اگست تا 07 ستمبر شرف یافتہ رہتے ہوئے مستقبل کی درخشاں منصوبہ بندی کیلئے یہ وقت مجموعی طور پر سعد دکھائی دیتا ہے جبکہ ستارہ مشتری بھی چھٹے رہتے ہوئے یکم جنوری تا 02 جون خانہ مال اور خانہ عزت کو سعد ناظر رہے گا اور آپ کے طالع کا حاکم زحل بھی سارا سال تیسرے رہتے ہوئے تیسرے پانچویں نویں اور بارہویں گھر کو ناظر رہنے سے سال ہذا 2026ء تبدیلی تقدیر مگر تدبیر سے بدلنے کے حوالے سے اہم دکھائی دیتا ہے اپنی نصیب یاوری کیلئے نگینہ **زمرد یا فیروزہ** پنے دائیں ہاتھ میں پہنیں۔ عطارد زحل زہرہ سعد نظرات 31,30,29,28,20,19,18,16,15,14 جنوری، 28,27 فروری، یکم 9,8,7 مارچ، 21,20,19 اپریل، یکم 23,22,2, مئی، 26,25,24 جون، 25,24,23 جولائی، 18,17,15,14,13,12 اگست، 7,6 اکتوبر، 12,11 دسمبر بننے سے کاروباری اغراض ومقاصد کیلئے سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوں اعلیٰ تعلیم کی غرض سے طلباء بیرون ملک آسانی سے جا سکیں حج عمرہ زیارات مقدسہ پر جانے کیلئے بھی یہ سال نہایت اہم دکھائی دیتا ہے۔ مستقبل کو خوشحال بنانے کیلئے اسم اعظم سبحان اللہ استغفر اللہ 313 مرتبہ اول آخر درود شریف پڑھ کر بلاناغہ پڑھنا معمول بنالیں۔

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔ بیت العزت اور کیرئیر کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ 02 تا 26 مارچ شرف یافتہ، 19 اپریل تا 14 مئی اور 02 ستمبر تا 06 نومبر بیت العزت اپنے ذاتی گھر میں عروج یافتہ رہتے ہوئے آپ کی عزت وتکریم میں اضافہ کرے۔ کاروباری سماجی سیاسی مصروفیات میں اضافہ رہے گا دوسرے آپ کی شخصیت کی سحر انگیزی اور آپ کی روپیہ پیسہ کمانے کی قابلیت سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں گے آپ کے ہم پیشہ یا اہم اثر لوگ آپ سے مشاورت کریں تو آپ کو لازم ہوگا کہ آپ اپنی اعلیٰ ظرفی اور اپنی قابلیت کے مطابق انہیں بہترین مشورہ دیں۔ آپ کا تعلق کسی بھی پیشے سے کیوں نہ ہو یہ سال آپ کو اپنے پیشہ ورانہ امور میں ممتاز کردے گا آپ کے

حلقہ احباب میں وسعت عزت وتوقیر میں اضافہ اپنے اہم کاموں کی تکمیل بآسانی کر پائیں اور دوسرے آپ کی مدد اور تعاون پر آمادہ ہونگے اور وہ لوگ جو پہلے آپ کے خلاف سازشیں کرتے تھے وہ بھی آپ سے شرمندگی اور معافی کے خواستگار ہوں۔ 2026ء زندگی کا ٹرننگ پوائنٹ آپ پر لازم ہوگا کہ آپ سنجیدگی سے اپنے کاروباری پیشہ ورانہ امور پر توجہ دیں۔ زہرہ زحل سعد نظرات 16,15,14 جنوری، 9,8,7 مارچ، کیم 2, مئی، 26,25,24 جون بننے سے کاروباری تعمیر وترقی نئے کاروباری اجتماعی معاہدے الغرض ہر وہ نعمت جس کے آپ متمنی ہیں ان ایام میں آسانیاں پائیں گے۔

دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد۔ بیت الامید اور بیت الارض کا مشترکہ ستارہ مریخ اور دیگر اہم ستاروں کی نشست کے اعتبار سے آپ کے حلقہ احباب میں خاصی تبدیلیاں دکھائی دیتی ہیں کئی پرانے اور غیر مخلص لوگ آپ کی زندگی سے نکل جائیں گے اور ان کی جگہ سنجیدہ اور باشعور دوستوں کی صف میں اضافہ ہوگا ستارہ مریخ طالع میں 16 جنوری تا 23 فروری شرف یافتہ، 11 مئی تا 20 جون چوتھے عروج یافتہ رہتے ہوئے آپ کی کوئی دیرینہ خواہش پوری ہو سکے گی۔ گزشتہ سال کی بہ نسبت سال ہذا 2026ء مزید کئی ایک امیدوں کے برآنے کیلئے نیک دکھائی دیتا ہے۔ زحل مشتری راہو کیتو ان اہم ستاروں کی تبدیلی آپ کو متوجہ کرے گی کہ آپ اپنے حاسدین ومخالفین اور مخلصین میں تفریق قائم کر سکیں اور دوسروں کے دام فریب میں آنے سے بچیں۔ اپریل، مئی، جون، جولائی، اگست اس سال کے اہم مہینے جب آپ اپنے کاروباری مستقبل کو چیک اینڈ بیلنس رکھنے کی ضرورت کو محسوس کریں اور ایسا کرنا یقیناً آپ کے حق میں بہتر دکھائی دیتا ہے۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداء اور بیت الاقرباء کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری کیم جنوری تا 02 جون بیت الارض میں 02 جون تا 31 اکتوبر بیت الزوج میں اور 31 اکتوبر تا 31 دسمبر بیت الخوف میں اپنی غیر معمولی رفتار کے سبب یکے بعد دیگرے ستارہ مشتری کی تین برجوں میں تبدیلی آپ کے دوست دشمن اور خفیہ حاسدین بھی آشکار ہو جانے سے آپ کسی بڑے نقصان اور سازش سے بچ سکیں۔ اپنے بڑھتے ہوئے اخراجات پر بھی قابو پانے کی ضرورت پر زور دیں آپ کی شریک حیات یا کوئی قریبی خونی رشتہ جس پر آپ بھروسہ کر سکتے ہیں ان سے اپنے مسائل کی مشاورت مستقبل کی منصوبہ بندی کریں تا کہ متوقع مشکلات سے بچا جا سکے۔ بیرون ملک قیام اور حصول امیگریشن کیلئے یہ سال انجام کار کامیابی کا سال بن کر آئے گا۔

جدوی مرد وزن پر گرہنوں کے اثرات:۔ 17 فروری خانہ مال میں سورج گرہن خاندانی صدمات مالی اور کاروباری اُتار چڑھاؤ اور پریشانیوں کی نشاندہی کرتا ہے۔ 03 مارچ آٹھویں چاند گرہن مشترکہ مفادات کے کاموں میں نقصان یا آپ کے قریبی لوگ آپ کو مالی نقصان از قسم چوری چکاری بلیک میلنگ سے دے سکتے ہیں۔ 12 اگست ساتویں سورج گرہن شریک حیات یا شریک کار سے تعلقات میں بگاڑ ممکن ہوگا کہ آپس کے شکوک شبہات اور الزامات سے بچیں۔ 28 اگست ایک بار پھر دوسرے چاند گرہن کا لگنا شراکتی کاروبار میں نقصانات اور ان سے قریبی تعلق داریاں متاثر ہونے کا اندیشہ دکھائی دیتا ہے۔ چاند گرہن کے لگنے سے 15 دن قبل تا بعد اور سورج گرہن لگنے سے مہینہ قبل تا بعد احتیاط سے کام لیں۔ ایام گرہن میں نماز کسوف (سورج) اور نماز خسوف (چاند) دو نفل نماز آیات پڑھ کر اپنے اور اپنی فیملی کیلئے دعائیں کر کے نحوستوں کے دور ہونے کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ اپنی فیملی اور دوستوں کو بھی اس نماز کی طرف متوجہ کریں۔

سعد تواریخ: 27,23,20,19,18,17,15,13,4 جنوری، کیم 28,24,20,15,10 فروری 28,25,19,17,15,10,8,7 مارچ، 24,20,16,11,6 اپریل، کیم 31,22,18,13,9,4 مئی 28,25,18,5,3 جون 30,25,19,16,12,7,3 جولائی 31,26,17,12,8,7,4 اگست، کیم 27,22,17,8,4, ستمبر، کیم 28,24,20,16,15 اکتوبر 30,29,25,21,16,11,2 نومبر 31,26,22,18,13,8 دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ 30,16,8,2 جنوری، 26,13,4 فروری، 26,12,5 مارچ، کیم 30,29,9, اپریل، 29,26 مئی، 30,23,16,10 جون، 28,20,14,6 جولائی، 24,21,10 اگست، 20,13,6 ستمبر، 30,17,4,3 اکتوبر، 27,5 نومبر، 30,24,11,3 دسمبر۔

دلو — AQUARIUS — زحل SATURN

حروف: س ق ث ص کساب جنانی

20 JAN - 19 FEB



15 FEB - 14 MAR

کساب جوتگ

حاکم سیارہ زحل ذیلی حاکم سیارہ: یورانس — نشان: مشکیزہ بردار

ذاتی عقیدہ: میں جانتا ہوں (I Know) — عنصر: ہوا (Air)

خاصہ: غیر تغیر پذیر (ثابت) — نفسیاتی ٹائپ: سوچنا

منسوب رنگ: نیلا اور بنفشی — اعضائے جسمانی: ٹخنہ

منسوب دھات: یورینیم — منسوب پتھر: نیلم اور ڈائمنڈ

منسوب پھول: تعلب مصری، — منسوب درخت: پھل دار

مثبت اور مذکر برج — بائیو کیمک سالٹ: نیٹرم میور

2026ء مفرد نمبر 1 واحدیت کا سال الوہیت ﷻ رسالت ﷺ امامت علیہ السلام سے تجدید وفاداری واحدہ لاشریک لاہ اور نئی شروعات زندگی کے ہر میدان میں کامیابی کے لئے تسبیح فاطمہ سلام اللہ علیہا ہر نماز کے بعد خصوصاً نماز فجر کے بعد پڑھنا اور جناب سیّدہؑ کے وسیلہ سے دعائیں کرنا معمول بنالیں آسانیاں پائیں گے۔ اسی تسبیح کا دم شدہ پانی خود اور فیملی کو بھی پلائیں اور اسی پانی کو خیر و برکت کی نیت سے اپنے گھر آفس اپنی گاڑی میں بھی سپرے کریں۔ دُعا گو:۔ شاہ زنجانی

آپ کی شخصیت:۔ الوہیت اور نئی شروعات کا سال 2026ء مفرد نمبر 1 شمسی سال کے آسانی کونسل پر 18 سال بعد طالع میں راہو اور ساتویں میں مقابل کیتو کا یکم جنوری تا 30 نومبر قیام اس سال کو غیر معمولی سال بناتا ہے سال ہذا اور مستقبل کی منصوبہ بندی بناتے وقت اور اہم فیصلے کرتے وقت جلد بازی سے کام نہ لیں مشترکہ مفادات کے کام اور خصوصاً شریکِ کار یا شریکِ حیات سے اختلاف رائے سے بچیں اپنے باہمی دلچسپی کے امور آپس میں بیٹھ کر طے کرنے زیادہ مناسب ہونگے۔ آپ کا تعلق کسی بھی شعبہ حیات سے کیوں نہ ہو آپ اس سال کئی ایک تبدیلیاں محسوس کریں گے دُنیا سے روحانیت کی جانب سفر تاہم روحانیت سے دُنیا داری کی طرف واپسی کا اُلٹا قدم اپنے نفس لوامہ (ضمیر) کی آواز کو بھی ضرور سن کر صبر و تحمل سے اپنی روحانی ذاتی زندگی کے درست فیصلے کریں۔ طالع کا حاکم ستارہ زحل تمام سال بیت المال میں رہتے ہوئے ذرائع آمدن میں اضافے کیلئے آپ اپنی تمام تر ذہنی تخلیقی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں آمدن میں اضافہ تو یقیناً ہوسکے گا خواہ اس کی رفتار سست ہی کیوں نہ ہو ستارہ زحل خانہ مال کے علاوہ بیت الارض، بیت الوراثت اور بیت الامید کے گھروں کو تمام سال ناظر رہے گا۔ ابتدائے سال میں گیارہویں بیت الامید چار اہم ستارے شمس عطارد زہرہ مریخ پر زحل کی نظر کے علاوہ سعد اکبر ستارہ مشتری بھی یکم جنوری تا 02 جون اسی گھر کو سعد ناظر ہونے سے آپ کی ذاتی دیرینہ خواہشات کی تکمیل اب قریب دکھائی دیتی ہے۔ حلقہ احباب اور مخلص دوستوں کی تعداد میں اضافہ ہوسکے گا خصوصاً سماجی سیاسی دلوی افراد اس سال کسی خاص صدقہ جاریہ اور فلاحی کاموں میں حصہ لیتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں علمی ادبی روحانی مصروفیات بھی وقفہ وقفہ سے جاری رہیں آپ کی شخصیت میں ایک جاذبیت اور سحر انگیزی پیدا ہوتی ہوئی دکھائی دیتی ہے جس سے آپ کی عزت و توقیر اور شہرت میں اضافہ ہوسکے گا تاہم جنس مخالف کی دوستیوں میں حد فاصل قائم رکھیں۔ آپ کے اندر قائدانہ صلاحیتیں اُجاگر ہونے سے آپ ذاتی اور اجتماعی طور پر اپنے اور اپنے احباب کیلئے مستقبل کی درخشاں منصوبہ بندی کر سکیں سیر و تفریح اور کھیلوں میں آپ کی دلچسپیاں نمایاں رہیں حج عمرہ اور زیارات مقدسہ پر جانے والے دلوی افراد کی دیرینہ خواہشات پوری ہوسکیں گی۔ 17 فروری طالع میں سورج گرہن اور 28 اگست چاند گرہن بھی طالع میں ہی لگنے سے اپنی صحت جسمانی کا خیال رکھنے کے ساتھ ساتھ اپنے حاسدین دمخالفین سے گرہن لگنے کے دن سے مہینہ قبل تا بعد محتاط رہیں۔ گندم اور باجرے کا حسب توفیق صدقہ بلاناغہ روزانہ دینا نحوستوں کے دور ہونے کا باعث بنے گا۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ 2026ء خانہ مال میں زحل اور نیپچون کی موجودگی ذرائع آمدن میں اضافے کیلئے آپ کو سنجیدہ کوششیں مسلسل کرتے رہنا ہوگا تبھی آپ اچھے ثمرات پاسکیں گے آمدن کے ساتھ ساتھ غیر ضروری اخراجات اور دھوکا دہی سے بھی محتاط رہنا ازبس ضروری ہوگا خانہ مال کا حاکم مشتری 02 جون تا 31 اکتوبر دوسرے دسویں سعد ناظر رہتے ہوئے نئے کاروباری وسائل اور جاری کاموں سے بھی نفع بخش صورتحال کا حصول ممکن ہے قرض مرض مقدمات کی پریشانیوں سے وہ دلوی افراد نجات پاہی لیں گے جو پہلے سے اس سلسلے میں سنجیدہ کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ زحل مشتری شمس مریخ سعد نظرات 4,5,6,20,21,22,23,24 مارچ 10,11,12 مئی، 2,3,4,26,27,28,29,30 جون، 19,20,21 جولائی، 12,13,14,15,16,17 ستمبر، 14,15,16 اکتوبر، 13,14,15,16,29,30 نومبر، یکم، 18,19,20,30,31 دسمبر بننے سے

ذرائع آمدن میں اضافے کیلئے وہ ٹھوس سرمایہ کاری اور وہ خالص کوششیں جو آپ حصول وراثت لاٹری مل جانے کیلئے کر رہے ہیں ان میں کامیابیاں پائیں۔ حصول آمدن میں پیدا شدہ رکاوٹیں دور ہوسکیں گی۔ خانہ مال میں زحل نیپچون قران اس سال بھی 08 فروری تا 05 مارچ ہونے سے کچھ غیر مخلص لوگوں سے آپ اپنے مفادات کو الگ کر لینا ہی پسند کریں گے تاہم مجموعی طور پر یہ سال ذرائع آمدن میں اضافہ کے ساتھ ساتھ خاندان میں بھی اضافے اور خوشیوں کی نشاندہی کرتا ہے۔ جب بھی کوئی نعمت ملے شکرِ خداوندی ضروری بجالائیں۔

عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ مریخ ابتدائے سال میں اجتماع سیارگان میں گھِرا اور غروب ہونے سے سال کی ابتداء ہی عزیز واقارب بہن بھائیوں سے تعلقات میں احتیاط روی ضروری ہوگی ستارہ مریخ 16 جنوری تا 23 فروری شرف یافتہ، 11 مئی تا 30 جون عروج یافتہ، 12 نومبر تا 10 جنوری 2027ء اوج یافتہ رہے سال کی پہلی سہ ماہی عزیز واقارب سے تعلقات میں احتیاط اور بعد از بہتری پہلی سہ ماہی کے بعد حالات میں بتدریج بہتری محسوس کریں۔ مریخ زحل سعد نظرات 21,20,19,18 جنوری، 21,20,19,18 جولائی، 18,17,16,15,14 اکتوبر بننے سے دانشمندانہ فیصلے اور حالات میں بہتری اور استحکام کیلئے آپکی کوششیں تیز ہوسکیں گی۔ صبر وتحمل سے جذباتی پن پر قابو پانے سے آپ کی بلاوجہ کی کئی ایک پریشانیاں دور ہوسکتی ہیں۔ زحل مریخ نحس نظرات 31 اگست سے 03 ستمبر بننے سے ان ایام میں خصوصی طور سے اپنی حل المشکلات کی طرف توجہ دیں سینئر مخلصین بزرگوں سے مشاورت ازبس ضروری ہوگی۔ اپنی ہر پریشانی دور ہوجانے کیلئے گھر کی چھت پر ٹوٹا چاول باجرہ ملا کر پرندوں کی دعوت کریں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ بیت الارض اور بیت النصیب کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ 20 تا 26 مارچ شرف یافتہ، 19 اپریل تا 14 مئی، 03 ستمبر تا 06 نومبر عروج یافتہ رہتے ہوئے خاندانی مصروفیات میں اضافہ رہے اندرون خانہ مہمانوں کی آمدورفت سے ایک رونق اور خوشیوں کا احساس رہے آپ کی سماجی سیاسی مصروفیات بھی اس سال خاصی خوش کن رہیں۔ آپ کی عزت وتوقیر میں اضافہ ہوسکے گا عوامی فلاحی کام اور اہل خاندان کے ساتھ نہ صرف خوشگوار وقت گزرے بلکہ آپ اُن کی ہر ممکنہ وہ خدمت کریں جس کی انہیں اشد ضرورت ہو۔ زہرہ زحل مشتری سعد نظرات 16,15,14 جنوری، 23,22 فروری، 9,8,7 مارچ، 14,13,12 اپریل، یکم ,2 مئی، 11,10,9 جون، 28,19,18,17,16 اگست، یکم ,4,3,2 ستمبر، 30,29,28,27,26,6,5,4,3,2 نومبر بننے سے رہائشی تزئین وآرائش میں اضافہ زمین جائیداد پراپرٹی اور نئی سواری کی خرید سے اپنی فیملی کے ساتھ خوشیاں محسوس کریں۔ زراعت وباغبانی سے وابستہ کسانوں کو اس سال کچھ غیر معمولی نفع ملتا دکھائی دیتا ہے۔ اہل خاندان کی نگہداشت اور ان کے اجتماعی مستقبل کی بہتری کیلئے آپ ان کیلئے ہمدردانہ اور مخلصانہ جذبات مستقل مزاجی کے ساتھ سارا سال ہی آپ کی خدمات بلاغرض اُن کیلئے حاضر رہیں۔

اولاد، انعامات ومحبت:۔ بیت الاولاد اور وراثت کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد ابتدائے سال میں یکم تا 17 جنوری وبال یافتہ، 11 تا 30 اپریل ہبوط یافتہ ہونے سے ابتدائے سال میں صاحب اولاد اپنے بچوں کی تعلیم وتربیت کی طرف خصوصی توجہ دیں اور جلد بازی میں ایسے فیصلے نہ کریں جو آپ اور آپ کے بچوں کے مابین دوری کا باعث بنیں ستارہ عطارد 29 مئی تا 22 جون، 07 جولائی تا 05 اگست عروج یافتہ جبکہ 22 اگست تا 07 ستمبر شرف یافتہ رہتے ہوئے اولاد انعام محبت اور جذباتی نوعیت کے سبھی امور قابل توجہ رہیں گے۔ آپ اپنے بچوں کے مستقبل کے تعلیمی کیرئیر کے حوالے سے اہم فیصلے کرسکیں گے سعد اکبر ستارہ مشتری بھی یکم جنوری تا 02 جون پانچویں رہتے ہوئے صاحب اولاد افراد کو اپنے بچوں کی شادی بیاہ کے معاملات میں رشتہ طے ہوجانے کی خوشیاں عطا کرے آپ کے شعور وادراک میں اضافہ اور جدید سائنسی علوم انفارمیشن ٹیکنالوجی میں آپ کی دلچسپیاں بڑھیں نہ صرف یہ سال لاٹریز پرائز بانڈ میں حصہ لینے کیلئے بھی نہایت اہم دکھائی دیتا ہے۔ پرائز بانڈ اور انٹرنیشنل لاٹریز میں دلچسپی رکھنے والے افراد 31,30,29,28,27,20,19,18,16,15,14 جنوری، 28,27,23,22,17,16 فروری، یکم ,10,9,8,7 مارچ، 21,20,19,14,13,12,4,3,2 اپریل، یکم ,23,22,13,12,2 مئی، 26,25,24,11,10,9 جون، 25,24,23 جولائی، 28,19,18,17,16,15,14,13,12 اگست، یکم ,22,21,4,3,2 ستمبر، 7,6 اکتوبر، 30,29,28,27,26,6,5,4,3,2 نومبر، 24,23,12,11 دسمبر بننے سے حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے

حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارے کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب **"انعام لکی نمبرز"** کا مطالعہ آپ کو انعام کے نزدیک لے جائیگا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

صحت وامراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض چھٹے برج سرطان سے چھٹے برج قوس میں ابتدائے سال شمس عطارد زہرہ مریخ کا اجتماع اور قمر (چندرماں) کا چوتھے شرف یافتہ ہونا جبکہ طالع میں راہو اور مقابل کیتو کا ہونا سال ہذا صحت جسمانی کے لحاظ سے خاصہ توجہ طلب سال دکھائی دیتا ہے کیا ہی اچھا ہو کہ آپ سال کی ابتداء میں اپنا مکمل میڈیکل چیک اَپ کروا کر اپنے ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق اپنی مناسب ادویہ واغذیہ کا خیال رکھیں غفلت کی صورت میں آپ کی صحت کے معاملات خدانخواستہ کسی طویل خرابی صحت ذہنی تفکرات کی نشاندہی کرتے ہیں۔ آپ کی ہمت اور شفایابی کا حاکم ستارہ مریخ **16** جنوری تا **23** فروری بارہویں شرف یافتہ ہونے سے آپ کو کوئی اچھا معالج یا مسیحا مل سکے گا۔ **11** مئی تا **20** جون مریخ عروج یافتہ جبکہ **12** نومبر تا **10** جنوری **2027**ء اوج یافتہ رہنے سے آپ ان ایام میں حفظان صحت کے تحت اپنی صحت کا بہتر خیال رکھنے کی پوزیشن میں ہونگے پیدا شدہ بھی مشکلات دور ہو سکیں گی۔ بے روزگار افراد کو روزگار کے اچھے مواقع اور ذمہ دارانہ فرائض کی انجام دہی سے عزت وترقی مل سکے گی ماتحت کام کرنے والے اور افسران بالا کا تعاون رہے گا خصوصاً **02** جون تا **31** اکتوبر ستارہ مشتری کے یہاں شرف یافتہ ہونے سے قرض مرض مقدمات سے نجات صحت جسمانی بہتر اور اعلیٰ رُتبے کا حصول ہو سکے گا۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی :۔ بیت الزوج اور شراکت کے گھر میں یکم جنوری تا **30** نومبر کیتو مقابل راہو کا قیام اپنے خانگی وازدواجی تعلقات میں مخلص رہیں شکوک وشبہات اور بلاوجہ کے لڑائی جھگڑوں سے اعتراض کریں حاسدین ومخالفین کو اپنی نجی زندگی میں دخل اندازی کا موقعہ ہرگز نہ دیں۔ **2026**ء کا بہترین صدقہ ہر روز ایک کلو گندم یا باجرہ یا پھر ہر اتوار **10** کلو باجرہ پرندوں کو ڈالنا آپ کیلئے اشد ضروری دکھائی دیتا ہے ساتویں کا حاکم ستارہ شمس **14** اپریل تا **15** مئی شرف یافتہ، **17** اگست تا **17** ستمبر عروج یافتہ رہتے ہوئے خواہاں دلوی افراد کے رشتے ناطوں میں آسانیاں پیدا کرے۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الوراثت کے گھر پر آپ کے طالع کے حاکم زحل کی سارا سال مکمل نظر قائم رہے خصوصاً اس گھر کا مالک ستارہ عطارد **29** مئی تا **22** جون، **07** جولائی تا **05** اگست عروج یافتہ، **22** اگست تا **07** ستمبر شرف یافتہ رہنے سے **2026**ء اس لحاظ سے نہایت اہم سال دکھائی دیتا ہے جب آپ کے دیرینہ پیچیدہ وراثتی مسائل پریشانیاں قانونی یا پنچائتی طریقے سے حسب منشا حل ہو سکیں ستارہ مشتری کی سعد نظر یکم جنوری تا **02** جون طالع اور نویں کو سعد ناظر ہونے سے قانونی اخلاقی متعلقہ امور میں آپ کو کامیابیاں دلانے میں نیک ثابت ہو مشترکہ مفادات کے کام انشورنس کلیم اور کوئی بڑی انعامی لاٹری لگ جانے جیسے سعد حالات دکھائی دیتے ہیں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر اور بیت الارض کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ **02** تا **26** مارچ شرف یافتہ، **19** اپریل تا **14** مئی، **02** ستمبر تا **06** نومبر عروج یافتہ رہنے سے بیرون ملک کاروباری اغراض ومقاصد کیلئے سفر طلباء کو اعلیٰ تعلیم کیلئے بیرون ملک جانے میں آسانیاں ہوں۔ زہرہ شمس زحل مشتری سعد نظرات **14,15,16,17,18** جنوری، **22,23** فروری، **4,5,6,7,8,9** مارچ، **12,13,14** اپریل، یکم **2,10,11,12** مئی، **2,3,4,9,10,11,22,23,24,25,26** جون، **6,7,8,16,17,18,19,28** اگست، **2,3,4** ستمبر، **14,15,16** اکتوبر، **2,3,4,6, 26,27,28,30** نومبر، یکم **18,19,20,** دسمبر بننے سے آپ اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے اہم منصوبہ بندی کرنے کی پوزیشن میں ہونگے آپ کے کئی اہم فیصلے آپ کی ترقی کا باعث بنیں۔ حج عمرہ وزیارات مقدسہ پر جانے کے خواہاں افراد کیلئے سال ہذا اس لحاظ سے اہم دکھائی دیتا ہے کہ آپ نیت کریں تو زادراہ نہ ہونے کی صورت میں بھی قدرت زادراہ کا اہتمام کر دے گی اپنی اور اپنی فیملی کے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے جو پروگرام آپ بنا چکے ہیں ان پر نظر ثانی اس سال ضرور کیجئے گا۔

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔ بیت العزت اور کیرئیر کا حاکم ستارہ مریخ **16** جنوری تا **23** فروری شرف یافتہ، **16** مئی تا **20** جون عروج یافتہ، **12** نومبر تا **10** جنوری **2027**ء اوج یافتہ ہونے سے کاروباری عزت وتوقیر میں اضافہ ہوگا تاہم شمسی ساڑھ ستی ہونے اور طالع کے حاکم زحل کا دوسرے ہونے اس سال آپ کو اپنے پیشہ ورانہ معاملات میں پہلے سے کچھ زیادہ ہی محنت کی ضرورت ہوگی تخمین بازی اور لالچ میں آ کر کچھ ایسے فیصلے

ہرگز نہ کریں جن سے نقصان کا اندیشہ اور قابل بھروسہ لوگوں پر بھی اندھا اعتماد کرنا ہرگز مناسب نہ ہوگا۔ ہر قسم کی خیر و برکت اور شفایابی کیلئے سورۃ الرحمٰن میں عرض کردہ جواہرات یاقوت و مرجان دونوں اپنے ہاتھ میں دو نفل شکرانے کے ادا کر کے پہننا نہایت نیک نقصانات سے تحفظ کا باعث بنیں ہمراہ ہر منگل حسبِ توفیق گوشت یا کلیجی پھیپھڑے لیکر اس پر نمک مرچ ہلدی اور سرسوں کا تیل لگا کر جانوروں کو صدقہ ڈالنا نیک اور رد بلا ثابت ہوگا۔

دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد :۔ بیت الامید کے گھر ابتدائے سال میں شمس عطارد زہرہ مریخ اور اس کے حاکم مشتری کا پانچویں اپنے گھر کو سعد نظر سے دیکھنا یوں معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے حلقہ احباب میں کئی غیر مخلص لوگ نکل جائیں گے اور ان کی جگہ چند مخلص احباب لے لیں گے۔ سماجی سیاسی دلوی افراد کیلئے **2026**ء تعلقات کے اعتبار اعتماد اور بھروسے کے لحاظ سے ایک اہم اور توجہ طلب سال دکھائی دیتا ہے کیتو کی ساتویں گھر سے یکم جنوری تا **30** نومبر اس گھر کو ناظر ہونا بھی اس بات کی دلیل ہے دنیاوی افراد سے بہتر خوشگوار اور اعتدال پر مبنی تعلقات قائم اور بحال رہنے کیلئے ہر روز حسبِ توفیق گڑ کی شکر حشرات الارض کو صدقہ ڈالنا معمول بنالیں اس کے علاوہ ہر جمعرات قریبی مسجد کے موذن کی خدمت کر کے اسے اذانِ فجر کے بعد دُعا کی درخواست کریں۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداء اور طالع کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل کا دوسرے نیپچون کے ہمراہ ہونا طالع راہو ساتویں کیتو اور بارہویں پلوٹو کا سارا سال رہنا سال ہذا حاسدین و مخالفین کی ریشہ دوانیاں عروج پر ہوں اور وہ آپ کی عزت و تکریم کے ساتھ مالی نقصانات پہنچانے کیلئے بھی سازشیں کر سکتے ہیں اچانک اخراجات بھی بڑھ سکتے ہیں خیر و برکت کے حصول اور دشمنوں کو زیر کرنے کیلئے نماز فجر یا عشاء کے بعد **135** مرتبہ سورۃ الکوثر اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دُعا کے بعد دشمنوں کے زیر ہو جانے کی نیت سے چاروں سمتوں کی طرف باری باری پھونک کر اطمینان کی کیفیت محسوس کریں۔

دلوی مرد و زن پر گرہنوں کے اثرات :۔ **17** فروری سورج گرہن طالع میں لگنے سے آپ کی خرابی صحت پریشانی اور تفکرات کا اشارہ ہے اپنے حاسدین و مخالفین کے شر سے بھی محتاط رہیں۔ **03** مارچ ساتویں چاند گرہن کا لگنا شراکتی ازدواجی تعلقات میں بدمزگی اختلاف رائے اور شکوک و شبہات علیحدگی جیسے حالات دکھائی دیتے ہیں خدانخواستہ ایسے حالات ہوں تو صدقات کے ساتھ بزرگوں سے مشاورت لیں۔ **12** اگست چھٹے سورج گرہن لگنے سے آپ کے حاسدین و مخالفین زیر رہیں اور قرض مرض سے بھی نجات کی امید کی جاسکتی ہے۔ **28** اگست طالع میں ایک بار پھر چاند گرہن کا لگنا خرابی صحت تفکرات قرض مرض جیسی کیفیات پیش آنے کا خدشہ دکھائی دیتا ہے چاند گرہن لگنے کے **15** دن قبل تا بعد سورج گرہن لگنے کے مہینہ قبل تا بعد احتیاط برتیں ایام گرہن میں **10** کلو باجرہ اور **2** کلو چاول کا ٹوٹا ملا کر پرندوں کی دعوت کریں۔ ایام گرہن میں نماز کسوف (سورج) اور نماز خسوف (چاند) دو نفل نماز آیات پڑھ کر اپنے اور اپنی فیملی کیلئے دُعائیں کر کے نحوستوں کے دور ہونے کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ اپنی فیملی اور دوستوں کو بھی اس نماز کی طرف متوجہ کریں۔

سعد تواریخ: **27,23,20,19,18,17,15,13,4** جنوری، یکم **28,24,20,15,10** فروری **28,25,19,17,15,10,8,7** مارچ، **24,20,16,11,6** اپریل، یکم **31,22,18,13,9,4,** مئی، **28,25,18,5,3** جون، **30,25,19,16,12,7,3** جولائی، **31,26,17,12,8,7,4** اگست، یکم **27,22,17,8,4,** ستمبر، یکم **28,24,20,16,15,** اکتوبر **30,29,25,21,16,11,2** نومبر، **31,26,22,18,13,8** دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ **30,16,8,2** جنوری، **26,13,4** فروری، **26,12,5** مارچ، یکم **30,29,9,** اپریل، **29,26** مئی، **30,23,16,10** جون، **28,20,14,6** جولائی، **24,21,10** اگست، **20,13,6** ستمبر، **30,17,4,3** اکتوبر، **27,5** نومبر،

حوت 24

PISCES

مشتری JUPITER

حساب یونانی

20 FEB - 20 MAR



15 MAR - 14 APR

حساب ویدک

حروف د ہ ج

حاکم سیارہ مشتری اولیٰ حاکم سیارہ: نیپچون — نشان: دو مچھلیاں

ذاتی عقیدہ: مجھے یقین ہے (I Believe) — عنصر: پانی (Water)

خاصہ: تغیر پذیر (ذوجسدین) — نفسیاتی ٹائپ: حساس

منسوب رنگ: سمندری نیلا — اعضائے جسمانی: پاؤں

منسوب پتھر: ایمے تھیسٹ — منسوب پھول: آبی کنول

منسوب درخت: بید — منسوب غذا: سلاد کے پتے

منثی اور مؤنث برج — بائیو کیمک سالٹ: فیرم فاس

2026ء مفرد نمبر 1 واحدیت کا سال الوہیت ﷻ رسالت ﷺ امامت علیہ السلام سے تجدید وفاداری واحدہ لاشریک لاء اور نئی شروعات زندگی کے ہر میدان میں کامیابی کے لئے تسبیح فاطمہ سلام اللہ علیہا ہر نماز کے بعد خصوصاً نماز فجر کے بعد پڑھنا اور جناب سیدہؑ کے وسیلہ سے دعائیں کرنا معمول بنالیں آسانیاں پائیں گے۔ اسی تسبیح کا دم شدہ پانی خود اور فیملی کو بھی پلائیں اور اسی پانی کو خیر و برکت کی نیت سے اپنے گھر آفس اپنی گاڑی میں بھی سپرے کریں۔ دُعا گو:۔ شاہ زنجانی

آپ کی شخصیت:۔ الوہیت اور نئی شروعات کا سال 2026ء مفرد نمبر 1 شمسی سال کے آسمانی کونسل پر 2026ء میں ستاروں کی نشست آپ کے شمسی زائچے میں کچھ یوں دکھائی دیتی ہے اول تو آپ کی گزشتہ 17 جنوری 2023ء تا 17 اپریل 2030ء ساڑھ ستی ساڑھے سات سالہ آزمائش و مشکلات کا دور جاری یاد دکھائی دیتا ہے ستارہ زحل سارا سال طالع، پچھلے بارہویں گھر میں کیتو رہا ہوا اور ابتدائے سال میں بیت العزت میں چار ستاروں کا اجتماع شمس عطارد زہرہ مریخ جبکہ دسویں گھر کے حاکم ستارہ مشتری کا چوتھے ہونا راج یوگ کا بھی اشارہ ہے تاہم ستاروں کی نشست کے اعتبار سے یہ پورا سال اہم کاموں کی تکمیل کیلئے مخلصین اور بزرگوں سے مشاورت کے ساتھ ساتھ آپ کی چند ایک دیرینہ خواہشات بھی پوری ہوسکیں گی۔ ہر روز حسب توفیق حشرات الارض یا پرندوں کو دانہ ڈالیں آپ کے بہترین صدقات (برج حوت) جنتری ہذا میں مفصل درج ہیں۔ صدقے کی ادائیگی کرنے والے حوتی افراد کیلئے یہ سال آزمائش کے باوجود پہلی سہ ماہی کے بعد بتدریج خوش بختیاں لانے کا سبب بنے جب آپ کے طالع اور بیت العزت کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری 02 جون تا 31 اکتوبر پانچویں شرف یافتہ ہوگا شرف مشتری کی لوح بنوا کر اپنے پاس رکھنا باعث خیر و برکت دکھائی دیتا ہے نیز اسی دوران اولاد انعام محبت کا سکھ لاٹریز یا پرائز بانڈ میں حصہ لینے سے آپ کا کوئی بڑا انعام بھی لگ سکتا ہے خواہاں لڑکے لڑکیوں کی جذباتی وابستگی پسند اور محبت سے شادی ہو جانے کا بھی امکان دکھائی دیتا ہے۔ حوتی والدین کو اپنے بچوں کی تعلیمی کامیابی اور شادی بیاہ کی خوشیاں بھی نصیب ہوں۔ اس کے علاوہ سورۃ الرحمٰن میں ذکر کردہ مرجان انگشتری میں بنوا کر سال کے ابتداء سے ہی اپنے ہاتھ میں پہننے سے اس کے مفید طبی اور سحری خواص آپ کو ملنے لگیں گے اور آپ کی قوت فیصلہ اور نظر بد جادو ٹونہ حادثات اور دیگر ناگہانی آفات و بلیات سے آپ محفوظ رہیں گے۔ ستارہ مشتری کی 2026ء میں یکے بعد دیگرے چوتھے پانچویں چھٹے گھروں میں آنا زمین جائیداد وراثت کا حصول اسٹاک شیئرز کے کاروبار یا لاٹری نکلنے کے فوائد بے روزگار افراد کیلئے روزگار کے اعلیٰ مواقع اندرون و بیرون ملک دکھائی دیتے ہیں شوق روحانیت خود سے خداشناسی قرآن فہمی صوم صلوٰۃ کی پابندی کے ساتھ نماز شب پڑھنے کی خوشی اور رغبت بھی پاسکیں گے۔ مسلسل نماز شب پڑھنے اور دُعائیں کرنے والوں کیلئے اس سال ان کیلئے بہت سی راحتیں اور خوشیاں غیر متوقع طور سے ممکن دکھائی دیتی ہیں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ خانہ مال کا حاکم ستارہ مریخ 16 جنوری تا 23 فروری شرف یافتہ، 16 مئی تا 20 جون عروج یافتہ، 12 نومبر تا 10 جنوری 2027ء اوج یافتہ رہتے ہوئے ان ایام میں ساڑھ ستی کے باوجود اور ستارہ مشتری کی تمام سال اچھے گھروں میں نشست آپ کے مالی کاروباری معاملات میں اضافے کا باعث بنے مریخ مشتری سعد نظرات 23,22,21,20 مارچ، 16 تا 30 جون، 19,18,17,16,15,14,13 نومبر بننے سے ذرائع آمدن میں اضافے کیلئے کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہوں۔ 2026ء میں آپ کیلئے بہترین کئی ایک مواقع اپنے مستقبل کو مالی تحفظات کو محفوظ کرنے کیلئے ٹھوس سرمایہ کاری یا پھر کوئی بڑا انشورنس پلان لینا بھی مفید دکھائی دیتا ہے تاہم مریخ مشتری نحس نظرات 11,10,9 جنوری، 6,5,4,3 مئی بننے سے مالی لین دین کرتے وقت محتاط رہیں اور اپنے جذباتی پن غم غصہ پر بھی قابو رکھیں۔ آسانی ہو تو ہر منگل گوشت یا کلیجی پھیپھڑے کا صدقہ جانوروں کو ڈالیں دیگر ہر جمعرات اپنے گھر کی قریبی مسجد کے موذن کی حسب توفیق

خدمت کر کے انہیں نماز فجر کے بعد دُعا کی درخواست کریں۔ سورۃ الضحیٰ کی پانچویں آیت وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ نماز فجر کے بعد 313 مرتبہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پڑھنا معمول بنالیں۔

عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ زہرہ 02 تا 26 مارچ شرف یافتہ، 19 اپریل تا 14 مئی، 02 ستمبر تا 06 نومبر عروج یافتہ رہتے ہوئے عزیز و اقارب بہن بھائی اور پڑوسیوں سے خوشگوار تعلقات قائم ہوسکیں اندرون ملک کاروباری اور دیگر مقاصد کیلئے کئے گئے سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوں۔ زہرہ مشتری عطارد سعد نظرات 31,30,29,28,27 جنوری، 28,27,23,22,17,16 فروری، کم 10,9,8 مارچ 14,13,12،4,3,2 اپریل، 13,12 مئی 11,10,9 جون 25,24,23 جولائی 19,18,17,16,15,14,13,12 اگست، 22,21 ستمبر، 30,29,28,27,26,6,5,4,3,2 نومبر، 24,23 دسمبر بننے سے آپ اپنے اندر ایک مستقل مزاجی اور اطمینان محسوس کرتے ہوئے ذاتی یا اجتماعی طور پر اپنے بہن بھائی اور قریبی لوگوں کے مالی و تعلیمی مستقبل کو بہتر اور روشن بنانے کیلئے اس سال قدرت آپ سے وہ اہم کام لے گی جس کیلئے پہلے آپ نے کبھی سوچا نہ ہوگا ان کبھی نیک اجتماعی وسائل اور حالات بن جانے کیلئے شکر خداوندی بجالاتے رہیں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ وتد الارض چوتھے گھر میں سعد اکبر ستارہ مشتری بارہ سال بعد یکم جنوری تا 02 جون راج یوگ جیسی خوش بخت نشست بناتے ہوئے خانگی اور خاندانی امور غیر معمولی دلچسپی اور اہمیت کے حامل دکھائی دیتے ہیں خاندان میں وسعت رہائشی تزئین و آرائش زمین جائیداد و سواری کی حسب تمنا خرید و فروخت زراعت اور باغبانی سے تعلق رکھنے والے حوتی افراد کیلئے بھی یہ سال نہایت اہم دکھائی دیتا ہے وتد الارض کا حاکم ستارہ عطارد 29 مئی تا 22 جون اور پھر 07 جولائی تا 05 اگست اپنے ہی گھر میں عروج یافتہ جبکہ 22 اگست تا 07 ستمبر شرف یافتہ رہتے ہوئے آپ کی خاندانی اور خانگی خوشیوں میں اضافہ ہوسکے گا۔ عطارد مشتری سعد نظرات 17,16 فروری، 10,9,8 مارچ، 4,3,2 اپریل، 13,12 مئی، 16,15 اگست، 22,21 ستمبر، 24,23 دسمبر بننے سے اہل خاندان کے افراد مجموعی طور پر آپس میں ایک دوسرے کیلئے ایثار اور قربانی کا جذبہ پائیں۔ مندرجہ بالا سبھی ایام سال ہذا کے خوش بخت ایام دکھائی دیتے ہیں ستارہ عطارد اس سال تین مرتبہ رجعت (اُلٹا) پذیر 26 فروری تا 21 مارچ، 29 جون تا 24 جولائی، 24 اکتوبر تا 23 نومبر ہونے سے جاری کاموں میں سست روی آئے تو حل المشکلات کیلئے بلاناغہ 313 مرتبہ درود شریف پڑھتے ہوئے ہر تسبیح میں وقفہ کر کے اپنے کاموں کی کشادگی خیر و برکت اور جلد انجام پذیر ہوجانے کیلئے دُعائیں کرنا معمول بنالیں۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الاولاد کے گھر طالع اور بیت العزت کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری بارہ سال کے بعد اس سال 02 جون تا 31 اکتوبر اور پھر 2027ء میں 25 جنوری تا 26 جون پھر شرف یافتہ ہوگا کلی طور پر خیر و برکت اور دولت کا حاکم ستارہ مشتری کا دو مرتبہ آپ کے اولاد انعام محبت کے گھر میں یوں شرف یافتہ ہونا آسمانی کونسل پر قدرت کی عطا اور مہربانی دکھائی دیتی ہے آپ کی سماجی سیاسی شخصیت میں اضافہ ادیب دانشور اور روحانی لوگوں کی صحبت میں بیٹھنے سے آپ کے شعور اور فہم و فراست میں اضافہ خود سے خدا شناسی کا روحانی شوق بڑھے روحانی لوگوں سے فیض یابی اور اس دوران آپ کی کوئی ملکی اور غیر ملکی انٹرنیشنل لاٹری پر بھی کوئی بڑا انعام لگ سکتا ہے محبت میں خلوص سچائی پاکیزگی شادی خانہ آبادی کا باعث بنے۔ انٹرنیشنل لاٹریز اور پرائز بانڈ میں دلچسپی رکھنے والے حوتی افراد کیلئے 19,18,17 جنوری، 17,16 فروری، 23,22,21,20,16,15,14,10,9,8 مارچ، 21,20,19,4,3,2 اپریل، 13,12 مئی، 26,21,20,19,18 تا 30 جون، 16,15 اگست، 22,21 ستمبر، 19,18,17,16,15,14,13 نومبر، 31,24,23 دسمبر بننے سے حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارے کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب "**انعام لکی نمبرز**" کا مطالعہ آپ کو انعام کے نزدیک لے جائیگا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

صحت و امراض، ملازمتی کیریئر:۔ بیت المرض شمسی زائچے کے چھٹے کیتو بارہویں راہو اور طالع میں بارہویں نحس گھر کا حاکم زحل جو ساڑھ ستی کی نحوست بھی دے رہا ہے یوں معلوم ہوتا ہے کہ یہ سال نظر بد سفلی اور سحری عملیات سحر جادو سے خدانخواستہ آپ اور آپ کے اہل خانہ آپ کی وجہ سے کسی نحوست اور آزمائش سے دوچار ہوسکتے ہیں سال ہذا میں بلاناغہ صدقہ و خیرات ہر روز حسب توفیق دیتے رہیں آسان صدقہ چاول کا ٹوٹا باجرہ ملا کر پانی کے ساتھ گھر

کی چھت پر پرندوں کے کھانے کیلئے رکھیں اور سب سے اعلیٰ صدقہ توفیق ہو تو اپنے برج حوت جڑواں مچھلیوں کے سائن کی نسبت سے حضرت خواجہ خضرؑ کو اُن کے وسیلے سے دریا سمندر یا جھیل میں سوالاکھ زندہ مچھلیوں کا صدقہ ڈالیں (ادارہ ہذا سے مفت مشاورت بھی لے سکتے ہیں) یہ صدقہ آپ اور آپ کی آنے والی سات نسلوں کی پریشانیاں نحوستیں دور کرنے کیلئے کافی ہے۔ ستارہ شمس **12** فروری تا **14** مارچ، **17** اگست تا **17** ستمبر، **17** اکتوبر تا **16** نومبر آپ کے زائچے میں ستارہ شمس کی ان ایام میں یہ نشست خرابی صحت قرض کی ادائیگی میں غفلت اور ملازمتی فرائض کی غیر ذمہ داری سے آپ کی عزت پر حرف آسکتا ہے اپنے قرض مرض سے نجات پانے کیلئے آپ کی توجہ درکار ہوگی۔ ان ایام میں اپنے غم و غصہ جذباتی پن پر قابو رکھیں۔ **03** مارچ اس گھر میں چاند گرہن کا لگنا کئی طرح کے تفکرات سے نجات کا باعث بنے۔ ایام گرہن میں نماز کسوف و خسوف ادا کر کے دُعائیں کر کے اپنی نحوستیں دور ہونے کا یقین کیا جا سکتا ہے۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ آپ کے طالع میں ستارہ شمس شمسی ساڑھ ستی کی نحوست کو جاری رکھے ہوئے طالع سے تیسرے ساتویں اور دسویں گھر کو ناظر رہے گا خانگی ازدواجی شراکتی تعلقات اس سال نہایت احتیاط طلب اور درگزر کرنے کے طالب ہونگے۔ خواہاں حوتی اور سنبلی لڑکے لڑکیوں کے طے شدہ رشتے ناطے بھی متاثر ہو سکتے ہیں۔ **2026**ء میں طالع بیت العزت کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری **02** جون تا **31** اکتوبر پانچویں بارہ سال کے بعد جب شرف یافتہ ہوگا تب یہ زائچے میں سبھی نحوست دینے والے ستاروں کی چھٹی کرا دے گا ان ایام میں آپ ہر طرح کی نحوستوں سے بچ سکیں گے خصوصاً صوم صلوٰۃ کی پابندی کرنے والے حوتی اپنے اور اپنے اہل خاندان کیلئے مفید ثابت ہونگے ان کی دُعا یاد داور ان کے نصیب کی خوش بختیوں سے بھی آپ فیض پائیں۔ مشتری عطارد سعد نظرات **17,16** فروری، **10,9,8** مارچ، **4,3,2** اپریل، **13,12** مئی، **16,15** اگست، **22,21** ستمبر، **24,23** دسمبر بننے سے آپ کی شخصیت کی سحر انگیزی میں اضافہ شادی بیاہ منگنی ہو جانے کیلئے خواہاں لڑکے لڑکیوں کیلئے یہ ایام نہایت مفید دکھائی دیتے ہیں۔ **2026**ء کیم جنوری تا **02** جون، **31** اکتوبر تا **31** دسمبر شادی کرنے والے جوڑوں کیلئے ضروری ہوگا کہ وہ اپنی شادی خانہ آبادی قائم رہ جانے کیلئے سورۃ البقرہ کے تحت منگل کے دن گائے کا صدقہ یا پھر پیر، جمعرات، جمعہ ان دنوں میں سوالاکھ زندہ مچھلیوں کا صدقہ دریا میں ڈالیں دونوں یا دونوں میں سے کوئی ایک صدقہ کی ادائیگی نحوست زحل کے توڑ کیلئے کافی ہے۔ اور شادی ہو جانے کیلئے نیک وقت نکاح کا تعین بھی کسی صاحب علم سے ضرور کروائیں۔ خانگی ازدواجی سکھ کیلئے نگینہ زمرد یا فیروزہ پہننا بھی نیک دکھائی دیتا ہے۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف اور بیت الاقرباء کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ **02** تا **26** مارچ شرف یافتہ، **19** اپریل تا **14** مئی، **02** ستمبر تا **06** نومبر عروج یافتہ ہونے سے اس دوران مشترکہ مفادات کے کاموں میں حصہ لینا اور وراثت یا متوقع انشورنس کا حصول حسب منشا ہو سکے گا۔ زہرہ مشتری سعد نظرات **23,22** فروری، **14,13,12** اپریل، **11,10,9** جون، **19,18,17,16** اگست، **26,6,5,4,3,2** سے **30** نومبر بننے سے ان ایام میں شراکتی وراثتی مفادات باہم پنچائتی طور پر آسانی سے حل ہو سکیں گے اور کوئی بڑی انٹرنیشنل لاٹری جیک پاٹ بھی لگ سکتا ہے۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر یا نصیب اور خانہ مال کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ **16** جنوری تا **23** فروری شرف یافتہ، **11** مئی تا **20** جون عروج یافتہ، **12** نومبر تا **10** جنوری **2027**ء اوج یافتہ رہتے ہوئے آپ اپنے مستقبل کی ان ایام میں ساڑھ ستی کے باوجود بہترین پلاننگ مشاورت کرنے کی پوزیشن میں ہونگے۔ بیت العزت کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری تقریباً سبھی سال آپ کو عجیب و غریب اور غیر متوقع طور سے سعادتیں عطا کرتا رہے۔ اس کے علاوہ خصوصاً مریخ مشتری سعد نظرات **23,22,21,20** مارچ، **30,29,28,27,26** جون بننے سے آپ اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے ان ایام میں جو بھی کوشش اور پلاننگ کریں گے اس میں آپ کو کامیابی ہوتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ خزاں کے موسم میں مندرجہ بالا یہ بھی ایام بہار جیسے دکھائی دیتے ہیں مریخ مشتری نحس نظرات **11,10,9** جنوری، **6,5,4,3** مئی بننے سے مجموعی طور پر یہ بھی ایام نہایت احتیاط طلب دکھائی دیتے ہیں اس کے علاوہ **17** فروری، **03** مارچ، **12** اگست، **28** اگست گرہنوں کی نحس تواریخ بھی گرہنوں کے اعتبار سے نحوست زدہ دکھائی دیتی ہیں ان ایام سے **15** دن قبل تا بعد کی یہ تواریخ بھی احتیاط طلب ہیں۔ حسبِ توفیق ان ایام میں گندم باجرہ اور پانی کا صدقہ پرندوں کو ڈالیں۔

کیریئر، کاروبار، عزت ووقار:۔ طالع اور کیریئر کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری ساڑھ ستی کی نحوست کے باوجود تین مراحل میں کیم جنوری تا **02** جون جبکہ کیریئر کے گھر میں دسویں ستاروں کا اجتماع شمس عطارد زہرہ مریخ آپ کے کیریئر کاروبار میں اُتار چڑھاؤ اور تبدیلی کا اشارہ ہے۔ سعد اکبر ستارہ مشتری اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ اپنے کیریئر میں جو بھی تبدیلی کریں سوچ سمجھ کر بجالائیں۔ ستارہ مشتری سارا سال اپنی سعد کرنوں کی بدولت آپکا معاون و

مددگار رہیگا۔ 02 جون تا 31 اکتوبر آپ کے حاکم مشتری کا پانچویں شرف یافتہ ہونا آپ کی کاروباری پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ کرے جدت زمانہ کے ساتھ ان ایام میں خود اعتمادی کے ساتھ یا پھر مخلصین اور بزرگوں کی مشاورت سے آئندہ کم از کم پانچ سالہ منصوبہ کی پلاننگ بنا کر اس پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔ آج کی تجربکاری آئندہ آنے والے سالوں میں جب آپ اور آپ کے ورثا کو ضرورت ہوگی تو یہ آج کے دانشمندانہ فیصلے تب آپ کے کام آئیں گے کاروباری حضرات کیلئے اپنے ہاتھ میں زرد پکھراج کے ہمراہ مرجان پہننا بھی نیک دکھائی دیتا ہے۔ مشتری عطارد سعد نظرات 17,16 فروری، 10,9,8 مارچ، 4,3,2 اپریل، 13,12 مئی، 16,15 اگست، 22,21 ستمبر، 24,23 دسمبر بننے سے آپ کی کاروباری نصیب یاوری عزت و توقیر میں اضافہ ہوتا ہم 2026ء ایک محنت اور کاروباری مقابلے کا سال دکھائی دیتا ہے اس سال کا بہترین نذرانہ یا صدقہ ہر جمعرات اپنے گھر کی قریبی مسجد کے موذن کی خدمت کریں اور اسے اذان فجر کے بعد اپنی اور اپنی فیملی کیلئے دُعاوں کی گذارش کریں۔

دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید اور بیت الاعداء کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل سارا سال آپ کے طالع میں رہ کر آپ اور آپ کے دوستوں میں شکوک وشبہات اور غلط فہمیاں پیدا کرانے کا باعث بنے اور اگر پہلے سے ہی کوئی حاسد اس سلسلہ میں کوشش کر رہا ہو تب اپنے کان کھلے رکھیں اور اپنے دوست احباب کے بارے میں کوئی جذباتی اور جلد بازی کا فیصلہ نہ کریں تاوقت کہ آپ کو کوئی ایسے ثبوت نہ مل جائیں جو آپ کو کسی حتمی فیصلہ کرنے کا جواز ملے۔ اس سال بہت سے ضروری غیر ضروری لوگ خصوصاً سماجی سیاسی تعلق رکھنے والے حوتی افراد کیلئے دوسروں کے دام فریب میں آنے سے بچیں اور انہیں کسی کسوٹی پر اگر ضرورت ہو تو ضرور پرکھیں۔ کاروباری لین دین اور جائیداد کی خرید و فروخت جیسے بھی امور قابل توجہ ہونگے۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن۔ بیت الاعداء کا حاکم ستارہ زحل سارا سال طالع میں اور بارہویں یکم جنوری تا 30 نومبر راہو مقابل کیتو کے آنے سے آپ کے خفیہ حاسدین ومخالفین آپ کو پریشان کرنے یا نقصان دینے کیلئے نظر بد جادو ٹونہ شرانگیزیاں جیسی شرارتیں کر سکتے ہیں۔ صوم صلوٰۃ کی پابندی کرنے والے اور نماز شب پڑھنے والے حوتی افراد حکمتہً بھی نحوستوں سے محفوظ رہیں صبح کی نماز کے بعد معجزاتی آیت اَستغفِرُاللہَ رَبِّی مِن کُلِّ ذَنبٍ وَّ اَتُوبُ اِلَیہِ 101 بار پڑھنا معمول بنالیں اس حسن عمل سے تحفظ بہتری سکون اور سکھ کا احساس پائیں۔

حوتی مرد وزن پر گرھنوں کے اثرات:۔ 17 فروری سورج گرہن اور 28 اگست چاند گرہن بارہویں نحس گھر میں لگنے سے آپ کے خفیہ دشمن زیر و ذلیل ہوں اور اپنے بد ارادے کے تحت آپ کا کچھ بگاڑ نہ پائیں اپنے بڑھتے ہوئے ناگہانی اخراجات پر بھی قابو پایا جاسکتا ہے۔ آپ اپنے امراض چشم خصوصاً بائیں آنکھ کا چیک اَپ ضرور کروائیں اگر آپ اپنے سر میں وقفہ وقفہ سے درد شقیقہ محسوس کرتے ہیں 03 اگست چھٹے چاند گرہن کا لگنا ملازمت پیشہ حوتی افراد کیلئے تنبیہ ہے کہ وہ اپنے فرائض غیر ذمہ داری سے انجام نہ دیں ورنہ تنزلی رسوائی اور جرمانے کا خدشہ دکھائی دیتا ہے۔ تاہم صحت جسمانی بہتر اور بحال اور قرض مرض سے نجات مل سکتی ہے۔ 12 اگست پانچویں سورج گرہن لگنے سے صاحب اولاد افراد کو اپنے بچوں کی تعلیمی کیریئر کی طرف توجہ دینے کی ضرورت پر زور دینا چاہئے۔ معاملات اُلفت ومحبت میں رسوائی کا اندیشہ ایام گرہن میں نماز کسوف (سورج) اور نماز خسوف (چاند) دونفل نماز آیات پڑھ کر اپنے اور اپنی فیملی کیلئے دُعائیں کرکے نحوستوں کے دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ اپنی فیملی اور دوستوں کو بھی اس نماز کی طرف متوجہ کریں۔

سعد تواریخ:۔ 31,27,22,13,8,4 جنوری، 27,23,21,18,17,9,4 فروری، 31,26,22,13,9,8,5,3 مارچ، 27,23,19,14,13,5 اپریل، 30,25,20,16,13,12,11,2 مئی، 28,26,21,17,13,10,9 جون، 29,24,19,15,11,6 جولائی، 31,21,17,16,15,12,8,3 اگست، یکم ,28,22,18,13,8,4 ستمبر، 29,25,16,15,13,11,6,2 اکتوبر، 30,28,26,22,16,12,7,4 نومبر، 27,23,21,19,10,5 دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ 25,18,14,10,9 جنوری، 14,6 فروری، 20,18,6 مارچ، 30,26,16,10,6,2 اپریل، 27,14,7,5 مئی، 24,11,4 جون، 9,2 جولائی، 26,18,5 اگست، 30,23,15,2 ستمبر، 27,21 اکتوبر، 24,18,17,10 نومبر، 15,7,4 دسمبر۔

مجرب عمل ہمزادِ نورانی

عامل شاہ زنجانی

خاندانِ زنجانیہ کے سینکڑوں معتقد حضرات فیض یاب ہوچکے ہیں

عامل شاہ زنجانی! میں نے زمانہ طالب علمی میں ایک عمل ہمزاد کیا تھا۔ یہ 1968ء کی بات ہے، والد بزرگوار حیات تھے، جنہوں نے اپنی زیرِ نگرانی کرایا تھا۔ میں نے اس سے عجیب و غریب کام لیے تھے۔ جب ابا حضور کا انتقال ہوگیا اور گھریلو و خاندانی ذمہ داریوں کا بوجھ میرے ناتواں کندھوں پر آن پڑا تو مجھ سے وہ پرہیز نہ ہوسکے جو عمل ہمزاد کے لیے ضروری تھے۔ چنانچہ میں نے ہمزاد آزاد کردیا اور پھر آج تک طبیعت ہمزاد کی طرف مائل نہ ہوئی۔ میں نے برسوں اس عمل کے کرشمات سیدہا مرحبا اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں۔ چند دوستوں کی فرمائش پر اس عمل ہمزاد نورانی صدری کو شائع کیا جارہا ہے تاکہ شوقین حضرات اپنا شوق پورا کرسکیں۔ حالانکہ یہی اعمال اور اس طرح کے دیگر اعمال ادارہ کی شائع شدہ کتب مثلاً تسخیرات ہمزاد، حقائق ہمزاد، سیاہ فن عملیات، حاضرات کی دنیا اور عالم حاضرات میں درج ہیں۔ قارئین کے پیہم اصرار پر مجرب صدری عمل زنجانی جنتری میں شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں تاکہ شائقین حضرات استفادہ فرمائیں۔ وما باللہ توفیق۔ جن صاحب کا دل چاہے اس عمل کو کریں اور قدرت کا تماشہ دیکھیں کہ خداوند کریم کی اس مخفی مخلوق میں اس قدر زبردست طاقت پنہاں ہے کہ بڑے سے بڑا قوی ہیکل انسان بھی اس کے کرتب دیکھ کر دنگ رہ جاتا ہے۔ اس عمل کے لیے کوئی پابندی نہیں۔ جب جی چاہے شروع کریں جو پاک صاف یا پاکیزہ کمرہ پڑھنے کے لیے مقرر کریں عمل کرتے وقت کوئی دوسرا فرد وہاں موجود نہ ہو۔

ایک پیالے میں تیل بھر کر اور روئی کی موٹی سی بتی ڈال کر چراغ روشن کرکے اپنی پشت پر رکھیں اور اپنے سایہ پر نظر جما کر 382 مرتبہ یہ عمل نورانی پڑھیں، دورانِ عمل پرہیز کریں۔ ہر قسم کا گوشت، گوشت سے بننے والی کوئی چیز نہ کھائیں۔ دودھ، لسی، مکھن، گھی، دہی، پیاز اور لہسن وغیرہ سے پرہیز کریں۔ صرف تین یوم کا عمل ہے، تیسرے روز ہمزاد حاضر ہوگا۔ اگر سوئے اتفاق سے حاضر نہ ہو تو مزید تین یوم کریں۔ 9 دن انتہا ہے۔ ایک خالی بوتل پاس رکھیں، جب ہمزاد حاضر ہو جائے تو اس سے کوئی اور بات کیے بغیر یہ کہیں کہ اے ہمزاد اس بوتل میں گھس جا، وہ بوتل میں آجائے گا۔ آپ بوتل کو کارک سے بند کردیں اور پھر اس سے کہیں کہ عہد کرو کہ جب میں بلایا کروں گا تم فوراً آجاؤ گے اور اپنے بلانے کی ترکیب بھی بتادو۔ وہ عہد کرے گا اور اپنے بلانے کی ترکیب بھی بتادے گا۔ اب بوتل کا منہ کھول دیں، وہ چلا جائے گا۔ عمل ہمزاد درج ذیل ہے:

عَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْاَرْوَاحِ بِحَقِّ حَضْرَت
سُلَيْمَان عَلَيْهِ السَّلَام بِنْ دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَام اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا
يَا قَوْمِ هَمْزَاد حَاضِر شُو بِحَقِّ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

نوٹ: بغیر اجازت عمل شروع کرنے اور دورانِ عمل باقاعدہ پرہیز نہ کرنے سے شدید نقصان کا خطرہ رہتا ہے۔ عمل میں کامیابی کے لیے دعاگو ہوں، اجازت کے لیے کسی بھی روحانی سلسلہ یا عامل شاہ زنجانی سے رجوع کریں۔

کل امر مرھون باوقتھا ○ (حدیث رسول ﷺ)

2026 کے بہترین

اوقات عملیات

حضور پُر نور ختم المرسلین سید یوم النشور ﷺ کا فرمان پاک ہے کہ **کل امر مرھون باوقتھا** یعنی تمام امور اپنے اوقات کے مرہون ہیں۔ فرمودۂ پاک کے بعد کسی چوں چراں کی گنجائش نہیں ہے۔ اب تمام غور صرف یہی ہے کہ علم نجوم کی بنیاد بھی اس ہی فلسفہ پر ہے۔ چنانچہ حکمائے اشراق و ماہرین علم نجوم نے مختلف اجرام فلکی کے باہم متناظر ہونے کے اوقات کو مناسب اعمال کے لئے منطبق کیا ہے۔ لہٰذا بعد از بسیار تحقیق و تدقیق **2026**ء میں قائم ہونے والی مختلف نظرات کواکب کو استخراج کیا گیا ہے تاکہ عامل حضرات فیضیاب ہوسکیں۔

علم النجوم کے زائچہ اور عملیات میں انہی کو مدنظر رکھا جاتا ہے جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

تثلیث (ث): یہ نظر سعد اکبر ہوتی ہے یہ کامل دوستی فاصلہ **120** درجہ کی نظر سے بغض و عداوت منافی ہے۔ اگر حصول رزق محبت حصول مراد و ترقی وغیرہ سعد اعمال کیے جائیں تو جلد ہی کامیابی لاتے ہیں۔

تسدیس (س): یہ نظر سعد اصغر ہوتی ہے۔ نیم دوستی اور فاصلہ **60** درجہ اثرات کے لحاظ سے تثلیث سے کم درجہ پر ہے۔ سعد دنیاوی امور سرانجام دینا اور سعد عملیات میں کامیابی لاتا ہے۔

مقابلہ (لہ): یہ نظر نحس اکبر اور کامل دشمنی کی نظر ہے۔ فاصلہ **180** درجہ جنگ و جدل مقابلہ اور عداوت کی تاثیر ہر دو ستاروں کی منسوبات میں پائی جاتی ہے۔ دو افراد میں جدائی نفاق عداوت طلاق بیمار کرنا وغیرہ نحس اعمال کیے جائیں تو جلد اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔ سعد اعمال کا نتیجہ بھی خلاف ظاہر ہوگا۔

تربیع (ع): یہ نظر نحس اصغر ہے۔ فاصلہ **90** درجہ اس کی تاثیر بدی میں نمبر **1** مقابلہ کم ہے۔ تمام نحس اعمال کیے جاسکتے ہیں۔ اگر دشمن دوست ہو چکا ہو تو اس کی تاثیر سے دشمنی کا احتمال ہوتا ہے۔

قران (ن): فاصلہ صفر درجہ سیارگان سعد سیاروں کا سعد نحس ستاروں کا نحس قران ہوتا ہے۔

سعد کواکب: قمر عطارد زہرہ اور مشتری ہیں۔

نحس کواکب: شمس مریخ زحل یورانس نیپچون ہیں۔

یہ نظرات پاکستان کے موجودہ نئے سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق ہیں۔ ان میں اپنے ہاں کا تفاوت وقت جمع یا تفریق کر کے مقامی وقت نکالا جاسکتا ہے۔ یہ تمام اوقات نظر کے عین نقاط ہیں۔ قمری نظرات کا عرصہ دو گھنٹے ہے۔ ایک گھنٹہ وقت نظر سے قبل اور ایک گھنٹہ بعد جدید علم نجوم کے مطابق جنتری ہذا میں اہم کواکب شمس مریخ عطارد مشتری زہرہ اور زحل میں بننے والی نظرات کی ابتداء تکمیل اور خاتمہ نظر کے اوقات بھی دیئے جارہے ہیں تاکہ عملیات میں دلچسپی رکھنے والے وقت سے بھرپور ممکنہ فیض حاصل کریں۔ دیگر الگ مکمل نظرات میں قمر یورانس نیپچون پلوٹو بھی شامل ہے۔ اوقات رات کے ایک بجے سے شروع ہو کر دن کے **12** بجے تک اور پھر دوپہر کے ایک بجے سے **12** بجے رات تک **13** تا **00** لکھے گئے ہیں۔ **13** بجے کا مطلب ہے کہ ایک بجے دوپہر اور **18** بجے کا مطلب **6** بجے شام اور رات بارہ بجے کو **00** لکھا گیا ہے۔

اختصارات کواکب : شمس (**س**) قمر (**ی**) عطارد (**د**) زہرہ (**ہ**) مریخ (**خ**) مشتری (**ی**) زحل (**ل**) یورانس (**نس**) نیپچون (**ن**) اور پلوٹو (**لو**)

نظرات گھنٹے (ہ) منٹ (ا) : قران (ن) مقابلہ (لہ) تربیع (ع) تثلیث (ث) تسدیس (س) تثلیث اور تسدیس کے اوقات سعد ہوتے ہیں۔ مقابلہ اور تربیع کے اوقات نحس ہوتے ہیں۔

قرانات مابین قمر عطارد زہرہ اور مشتری کے سعد ہوتے ہیں۔ باقی ستاروں کے آپس میں یا اوپر والے سعد ستاروں کے ساتھ ہوں تو بھی نحس ہوں گے۔

عملیات کے لئے سیاروں کی باہمی نظرات تثلیث ومقابلہ' قران ورجعت واستقامت کا بیان

تسدیس وتثلیث	کس مقصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہئے
☽ قمر با عطارد ☿	برائے تسخیر ومحبت وصل معشوق
☽ قمر با زہرہ ♀	برائے شادی وصل نسواں' عشق ومحبت
☽ قمر با شمس ☉	سلاطین وامراء کے درمیان محبت کیلئے
☽ قمر با مریخ ♂	برائے خواب بندی ودفع حاسدان
☽ قمر با مشتری ♃	برائے عزت وتوقیر' ترقی مرتبہ وجاہ وجلال
☽ قمر با زحل ♄	برائے ترقی زراعت اور شادابی
☿ عطارد با زہرہ ♀	برائے محبت وصل محبوب اور تسخیر جانوراں آبی
☿ عطارد با مشتری ♃	برائے ترقی علوم اور صنعت وحرفت
☿ عطارد با زحل ♄	برائے حل المشکلات
☿ عطارد با مریخ ♂	الفت ومحبت قائم ودائم رکھنے کیلئے
☉ شمس با مریخ ♂	برائے مسخر کرنے اہل فوج اور تسخیر سلاطین
☉ شمس با مشتری ♃	برائے ترقی ودولت اور ہم آوری نزدیک سلاطین
☉ شمس با زحل ♄	برائے حصول مدعا اور طلب حاجات' ترقی روزگار
♂ مریخ با عطارد ☿	برائے زیادتی قوت اور صحت مریض یا دفعیہ امراض
♂ مریخ با زہرہ ♀	برائے دفعیہ فتنہ وفساد
♂ مریخ با مشتری ♃	برائے حصول دولت اور زر ومال' بلندی مراتب
♂ مریخ با زحل ♄	برائے ترقی وزراعت اور عمارات
♃ مشتری با زحل ♄	برائے دفعہ غضب سلطانی

تربیع ومقابلہ	کس مقصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہئے
☽ قمر با عطارد ☿	دوستوں میں جدائی کے لئے
☽ قمر با زہرہ ♀	عورتوں کی مردوں سے مخالفت کیلئے
☽ قمر با شمس ☉	سلاطین کے درمیان فتنہ فساد پیدا کرنے کے لئے
☽ قمر با مریخ ♂	حشرات الارض کی دشمنی اور زہر دور کرنے کے لئے
☽ قمر با مشتری ♃	اسرار مخفی کے انکشاف کے لئے
☽ قمر با زحل ♄	دشمن کو بیمار یا ہلاک کرنے کے لئے
☿ عطارد با زہرہ ♀	دوستوں میں جدائی اور مخالفین کا کاروبار بند کرنے کیلئے
☿ عطارد با مریخ ♂	اہل قلم کو بیمار کرنے اور کاروبار کی بندش کیلئے
☿ عطارد با مشتری ♃	دشمن کی ملک واملاک کو تباہ وخراب کرنے کے لئے
☿ عطارد با زحل ♄	ملک واملاک کو تباہ وبرباد کرنے کیلئے
♀ زہرہ با مریخ ♂	دو محبوبوں کے درمیان فرقت وعداوت کے لئے
♀ زہرہ با زحل ♄	عورتوں اور مردوں میں فتنہ وفساد برپا کرنے کے لئے
♂ مریخ با شمس ☉	مخالفوں کو منتشر کرنے اور جنگ وجدل کے لئے
♃ مشتری با شمس ☉	کسی عمارت اور آباد جگہ کو ویران کرنے کے لئے
♃ مشتری با مریخ ♂	شدید عذاب پیدا کرنے کے لئے
♃ مشتری با زحل ♄	کسی کو اس کے مرتبہ سے گرانے کے لئے
♄ زحل با شمس ☉	دو محبوبوں کے درمیان عداوت اور جدائی پیدا کرنے کیلئے
♄ زحل با مریخ ♂	دشمن کو ہلاک کرنے کے لئے بغض وعداوت' زبان بندی

قران سیارگان	کس مقصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہئے
☽ قمر با عطارد ☿	برائے ملاقات اہل قلم وزراء اور اہل صنعت وحرفت
☽ قمر با زہرہ ♀	برائے شادی' عشق ومحبت اور معشوق کو بلانے کیلئے
☽ قمر با مریخ ♂	ملاقات امراء' حاسدوں کی مغلوبی اور دشمنوں پر فتح پانے کیلئے
☽ قمر با مشتری ♃	ترقی وتجارت حصول مال ودولت اور ترقی علم کیلئے
☽ قمر با زحل ♄	پریشان وسرگرداں کرنے' اذیت پہنچانے اور تباہی دشمن کیلئے
☿ عطارد با زہرہ ♀	حصول علم موسیقی اور اتصال محبت کیلئے
☿ عطارد با مشتری ♃	ترقی عقل' حصول علم' مردوں کی محبت اور عالموں کی تسخیر کیلئے
☿ عطارد با زحل ♄	کسی جگہ کو ویران کرنے یا تباہی وخرابی اور ہلاکت دشمن کیلئے
♀ زہرہ با مشتری ♃	برائے عشق ومحبت اور مطیع وفرمانبردار کرنے کیلئے
♂ مریخ با عطارد ☿	کسی عمارت کو خراب کرنے اور دشمنی کیلئے
♂ مریخ با زہرہ ♀	برائے تسلط اور غالب آنے مستورات واہل نشاط کیلئے
♂ مریخ با مشتری ♃	لشکر کو تسخیر کرنے' اہل جنگ کو طاقت پہنچانے اور لڑائی پر فتح پانے کیلئے
♃ مشتری با زحل ♄	اہل علم کی عقل زائل کرنے اور ان میں دشمنی پیدا کرنے کیلئے

بحالت استقامت	کس مقصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہئے
سیارہ عطارد ☿	بزرگی اور علم حاصل کرنے کے لئے
سیارہ زہرہ ♀	عورتوں کی محبت اور دوستی کے لئے
سیارہ مریخ ♂	لشکر اور فوج میں قوت اور بہادری پیدا کرنے کے لئے
سیارہ مشتری ♃	امارت اور ملک واملاک قائم رکھنے کے لئے

بحالت رجعت	کس مقصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہئے
سیارہ عطارد ☿	کسی شخص کو اس کے مرتبے سے گرانے اور ذلیل وخوار کرنے کیلئے
سیارہ زہرہ ♀	عورتوں کو بانجھ اور عقیمہ کرنے یا اسقاط حمل کیلئے
سیارہ مریخ ♂	اہل لشکر اور فوج کو خراب ومنتشر کرنے یا جنگ وجدل پیدا کرنے کیلئے
سیارہ مشتری ♃	کسی آبادی یا موضع یا شہر کو تباہ وبرباد کرنے کیلئے
سیارہ زحل ♄	دو محبوبوں کے درمیان جدائی اور عداوت کے لئے

واضح ہو کہ عملیات وطلسمات تیار کرتے وقت سیاروں کی دوستی اور دشمنی کا لحاظ بھی رکھنا چاہئے کیونکہ ان میں بالخاصیت دوستی اور دشمنی موجود ہے۔ اس لئے دو دوستوں کی نظرات معاون محبت اور دو دشمنوں کی نظرات معاون نفرت ومخالفت ہوتی ہے۔ چنانچہ ادارہ کی کتب جامع النجوم یا رموز سوال کا مطالعہ کریں۔ سیاروں کو بحالت گردش مختلف بروج میں بزرگی اور ذاتی حاصل ہوتا ہے۔ اس لئے امور سعادت کے عمل اور تعویذات میں بزرگی سیارگان اور برائے نحوست بغض وکینہ کے عمل اور تعویذات میں تنزل سیارگان کا لحاظ رکھنا نہایت ضروری ہے۔ لہٰذا شرف وہبوط سیارگان کا نقشہ اس زنجانی جنتری میں ملاحظہ فرمائیں۔ مندرجہ بالا نظرات مثلیث وتسدیس بسلسلہ عملیات ووظائف کے ایک ہی احکامات ہیں۔



ماہنامہ (ماہنامہ آئینہ قسمت) کے عنوان سے گھر بیٹھے زنجانی ادارہ سے علم نجوم سیکھیں ... طلب کریں۔ (ادارہ)

راہنما کتب: رموزِ سوال (وقتی زائچہ)، پیش گوئی کا فن، اک جہانِ حیرت، جامع النجوم، علاج بالنجوم، آپ کی تاریخِ ولادت

علم نجوم کی روشنی میں طالع وقت معلوم کرنا پہلے کبھی اتنا آسان نہ تھا جتنا آج ہے۔ کوئی سا پیدائشی یا وقتی زائچہ بنانے کے لیے تاریخِ پیدائش، وقت، مقام کے ساتھ آپ کے پاس اس سن کی تقویم سیارگان، مقامی طول بلد، عرض بلد اور تسویۃ البیوت کا ہونا ضروری ہے۔ یونانی، ہندی (ویدک) نجوم کے زائچہ بنانے کا طریقہ ایک ہی ہے صرف ان میں موجود تقریباً 24 درجے کا فرق بحساب یونانی نفی ہوتا ہے۔ علم نجوم سے متعلقہ کمپیوٹر پروگرام، انٹرنیٹ، موبائل کی سہولت نے طالع وقت معلوم کرنے کے طریقوں کو نہایت آسان بنا دیا ہے نہ صرف یہ بلکہ اس سن کے ستارے بھی خود بخود زائچہ میں بھرے ہوئے آجاتے ہیں۔ طلبہ نجوم کیلئے چند سال قبل ایسا تصور بھی نہ تھا۔ مفت درست پیدائشی، یونانی، ہندی زائچے بنانے کی سہولت آپکا ادارہ آئینہ قسمت گذشتہ 33 سال سے مہیا کر رہا ہے۔ جنتری ہذا میں اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کیلئے کوپن دستیاب ہیں۔ ان تمام سہولتوں کے باوجود بھی ہر طالب علم نجوم کو زائچہ بنانے کا طریقہ ضرور آنا چاہیے۔ کبھی کبھار کمپیوٹر بھی دھوکہ دے سکتا ہے مگر آپ کے ذہن کا کمپیوٹر اس غلطی کو درست کر سکتا ہے۔ مثالی زائچہ پیش کرنے سے پہلے جان لیں کہ ہماری زمین اپنے محور کے گرد 24 گھنٹوں میں ایک چکر پورا کرتی ہے اس طرح زمین کے ایک خاص مقام سے بارہ منطقۃ البروج باری باری گزرتے ہیں۔ بوقت پیدائش جو برج طلوع ہو رہا ہو وہی طالع پیدائشی کہلاتا ہے۔ آپکی خدمت میں ایک مثالی زائچہ بحساب یونانی نجوم پیش خدمت ہے۔ مثلاً ایک بچہ یکم جنوری 2026ء صبح 5 بجکر 00 منٹ لاہور پیدا ہوا۔ اس کا طالع کیا ہوگا۔ جنتری ہذا سے صفحہ نمبر 142 سے کوکبی وقت معلوم کیا

یکم جنوری 2026ء کا کوکبی وقت	06-42-38
بوقت پیدائش	05-00-00
	11-42-38
مقامی اور معیاری وقت میں فرق کم کیا	00-02-48
اب مطلوبہ وقت کو تسویۃ البیوت میں تلاش کریں۔	11-39-90

جنتری ہذا تسویۃ البیوت میں صفحہ نمبر 169 میں دیکھا تو کوکبی وقت قریب ترین 11:40 لاہور میں برج قوس 11 درجہ 57 دقیقہ طالع دسواں گھر (وتد السماء) 24 درجہ 33 دقیقہ برج سنبلہ ملا۔ اب ہم نے اس وقت کا زائچہ بنایا اور جنتری ہذا سے یکم جنوری 2026ء تقویم سیارگان صفحہ نمبر 157 تسویۃ البیوت صفحہ نمبر 168 اور تفاوتِ وقت (اسراع) طول بلد لاہور 74 درجہ 18 دقیقہ لکالا تو 2 منٹ 48 سیکنڈ نکلے، جو معیاری وقت کے مطابق مقامی وقت لاہور سے نفی ہوں گے۔

اب فرض کریں کہ آپ نے شام سات بجے کا زائچہ بنانا ہے تو سب سے پہلے تسویۃ البیوت سے طالع اور وتد السماء معلوم کریں۔ بارہ بجے دن کے بعد ایک بجے کو 13، دو بجے کو 14 اور شام سات بجے کو 19 گھنٹے لکھیں گے۔ اس دن کے کوکبی وقت میں جمع مطلوبہ کوکبی وقت حاصل کریں اور اگر جمع شدہ وقت 24 گھنٹے سے بڑھ جائے تو اسے اپنے شہر کے تفاوتِ وقت کے ساتھ 24 گھنٹے بھی کم کر کے مطلوبہ کوکبی وقت حاصل کر کے مندرجہ بالا طریقے کے مطابق زائچہ بنائیں اور سیارگان کے اپنی جگہ سے بڑھ جانے کے سبب پانچ بجے صبح تا شام سات بجے 14 گھنٹے کی مزید رفتاریں جمع کر کے زائچہ میں بھریں۔ سیارگان کی سو فیصد درست حرکات کا آپ تقویم سیارگان سے پتہ چلا سکتے ہیں تاہم یہاں تقریباً روزانہ حرکات کا وقت لکھا جا رہا ہے۔ جب آپ زائچہ بنانا سیکھ لیں تو پھر صحیح بنانے کو کوکبی وقت اپنے شہر کے مطابق جمع یا نفی ضرور کریں۔ اسراع 10 سیکنڈ فی گھنٹہ بھی جمع کریں۔ صرف آپ کی آسانی اور پیچیدگی سے بچنے کیلئے یہ اوقات درج نہیں کیے گئے۔ بہر حال مندرجہ بالا قواعد سے زائچہ مزید درست ہو جاتا ہے۔

نام رکھنے کا طریقہ

زائچہ کے طالع میں جو برج آئے ہاؤس کے متعلقہ حروف کو سر حرف بنا کر بچوں کے نام رکھے جاتے ہیں۔ مثلاً طالع برج قوس سے حرف (ف) سے نام رکھنا بہتر ہے۔

سیارگان کی روزانہ رفتار

☆ **قمر** 2 گھنٹے میں ایک درجہ چلتا ہے۔ ☆ **شمس** ایک گھنٹے میں 2.5 دقیقے چلتا ہے۔ ☆ **عطارد** ایک گھنٹے میں 4 دقیقے چلتا ہے۔ ☆ مریخ ایک گھنٹہ میں 4 دقیقے چلتا ہے۔ ☆ **زھرہ** ایک گھنٹے میں 3 دقیقے چلتا ہے۔ ☆ **زحل** ایک دن میں 3 دقیقے چلتا ہے۔ ☆ **مشتری** ایک دن میں 8 دقیقے چلتا ہے۔

57 قوس 11



اہم اوقاتِ عملیات و وظائف برائے عاملین 2026

تاریخ	نظرات	کیفیت	وقت
02جنوری	قران شمس زہرہ	ابتداء	17:17
05جنوری	قران شمس مریخ	ابتداء	16:02
06جنوری	قران زہرہ مریخ	ابتداء	06:30
06جنوری	قران شمس زہرہ	مکمل	21:35
08جنوری	قران زہرہ مریخ	مکمل	07:42
09جنوری	مقابلہ زہرہ مشتری	ابتداء	05:20
09جنوری	قران شمس مریخ	مکمل	16:40
09جنوری	مقابلہ شمس مشتری	ابتداء	16:53
09جنوری	مقابلہ مریخ مشتری	ابتداء	16:57
09جنوری	مقابلہ زہرہ مشتری	مکمل	22:34
10جنوری	قران زہرہ مریخ	خاتمہ	09:04
10جنوری	مقابلہ شمس مشتری	مکمل	13:41
10جنوری	مقابلہ زہرہ مشتری	خاتمہ	15:48
10جنوری	مقابلہ مریخ مشتری	مکمل	19:24
11جنوری	قران شمس زہرہ	خاتمہ	01:59
11جنوری	مقابلہ شمس مشتری	خاتمہ	10:29
11جنوری	مقابلہ مریخ مشتری	خاتمہ	21:51
13جنوری	قران شمس مریخ	خاتمہ	18:18
13جنوری	مقابلہ عطارد مشتری	ابتداء	23:32
14جنوری	مقابلہ عطارد مشتری	مکمل	13:16
14جنوری	تسدیس زہرہ زحل	ابتداء	14:57
15جنوری	مقابلہ عطارد مشتری	خاتمہ	02:59

تاریخ	نظرات	کیفیت	وقت
15جنوری	تسدیس زہرہ زحل	مکمل	11:18
16جنوری	تسدیس زہرہ زحل	خاتمہ	07:40
16جنوری	تسدیس شمس زحل	ابتداء	14:05
17جنوری	قران عطارد مریخ	ابتداء	08:59
17جنوری	تسدیس شمس زحل	مکمل	15:41
18جنوری	قران عطارد مریخ	مکمل	12:40
18جنوری	تسدیس شمس زحل	خاتمہ	17:19
18جنوری	تسدیس عطارد زحل	ابتداء	17:51
19جنوری	تسدیس مریخ زحل	ابتداء	00:24
19جنوری	تسدیس عطارد زحل	مکمل	09:08
19جنوری	قران عطارد مریخ	خاتمہ	16:02
20جنوری	تسدیس عطارد زحل	خاتمہ	00:23
20جنوری	قران شمس عطارد	ابتداء	08:09
20جنوری	تسدیس مریخ زحل	مکمل	11:01
21جنوری	قران شمس عطارد	مکمل	20:48
21جنوری	تسدیس مریخ زحل	خاتمہ	21:41
23جنوری	قران شمس عطارد	خاتمہ	08:39
27جنوری	قران عطارد زہرہ	ابتداء	13:57
29جنوری	قران عطارد زہرہ	مکمل	15:16
31جنوری	قران عطارد زہرہ	خاتمہ	15:03
16فروری	تثلیث عطارد مشتری	ابتداء	09:27
17فروری	تثلیث عطارد مشتری	مکمل	02:30

تاریخ	نظرات	کیفیت	وقت
17فروری	تثلیث عطارد مشتری	خاتمہ	20:27
22فروری	تثلیث زہرہ مشتری	ابتداء	06:36
23فروری	تثلیث زہرہ مشتری	مکمل	01:01
23فروری	تثلیث زہرہ مشتری	خاتمہ	19:28
27فروری	قران عطارد زہرہ	ابتداء	18:39
28فروری	قران عطارد زہرہ	مکمل	10:34
01مارچ	قران عطارد زہرہ	خاتمہ	01:31
04مارچ	تثلیث شمس مشتری	ابتداء	22:43
05مارچ	تثلیث شمس مشتری	مکمل	22:13
06مارچ	تثلیث شمس مشتری	خاتمہ	21:49
07مارچ	قران شمس عطارد	ابتداء	04:02
07مارچ	قران شمس عطارد	مکمل	16:01
07مارچ	قران زہرہ زحل	ابتداء	21:15
08مارچ	قران شمس عطارد	خاتمہ	03:57
08مارچ	تثلیث عطارد مشتری	ابتداء	10:27
08مارچ	قران زہرہ زحل	مکمل	18:39
09مارچ	تثلیث عطارد مشتری	مکمل	10:23
09مارچ	قران زہرہ زحل	خاتمہ	16:03
10مارچ	تثلیث عطارد مشتری	خاتمہ	10:46
14مارچ	قران عطارد مریخ	ابتداء	19:53
15مارچ	قران عطارد مریخ	مکمل	13:07
16مارچ	قران عطارد مریخ	خاتمہ	07:21
18مارچ	تربیع زہرہ مشتری	ابتداء	01:24

تاریخ	نظرات		
18مارچ	تربیع زہرہ مشتری	مکمل	21:08
19مارچ	تربیع زہرہ مشتری	خاتمہ	16:55
20مارچ	تثلیث مریخ مشتری	ابتداء	21:08
22مارچ	تثلیث مریخ مشتری	مکمل	05:00
23مارچ	تثلیث مریخ مشتری	خاتمہ	13:04
24مارچ	قران شمس زحل	ابتداء	10:13
25مارچ	قران شمس زحل	مکمل	13:54
26مارچ	قران شمس زحل	خاتمہ	17:38
02اپریل	تثلیث عطارد مشتری	ابتداء	12:57
03اپریل	تثلیث عطارد مشتری	مکمل	16:28
04اپریل	تثلیث عطارد مشتری	خاتمہ	18:29
05اپریل	تربیع شمس مشتری	ابتداء	00:54
06اپریل	تربیع شمس مشتری	مکمل	03:22
07اپریل	تربیع شمس مشتری	خاتمہ	05:56
12اپریل	تسدیس زہرہ مشتری	ابتداء	16:02
13اپریل	تسدیس زہرہ مشتری	مکمل	13:20
14اپریل	تسدیس زہرہ مشتری	خاتمہ	10:42
18اپریل	قران مریخ زحل	ابتداء	15:03
19اپریل	قران عطارد مریخ	ابتداء	20:09
19اپریل	قران عطارد زحل	ابتداء	23:38
20اپریل	قران مریخ زحل	مکمل	03:43
20اپریل	قران عطارد زحل	مکمل	16:21
21اپریل	قران عطارد مریخ	مکمل	02:44
21اپریل	قران عطارد زحل	خاتمہ	08:51
21اپریل	قران مریخ زحل	خاتمہ	16:24
22اپریل	قران عطارد مریخ	خاتمہ	07:58
26اپریل	تربیع عطارد مشتری	ابتداء	08:35
26اپریل	تربیع عطارد مشتری	مکمل	23:32
27اپریل	تربیع عطارد مشتری	خاتمہ	14:21
01مئی	تسدیس زہرہ زحل	ابتداء	01:53
01مئی	تسدیس زہرہ زحل	مکمل	23:44
02مئی	تسدیس زہرہ زحل	خاتمہ	21:36
03مئی	تربیع مریخ مشتری	ابتداء	16:18
05مئی	تربیع مریخ مشتری	مکمل	07:07
06مئی	تربیع مریخ مشتری	خاتمہ	22:13
10مئی	تسدیس شمس مشتری	ابتداء	01:34
11مئی	تسدیس شمس مشتری	مکمل	07:13
12مئی	تسدیس شمس مشتری	خاتمہ	12:58
12مئی	تسدیس عطارد مشتری	ابتداء	21:43
13مئی	تسدیس عطارد مشتری	مکمل	09:43
13مئی	تسدیس عطارد مشتری	خاتمہ	21:40
13مئی	قران شمس عطارد	ابتداء	23:35
14مئی	قران شمس عطارد	مکمل	19:24
15مئی	قران شمس عطارد	خاتمہ	15:06
17مئی	تسدیس زہرہ مریخ	ابتداء	04:24
19مئی	تسدیس زہرہ مریخ	مکمل	10:36
21مئی	تسدیس زہرہ مریخ	خاتمہ	16:51
22مئی	تسدیس عطارد زحل	ابتداء	11:03
22مئی	تسدیس عطارد زحل	مکمل	23:02
23مئی	تسدیس عطارد زحل	خاتمہ	11:06
28مئی	تربیع زہرہ زحل	ابتداء	10:09
29مئی	تربیع زہرہ زحل	مکمل	08:02
30مئی	تربیع زہرہ زحل	خاتمہ	05:55
02جون	تسدیس شمس زحل	ابتداء	00:22
03جون	تسدیس شمس زحل	مکمل	03:48
04جون	تسدیس شمس زحل	خاتمہ	07:11
09جون	قران زہرہ مشتری	ابتداء	00:18
09جون	تربیع عطارد زحل	ابتداء	14:52
10جون	قران زہرہ مشتری	مکمل	00:58
10جون	تربیع عطارد زحل	مکمل	10:38
11جون	قران زہرہ مشتری	خاتمہ	01:42
11جون	تربیع عطارد زحل	خاتمہ	07:06
24جون	تثلیث زہرہ زحل	ابتداء	19:04
25جون	تثلیث زہرہ زحل	مکمل	17:01
26جون	تسدیس مریخ مشتری	ابتداء	10:07
26جون	تثلیث زہرہ زحل	خاتمہ	14:58
28جون	تسدیس مریخ مشتری	مکمل	09:50
30جون	تسدیس مریخ مشتری	خاتمہ	09:51
05جولائی	تربیع شمس زحل	ابتداء	13:38
06جولائی	تربیع شمس زحل	مکمل	15:46
07جولائی	تربیع شمس زحل	خاتمہ	17:51
12جولائی	قران شمس عطارد	ابتداء	15:24
13جولائی	قران شمس عطارد	مکمل	06:25
13جولائی	قران شمس عطارد	خاتمہ	21:28
18جولائی	تسدیس مریخ زحل	ابتداء	11:46

نیک انسان دوسرے کے بارے میں بدگمانی نہیں کرتا کیونکہ وہ سب کو اپنے جیسا سمجھتا ہے۔ (حضرت علیؑ)

تاریخ	نظرات		
19جولائی	تسدیس مریخ زحل	مکمل	23:10
21جولائی	تسدیس مریخ زحل	خاتمہ	10:32
23جولائی	تسدیس عطارد وزہرہ	ابتداء	22:17
24جولائی	تسدیس عطارد وزہرہ	مکمل	21:12
25جولائی	تسدیس عطارد وزہرہ	خاتمہ	22:33
26جولائی	تربیع زہرہ مریخ	ابتداء	20:09
28جولائی	قران شمس مشتری	ابتداء	08:36
29جولائی	تربیع زہرہ مریخ	مکمل	12:09
29جولائی	قران شمس مشتری	مکمل	17:17
31جولائی	قران شمس مشتری	خاتمہ	01:58
01اگست	تربیع زہرہ مریخ	خاتمہ	05:36
06اگست	تثلیث شمس زحل	ابتداء	07:09
07اگست	تثلیث شمس زحل	مکمل	07:43
08اگست	تثلیث شمس زحل	خاتمہ	08:15
12اگست	تسدیس عطارد وزہرہ	ابتداء	15:57
13اگست	تسدیس عطارد وزہرہ	مکمل	21:22
15اگست	تسدیس عطارد وزہرہ	خاتمہ	00:34
15اگست	قران عطارد ومشتری	ابتداء	01:59
15اگست	قران عطارد ومشتری	مکمل	16:22
16اگست	قران عطارد ومشتری	خاتمہ	06:33
16اگست	تسدیس زہرہ مشتری	ابتداء	12:17
17اگست	تثلیث عطارد وزحل	ابتداء	08:25
17اگست	تثلیث عطارد وزحل	مکمل	20:26
17اگست	تسدیس زہرہ مشتری	مکمل	21:15
18اگست	تثلیث عطارد وزحل	خاتمہ	08:23
19اگست	تسدیس زہرہ مشتری	خاتمہ	06:40
26اگست	قران شمس عطارد	ابتداء	22:09

تاریخ	نظرات		
27اگست	قران شمس عطارد	مکمل	22:03
28اگست	تثلیث مشتری زحل	ابتداء	08:44
28اگست	قران شمس عطارد	خاتمہ	22:21
31اگست	تربیع مریخ زحل	ابتداء	04:13
31اگست	تسدیس عطارد ومریخ	ابتداء	23:05
01ستمبر	تثلیث مشتری زحل	مکمل	03:16
01ستمبر	تربیع مریخ زحل	مکمل	14:58
01ستمبر	تسدیس عطارد ومریخ	مکمل	18:20
02ستمبر	تسدیس عطارد ومریخ	خاتمہ	13:50
03ستمبر	تربیع مریخ زحل	خاتمہ	01:44
04ستمبر	تثلیث مشتری زحل	خاتمہ	2105
12ستمبر	تسدیس شمس مریخ	ابتداء	06:00
15ستمبر	تسدیس شمس مریخ	مکمل	00:52
17ستمبر	تسدیس شمس مریخ	خاتمہ	18:38
18ستمبر	مقابلہ عطارد وزحل	خاتمہ	00:11
18ستمبر	مقابلہ عطارد وزحل	مکمل	15:02
21ستمبر	تسدیس عطارد ومشتری	ابتداء	09:28
22ستمبر	تسدیس عطارد ومشتری	مکمل	03:50
22ستمبر	تسدیس عطارد ومشتری	خاتمہ	22:23
01اکتوبر	تربیع عطارد ومریخ	ابتداء	05:17
02اکتوبر	تربیع عطارد ومریخ	مکمل	14:14
04اکتوبر	تربیع عطارد ومریخ	خاتمہ	00:30
04اکتوبر	مقابلہ شمس زحل	مکمل	17:29
05اکتوبر	مقابلہ شمس زحل	خاتمہ	16:02
06اکتوبر	قران عطارد وزہرہ	ابتداء	10:59
07اکتوبر	قران عطارد وزہرہ	مکمل	05:10

تاریخ	نظرات		
07اکتوبر	قران عطارد وزہرہ	خاتمہ	23:14
09اکتوبر	تربیع زہرہ مریخ	ابتداء	21:54
11اکتوبر	تربیع زہرہ مریخ	مکمل	02:30
12اکتوبر	تربیع زہرہ مریخ	خاتمہ	05:45
14اکتوبر	تسدیس شمس مشتری	ابتداء	08:34
14اکتوبر	تثلیث مریخ زحل	ابتداء	23:12
15اکتوبر	تسدیس شمس مشتری	مکمل	13:21
16اکتوبر	تثلیث مریخ زحل	مکمل	13:32
16اکتوبر	تسدیس شمس مشتری	خاتمہ	18:02
18اکتوبر	تثلیث مریخ زحل	خاتمہ	04:10
23اکتوبر	قران شمس زہرہ	ابتداء	17:48
24اکتوبر	قران شمس زہرہ	مکمل	08:43
24اکتوبر	قران شمس زہرہ	خاتمہ	23:39
30اکتوبر	تربیع عطارد ومریخ	ابتداء	05:14
30اکتوبر	تربیع عطارد ومریخ	مکمل	22:19
31اکتوبر	تربیع عطارد ومریخ	خاتمہ	14:21
02نومبر	تسدیس زہرہ مشتری	ابتداء	18:24
04نومبر	قران شمس عطارد	ابتداء	09:00
04نومبر	تسدیس زہرہ مشتری	مکمل	15:31
